اس بات کا تذکرہ جو اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہے جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا وہ بات کا قائل ہے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کی ممانعت اس وجہ سے ہے' کیونکہ تخلیق کے اعتبار سے وہ شیاطین سے تعلق رکھتے ہیں۔	۷۰۹
اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "ان کی تخلیق شیاطین سے ہوئی ہے"	۷۱۰
یہ ایسے الفاظ ہیں' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاورت کے طور پر استعمال کیا ہے اس کا حقیقی مفہوم مراد نہیں ہے	۷۱۰
اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کی ممانعت اس وجہ سے نہیں ہے' ان میں شیطان ہوتا ہے	۷۱۰
بے وضو شخص کی وضو کے بغیر نماز قبول ہونے کی نفی کا تذکرہ	۷۱۲
آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ ایک ہی وضو کے ساتھ پانچ نمازیں ادا کرے' جب وہ اس دوران بے وضو نہ ہوا ہو	۷۱۲
اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی وضو کے ساتھ پانچ نمازیں ادا کی تھیں	۷۱۳
اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ عمل کیا تھا' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔	۷۱۳
جس شخص کو پانی نہیں ملتا اور مٹی بھی نہیں ملتی اس کے لئے یہ بات مباح ہے' وہ وضو اور تیمم کے بغیر نماز ادا کرے	۷۱۴
آدمی کے زانوں کو ڈھانپنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' زانوں قابل ستر چیز ہے	۷۱۵
اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آزاد اور بالغ عورت سر پر چادر لئے بغیر نماز ادا کرے	۷۱۵
دو کپڑوں میں نماز ادا کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' جب نمازی اپنا فرض ادا کرنے کا ارادہ کرتا ہے	۷۱۶
اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دو کپڑوں میں نماز ادا کرنے کا حکم اس شخص کے لئے ہے' جسے اللہ تعالیٰ نے گنجائش عطا کی ہو' اگرچہ ایک کپڑے میں بھی نماز ادا کرنا جائز ہے	۷۱۷
اس دور کا تذکرہ جتنے عرصے کے دوران' مسلمان خانہ کعبہ کی طرف	

عنوان — صفحہ

رخ کرنے کا حکم ہونے سے پہلے، بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے رہے ۷۱۸

جو لوگ اس مدت کے دوران بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے رہے، اللہ تعالیٰ کا ان کی نماز کو ایمان کا نام دینے کا تذکرہ ۷۲۰

ان الفاظ کا تذکرہ جنہوں نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ نیت کے بغیر نماز ادا کرنا جائز ہے ۷۲۰

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "ورنہ پھر وہ نفل ہوگی" اس سے مراد دوسری نماز ہے پہلی نماز مراد نہیں ہے ۷۲۲

باب 9: پانچ نمازوں کی فضیلت

فرض نمازوں کے اوقات کے داخل ہونے کے وقت آسمان کے دروازوں کے کھلنے کا تذکرہ ۷۲۳

نمازوں کی حفاظت کرنے والے کے لیے ایمان کے اثبات کا تذکرہ ۷۲۳

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، فرض نماز (ادا کرنا) فرض جہاد کرنے سے افضل ہے ۷۲۴

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نماز بندوں کے لیے (پروردگار کی) قربت کے حصول کا ذریعہ ہے جس کے ذریعے وہ اپنے خالق کا قرب حاصل کرتے ہیں ۷۲۵

پانچ نمازیں ادا کرنے والے کے لیے فلاح (کامیابی) کے اثبات کا تذکرہ ۷۲۷

نبی اکرم ﷺ کا پانچ نمازیں ادا کرنے والے کو بہتی ہوئی نہر میں غسل کرنے والے سے تشبیہ دینا ۷۲۸

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے، اس روایت کو نقل کرنے میں اعمش منفرد ہے ۷۲۹

اس بات کا تذکرہ، پانچ نمازیں، قابل حد جرم کے مرتکب سے حد کو ختم کروا دیتی ہیں ۷۳۰

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس سائل نے جو جرم کیا تھا وہ کوئی ایسا گناہ نہیں تھا جو حد کو لازم کردے ۷۳۱

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، وہ فعل کوئی ایسا فعل نہیں تھا، جو حد کو لازم کردے، اس کے ہمراہ اس بات کا بیان کہ اس بارے میں اس سائل اور نبی اکرم ﷺ کی امت کے تمام افراد کا حکم برابر ہے ۷۳۲

اس تیسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے ۷۳۳

جو شخص پانچ نمازیں، ان کے حقوق کے ہمراہ ادا کرتا ہو، اس سے قیامت کے دن عذاب کی نفی کا تذکرہ ۷۳۳

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس روایت میں موجود لفظ "حق" سے مراد "ایجاب" ہے ۷۳۵

اس بات کے بیان کا تذکرہ،، اللہ تعالیٰ پانچ نمازیں ادا کرنے کی وجہ سے نمازی کے گناہوں کی مغفرت اس صورت میں کرتا ہے جب وہ (نمازی) کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہو۔ یہ اس کے لیے نہیں ہے جو ان سے اجتناب نہیں کرتا ۷۳۵

رکوع و سجود کی وجہ سے نمازی کے گناہوں کے ختم ہو جانے کا تذکرہ ۷۳۶

جو شخص (صرف) اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نماز کے دوران سجدہ کرتا ہے، اس کے گناہ ختم ہونے اور درجات بلند ہونے کا تذکرہ ۷۳۷

فرشتوں کے عصر اور فجر کی نماز کے وقت، ایک دوسرے کے بعد آنے کا تذکرہ ۷۳۸

فرشتوں کے عصر اور صبح کی نماز کے وقت، ایک دوسرے کے بعد آنے کا تذکرہ ۷۳۹

عنوان	صفحہ
جو شخص عصر اور صبح کی نماز ادا کرتا ہے، اس کے جہنم میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ	۷۴۰
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عصر اور صبح کی نماز کو "دو ٹھنڈی چیزیں" کا نام دینا	۷۴۱
ان دو ٹھنڈے (اوقات) کا تذکرہ، جن کے قریب نماز ادا کرنے سے جنت میں داخلے کی امید کی جاسکتی ہے	۷۴۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ، ان دو نمازوں کی حفاظت کا حکم، باقی نمازوں کے درمیان ان کے بارے میں مزید تاکید کا حکم ہے، اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ یہ باقی نمازوں کی جگہ کفایت کر جاتی ہیں	۷۴۳
صبح کی نماز ادا کرنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کے ذمہ کے اثبات کا تذکرہ	۷۴۴
اہل کتاب سے تعلق رکھنے والا جو شخص، مسلمان ہونے کے بعد عصر کی نماز (باقاعدگی سے) ادا کرتا ہے، اسے دگنا اجر ملنے کا تذکرہ	۷۴۵
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے "نماز وسطیٰ" سے مراد، صبح کی نماز ہے	۷۴۶
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے "نماز وسطیٰ" سے مراد، صبح کی نماز ہے	۷۴۷
جو شخص نماز قائم کرے، رمضان کے روزے رکھے، اس کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ	۷۴۸
اس بات کے بیان کا تذکرہ نماز قائم کرنے کے ہمراہ رمضان کے روزے رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ اس صورت میں جنت میں داخل کرے گا، جب وہ کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہو	۷۴۸
ایسے نمازی کو مساجد (میں نماز ادا کرنے) کے مقابلے میں دگنا (اجر و ثواب حاصل ہونے) کا تذکرہ، جب وہ شخص بے آب و گیاہ جگہ (یا ویرانے میں) نماز کو اس کی شرائط کے ہمراہ ادا کرے	۷۴۹
نماز کا انتظار کرنے والے کے لیے، اللہ تعالیٰ کے اس فضل کا تذکرہ، کہ (اس نے جتنی دیر نماز کا انتظار کیا، اتنا عرصہ) نماز ادا کرنے کا ثواب (اس کے نامہ اعمال میں) لکھا جائے گا	۷۵۰
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۷۵۱
اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "وہ نماز (کی حالت) میں (شمار ہوگا)" اس سے مراد یہ ہے کہ جب تک وہ شخص بے وضو نہ ہو	۷۵۱
نماز کا انتظار کرنے والے کے لیے، فرشتوں کے مغفرت اور رحمت کی دعا کرنے کا تذکرہ	۷۵۲
۱۰- باب صفة الصلوٰة	
نماز کا طریقہ	۷۵۳
ان روایات کا تذکرہ، جو اس بارے میں ہیں کہ آدمی کو نماز کے لیے اپنا دل (دنیاوی خیالات) سے صاف رکھنا چاہئے، اور نماز کے دوران آنے والے شیطانی وسوسوں کو پرے کرنا چاہئے	۷۵۳
جو شخص فرض ادا کرنے کے لیے، نماز کی طرف جاتا ہے، اس کو اطمینان (اختیار کرنے) کا حکم ہونے کا تذکرہ	۷۵۴
اس بات کے بیان کا تذکرہ، جو شخص اپنی نماز کے دوران زیادہ پرسکون رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ (کی بارگاہ میں) زیادہ خشوع اختیار کرتا ہے وہ بہترین لوگوں میں سے ہے	۷۵۴
کچھ متعین افراد کی نماز کی قبولیت کی نفی کا تذکرہ، جو کچھ مخصوص افعال کی وجہ سے ہوتی ہے، جن کے وہ لوگ مرتکب ہوتے ہیں	۷۵۵
اس بات کے بیان کا تذکرہ، سب سے زیادہ فضیلت والی نماز وہ ہے، جس میں قنوت (یعنی قیام) طویل ہو	۷۵۶
اس بات کا تذکرہ، آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ مختصر لیکن مکمل نماز پڑھے (جب وہ امامت کر رہا ہو)	۷۵۷
آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ اکیلا ہو تو جتنی چاہے طویل نماز ادا کرے	۷۵۷
نماز کی طرف جاتے ہوئے، آدمی کے لیے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے	

عنوان	صفحہ
کے مستحب ہونے کا تذکرہ	۷۵۸
اس کشادگی کی صفت کا تذکرہ، جو نمازی اور دیوار کے درمیان ضروری ہے، جب آدمی اس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر رہا ہو	۷۵۹
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مسجد کی کسی مخصوص جگہ کو اہتمام کے ساتھ تلاش کرے، اور اکثر اسی جگہ نماز ادا کرے	۷۵۹
آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ نماز کی طرف اٹھ کر جاتے ہوئے اہتمام کے ساتھ دعا مانگے	۷۵۹
تکبیرات کی اس تعداد کا تذکرہ، جو آدمی نماز کے دوران کہتا ہے	۷۶۰
اس روایت کا تذکرہ، جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ نمازی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی نماز کے دوران ہر مرتبہ جھکتے ہوئے اور اٹھتے ہوئے تکبیر کہے	۷۶۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اپنی نماز کے دوران ہر مرتبہ جھکتے اور اٹھتے ہوئے تکبیر کہے، البتہ رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے (تکبیر نہیں کہی جائے گی)	۷۶۱
اس طریقے کا تذکرہ، جس کے مطابق آدمی اپنی نماز کا آغاز کرے	۷۶۲
اس بات کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نماز کے آغاز میں تکبیر کہتے وقت انگلیوں کو کھلا رکھے	۷۶۳
اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے، وہ نماز کے دوران دایاں ہاتھ بائیں پر رکھے	۷۶۳
اس بات کا تذکرہ، آدمی نماز کے آغاز میں، قرأت سے پہلے کیا دعا مانگے؟	۷۶۴
اس بات کا تذکرہ، آدمی فرض نماز کے آغاز میں کیا دعا مانگے اور تکبیر (تحریمہ) کے بعد (کیا) پڑھے؟	۷۶۵
اس بات کے بیان کا تذکرہ، ہم نے جو ذکر کیا ہے، نبی اکرم ﷺ وہ دعا تکبیر (تحریمہ) کہنے کے بعد مانگتے تھے، اس سے پہلے نہیں	۷۶۶
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، کہ ہم نے جو دعا ذکر کی ہے، وہ اس کی بجائے کسی دوسری دعا کے ذریعے نماز کا آغاز کرے	۷۶۹
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ نماز کے آغاز میں اس کے علاوہ (کوئی دوسری) دعا مانگ لے، جو ہم نے ذکر کی ہے	۷۷۰
اس بات کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے، جب وہ امام ہو، تو وہ قرأت شروع کرنے سے پہلے کچھ دیر خاموش رہے، تاکہ اس کے پیچھے موجود شخص سورہ فاتحہ کی تلاوت کو پالے	۷۷۰
اس دعا کا تذکرہ، جو نبی اکرم ﷺ تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان کی خاموشی کے دوران مانگا کرتے تھے	۷۷۱
اس بات کا تذکرہ، آدمی نماز کے دوران قرأت شروع کرنے سے پہلے کن چیزوں سے پناہ مانگے؟	۷۷۲
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۷۷۳
ان روایات کا تذکرہ، جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''اس میں سے جو میسر ہو اس کی تلاوت کرو'' کی تفسیر بیان کرتی ہیں	۷۷۳
اس بات کے بیان کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''اس میں سے جو میسر ہو، اس کی تلاوت کرو'' اس سے مراد سورہ فاتحہ (کی تلاوت کرنا) ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس بات کا نگران مقرر کیا ہے، کہ وہ اس چیز کی وضاحت کریں، جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے	۷۷۴
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، مقتدی اور تنہا نماز ادا کرنے والے پر بھی نماز کے دوران سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے	۷۷۵
مناجات کی صفت کا تذکرہ، جس کے ذریعے آدمی اپنی نماز کے دوران اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کرتا ہے	۷۷۶

عنوان	صفحہ
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، مقتدیوں پر سورہ فاتحہ پڑھنا اسی طرح فرض ہے، جس طرح تنہا نماز ادا کرنے والے پر فرض ہے	۷۷۷
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ”تم ایسا نہ کرو البتہ سورہ فاتحہ (کا حکم مختلف ہے)“ اس سے آپ کی مراد یہ نہیں ہے کہ سورہ فاتحہ کے علاوہ کی قرأت سے منع کر دیں	۷۷۸
اس بات کے بیان کا تذکرہ، نماز کے دوران آدمی پر یہ بات فرض ہے کہ وہ اپنی نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھے، ایسا نہیں ہے کہ اسے صرف ایک رکعت میں پڑھ لینا، باقی نماز کے لیے کافی ہوگا	۷۷۹
اس بات کا تذکرہ، جب نماز کے دوران سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے تو اس کے لیے لفظ ”نقص“ استعمال ہوگا	۷۸۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس روایت میں نبی اکرم ﷺ نے جو لفظ ”خداج“ استعمال کیا ہے، اس سے مراد ایسا نقص ہے، جس کی موجودگی میں نماز درست نہیں ہوتی، یہ کوئی ایسا نقص نہیں ہے، جس کے ہمراہ نماز درست ہو	۷۸۱
اس بات کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ نے واضح اعلان کے ذریعے یہ اطلاع دی ہے، سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بغیر نماز نہیں ہوتی	۷۸۴
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، یہ روایات تنہا نماز ادا کرنے والے کے بارے میں ہیں	۷۸۴
اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی، خواہ وہ امام ہو یا مقتدی ہو، نماز ادا کرتے ہوئے، اس میں سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرے	۷۸۵
نمازی کے لیے اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ وہ نماز پڑھتے ہوئے سورہ فاتحہ نہ پڑھے، خواہ وہ مقتدی ہو، امام ہو، یا تنہا نماز ادا کر رہا ہو	۷۸۵
نماز میں کی جانے والی قرأت کے لیے لفظ ”صلوٰۃ“ استعمال کرنے کا تذکرہ، حالانکہ وہ اس کا ایک جزء ہے	۷۸۶
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۷۸۷
اس بات کا تذکرہ، امام کے لیے یہ بات مستحب ہے، وہ سورہ فاتحہ کی تلاوت شروع کرتے وقت بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز میں پڑھے	۷۸۸
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ سورہ فاتحہ کی تلاوت شروع کرنے کے وقت بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز میں نہ پڑھے	۷۸۹
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے قتادہ نے یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے	۷۹۰
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو اس فعل کو ترک کرنے کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے، جو ہم نے ذکر کیا ہے	۷۹۰
اس بات کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اس موقع پر بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز میں پڑھے، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، اگرچہ بلند آواز میں یا پست آواز میں پڑھنا، دونوں مطلق طور پر مباح ہیں	۷۹۱
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، نبی اکرم ﷺ تمام نمازوں میں بلند آواز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کرتے تھے	۷۹۲
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ان الفاظ کے ”صحیح“ ہونے کی صراحت کرتی ہے، جو (الفاظ) خالد الحذاء نے ذکر کیے ہیں	۷۹۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی کا نماز میں آمین کہنا، اس کی وجہ سے اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے، جبکہ اس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ہمراہ ہو	۷۹۳
نمازی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ، وہ سورہ فاتحہ کی	

عنوان	صفحہ
تلاوت سے فارغ ہونے پر بلند آواز میں ''آمین'' کہے	۷۹۴
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، یہ حدیث مستند نہیں ہے، کیونکہ ہمارے ذکر کردہ الفاظ کے بارے میں ثوری نے شعبہ کی مخالفت کی ہے	۷۹۵
آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ، وہ سورہ فاتحہ کی تلاوت سے فارغ ہونے پر دوسری مرتبہ خاموشی اختیار کرے	۷۹۵
اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، جب آدمی قیام کے دوران سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرسکتا ہو، تو پھر وہ کیا کرے؟	۷۹۶
جو شخص ٹھیک طور پر سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرسکتا ہو، اسے نماز کے دوران تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر کہنے کا حکم ہونے کا تذکرہ	۷۹۷
اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے مؤقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جس نے ٹھیک سے سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرسکنے والے شخص کو یہ حکم دیا کہ وہ فارسی میں اس کی تلاوت کرلے	۷۹۸
اس بات کے بیان کا تذکرہ، یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین کلام ہیں	۷۹۹
اس بات کے بیان کا تذکرہ، یہ کلمات بہترین کلمات میں سے ہیں، آدمی ان میں سے جسے بھی پہلے پڑھ لے، تو اسے کوئی نقصان نہیں ہوگا	۷۹۹
آدمی کا ایک ہی رکعت میں دو سورتیں ایک ساتھ پڑھنے کے مباح ہونے کا تذکرہ	۸۰۰
اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا، (اور وہ اس بات کا قائل ہے) نماز میں سورتوں کے حصے کرنا، مستحسن کام ہے	۸۰۱
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ ایک رکعت میں کسی سورت کے کچھ حصے کی تلاوت کرے، اور یہ کسی پیش آنے والی علت کی وجہ سے ہو، اور آدمی سورت کے ابتدائی کچھ حصے کی تلاوت کرے، آخری حصے کی نہیں	۸۰۲
اس بات کا تذکرہ، آدمی صبح کی نماز میں کون سی سورتوں کی تلاوت کرے؟	۸۰۲
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ فجر کی نماز میں ہماری ذکر کردہ (سورت کی بجائے) کسی اور (سورت کی) تلاوت کرے	۸۰۳
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ صبح کی نماز میں تلاوت کرتے ہوئے، قصار مفصل پر اکتفاء کرے	۸۰۳
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ صبح کی نماز میں ان (سورتوں کی) تلاوت کرے، جن سورتوں کا ہم نے ذکر کیا ہے	۸۰۴
امام کے لیے یہ مستحب ہونے کا تذکرہ، وہ جمعہ کے دن صبح کی نماز میں، دو متعین سورتوں کی تلاوت پر اکتفاء کرے	۸۰۵
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۸۰۵
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، فجر کی نماز میں تلاوت کرنا، آدمی کے لیے محصور نہیں ہے، کہ اس سے تجاوز کرنا اس کے لیے ممکن ہی نہ ہو	۸۰۶
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۸۰۶
اس بات کا تذکرہ، ظہر کی نماز میں کیا پڑھا جائے؟	۸۰۷
اس مقدار کا تذکرہ، جس کے مطابق ظہر اور عصر کی نماز میں تلاوت کی جاتی ہے	۸۰۸
اس وجہ کا تذکرہ، جس کے ذریعے ظہر اور عصر کی نماز میں نبی اکرم ﷺ کی قرأت کے بارے میں علم ہوا	۸۰۹
ظہر اور عصر میں آدمی کی قرأت کی صفت کا تذکرہ	۸۱۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات جائز ہے، ہم نے قرأت کی جو صفت بیان کی ہے، وہ اس سے زائد قرأت کرے	۸۱۱
اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا، جو علم	

عنوان	صفحہ
حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول، ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے	۸۱۱
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، نبی اکرم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں تمام قرأت بلند آواز میں نہیں کرتے تھے۔	۸۱۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ، ہم نے ظہر کی نماز میں قرأت کی جو صفت بیان کی ہے، یہ سورہ فاتحہ کے بعد ہوتی تھی........................	۸۱۲
مغرب کی نماز میں آدمی کی قرأت کی صفت کا تذکرہ............	۸۱۲
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ مغرب کی نماز میں ہماری ذکر کردہ سورتوں کے علاوہ (کسی سورت کی) تلاوت کرلے........................	۸۱۳
اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے........................	۸۱۴
اس بات کے بیان کا تذکرہ، مغرب کی نماز میں تلاوت کوئی محصور چیز نہیں ہے، کہ اس پر اضافہ کرنا جائز نہ ہو........................	۸۱۵
آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ مغرب کی نماز میں، ہماری بیان کردہ قرأت کی صفت میں اتنا اضافہ کر سکتا ہے جو مقتدیوں کی رضامندی کے مطابق ہو........................	۸۱۵
آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ مغرب کی نماز میں تلاوت کرتے ہوئے ''قصار مفصل'' پر اکتفاء کرے............	۸۱۶
عشاء کی نماز میں، آدمی کی قرأت کی صفت کا تذکرہ	۸۱۷
آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ عشاء کی نماز میں، ہماری ذکر کردہ سورتوں کے علاوہ (کسی سورت کی) تلاوت کرے........................	۸۱۷
اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے، اس روایت کو نقل کرنے میں ابوزبیر نامی راوی منفرد ہے........................	۸۱۸
اس بات کا تذکرہ، شب جمعہ میں، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں کون سی سورتوں کی تلاوت کرنا مستحب ہے؟	۸۱۹
اس بات کے بیان کا تذکرہ، ''سورہ فلق'' کی تلاوت، اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین تلاوتوں میں سے ایک ہے، جو بندہ نماز کے دوران کرتا ہے	۸۲۰
اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، مقتدی اپنے امام کے پیچھے بلند آواز میں قرأت کرے........................	۸۲۰
اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان، ''کیا وجہ ہے قرآن میں میرے ساتھ تنازعہ کیا جاتا ہے'' اس سے مراد آواز بلند کرنا ہے، آپ کے پیچھے قرأت کرنا مراد نہیں ہے	۸۲۱
اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس روایت میں ظہر یا عصر کی نماز کے بارے میں شک ہونا، ابوعوانہ نامی راوی کی طرف سے ہے، یہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی طرف سے نہیں ہے	۸۲۳
اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے، یہ روایت قتادہ نے زرارہ بن اوفی سے نہیں سنی ہے........................	۸۲۳
اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''مجھے اندازہ ہو گیا کہ تم میں سے کوئی اس بارے میں میرے لیے رکاوٹ پیدا کر رہا ہے'' اس سے مراد آواز بلند کرنا ہے، آپ کے پیچھے قرأت کرنا مراد نہیں ہے........................	۸۲۴
مقتدی کے بلند آواز میں قرأت کے مکروہ ہونے کا تذکرہ، تاکہ وہ امام کی تلاوت سے تنازعہ (کا مرتکب) نہ ہو	۸۲۵
اس بات کے بیان کا تذکرہ، لوگ نبی اکرم ﷺ کے پیچھے بلند آواز میں تلاوت کرتے تھے، (یعنی) اس وقت جب نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ بات ارشاد فرمائی، ایسا نہیں ہے کہ صرف ایک ہی شخص نے تلاوت کی تھی	۸۲۶
اس بات کے بیان کا تذکرہ، یہ آخری جملہ ''لوگ قرأت کرے	

عنوان	صفحہ
باز آ گئے اور مسلمانوں نے اس سے نصیحت حاصل کی' یہ زہری کا کلام ہے، یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا کلام نہیں ہے	۸۲۷
اس روایت کا تذکرہ، جو اس حوالے سے شک کی نفی کرتی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''کیا وجہ ہے قرآن میں میرے ساتھ تنازعہ کیا جا رہا ہے'' اس سے مراد آواز بلند کرنا ہے، آپ کے پیچھے قرأت کرنا (مراد) نہیں ہے	۸۲۸
اس روایت کا تذکرہ، جس میں اس بات کی دلیل سی موجود ہے، جو قرأت کے وجوب پر دلالت کرتی ہے، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے، جو اس بنیاد پر ہے، جس کا طریقہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔	۸۲۹
آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، جب وہ امام ہو تو وہ اپنی نماز کی پہلی رکعت کو طویل کر کے ادا کرے، یہ امید رکھتے ہوئے کہ لوگ اس سے آملیں گے	۸۲۹
اس روایت کا تذکرہ، جو ہماری ذکر کردہ اس تاویل کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے، جو ہم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس سے پہلے ذکر کی ہے	۸۳۰
اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث پہ مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ یہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے	۸۳۱
اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کو واضح کرتی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز کو طول دینا جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے' یہ پہلی رکعت کے بارے میں ہوتا تھا' باقی تمام رکعات میں نہیں ہوتا تھا	۸۳۲
اس روایت کا تذکرہ' جس نے بعض سننے والوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے	۸۳۲
اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۸۳۳
نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ رکوع میں جانے کے ارادے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت رفع یدین کرے	۸۳۵
نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جس مقام پر ہم نے رفع یدین کرنے کا ذکر کیا ہے اس موقع پر رفع یدین کرتے ہوئے دونوں ہاتھ آستینوں سے باہر نکالے	۸۳۷
آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ ہم نے جس مقام کا تذکرہ کیا ہے' اس موقع پر دونوں ہاتھ کانوں تک بلند کرے ...	۸۳۸
نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جن مقامات کا ذکر ہم نے کیا ہے' ان میں اس کے دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند ہوں	۸۳۹
اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت معلول ہے	۸۴۱
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض نمازوں کی صفت کا تذکرہ' وہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی پیروی کرنے اور ان کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے	۸۴۲
اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مالک کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت ایک مختصر روایت ہے' یہ واقعہ عبیداللہ بن عمر کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے	۸۴۴
اس روایت کا تذکرہ جس سے اس شخص نے استدلال کیا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے نماز کے دوران ان مقامات پر رفع یدین کرنے کی نفی کی' جن کا ہم نے ذکر کیا ہے	۸۴۵

9- بَابُ الْاَدْعِيَةِ

باب 9: دعاؤں کا بیان

866 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَسْاَلُ اَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهِ اِذَا انْقَطَعَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر شخص کو اپنے پروردگار سے تمام حاجتیں طلب کرنی چاہئیں یہاں تک کہ جب اس کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے (تو وہ بھی پروردگار سے مانگنا چاہئے)''۔

867 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، عَنْ اَبِىْ نَوْفَلِ بْنِ اَبِىْ عَقْرَبَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْجَوَامِعُ مِنَ الدُّعَاءِ. (5: 12)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: اَبُوْ نَوْفَلٍ: اسْمُهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ اَبِىْ عَقْرَبَ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع دعائیں پسند تھیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابونوفل نامی راوی کا نام معاویہ بن مسلم بن ابوعقرب ہے اور یہ بصرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ قَصْدُ الْمَرْءِ فِىْ جَوَامِعِ دُعَائِهِ وَبَيَانِ اَحْوَالِهِ لَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کا اپنی جامع دعاؤں میں اور اپنے احوال کے بیان میں کیا ارادہ ہونا ضروری ہے

868 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو

866- وأخرجه الترمذى (3612) آخر كتاب الدعوات، من طريق أبى داؤد سليمان ابن الأشعث السجزى، حدثنا قطن البصرى بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث غريب .

زُنَيْجٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: مَا تَقُوْلُ فِي الصَّلَاةِ؟، فَقَالَ: اَتَشَهَّدُ ثُمَّ اَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ. اَنَا وَاللّٰهِ مَا اُحْسِنُ دَنْدَنَتَكَ وَلَا دَنْدَنَةَ مُعَاذٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْلَهَا نُدَنْدِنُ . (3: 15)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے دریافت کیا: تم نماز میں کیا پڑھتے ہو؟ (یعنی کیا دعا مانگتے ہو) اس نے کہا: میں تشہد پڑھتا ہوں پھر میں یہ دعا مانگتا ہوں۔

''اے اللہ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جہنم سے تیری پناہ مانگتا ہوں'' (اس شخص نے عرض کی) اللہ کی قسم! میں آپ کی طرح اور حضرت معاذ کی طرح (جامع دعا) نہیں مانگتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم بھی اسی کے آس پاس والی مانگتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا جَوَامِعَ الْخَيْرِ وَيَتَعَوَّذَ بِهٖ مِنْ جَوَامِعِ الشَّرِّ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو اس بات کا حکم ہے' وہ اپنے پروردگار سے بھلائی کا مجموعہ مانگے اور شر کے مجموعے سے اس کی پناہ مانگے

869 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، مَا لَا اُحْصِي مِنْ مَّرَّةٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حمادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهَا اَنْ تَقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلَهٗ وَآجِلَهٗ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ،وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلَهٗ وَآجِلَهٗ، مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ

668–قطن، عن جعفر بن سليمان. ورواه البزار في مسنده رقم (3135) عن سليمان بن عبد الله الغيلاني، عن سيار بن حاتم، عن جعفر، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَ قَالَ: لم يروه عن ثابت سوى جعفر . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد، 10/150 وقال: ورجاله رجال الصحيح، غير سيار بن حاتم وهو وهو ثقة، وسيعيده المصنف برقم (894) و (895) .(1) تحرف في الأصل الى سنان .(2) إسناده صحيح على شرط مسلم، وأبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي البصري الحافظ الحجة. وأخرجه أبوداوٗد الطيالسي (1491) ، وأحمد 6/148 و 189 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، وأبو داوٗد (1482) في الصلاة: باب الدعاء ، من طريق يزيد بن هارون، ثلاثتهم عن الأسود بن شيبان، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 1/538 ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/199 من طريق الأسود بن شيبان.

869 –إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه ابن ماجة (910) في الإقامة: باب ما يقال في التشهد والصلاة، و (3847) في الدعاء : باب الجوامع من الدعاء ، عن يوسف بن موسى القطان، عن جرير، بهذا الإسناد، وقال البوصيري في الزوائد ورقة 60/1: إسناده صحيح ورجاله ثقات وأشار إلى رواية ابي حبان هذه .وأخرجه أحمد 3/474 عن معاوية بن عمرو، وأبو داوٗد (792) في الصلاة: باب في تخفيف الصلاة من طريق حسين بن علي.

اَعْلَمْ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ مَا سَاَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ مَا عَاذَ بِهٖ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، وَاَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ، وَاَسْاَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ لِیْ خَيْرًا .(1: 104)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ تعلیم دی تھی کہ وہ یہ دعا مانگیں: ''اے اللہ! میں تجھ سے ساری بھلائی کی دعا کرتا ہوں' خواہ وہ جلدی ملے یا دیر سے ملے' مجھے اس کا علم ہو یا مجھے اس کا علم نہ ہو اور میں ہر قسم کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں خواہ وہ جلدی ہو یا دیر سے ہو' خواہ مجھے اس کا علم ہو یا علم نہ ہو۔ اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی مانگتا ہوں جو تیرے بندے اور تیرے نبی نے تجھ سے مانگی ہے اور ہر اس شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی نے پناہ مانگی ہے' اور میں تجھ سے جنت اور جنت سے قریب کر دینے والے قول اور میں جہنم سے جہنم کے قریب کر دینے والے قول سے پناہ مانگتا ہوں' اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں' تو نے میرے بارے میں جو بھی فیصلہ کیا ہے وہ بہتر کر دے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ اَكْرَمِ الْاَشْيَاءِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی کا اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز چیز ہے

870 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ، اَخِی الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ شَیْءٌ اَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ.(1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ معزز اور کوئی چیز نہیں ہے''۔

ذِكْرُ رَجَاءِ النَّجَاةِ مِنَ الْاٰفَاتِ لِمَنْ دَامَ عَلَى الدُّعَاءِ فِیْ اَوْقَاتِهٖ

جو شخص اپنے معمولات میں باقاعدگی سے دعا مانگتا رہے اس کے آفات سے نجات پانے کی اُمید ہونے کا تذکرہ

870- رجاله ثقات .وأخرجه أحمد 6/134، وابن أبی شيبة 10/264، ومن طريقه ابن ماجة (3846) فی الدعاء : باب الجوامع من الدعاء ' وأخرجه البخاری فی الأدب المفرد (96) عن الصلت بن محمد .وصححه الحاكم 1/521-522 ووافقه الذهبی.وأخرجه أبو يعلى فی مسنده ورقة (209) /1.

871 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ زُهَيْرٍ الْجُرْجَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَعْجِزُوا فِي الدُّعَاءِ، فَاِنَّهُ لَنْ يَّهْلِكَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ (1: 2)

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: دعا کے بارے میں سستی نہ کرو کیونکہ کوئی بھی شخص دعا کے ہمراہ ہلاکت کا شکار نہیں ہوتا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنَ الْمُوَاظَبَةِ عَلَى الدُّعَاءِ وَالْبِرِّ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے: وہ دعا اور نیکی کو باقاعدگی سے کرتا رہے

872 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهُ، وَلَا يَرُدُّ الْقَدْرَ اِلَّا بِالدُّعَاءِ، وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ. (3: 42)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ لَمْ يُرِدْ بِهِ عُمُوْمَهُ، وَذَاكَ اَنَّ الذَّنْبَ لَا يَحْرِمُ الرِّزْقَ الَّذِيْ رُزِقَ الْعَبْدُ، بَلْ يُكَدِّرُ عَلَيْهِ صَفَاءَهُ اِذَا فَكَّرَ فِيْ تَعْقِيبِ الْحَالَةِ فِيْهِ،

وَدَوَامُ الْمَرْءِ عَلَى الدُّعَاءِ يُطَيِّبُ لَهُ وُرُوْدَ الْقَضَاءِ، فَكَاَنَّهُ رَدَّهُ لِقِلَّةِ حِسِّهِ بِاَلَمِهِ، وَالْبِرُّ يُطَيِّبُ الْعَيْشَ حَتّٰى كَاَنَّهُ يُزَادُ فِيْ عُمْرِهِ بِطِيبِ عَيْشِهِ، وَقِلَّةِ تَعَذُّرِ ذٰلِكَ فِي الْاَحْوَالِ

871- إسناده حسن، عمران القطان: وهو ابن داوَر، ويكنى أبا العوام: صدوق يهم، فهو حسن الحديث، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (712) عن عمرو بن مرزوق، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد الطيالسي في مسنده 1/253 بترتيب الساعاتي، ومن طريقه أحمد 2/362، والترمذي (3370) في الدعوات باب ما جاء في فضل الدعاء، وابن ماجة (3829) في الدعاء: باب فضل الدعاء، عن عمران القطان، به، وصححه الحاكم 1/490 ووافقه الذهبي. وأخرجه الترمذي (3370) أيضاً، من طريق ابن مهدي، عن عمران، به. إسناده ضعيف لضعف عمر بن محمد بن صهبان كما تقدم.

872- عبد الله بن أبي الجعد: ذكره المؤلف في الثقات 5/20، وروى عنه اثنان، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/441-442، وأحمد 5/277 و 280 و 282، وابن ماجة (90) في المقدمة: باب في القدر، و (4022) في الفتن، . والطحاوي في مشكل الآثار 4/169، والطبراني في الكبير (1442) وأبو نعيم في أخبار أصبهان 2/60، والبغوي في شرح السنة (3418)، والحاكم 1/493، والقضاعي في مسنده (831) من طرق، عن سفيان بهذا الإسناد. وقال البوصيري في الزوائد ورقة 8/1: وسألت شيخنا أبا الفضل العراقي رحمه الله عن هذا الحديث، فقال: هذا حديث حسن.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''(بعض اوقات) کوئی شخص کسی گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے رزق سے محروم ہو جاتا ہے اور تقدیر کو صرف دعا ٹال سکتی ہے اور عمر میں اضافہ صرف نیکی کرتی ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں مذکور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے مراد اس کا قوم نہیں ہے۔یعنی آدمی کے نصیب میں جو رزق لکھا گیا ہے گناہ اس رزق سے محروم نہیں کرتا بلکہ اس کی پاکیزگی کو گدلا کر دیتا ہے۔جب وہ اس کے بارے میں حالت کی بعد کی صورتحال میں غور وفکر کرتا ہے' اور آدمی کا ہمیشہ دعا کرتے رہنا۔اس کے لئے تقدیر کے فیصلے کو قابل قبول بنا دیتا ہے۔گویا وہ اس کی تکلیف کو کم محسوس کرتے ہوئے اس کو پرے کر دیتا ہے' اور نیکی آدمی کی زندگی کو پاکیزہ کر دیتی ہے' یہاں تک کہ اسے یوں محسوس ہوتا ہے' جیسے اس کی زندگی کے آرام کی وجہ سے اس کی عمر میں اضافہ ہو گیا ہے۔اور عام طور پر یہ چیزیں بہت کم پائی جاتی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا دَعَا اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بِنِيَّةٍ صَحِيحَةٍ وَّعَمَلٍ مُخْلِصٍ قَدْ يُسْتَجَابُ لَهُ دُعَاؤُهُ، وَاِنْ كَانَ الشَّيْءُ الْمَسْؤُولُ مُعْجِزَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب آدمی اللہ تعالیٰ سے صحیح نیت کے ساتھ اور خالص عمل کے ساتھ دعا مانگتا رہے' تو اس کی دعا مستجاب ہوتی ہے' اگرچہ وہ مانگی ہوئی چیز معجزہ ہو (یعنی عام عادت کے خلاف ہو)

873 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ مَلِكٌ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَهُ سَاحِرٌ، فَلَمَّا كَبِرَ، قَالَ لِلْمَلِكِ: اِنِّيْ قَدْ كَبِرْتُ، فَابْعَثْ اِلَيَّ غُلَامًا اُعَلِّمُهُ السِّحْرَ، فَبَعَثَ لَهُ غُلَامًا يُعَلِّمُهُ، فَكَانَ فِيْ طَرِيقِهِ اِذَا سَلَكَ رَاهِبٌ، فَقَعَدَ اِلَيْهِ وَسَمِعَ كَلَامَهُ وَاَعْجَبَهُ، فَكَانَ اِذَا اَتَى السَّاحِرَ ضَرَبَهُ، وَاِذَا رَجَعَ مِنْ عِنْدِ السَّاحِرِ قَعَدَ اِلَى الرَّاهِبِ وَسَمِعَ كَلَامَهُ، فَاِذَا اَتَى اَهْلَهُ ضَرَبُوهُ، فَشَكَا ذٰلِكَ اِلَى الرَّاهِبِ، فَقَالَ لَهُ: اِذَا خَشِيتَ السَّاحِرَ فَقُلْ: حَبَسَنِيْ اَهْلِي، وَاِذَا خَشِيتَ اَهْلَكَ فَقُلْ: حَبَسَنِي السَّاحِرُ، فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ اَتَى عَلٰى دَابَّةٍ عَظِيمَةٍ قَدْ حَبَسَتِ النَّاسَ، فَقَالَ: الْيَوْمَ اَعْلَمُ: الرَّاهِبُ اَفْضَلُ اَمِ السَّاحِرُ؟ فَاَخَذَ حَجَرًا ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَمْرُ الرَّاهِبِ اَحَبَّ اِلَيْكَ مِنْ اَمْرِ السَّاحِرِ

873- إسناده صحيح، وأخرجه مسلم (3005) في الزهد: باب قصة أصحاب الأخدود والساحر والراهب والغلام، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد.

فَاقْتُلْ هٰذِهِ الدَّابَّةَ حَتّٰى يَمْضِيَ النَّاسُ، فَرَمَاهَا فَقَتَلَهَا، وَمَضَى النَّاسُ، فَأَتَى الرَّاهِبَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ: أَيْ بُنَيَّ، أَنْتَ الْيَوْمَ أَفْضَلُ مِنِّيْ، وَإِنَّكَ سَتُبْتَلٰى، فَإِنِ ابْتُلِيتَ فَلَا تَدُلَّ عَلَيَّ، فَكَانَ الْغُلَامُ يُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ، وَيُدَاوِيْ سَائِرَ الْأَدْوَاءِ، فَسَمِعَ جَلِيسٌ لِلْمَلِكِ، كَانَ قَدْ عَمِيَ، فَأَتَى الْغُلَامَ بِهَدَايَا كَثِيرَةٍ، فَقَالَ: مَا هَاهُنَا لَكَ أَجْمَعُ إِنْ أَنْتَ شَفَيْتَنِي، قَالَ: إِنِّيْ لَا أَشْفِيْ أَحَدًا إِنَّمَا يَشْفِي اللّٰهُ، فَإِنْ آمَنْتَ بِاللّٰهِ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَشَفَاكَ، فَآمَنَ بِاللّٰهِ فَشَفَاهُ اللّٰهُ، فَأَتَى الْمَلِكَ يَمْشِي يَجْلِسُ إِلَيْهِ كَمَا كَانَ يَجْلِسُ، فَقَالَ الْمَلِكُ: فُلَانُ مَنْ رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ؟، قَالَ: رَبِّي، قَالَ: وَلَكَ رَبٌّ غَيْرِي؟، قَالَ: رَبِّي وَرَبُّكَ وَاحِدٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتّٰى دَلَّ عَلَى الْغُلَامِ، فَجِيْءَ بِالْغُلَامِ، فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ: أَيْ بُنَيَّ، قَدْ بَلَغَ مِنْ سِحْرِكَ مَا تُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَتَفْعَلُ وَتَفْعَلُ؟، قَالَ: إِنِّيْ لَا أَشْفِيْ أَحَدًا، إِنَّمَا يَشْفِي اللّٰهُ، فَأَخَذَهُ، فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتّٰى دَلَّ عَلَى الرَّاهِبِ، فَجِيْءَ بِالرَّاهِبِ، فَقِيلَ لَهُ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ، فَأَبٰى، فَدَعَا بِالْمِنْشَارِ، فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِيْ مَفْرِقِ رَأْسِهِ، فَشُقَّ بِهِ حَتّٰى وَقَعَ شِقَّاهُ، ثُمَّ جِيْءَ بِجَلِيسِ الْمَلِكِ، فَقِيلَ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ، فَأَبٰى، فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِيْ مَفْرِقِ رَأْسِهِ، فَشَقَّهُ بِهِ حَتّٰى وَقَعَ شِقَّاهُ، ثُمَّ جِيْءَ بِالْغُلَامِ فَقِيلَ لَهُ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ فَأَبٰى، فَدَفَعَهُ إِلٰى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اذْهَبُوْا بِهِ إِلٰى جَبَلِ كَذَا وَكَذَا، فَاصْعَدُوْا بِهِ الْجَبَلَ، فَإِذَا بَلَغْتُمْ ذُرْوَتَهُ، فَإِنْ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهِ، وَإِلَّا فَاطْرَحُوهُ، فَذَهَبُوْا بِهِ فَصَعِدُوْا بِهِ الْجَبَلَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ، فَرَجَفَ بِهِمُ الْجَبَلُ، فَسَقَطُوا، وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ، فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ: مَا فَعَلَ أَصْحَابُكَ؟، قَالَ كَفَانِيهِمُ اللّٰهُ، فَدَفَعَهُ إِلٰى قَوْمٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اذْهَبُوْا بِهِ، فَاحْمِلُوْهُ فِيْ قُرْقُوْرٍ، فَوَسِّطُوْا بِهِ الْبَحْرَ، فَلَجِّجُوا بِهِ، فَإِنْ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهِ، وَإِلَّا فَاقْذِفُوهُ، فَذَهَبُوْا بِهِ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ، فَانْكَفَأَتْ بِهِمُ السَّفِينَةُ، وَجَاءَ يَمْشِي إِلَى الْمَلِكِ، فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ: مَا فَعَلَ أَصْحَابُكَ؟، قَالَ: كَفَانِيهِمُ اللّٰهُ، فَقَالَ لِلْمَلِكِ: وَإِنَّكَ لَسْتَ بِقَاتِلِيْ حَتّٰى تَفْعَلَ مَا آمُرُكَ بِهِ، قَالَ: وَمَا هُوَ؟، قَالَ: تَجْمَعُ النَّاسَ فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ، وَتَصْلُبُنِيْ عَلٰى جِذْعٍ، ثُمَّ خُذْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِكَ، ثُمَّ ضَعِ السَّهْمَ فِيْ كَبِدِ الْقَوْسِ، ثُمَّ قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ، ثُمَّ ارْمِنِي، فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَتَلْتَنِي، فَجَمَعَ النَّاسَ فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ، ثُمَّ صَلَبَهُ عَلٰى جِذْعٍ، ثُمَّ أَخَذَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ، ثُمَّ وَضَعَ السَّهْمَ فِيْ كَبِدِ قَوْسِهِ، ثُمَّ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ، ثُمَّ رَمَاهُ، فَوَقَعَ السَّهْمُ فِيْ صُدْغِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيْ مَوْضِعِ السَّهْمِ فَمَاتَ، فَقَالَ النَّاسُ: آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ، آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ، ثَلَاثًا، فَأُتِيَ الْمَلِكُ، فَقِيلَ لَهُ: أَرَأَيْتَ مَا كُنْتَ تَحْذَرُ، قَدْ وَاللّٰهِ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ، قَدْ آمَنَ النَّاسُ، فَأَمَرَ بِالْأُخْدُودِ بِأَفْوَاهِ السِّكَكِ فَخُدَّتْ، وَأَضْرَمَ النِّيرَانَ وَقَالَ: مَنْ لَمْ يَرْجِعْ عَنْ دِيْنِهِ فَأَحْمُوْهُ، فَفَعَلُوْا حَتّٰى جَاءَتِ امْرَأَةٌ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا، فَتَقَاعَسَتْ أَنْ تَقَعَ فِيْهَا، فَقَالَ لَهَا الْغُلَامُ: يَا أُمَّهِ اصْبِرِي، فَإِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ.(3: 6)

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے زمانے میں ایک بادشاہ تھا اس کا ایک جادوگر

تھا۔ جب وہ عمر رسیدہ ہو گیا' تو اس نے بادشاہ سے کہا میں بوڑھا ہو گیا ہوں تم میرے پاس کسی لڑکے کو بھیجو تا کہ میں اسے جادو کی تعلیم دوں' تو بادشاہ نے اس کے پاس ایک لڑکے کو بھیجا تا کہ وہ اسے تعلیم دینا شروع کرے ابھی وہ لڑکا راستے میں جا رہا تھا کہ وہاں سے ایک راہب کا گزر ہوا وہ اس کے پاس بیٹھ گیا اور اس کی بات چیت سننے لگا اس کو اس کی باتیں اچھی لگیں جب وہ جادوگر کے پاس آیا' تو جادوگر نے اسے مارا جب وہ جادوگر کے پاس سے واپس آیا' تو راہب کے پاس بیٹھ گیا اور اس کی بات چیت سننے لگا۔ جب وہ اپنے گھر آیا' تو گھر والوں نے اسے مارا اس نے اس بات کی شکایت راہب سے کی' تو راہب نے کہا: جب تمہیں جادوگر سے اندیشہ ہو' تو تم کہنا مجھے گھر والوں نے نہیں آنے دیا تھا اور جب تمہیں گھر والوں سے اندیشہ ہو' تو تم کہنا جادوگر نے مجھے روک لیا تھا۔ اسی طرح ہوتا رہا اسی دوران ایک مرتبہ اس لڑکے کا گزر ایک بڑے جانور کے پاس سے ہوا جس نے لوگوں کو گزرنے سے روکا ہوا تھا۔ اس لڑکے نے سوچا آج یہ بات میں جان لوں گا کہ راہب فضیلت رکھتا ہے یا جادوگر؟ اس نے ایک پتھر لیا اور پھر کہا: اے اللہ! اگر راہب کا معاملہ تیرے نزدیک جادوگر کے معاملے سے زیادہ پسندیدہ ہے' تو اس جانور کو مار دے تا کہ لوگ وہاں سے گزر جائیں پھر اس نے وہ پتھر اس جانور کو مار کر قتل کر دیا' تو لوگ وہاں سے گزر گئے۔ وہ راہب کے پاس آیا اور اسے اس بارے میں بتایا' تو راہب نے اسے کہا: اے میرے بیٹے آج تم مجھ سے زیادہ فضیلت رکھتے ہو عنقریب تمہیں آزمائش میں مبتلا کیا جائے گا اگر تمہیں آزمائش میں مبتلا کیا جائے' تو تم میری طرف کسی کی رہنمائی نہ کرنا پھر وہ لڑکا پیدائشی نابینا لوگوں اور برص کے شکار لوگوں کو ٹھیک کرنے لگا۔ وہ تمام بیماریوں کی دوا دینے لگا (یعنی انہیں ٹھیک کرنے لگا) بادشاہ کے ایک مصاحب کو اس کے بارے میں پتہ چلا جو نابینا ہو چکا تھا۔ وہ بہت سے تحائف کے ہمراہ اس لڑکے کے پاس آیا اور بولا: اگر تم نے مجھے شفا دے دی' تو یہ سب کچھ تمہیں مل جائے گا۔ لڑکے نے کہا: میں کسی کو شفا نہیں دیتا شفا' تو اللہ تعالیٰ دیتا ہے' اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آؤ' تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کروں گا۔ وہ تمہیں شفا دے گا' تو وہ شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے شفا دے دی پھر وہ بادشاہ کے پاس آیا اور اس کے ہاں پہلے کی طرح آیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: فلاں شخص تمہاری بینائی کیسے واپس آئی اس نے جواب دیا: میرے پروردگار نے واپس کی ہے۔ بادشاہ نے دریافت کیا: کیا میرے علاوہ بھی تمہارا کوئی پروردگار ہے۔ اس نے کہا: میرا اور تمہارا پروردگار ایک ہے۔ اس کے بعد بادشاہ اس شخص کو تکلیف پہنچاتا رہا' یہاں تک کہ اس نے اس لڑکے کے بارے میں رہنمائی کر دی پھر اس لڑکے کو لایا گیا' تو بادشاہ نے اس سے کہا: اے لڑکے اب تمہارا جادو اس مقام تک پہنچ گیا ہے کہ تم پیدائشی نابینا اور برص کے شکار اور فلاں فلاں شخص کو ٹھیک کر دیتے ہو۔ اس لڑکے نے کہا: میں کسی کو ٹھیک نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ شفا دیتا ہے۔ بادشاہ نے اس لڑکے کو پکڑا وہ اسے مسلسل تکلیف پہنچاتا رہا' یہاں تک کہ اس نے راہب کی طرف رہنمائی کر دی۔ اس راہب کو لایا گیا' اس سے یہ کہا گیا کہ تم اپنے دین سے پھر جاؤ اس راہب نے اس بات کو نہیں مانا' تو پھر ایک ''آرا'' لایا گیا وہ ''آرا'' اس کے سر کے درمیان میں رکھا گیا اور اسے چیر دیا گیا' یہاں تک کہ اس کا جسم دو حصوں میں تقسیم ہو گیا پھر بادشاہ کے مصاحب کو لایا گیا۔ اسے کہا گیا تم اپنے دین سے پھر جاؤ' لیکن اس نے یہ بات نہیں مانی' تو وہی آرا اس کے سر کے درمیان میں رکھا گیا اسے بھی چیر کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا پھر اس لڑکے کو لایا گیا اور اسے کہا گیا کہ تم اپنے دین سے پھر جاؤ اس لڑکے نے بھی اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ بادشاہ نے اس لڑکے کو ساتھیوں کے سپرد کیا اور کہا

اسے لے کر فلاں فلاں پہاڑ کی طرف جاؤ اسے لے کر پہاڑ پر چڑھ جاؤ جب تم پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ جاؤ اگر یہ اپنے دین سے رجوع کرلے تو ٹھیک ہے ورنہ اسے نیچے پھینک دینا۔ وہ لوگ اسے ساتھ لے کر گئے اسے ساتھ لے کر پہاڑ پر چڑھ گئے۔ اس لڑکے نے دعا کی اے اللہ! تو ان لوگوں کے حوالے سے جیسے چاہے میرے لئے کافی ہو جا تو پہاڑ کانپنے لگا اور وہ لوگ نیچے گر گئے۔ وہ لڑکا چلتا ہوا پھر بادشاہ کے پاس آیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: تمہارے ساتھیوں کا کیا بنا۔ اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ ان کے مقابلے میں میرے لئے کافی ہے۔ بادشاہ نے اسے اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ سپرد کیا اور کہا اسے ساتھ لے کر جاؤ اسے کشتی میں بٹھاؤ اور اس کو لے جا کر سمندر کے درمیان میں لے جاؤ وہاں اگر یہ اپنے دین سے رجوع کرلے تو ٹھیک ہے ورنہ اسے دریا میں ڈال دینا وہ اسے ساتھ لے کر گئے تو لڑکے نے کہا: اے اللہ! تو ان لوگوں کے مقابلے میں جیسے چاہے میرے لئے کفایت کرلے تو ان لوگوں کی کشتی الٹ گئی (باقی سب لوگ ڈوب گئے) وہ لڑکا چلتا ہوا بادشاہ کے پاس آ گیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: تمہارے ساتھیوں کا کیا بنا۔ اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ ان کے مقابلے میں میرے لئے کافی ہو گیا' تو اس نے بادشاہ سے کہا تم مجھے اس وقت تک قتل نہیں کر سکتے جب تک تم وہ کام نہیں کرو گے' جس کی میں تمہیں ہدایت کروں گا۔ بادشاہ نے دریافت کیا: وہ کیا ہے اس نے کہا: تم لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کرو پھر مجھے کھجور کے درخت پر صلیب پر لٹکاؤ پھر اپنے ترکش میں سے ایک تیر لو پھر اس تیر کو کمان میں لگاؤ اور پھر یہ کہو اس لڑکے کے پروردگار اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں یہ تیر چلانے لگا ہوں) پھر وہ تیر مجھے مار دینا جب تم ایسا کرو گے تو تم مجھے قتل کر دو گے۔ بادشاہ نے لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کیا اس لڑکے کو کھجور کے درخت پر لٹکایا پھر اس نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر لیا پھر اس تیر کو کمان میں رکھا اور یہ کہا اس لڑکے کے پروردگار اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں تیر چلانے لگا ہوں) پھر بادشاہ نے اسے تیر مارا وہ تیر اس کی کنپٹی پر لگا۔ اس نے اپنا ہاتھ تیر کی جگہ رکھا اور انتقال کر گیا۔ لوگوں نے کہا: ہم اس لڑکے کے پروردگار پر ایمان لے آتے ہیں۔ ہم ایمان لے آتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی۔ (مصاحبین) نے بادشاہ کو آ کر بتایا کہ تم نے اس بات کو نوٹ کیا ہے کہ تم جس چیز سے بچنا چاہ رہے تھے وہی صورت حال سامنے آ گئی ہے۔ وہ ایمان لے آئے ہیں' تو بادشاہ کے حکم کے تحت مختلف جگہ پر گڑھے کھودے گئے۔ ان میں آگ جلائی گئی بادشاہ نے حکم دیا جو شخص اپنے دین سے رجوع نہیں کرے گا تم لوگ اسے جلا دو ان لوگوں نے ایسا ہی کیا' یہاں تک کہ ایک عورت آئی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا' وہ آگ میں کودنے سے ہچکچائی تو لڑکے نے کہا: امی جان آپ صبر سے کام لیجئے۔ آپ حق پر ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ تُسْتَجَابُ لَهُ لَا مَحَالَةَ، وَاِنْ اَتَى عَلَيْهَا الْبُرْهَةُ مِنَ الدَّهْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مظلوم کی دعا ضرور مستجاب ہوتی ہے' اگرچہ اس کا اثر ظاہر ہونے میں کچھ وقت لگ جائے

874 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ رَوَاحَةَ الْمَنْبِجِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدٌ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْمُدِلَّةِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ تُحْمَلُ عَلَى الْغَمَامِ، وَتُفْتَحُ لَهَا أَبْوَابُ السَّمَاوَاتِ، وَيَقُولُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: وَعِزَّتِي لَأَنْصُرَنَّكِ وَلَوْ بَعْدَ حِينٍ. (1: 87)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَبُو الْمُدِلَّةِ اسْمُهُ: عُبَيْدُ اللَّهِ مَدِينِيٌّ، ثِقَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مظلوم کی بددعا بادلوں کے اوپر اٹھائی جاتی ہے اور (اس کے لیے) آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور پروردگار یہ فرماتا ہے: مجھے اپنی عزت کی قسم ہے میں تمہاری مدد ضرور کروں گا خواہ تھوڑی دیر بعد کروں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمدلہ کا نام عبیداللہ مدینی ہے یہ ثقہ ہیں۔

875 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ. (1: 87)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ أَمْرٌ بِاتِّقَاءِ دَعْوَةِ الْمَظْلُومِ، مُرَادُهُ الزَّجْرُ عَمَّا تَوَلَّدَ ذَلِكَ الدُّعَاءُ مِنْهُ، وَهُوَ الظُّلْمُ، فَزَجَرَ عَنِ الشَّيْءِ بِالْأَمْرِ بِمُجَانَبَةِ مَا تَوَلَّدَ مِنْهُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مظلوم کی بددعا سے بچو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''مظلوم کی بددعا سے بچو'' یہاں آپ نے مظلوم کی بددعا سے بچنے کا حکم دیا ہے' لیکن اس سے مراد اس چیز سے رُکنا ہے' جس کے نتیجے میں یہ بددعا سامنے آتی ہے' اور وہ چیز ظلم ہے۔ یہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چیز سے رُکنے کے حکم کے ذریعے اس سے الگ رہنے کا حکم دیا ہے' جس کے نتیجے میں وہ چیز سامنے آتی ہے۔

874- وانظر فتح الباری 8/698، وتفسير ابن كثير .4/494' وأخرجه عبد الرزاق (9751) ومن طريقه الترمذی (3340) والطبرانی (7319) عن معمر، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلٰی، عَنْ صهيب .وأخرجه أحمد 6/17، 18، والطبرانی فی الكبير (7320)، والنسائی فی الكبری كما فی التحفة 4/198 من طرق عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد 874.-وأخرجه أحمد 2/304-305 عن أبی كامل وأبی النضر، عن زهير بن معاوية، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/445، وابن ماجة (1752) فی الصيام: باب الصائم لا ترد دعوته، من طريق وكيع، والترمذی (3598) فی الدعوات: باب فی العفو والعافية، من طريق عبد الله بن نمير، والبغوی فی شرح السنة (139) من طريق عُبيد الله بن موسی،

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ إِرَادَةِ الدُّعَاءِ رَفْعُ الْيَدَيْنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ دعا مانگتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرے

876 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيمٌ يَسْتَحْيِى مِنْ عَبْدِهِ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا. (3: 67)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارا پروردگار زندہ اور معزز ہے وہ اپنے بندے سے حیاء کرتا ہے کہ جب بندہ اپنے دونوں ہاتھ اس کی بارگاہ میں بلند کرے تو وہ انہیں خالی لوٹا دے''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَرْفَعَ يَدَيْهِ عِنْدَ الدُّعَاءِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مباح ہے وہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ بلند کرلے

877 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ الْاَنْطَاكِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

875- إسناده صحيح، معروف بن سويد، وثقه المؤلف، وروى عنه جمع، وباقى رجاله ثقات . 876- حديث قوى، جعفر بن ميمون فيه خلاف، وحديثه يصلح للمتابعة، وهذا منها، وباقى رجاله ثقات . وأخرجة الترمذى (3556) فى الدعوات، وحسنه: عن محمد بن بشار وابن ماجه

876- (3865) فى الدعاء : باب رفع اليدين فى الدعاء ، عن بكر بن خلف، كلاهما عن ابن أبى عدى، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوٗد (1488) فى الصلاة: باب الدعاء ومن طريقه البيهقى فى الأسماء والصفات ص 90، من طريق عيسى بن يونس ، والطبرانى (6148) من طريق أبى أسامة، كلاهما عن جعفر بن ميمون، به. وأخرجه البغوى فى شرح السنة (1385) من طريق أبىٔ حاتم محمد بن إدريس، حدثنا الأنصارى، حدثنى أبو المعلى، حدثنا أبو عثمان النهدى، قال سمعت سلمان الفارسى يقول: قال رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... وسيرد من طريق سليمان التيمى عن أبى عثمان النهدى برقم (880) .

877- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 3/209 عن سليمان بن داوٗد، و3/216 عن عبد الصمد، و3/259 عن أسود بن عامر، وابنُ أبى شيبة 10/379 ومن طريقه مسلم (895) فى الاستسقاء : باب رفع اليدين فى الدعاء فى الاستسقاء . وعلقه البخارى (1030) فى الاستسقاء بابِ رفع الناس أيديهم مع الامام فى الاستسقاء ، و (6341) فى الدعوات: باب رفع الأيدى فى الدعاء . قال الحافظ: وصله أبو نعيم فى المستخرج. وانظر تغليق التعليق 2/393، 394، و 5/146.

الزَّوْرَاءِ، قَائِمًا يَدْعُوْ يَسْتَسْقِي، رَافِعًا كَفَّيْهِ لَا يُجَاوِزُ بِهِمَا رَأْسَهُ، مُقْبِلًا بِبَاطِنِ كَفِّهِ اِلٰى وَجْهِهِ (5: 12)

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو "احجارزیت" کے قریب دیکھا جو "زوراء" کے قریب ہے۔ بارش کے نزول کی دعا مانگتے ہوئے دیکھا آپ کھڑے ہوئے تھے اور بارش کے نزول کی دعا مانگ رہے تھے۔ آپ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں بلند کی ہوئی تھیں' لیکن آپ نے انہیں سر سے اونچا نہیں اٹھایا تھا۔ آپ نے ہتھیلی کا رخ اپنے چہرے کی طرف کیا ہوا تھا۔

ذِكْرُ اسْتِجَابَةِ الدُّعَاءِ لِلرَّافِعِ يَدَيْهِ اِلٰى بَارِئِهٖ جَلَّ وَعَلَا

اپنے پروردگار کی بارگاہ میں دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگنے والے کی دعا کے مستجاب ہونے کا تذکرہ

880 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْعَبْدِ اَنْ يَّرْفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ . (1: 2)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے حیا کرتا ہے کہ بندہ اپنے دونوں ہاتھ اللہ کی بارگاہ میں اٹھائے اور وہ انہیں نامراد واپس کردے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يَسْتَجِيبُ دُعَاءَ مَنْ رَفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ اِذَا لَمْ يَدْعُ بِمَعْصِيَةٍ اَوْ يَسْتَعْجِلِ الْاِجَابَةَ، فَيَتْرُكُ الدُّعَاءَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص پروردگار کی بارگاہ میں دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگتا ہے

اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو مستجاب کرتا ہے' جبکہ وہ معصیت کے لئے دعا نہ مانگے اور قبولیت کا اثر جلدی ظاہر ہونے کا طلب گار ہوتے ہوئے (اثر ظاہر نہ ہونے کی صورت میں) دعا کو ترک نہ کردے

881 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

880- إسناده جيد وأخرجه الطبراني (6130) من طريق العباس بن حمدان الحنفي، عن جميل بن الحسن، به . وأخرجه أحمد 5/438 عن يزيد بن هارون، عن محمد بن الزبرقان، به وصححه الحاكم 1/497، ووافقه الذهبي، وجود إسناده الحافظ في الفتح 11/143. وتقدم برقم (876) من طريق جعفر بن ميمون عن أبي عثمان.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ، اَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ، مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ ، قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يَسْتَعْجِلُ؟، قَالَ: (يَقُوْلُ: يَا رَبِّ قَدْ دَعَوتُ و) قَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِي، فَيَنْحَسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَيَتْرُكُ الدُّعَاءَ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندے کی دعا مسلسل قبول ہوتی رہتی ہے' جب تک وہ کسی گناہ' یا قطع رحمی کے بارے میں دعا نہیں کرتا وہ جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! جلد بازی کا مظاہرہ کرنے سے کیا مراد ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ یہ کہے کہ میں نے دعا مانگی میری دعا قبول نہیں ہوئی' تو ایسی صورت میں وہ بددل ہو کر دعا مانگا ترک کر دے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْإِشَارَةِ لِلْمَرْءِ بِإِصْبَعِهٖ عِنْدَ اِرَادَتِهِ الدُّعَاءَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے انگلی کے ذریعے اشارہ کرنے کی صفت کا تذکرہ

882 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى بِشْرَ بْنَ مَرْوَانَ رَافِعًا يَدَيْهِ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: قَبَّحَ اللّٰهُ هَاتَيْنِ الْيَدَيْنِ، لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزِيْدُ عَلٰى اَنْ يَّقُوْلَ بِيَدِهٖ كَذَا، وَاَشَارَ بِاُصْبُعِهٖ لِلسَّبْحَةِ (5: 12)

حضرت عمارہ بن رویبہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے بشر بن مروان کو منبر پر دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: اللہ تعالیٰ ان دونوں ہاتھوں کو قبیح کر دے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے زیادہ کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ انہوں نے اپنی شہادت کی انگلی سے اشارہ کر کے یہ بات کہی۔

881- إسناده قوى على شرط مسلم، معاوية بن صالح صدوق له أوهام، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه مسلم (2735) (92) في الذكر. باب بيان أنه يستجاب للداعي ما لم يعجل، والبخاري في الأدب المفرد برقم (655) والبيهقي في السنن 3/353، من طريق ابن وهب بهذا الإسناد. وأخرجه البغوي في شرح السنة (1390) من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، به. وسيعيده المؤلف من طريق ابن وهب برقم (976). وسيورده المؤلف أيضاً من طريق مالك برقم (975) ويأتي تخريجه عنده.

882- إسناده صحيح، وهو في مصنف ابن أبي شيبة 2/147-148، ومن طريقه أخرجه مسلم (874) في الجمعة: باب تخفيف الصلاة والخطبة. وأخرجه أحمد 4/135، والنسائي 3/108 في الجمعة: باب الإشارة في الخطبة، وفي الكبرى كما في التحفة 7/486، والدارمي 1/366 في الصلاة: باب كيف يشير الأمام في الخطبة، من طرق عن سفيان، عن حصين، به. وأخرجه أحمد 4/136 من طريق زهير، و 4/261 من طريق ابن فضيل، وأبو داوٗد (1104) في الصلاة: باب رفع اليدين على المنبر، من طريق زائدة، والدارمي 1/366 من طريق أبي زبيد، جميعهم عن حصين، به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَرَادَ الْاِشَارَةَ فِي الدُّعَاءِ يَجِبُ اَنْ يُّشِيرَ بِالسَّبَّابَةِ الْيُمْنَى بَعْدَ اَنْ يَّحْنِيَهَا قَلِيْلًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب آدمی دعا کے دوران اشارہ کرنے کا ارادہ کرے

تو یہ بات لازم ہے وہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کے ذریعے اشارہ کرے اور اسے تھوڑا سا جھکا دے

883 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِرًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ عَلٰى مِنْبَرٍ وَّلَا غَيْرِهٖ، وَلٰكِنْ رَاَيْتُهٗ يَقُوْلُ هٰكَذَا

وَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: بِاُصْبُعِهِ السَّبَّابَةِ مِنْ يَّدِهِ الْيُمْنَى يُقَوِّسُهَا . (5: 12)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی منبر پر یا منبر کے علاوہ اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے نہیں دیکھا۔ میں نے آپ کو صرف اس طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ابوسعید نامی راوی نے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی کے ذریعے اشارہ کیا اور اسے تھوڑا سا خمیدہ کیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْاِشَارَةِ فِي الدُّعَاءِ بِالْاُصْبُعَيْنِ

دعا کے دوران دو انگلیوں سے اشارہ کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

884 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ:

883- حديث صحيح بشواهده، عبد الرحمٰن بن معاوية: هو ابن الحويرث الأنصاري الزرقي، سيء الحفظ، وباقي رجاله ثقات وابن أبي ذباب هو: عبد الله بن عبد الرحمٰن بن الحارث بن سعد، وهو في مسند أبي يعلى الورقة 353، وأخرجه أبو داؤد (1105) في الصلاة: باب رفع اليدين على المنبر، والطبراني في الكبير (6023) من طريق مسدد، عن بشر بن المفضل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/337 من طريق ربعي بن إبراهيم، عن عبد الرحمٰن بن إسحاق، به. وصححه الحاكم 1/536، ووافقه الذهبي، وأورده الهيثمي في المجمع 10/167، واقتصر في نسبته إلى أحمد، وأعله بعبد الرحمٰن بن إسحاق ويشهد له حديث عمارة بن رُوَيبة (882) المتقدم، وحديث أبي هريرة (884) الآتي.

884- إسناده صحيح رجاله رجال الصحيح، خلا شيخ ابن حبان، فإنه ثقة، وعبد الله ابن عمر هو ابن محمد بن أبان الأموي الكوفي الملقب بمشكدانة. وأخرجه الترمذي (3557) في الدعوات، والنسائي 3/38 في السهو: باب النهي عن الإشارة بأصبعين، عن محمد بن بشار، وهو في، المستدرك 1/536. وهذا الرجل هو سعد كما صرح به أبو هريرة عند ابن أبي شيبة 10/381

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا یَدْعُوْ بِاُصْبُعَیْہِ جَمِیْعًا فَنَہَاہُ وَقَالَ بِاِحْدَاہُمَا، بِالْیُمْنٰی . (2: 24)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَضْمَرَ فِیْہِ اَنَّ الْاِشَارَۃَ بِالْاُصْبُعَیْنِ لِیَکُوْنَ اِلَی الْاِثْنَیْنِ، وَالْقَوْمُ عَھْدُھُمْ کَانَ قَرِیْبًا بِعِبَادَۃِ الْاَصْنَامِ وَالْاِشْرَاکِ بِاللّٰہِ، فَمِنْ اَجْلِھِمَا اَمَرَ بِالْاِشَارَۃِ بِاُصْبُعٍ وَّاحِدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دو انگلیوں کے ذریعے دعا مانگتے دیکھا اور ایک انگلی کے ذریعے اشارہ کرنے کے لئے کہا جو دائیں ہاتھ کی ہوتی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں بات کی طرف اشارہ پوشیدہ ہے دو انگلیوں کے ذریعے دو چیزوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور وہ لوگ کیونکہ بتوں کی عبادت اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے کے زمانے کے قریب تھے۔ اس لئے انہیں ایک انگلی کے ساتھ اشارہ کرنے کا حکم دیا گیا۔

ذِکْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِخَارَۃِ اِذَا اَرَادَ الْمَرْءُ اَمْرًا قَبْلَ الدُّخُوْلِ عَلَیْہِ

جب آدمی کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے تو اسے شروع کرنے سے پہلے استخارہ کرنے کے حکم کا تذکرہ

885 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عِیْسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَالِکٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اَحَدُکُمْ اَمْرًا فَلْیَقُلْ: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ، وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ، وَاَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ، فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ کَذَا وَکَذَا لِلْاَمْرِ الَّذِیْ یُرِیْدُ خَیْرًا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیْشَتِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ، فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ وَاَعِنِّیْ عَلَیْہِ، وَاِنْ کَانَ کَذَا وَکَذَا لِلْاَمْرِ الَّذِیْ یُرِیْدُ شَرًّا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیْشَتِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ، فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ، ثُمَّ اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ اَیْنَمَا کَانَ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ . (1: 104)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

885- إسناده حسن: عيسى بن عبد الله بن مالك، وثقه المؤلف، وروى عنه جمع، وباقي رجاله ثقات، وأخرجه البزار (3185) 4/56 من طريق عبيد الله بن سعد بن إبراهيم، عن يعقوب بن إبراهيم بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في الجامع الكبير 1/38، وزاد نسبته الى أبي يعلى، والبيهقي في الشعب، والضياء في المختارة. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 2/281 وقال: رواه أبو يعلي، ورجاله موثقون، ورواه الطبراني في الأوسط بنحوه وما عزاه الهيثمي للبزار.

''جب کوئی شخص کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے تو وہ یہ دعا مانگے''۔

''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کے مطابق بھلائی طلب کرتا ہوں اور میں تیری قدرت کے مطابق تجھ سے طاقت طلب کرتا ہوں میں تیرے عظیم فضل کی دعا کرتا ہوں۔ بے شک تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ معاملہ ایسے ایسے ہے۔ یہاں آدمی اس کام کا نام لے جو وہ کرنا چاہتا ہے اگر یہ میرے لئے میرے دین میری زندگی اور آخرت کے اعتبار سے بہتر ہے تو اسے میرے لئے مقدر کردے اور اسے میرے لئے آسان کردے اور میری مدد کر اور اگر یہ معاملہ یہاں آدمی کام کا نام لے میری زندگی اور میرے دین میرے حق میں برا ہے تو مجھے اس سے پھیر دے اور مجھے بھلائی کی قدرت عطا کر وہ جہاں کہیں بھی ہو تیری مدد کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوسکتا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

886 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ طِلْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُفَضَّلِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَمْرًا فَلْيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا خَيْرًا لِيْ فِيْ دِيْنِيْ، وَخَيْرًا لِيْ فِيْ مَعِيْشَتِيْ، وَخَيْرًا لِيْ فِيْ عَاقِبَةِ اَمْرِيْ، فَاقْدُرْهُ لِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَاِنْ كَانَ غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِيْ، فَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كَانَ، وَرَضِّنِيْ بِقَدَرِكَ. (1: 104)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو الْمُفَضَّلِ اِسْمُهُ: شِبْلُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مُسْتَقِيْمُ الْاَمْرِ فِي الْحَدِيْثِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو اسے یہ پڑھنا چاہیے:

''اے اللہ! میں تیرے علم کے مطابق تجھ سے علم طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے مطابق تجھ سے مدد مانگتا ہوں تیرے عظیم فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ بے شک تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ معاملہ میرے دین کے حق میں میرے لئے بہتر ہے۔ زندگی کے حق میں میرے لئے بہتر ہے۔ آخرت کے حق میں میرے لئے بہتر ہے تو اسے میرے لئے مقدر کر دے میرے لئے اس میں برکت پیدا کردے اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور معاملہ میرے لئے بہتر ہے تو بہتر والے

معاملے کو میرے لئے مقدر کردے وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اپنے فیصلے سے راضی کردے''۔

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: ابو مفضل بیان کرتے ہیں: مفضل نامی راوی کا نام شبل بن علا بن حاکم ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمفضل کا نام شبل بن العلاء بن عبدالرحمٰن ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِدُعَاءِ الْاِسْتِخَارَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَمْرًا اِنَّمَا اُمِرَ بِذٰلِكَ بَعْدَ رُكُوعِ رَكْعَتَيْنِ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو اسے استخارہ کی شکل میں جس دعا کا حکم دیا گیا ہے اس کا حکم دو رکعات ادا کرنے کے بعد ہے' جو فرض نماز کے علاوہ ہو

887 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِى الْمَوَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُوْلُ: اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ، ثُمَّ لِيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْاَمْرَ يُسَمِّيهِ بِعَيْنِهِ خَيْرًا لِىْ فِىْ دِيْنِىْ، وَمَعَاشِىْ، وَعَاقِبَةِ اَمْرِىْ، فَقَدِّرْهُ لِىْ وَيَسِّرْهُ لِىْ وَبَارِكْ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ شَرًّا لِّىْ فِىْ دِيْنِىْ وَمَعَادِىْ وَمَعَاشِىْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِىْ فَاصْرِفْهُ عَنِّىْ وَاصْرِفْنِىْ عَنْهُ وَقَدِّرْ لِىَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِىْ بِهٖ. (1 104)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی تعلیم دیتے تھے آپ یہ فرماتے تھے۔

''جب بھی کوئی شخص کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرے تو پہلے دو رکعات نفل ادا کرے پھر وہ یہ دعا مانگے''۔

''اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے بھلائی طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے صلاحیت

887- إسناده صحيح، وأخرجه البخارى (1162) فى التهجد: باب ما جاء فى التطوع مثنى مثنى، والترمذى (480) فى الصلاة: باب ما جاء فى صلاة الاستخارة، والنسائى 6/80 فى النكاح: باب كيف الاستخارة، وفى عمل اليوم والليلة (498)، عن قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/344، والبخارى (6382) فى الدعوات: باب الدعاء عند الاستخارة، و (7390) فى التوحيد: باب (قل هو القادر) وفى الأدب المفرد (293) وأبو داؤد (1538) فى الصلاة، وابن ماجة (1383) فى الاقامة: باب ما جاء فى صلاة الاستخارة، والبيهقي فى السنن 3/52، وفى الأسماء والصفات عن 124، 125، من طُرُق عن عبد الرحمن.

معاملے کو میرے لئے مقدر کردے وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اپنے فیصلے سے راضی کردے''۔

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: ابومفضل بیان کرتے ہیں: مفضل نامی راوی کا نام شبل بن علا بن حاکم ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمفضل کا نام شبل بن العلاء بن عبدالرحمٰن ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِدُعَاءِ الْاِسْتِخَارَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَمْرًا اِنَّمَا اُمِرَ بِذٰلِكَ بَعْدَ رُكُوعِ رَكْعَتَيْنِ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو اسے استخارہ کی شکل میں جس دعا کا حکم دیا گیا ہے اس کا حکم دو رکعات ادا کرنے کے بعد ہے' جو فرض نماز کے علاوہ ہو

887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْمَوَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُولُ: اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ، ثُمَّ لِيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْاَمْرَ يُسَمِّيهِ بِعَيْنِهِ خَيْرًا لِي فِي دِينِي، وَمَعَاشِي، وَعَاقِبَةِ اَمْرِي، فَقَدِّرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي وَبَارِكْ فِيهِ وَاِنْ كَانَ شَرًّا لِي فِي دِينِي وَمَعَادِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ اَمْرِي فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ وَقَدِّرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِي بِهِ. (1: 104)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی تعلیم دیتے تھے آپ یہ فرماتے تھے۔

''جب بھی کوئی شخص کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرے' تو پہلے دو رکعات نفل ادا کرے پھر وہ یہ دعا مانگے''۔

''اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے بھلائی طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے صلاحیت

887- إسناده صحيح، وأخرجه البخاري (1162) في التهجد: باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى، والترمذي (480) في الصلاة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والنسائي 6/80 في النكاح: باب كيف الاستخارة، وفي عمل اليوم والليلة (498)، عن قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/344، والبخاري (6382) في الدعوات: باب الدعاء عند الاستخارة، و (7390) في التوحيد: باب (قل هو القادر) وفي الأدب المفرد (293) وأبو داؤد (1538) في الصلاة، وابن ماجة (1383) في الاقامة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والبيهقي في السنن 3/52، وفي الأسماء والصفات عن 124، 125، من طُرُق عن عبد الرحمٰن.

طلب کرتا ہوں تیرے عظیم فضل کا تجھ سے سوال طلب کرتا ہوں' تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا' تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا' تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے' تو یہ کام' یہاں وہ اس کام کا نام لے میرے دین میری زندگی اور میرے حق میں آخرت کے حوالے سے بہتر ہے۔ تو اسے میرے لئے مقدر کر دے۔ اسے میرے لئے آسان کر دے اس میں برکت رکھ دے اور اگر یہ میرے دین میری آخرت میری زندگی اور میری عاقبت کے حوالے سے میرے حق میں برا ہے' تو پھر اسے مجھ سے پھیر دے اور میرے لئے بھلائی کو مقدر کر دے خواہ وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اس سے راضی کر دے''۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ إِذَا رَآى الْهِلَالَ اَوَّلَ مَا يَرَاهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی پہلی کا چاند پہلی مرتبہ دیکھے تو وہ کیا پڑھے؟

888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، وَعَنْ عَمِّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَاَى الْهِلَالَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، وَالتَّوْفِيقِ لِمَا نُحِبُّ وَتَرْضَى، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ. (5: 12)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب پہلی کا چاند دیکھتے تھے' تو یہ دعا کرتے تھے۔

''اے اللہ! تو اسے ہم پر امن وامان' سلامتی اور اسلام کے ہمراہ طلوع کر دے اور اس چیز کے ہمراہ جسے تو پسند کرتا ہو' جس سے' تو راضی ہو (اے چاند!) ہمارا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْإِكْثَارِ فِي السُّؤَالِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا فِي دُعَائِهِ، وَتَرْكِ الْإِقْتِصَارِ عَلَى الْقَلِيْلِ مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی دعا کے دوران اپنے پروردگار سے مانگتے ہوئے کثرت کا سوال کرے اور اس سے تھوڑی چیز مانگنے پر اکتفاء کرنے کو ترک کرے

889 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ

888- حديث صحيح لغيره، عبد الرحمٰن بن عثمان: قال الذهبي: مقل، ضعفه أبو حاتم الرازي، وأما ابن حبان، فذكره في الثقات، وأبوه عثمان بن إبراهيم روى عنه غير واحد، ووثقه المؤلف، وقَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: شيخ يكتب حديثه، روى عنه ابنه أحاديث منكرة، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الدارمي 2/3، 4 في الصوم، والطبراني (1330) عن طريق سعيد بن سليمان الواسطي بهذا الإسناد، وسقط من سند الطبراني المطبوع عبد الرحمٰن بن عثمان. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/139، وقال: رواه الطبراني، وفيه عثمان بن إبراهيم الحاطبي، وفيه ضعف، وبقية رجاله ثقات.

الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا سَأَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيُكْثِرْ، فَإِنَّهُ يَسْأَلُ رَبَّهُ. (1: 2)

سیدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''جب کوئی شخص کچھ مانگے تو کثرت سے مانگے کیوں کہ وہ اپنے پروردگار سے سوال کر رہا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ رَبَّهُ فِي الْاَحْوَالِ مِنَ الْعِبَادَةِ الَّتِي يَتَقَرَّبُ بِهَا اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا مختلف اوقات میں اپنے پروردگار سے دعا مانگنا اس عبادت کا حصہ ہے، جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کیا جاتا ہے

890 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ يُسَيْعٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ، ثُمَّ قَرَاَ هٰذِهِ الْآيَةَ: (ادْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ، اِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ). (غافر: 60). (1: 2)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''دعا ہی عبادت ہے'' پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''تم لوگ مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا کو قبول کروں گا۔ بے شک جو لوگ میری عبادت سے تکبر اختیار کرتے ہیں۔

889- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو أحمد الزبيري، اسمه: محمد بن عبد الله بن الزبير بن عمر الأسدي، وقد تابعه عليه عبد الله بن موسى -وهو من رجال الشيخين- عبد عبد بن حميد في المنتخب من المسند ورقة 193/1، بلفظ: إذا تمنى أحدكم فليستكثر، فإنما يسأل ربه عز وجل وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/150 وقال: رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله رجال الصحيح وانظر حديث أبي هريرة الآتي برقم (896).

890- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير يسيع ويقال: أسيع بن معدان الحضرمي، وهو ثقة، وأبو خيثمة. هو زهير بن حرب، وجرير هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وذر هو: ابن عبد الله المُرهبي. وأخرجه أحمد 4/267، والترمذي (3247) في التفسير: باب ومن سورة غافر، والحاكم 1/490، 491، وصححه ووافقه الذهبي، والبغوي في شرح السنة (1384) من طريق سفيان عن منصور، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه الطيالسي (801)، وأبو داوُد (1479) في الصلاة: باب الدعاء، والبخاري في الأدب المفرد (714)، من طريق شعبة، عن منصور، به، وصححه الحاكم 1/491، ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/200، وأحمد 4/267 و 271 و 276، والترمذي (3372) في الدعوات: باب ما جاء في فضل الدعاء، وابن ماجة (3828) في الدعاء: باب فضل الدعاء، والطبري في التفسير 24/78، والنسائي في الكبرى 9/30 كما في التحفة، وأبو نعيم في حلية الأولياء 8/120، من طرق عن الأعمش، عن ذر، به.

وہ عنقریب رسوا ہوکر جہنم میں داخل ہوں گے''۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ اِذَا دَعَا الْمَرْءُ بِهٖ رَبَّهٗ جَلَّ وَعَلَا اَجَابَهٗ

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی اس کے ہمراہ اپنے پروردگار سے دعا مانگتا ہے تو پروردگار اس کی دعا کو قبول کرتا ہے

891 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَّحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنَّكَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ، الْاَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلْتَ اللّٰهَ بِالِاسْمِ الَّذِيْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطَى، وَاِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ . (1: 2)

۞۞ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا:

اے اللہ! ''میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بے شک میں تجھے اس بات کا گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو ایک ہے' صمد ہے' جس نے کسی کو جنم نہیں دیا اور نہ ہی اسے (کسی سے) جنم دیا گیا اور جس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اس اسم کے ذریعے دعا مانگ لی ہے' جب اس کے وسیلے سے مانگا جائے' تو اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور دعا کی جائے' تو اللہ تعالیٰ دعا قبول کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ بِمَا وَصَفْنَا اِنَّمَا هُوَ دُعَاؤُهٗ بِاسْمِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ لَا يَخِيبُ مَنْ سَاَلَ رَبَّهٗ بِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے دعا کی جو صفت بیان کی ہے آدمی جب اس کے ذریعے دعا مانگتا ہے' تو یہ اسم اعظم کے ذریعہ دعا ہوتی ہے' جو شخص اس اسم اعظم کے ہمراہ اپنے پروردگار سے

891- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال البخارى، وأخرجه أبو داوُد (1493) فى الصلاة: باب الدعاء، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 5/350 عن يحيى القطان، به وأخرجه ابن أبى شيبة 10/271، وابن ماجة (3857) فى الدعاء . باب اسم الله الأعظم من طريق وكيع، والبغوى (1260) من طريق الحجاج بن نصير، كلاهما عن مالك بن مغول، به .وأخرجه مطولاً أحمد 5/349 من طريق عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، به .وأخرجه مطولاً البغوى فى شرح السنة (1259) من طريق عثمان بن عمر، عن عمرو بن مرزوق، عن مالك بن مغول، به . وصححه الحاكم 1/504، وأقره الذهبى . وسيرد بعده مطولاً من طريق زيد بن الحباب، عن مالك بن مغول، به.

کچھ مانگے، تو وہ رسوا نہیں ہوتا

892 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السِّكِّينِ الْبَلَدِيُّ بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا رَجُلٌ يُصَلِّي يَدْعُو، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِاَنِّي اُشْهِدُكَ اَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ، الَّذِي اِذَا سُئِلَ بِهِ اَعْطَى، وَاِذَا دُعِيَ بِهِ اَجَابَ، وَاِذَا رَجُلٌ يَقْرَاُ فِي جَانِبِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ اُعْطِيَ مِزْمَاراً مِنْ مَزَامِيرِ اٰلِ دَاوُدَ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بن قَيْسٍ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُخْبِرُهُ؟ فَقَالَ: اَخْبِرْهُ، فَاَخْبَرْتُ اَبَا مُوْسَى فَقَالَ: لَنْ تَزَالَ لِي صَدِيقاً. (2:1)

قَالَ زَيْدُ بن الحباب: فَحَدَّثت بِهِ زُهَير بن مُعَاوِيَة فَقَالَ: سَمِعتُ اَبَا اِسْحَاق السَّبِيْعِي يُحَدِّث بِهٰذَا الحَدِيْث عَنْ مَالِك بن مِغْوَل.

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ مسجد میں داخل ہوئے وہاں ایک شخص نماز ادا کر رہا تھا اور دعا مانگ رہا تھا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

''اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں اور میں تجھے گواہ بنا کے یہ کہتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، تو ایک ہے اور صمد ہے، جس نے کسی کو نہیں جنم دیا اور نہ ہی اسے جنم دیا گیا نہ ہی کوئی اس کا ہم سر ہے''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ کے اس اسم کے ذریعے مانگا ہے کہ جب اس کے وسیلے سے مانگا جائے، تو وہ عطا کرتا ہے، جب اس کے وسیلے سے دعا مانگی جائے، تو وہ دعا کو قبول کرتا ہے۔

پھر ایک شخص مسجد کے پہلو میں قرأت کر رہا تھا نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کو حضرت داؤد علیہ السلام کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے۔ یہ عبداللہ بن قیس (یعنی ابوموسیٰ اشعری) ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا میں اسے بتا دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے بتا دو میں نے حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی، تو انہوں نے فرمایا تم ہمیشہ میرے دوست رہو گے۔

892- إسناده صحيح، وهو مطول ما قبله، وأخرجه الترمذي مختصراً (3475) في الدعوات: باب جامع الدعوات عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جعفر بن محمد

زید بن حباب نامی راوی کہتے ہیں۔ میں نے یہ روایت زہیر بن معاویہ کو سنائی' تو انہوں نے کہا: میں نے ابواسحاق سبیعی کو یہ حدیث مالک بن مغول کے حوالے سے روایت کرتے ہوئے سنا ہے:

ذِكْرُ اسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيمِ الَّذِيْ إِذَا سَأَلَ الْمَرْءُ رَبَّهُ أَعْطَاهُ مَا سَأَلَ

اللہ تعالیٰ کے اس عظیم اسم کا تذکرہ کہ جب آدمی (اس کے وسیلے سے) اپنے پروردگار سے مانگتا ہے' تو پروردگار اسے وہ چیز عطا کر دیتا ہے' جو اس نے مانگی ہو

893 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ ابْنُ أَخِي أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي الْحَلْقَةِ، وَرَجُلٌ قَائِمٌ يُصَلِّي، فَلَمَّا رَكَعَ سَجَدَ وَتَشَهَّدَ، دَعَا، فَقَالَ فِيْ دُعَائِهِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ، بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا حَيُّ يَا قَيَّامُ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَدْرُوْنَ بِمَا دَعَا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ دَعَا بِاسْمِهِ الْعَظِيمِ الَّذِيْ إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطٰى. (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: حَفْصٌ هٰذَا: هُوَ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ أَخُو إِسْحَاقَ بْنِ أَخِي أَنَسٍ لِأُمِّهِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک حلقے میں بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص نماز ادا کر رہا تھا جب وہ رکوع میں گیا۔ اس نے سجدہ کیا اور تشہد پڑھ لیا' تو پھر اس نے دعا مانگتے ہوئے یہ کہا۔

''اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بے شک حمد تیرے لئے مخصوص ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو حنان اور منان ہے۔ (بڑا مہربان اور احسان کرنے والا ہے) آسمان اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے جلال اور اکرام والے' زندہ اور ہر چیز کے قائم رکھنے والے اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ یہ شخص کسی کے وسیلے سے دعا مانگ رہا ہے۔ لوگوں نے کہا:

893- خلف بن خليفة: هو ابن صاعد الأشجعي الكوفي: صدوق إلا أنه اختلط بأخرة، لكنه قد توبع عليه، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه النسائي 3/52 في السهو: باب الدعاء بعد الذكر، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/158 و245، وأبو داؤد (1495) في الصلاة: باب الدعاء، والبخاري في الأدب المفرد (705)، والبغوي في شرح السنة (1258) من طرق عن خلف ابن خليفة، به، وصححه الحاكم 1/503-504 ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/272، وأحمد 3/120، وابن ماجة (3858) في الدعاء: باب اسم الله الأعظم.

اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اس نے اس عظیم اسم کے واسطے سے دعا مانگی ہے کہ جب اس کے واسطے سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ دعا کو قبول کرتا ہے اور جب اس کے واسطے سے کوئی چیز مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حفص نامی راوی حفص بن عبداللہ بن ابوطلحہ ہے جو اسحاق کا بھائی ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے والدہ کی طرف سے شریک بھائی کا بیٹا ہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ تَفْوِيضِ الْمَرْءِ لِلْاُمُوْرِ كُلِّهَا اِلٰى بَارِئِهٖ مَعَ سُؤَالِهٖ اِيَّاهُ الدِّقَّ وَالْجِلَّ مِنْ اَسْبَابِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ یہ بات مستحب ہے آدمی اپنے تمام اُمور کو اپنے پروردگار کو تفویض کر دے اور اس کے ہمراہ اپنے اسباب میں سے ہر چھوٹی بڑی چیز اسی سے مانگے

894 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا، حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ. (1: 2)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر شخص کو اپنی تمام حاجات اپنے پروردگار سے مانگنی چاہئے یہاں تک کہ جب اس کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے''۔

895 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، قَالَ: (حَدَّثَنَا) قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا، حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ. (1: 2)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے ہر ایک کو اپنی حاجات اپنے پروردگار سے مانگنی چاہئے یہاں تک کہ جب اس کے جوتے کا (تسمہ) ٹوٹ جائے تو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے

896 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِيْ مَالِكٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ

هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلْيُعْظِمِ الرَّغْبَةَ، فَاِنَّهُ لَا يَتَعَاظَمُ عَلَى اللّٰهِ شَيْءٌ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص دعا مانگتا ہے اس میں رغبت کو زیادہ کرے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز بھی بڑی (یعنی شکل) نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ بِاَوْثَقِ عَمَلِهٖ قَدْ يُرْجَى لَهُ اِجَابَةُ ذٰلِكَ الدُّعَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جواس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا اپنے سب سے زیادہ قابل وثوق عمل کے وسیلے سے دعا مانگنے میں اس بات کی امید کی جاسکتی ہے کہ وہ دعا مستجاب ہوگئی

897 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: خَرَجَ ثَلَاثَةٌ يَتَمَاشَوْنَ، فَاَصَابَهُمْ مَطَرٌ، فَدَخَلُوْا كَهْفَ جَبَلٍ، فَانْحَطَّ عَلَيْهِمْ حَجَرٌ فَسَدَّ عَلَيْهِمُ الطَّرِيقَ، فَقَالُوْا: ادْعُوا اللّٰهَ بِاَوْثَقِ اَعْمَالِكُمْ.

فَقَالَ وَاحِدٌ مِنْهُمْ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ، وَاَنِّيْ رُحْتُ يَوْمًا فَحَلَبْتُ لَهُمَا، فَاَتَيْتُهُمَا وَهُمَا نَائِمَانِ، فَكَرِهْتُ اَنْ اُوقِظَهُمَا، وَكَرِهْتُ اَنْ اَسْقِيَ وَلَدِي، وَصِبْيَتِيْ عِنْدَ رِجْلَيَّ يَتَضَاغَوْنَ، فَقُمْتُ قَائِمًا حَتّٰى انْفَجَرَ الصُّبْحُ فَسَقَيْتُهُمَا اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا وَاَرِنَا السَّمَاءَ قَالَ: فَانْفَرَجَ فُرْجَةٌ فَرَاَوَا السَّمَاءَ.

896- هو مكرر الحديث (866)، فانظر تخريجه هناك. (2) هو مكرر ما قبله. (3) إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 2/457، 458 من طريق شعبة، ومسلم (2679) في الذكر: باب العزم بالدعاء، والبغوي في شرح السنة (1303)، من طريق إسماعيل بن جعفر، والبخاري في الأدب المفرد (607)

897- إسناده صحيح، وأخرجه البخاري (2215) في البيوع: باب إذا اشترى شيئاً لغيره بغير إذنه فرضي، عن يعقوب بن إبراهيم، ومسلم (2743) في الذكر: باب قصة أصحاب الغار الثلاثة، عن إسحاق بن منصور وعبد بن حميد، ثلاثتهم عن أبي عاصم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2333) في الحرث والزراعة: باب إذا زرع بمال قوم بغير إذنهم، عن إبراهيم بن المنذر، ومسلم (274) في الذكر والدعاء، عن محمد ابن إسحاق المسيبي، كلاهما عن أبي ضمرة أنس بن عياض، عن موسى بن عقبة به. وأخرجه البخاري (3465) في أحاديث الأنبياء: باب حديث الغار و (5974) في الأدب: باب إجابة دعاء من بَرَّ والديه، والبغوي في شرح السنة (3420)، من طريقين عن نافع، به. وأخرجه أحمد 2/116، والبخاري (2272) في الإجارة: باب من استأجر أجيراً فترك أجره، ومسلم (2743) في الذكر والدعاء، من طريقين عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عمر، به. وفي الباب عن أبي هريرة سيرد برقم (971).

وَقَالَ الْآخَرُ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ وَكُنْتُ اُحِبُّهَا كَاَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ وَاَنِّيْ سَاَلْتُهَا نَفْسَهَا فَقَالَتْ لَا حَتّٰى تَاْتِيَنِيْ بِمِئَةِ دِيْنَارٍ فَسَعَيْتُ فِيْهَا حَتّٰى جَمَعْتُهَا فَاَتَيْتُهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَا تَفُضَّ الْخَاتَمَ اِلَّا بِحَقِّهٖ فَتَرَكْتُهَا اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا وَاَرِنَا السَّمَاءَ قَالَ: فَزَالَتْ قِطْعَةٌ مِنَ الْحَجَرِ وَرَاَوَا السَّمَاءَ.

وَقَالَ الْآخَرُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اسْتَعْمَلْتُ اَجِيْرًا بِفَرَقٍ مِنَ الْاَرُزِّ فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ اَعْطَيْتُهٗ فَلَمْ يَاْخُذْ اَجْرَهٗ وَتَسَخَّطَهٗ فَاَخَذْتُ الْفَرَقَ فَزَرَعْتُهٗ حَتّٰى صَارَ مِنْ ذٰلِكَ بَقَرًا وَّغَنَمًا فَاَتَانِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ قَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَا تَظْلِمْنِيْ اَجْرِيَ فَقُلْتُ خُذْ هٰذِهِ الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ، وَلَا تَهْزَاْ بِيْ قُلْتُ مَا اَهْزَاُ بِكَ فَهُوَ لَكَ وَلَوْ شِئْتُ لَمْ اُعْطِهٖ اِلَّا الْفَرَقَ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا فَزَالَ الْحَجَرُ وَخَرَجُوْا. (3: 6)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین آدمی چلتے ہوئے جا رہے تھے انہیں بارش نے آلیا وہ لوگ ایک پہاڑ کی غار میں داخل ہو گئے۔ ایک پتھر ان پر آ کر گرا اور اس نے راستے کو بند کر دیا، تو ان لوگوں نے کہا: تم لوگ اللہ تعالیٰ سے اپنے سب سے زیادہ پسندیدہ عمل کے وسیلے سے دعا مانگو''۔

ان میں سے ایک شخص نے کہا: اے اللہ! تو یہ بات جانتا ہے کہ میرے ماں باپ بوڑھے اور عمر رسیدہ تھے۔ ایک دن میں شام کے وقت گھر آیا۔ میں نے ان دونوں کے لئے دودھ دوہ لیا جب میں ان کے پاس آیا، تو وہ دونوں سو چکے تھے۔ مجھے انہیں بیدار کرنا اچھا نہیں لگا اور مجھے یہ بات بھی اچھی نہیں لگی کہ میں اپنے (ماں باپ سے پہلے) اپنے بچوں کو دودھ پلا دوں۔ میرے بچے میرے پاؤں میں بلبلاتے رہے، لیکن میں کھڑا رہا، یہاں تک کہ صبح ہوئی وہ (بیدار ہوئے)، تو میں نے ان دونوں کو پلایا۔ اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے کہ میں نے تیری رحمت کی امید میں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے یہ عمل کیا تھا، تو کشادگی نصیب کر اور ہمیں آسمان دکھا دے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تھوڑی سی کشادگی ہوگئی اور انہیں آسمان نظر آنے لگا۔ دوسرے شخص نے کہا: اے اللہ! تو یہ بات جانتا ہے میری ایک چچازاد تھی جس سے میں شدید ترین محبت کرتا تھا جتنی محبت مرد عورتوں سے کرتے ہیں میں نے ایک مرتبہ اس کے قرب کا مطالبہ کیا، تو اس نے کہا: جی نہیں جب تک تم مجھے ایک سو دینار ادا نہیں کرو گے میں تمہارے (قریب نہیں آؤں گی) میں نے اس کے لئے کوشش کی اور وہ رقم اکٹھی کر کے اس کے پاس آیا جب میں اس کی ٹانگوں کے درمیان بیٹھ گیا، تو اس نے کہا: اے اللہ کے بندے، تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ناحق طور پر مہر کو نہ توڑو، تو میں نے اس عورت کو چھوڑ دیا۔ اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے کہ میں نے تیری رحمت کی امید رکھتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے یہ عمل کیا تھا، تو میں کشادگی نصیب کر اور ہمیں آسمان دکھا دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، تو پتھر کا ایک ٹکڑا ہٹ گیا اور انہوں نے آسمان کو دیکھ لیا۔

تیسرے شخص نے یہ کہا: اے اللہ! میں نے چاولوں کی مخصوص مقدار کے عوض میں ایک شخص کو ملازم رکھا جب رات کا وقت ہوا،

تو میں نے اس کا معاوضہ ادا کیا' لیکن اس نے اپنا معاوضہ نہ لیا وہ اس سے ناراض ہو گیا۔ میں نے چاولوں کے پیمانے کو لیا اور میں نے اس کے ساتھ کھیتی باڑی شروع کی' یہاں تک کہ وہ گائے اور بکریوں میں تبدیل ہو گئے۔ کچھ عرصے کے بعد وہ شخص میرے پاس آیا اور بولا: اے اللہ کے بندے! تم اللہ سے ڈرو اور میرے معاوضے میں زیادتی نہ کرو' تو میں نے اس سے کہا یہ گائے اور ان کے چرواہے کو لے لو' تو اس نے کہا: تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرے ساتھ مذاق نہ کرو۔ میں نے کہا: میں تمہارے ساتھ مذاق نہیں کر رہا۔ یہ تمہارے ہیں اگر میں چاہتا' تو اسے صرف چاولوں کا ایک پیمانہ دے سکتا تھا۔ اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے کہ میں نے تیری رحمت کی امید رکھتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے ایسا کیا تھا' تو ہمیں کشادگی نصیب کر' تو وہ پتھر وہاں سے ہٹ گیا اور وہ لوگ باہر آ گئے۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ اَنْ لَا يُضِلَّهُ بَعْدَ اِذْ مَنَّ عَلَيْهِ بِالْاِسْلَامِ لَهُ وَالتَّوَكُّلِ عَلَيْهِ

اس بات کا تذکرہ کہ بندے کو اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنی چاہئے کہ جب اس نے اسلام کے ذریعے بندے پر احسان کر دیا ہے' تو پھر اسے گمراہ نہ کرے اور بندہ اس پر توکل کرے

898 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْحُسَيْنِ يَعْنِي الْمُعَلِّمَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، اَعُوْذُ بِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِي، اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِي لَا يَمُوتُ، وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ يَمُوتُونَ. (5: 12)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں نے تیرے لئے اسلام قبول کیا میں تجھ پر ایمان لایا میں نے تجھ پر توکل کیا میں نے تیری طرف رجوع کیا میں تیری مدد سے جھگڑا کرتا ہوں۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تو مجھے گمراہ کر دے' تو زندہ ہے' جسے موت نہیں آئے گی جب کہ تمام جنات اور انسان مر جائیں گے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الدُّعَاءِ قَبْلَ هِدَايَةِ اللّٰهِ اِيَّاهُ لِلْاِسْلَامِ وَبَعْدَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب اللہ تعالیٰ نے بندے کو اسلام کی ہدایت نہ دی ہو اس سے پہلے اور اس کے بعد کون سی دعا مانگنا آدمی کے لئے ضروری ہے؟

899 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْعَابِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ

الْعِجْلِيُّ، قَالَ. حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ خَيْرٌ لِقَوْمِهِ مِنْكَ، كَانَ يُطْعِمُهُمُ الْكَبِدَ وَالسَّنَامَ، وَاَنْتَ تَنْحَرُهُمْ، فَقَالَ لَهُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَنْصَرِفَ، قَالَ: مَا اَقُوْلُ؟، قَالَ: قُلِ: اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِي، وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى اَرْشَدِ اَمْرِي فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ وَلَمْ يَكُنْ اَسْلَمَ وَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ اَتَيْتُكَ فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي، فَقُلْتَ: اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِي، وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى اَرْشَدِ اَمْرِي، فَمَا اَقُوْلُ الْاٰنَ حِيْنَ اَسْلَمْتُ؟، قَالَ: قُلِ: اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِي، وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى اَرْشَدِ اَمْرِي، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا اَسْرَرْتُ، وَمَا اَعْلَنْتُ، وَمَا اَخْطَاْتُ، وَمَا عَمَدْتُ، وَمَا جَهِلْتُ. (1: 104)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے مقابلے میں جناب عبدالمطلب قوم کے حق میں زیادہ بہتر تھے۔ وہ انہیں کھانے کے لئے (اونٹوں کے) جگر اور کوہان دیا کرتے تھے جبکہ آپ انہیں ذبح کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ اور بھی جو اللہ کو منظور تھا وہ اس نے کہا: جب وہ واپس جانے لگا' تو اس نے دریافت کیا: میں کیا پڑھا کروں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ پڑھا کرو۔

''اے اللہ! تو مجھے میری ذات کے شر سے بچالے اور مجھے سب سے زیادہ ہدایت یافتہ معاملے پر پختہ کردے''۔

پھر وہ شخص چلا گیا۔ اس نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ (کچھ عرصے بعد وہ پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا) اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! میں آپ کے پاس آیا تھا۔ میں نے یہ عرض کی تھی کہ آپ مجھے ایسی چیز کی تعلیم دیجئے' تو آپ نے یہ کہا تھا۔

''اے اللہ! تو مجھے میری ذات کے شر سے بچالے اور مجھے سب سے زیادہ ہدایت والے معاملے پر پختہ کردے''۔

اب جب میں نے اسلام قبول کرلیا' تو پھر میں کیا کہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو۔

''اے اللہ! تو مجھے میری ذات کے شر سے بچالے اور مجھے سب سے زیادہ ہدایت والے معاملے پر پختہ کردے' اے اللہ! جو کچھ میں نے پوشیدہ طور پر کیا یا اعلانیہ طور پر کیا' جو کچھ میں نے غلطی سے کیا' جو کچھ جان بوجھ کے کیا اور جو کچھ بھی لاعلمی سے کیا، ان سب کی مغفرت کردے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ سُؤَالَ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا الزِّيَادَةَ لَهُ فِي الْهُدٰى وَالتَّقْوٰى

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس

899- إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 1/302 عن عبد الصمد بن عبد الوارث، بهذا الإسناد وأخرجه البخاري (7383) في التوحيد باب قول الله تعالى: (وهو العزيز الحكيم)، مختصراً، ومسلم (2717) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل. عن حجاج بن الشاعر، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 5/269 عن عثمان بن عبد الله.

کی ہدایت اور پرہیز گاری میں اضافہ کرے

900 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْهُدَى، وَالتُّقَى، وَالْعَفَافَ، وَالْغِنَى . (5: 12)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت پرہیز گاری پاک دامنی اور خوش حالی کی دعا مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلا الْهِدَايَةَ لِاَرْشَدِ اُمُوْرِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے معاملات میں سب سے بہتر کی طرف رہنمائی کی دعا مانگے

901 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ، وامْرَاَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ، اَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ (ذَنْبِی) وَخَطَايَایَ وَعَمْدِیْ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اِنِّیْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَهْدِيكَ لِاَرْشَدِ اُمُوْرِیْ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ. (5: 12)

حضرت عثمان بن ابوالعاص اور قریش سے تعلق رکھنے والی خاتون نے یہ بات بیان کی ہے ان دونوں نے

900- إسناده صحيح، وهو في المستدرك 1/510 من طريق أحمد بن حازم، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد. وصححه، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 4/444 عن حسين، عن شيبان، والطحاوي في مشكل الآثار 3/272-213 من طريق زكريا بن أبي زائدة، كلاهما عن منصور، به. وأخرجه الترمذي (3483) في الدعوات، والطبراني 18/174، والبخاري في التاريخ 3/1 من طرق عن أبي معاوية، عن شبيب بن شيبة، عن الحسن البصري، عن عمران بن حصين، بنحوه. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب. وانظر الطبراني 18/103 و 115 و 185-186 و 238. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/172، وقال: رواه أحمد، والبزار، والطبراني بنحوه.

901- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 1/411، و 416 و 437، ومسلم (2721) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل ومن شر ما لم يعمل، والترمذي (3489) في الدعوات، والبخاري في الأدب المفرد (، 67)، من طرق عن شعبة، بهذ الإسناد. وأخرجه مسلم (2721)، وابن ماجة (3832) في الدعاء: باب دعاء رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. إسناده صحيح، وحماد بن سلمة سمع من سعيد الجريري قبل أن يختلط، وأخرجه أحمد 4/21 و217، والطبراني في الكبير (8369) من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/177، وقال: رواه أحمد، والطبراني ... ورجالهما رجال الصحيح.

نبی اکرم ﷺ کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! تو میرے ذنب' میری خطاؤں اور میری عمد کی مغفرت کردے''۔

جبکہ دوسرے راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! میں اپنے معاملات میں تجھ سے سب سے زیادہ ہدایت یافتہ رہنمائی طلب کرتا ہوں اور میں اپنی ذات کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا صَرْفَ قَلْبِهٖ اِلٰى طَاعَتِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے دل کو اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے

902 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِىُّ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّ قُلُوبَ ابْنِ اٰدَمَ مُلْقًى بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ كَقَلْبٍ وَّاحِدٍ يَصْرِفُهٗ كَيْفَ يَشَاءُ ثُمَّ يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اصْرِفْ قُلُوبَنَا اِلٰى طَاعَتِكَ. (5: 12)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک اولادِ آدم کے تمام قلوب رحمان کی دو انگلیوں کے درمیان ایک قلب کی مانند ہیں' وہ جسے چاہتا ہے اسے پلٹ دیتا ہے''۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا مانگی:

''اے اللہ! تو ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے''۔

902- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 2/168، ومسلم (2654) في القدر: باب تصريف الله تعالى القلوب كيف شاء، وأبو بكر الآجري في تنزيه الشريعة ص 316، والبيهقي في الأسماء والصفات ص 147، وابنُ أبِيْ عاصم في السنة 1/100 من طريق عن عبد الله بن يزيد المقرىء، به. وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة 6/351 من طريق ابن المبارك عن حيوة، به. وأخرجه أحمد 2/173 من طريق يحيى بن غيلان، عن رشدين، عن أبي هانىء الخولاني، به. وفي الباب عن النواس بن سمعان عند الآجري ص 317، والبيهقي ص 148، والحاكم 1/525 وصححه، ووافقه الذهبي، وعن أم سلمة وأنس وعائشة عند الآجري ص 317-318.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَلَاةَ الدَّاعِي رَبَّهُ عَلٰى صِفَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دُعَائِهٖ تَكُوْنُ لَهٗ صَدَقَةً عِنْدَ عَدَمِ الْقُدْرَةِ عَلَيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب اپنے پروردگار سے دعا مانگنے والا شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دعا مانگنے کے طریقے کے مطابق دعا مانگتا ہے' تو یہ چیز اس کے لئے صدقہ بن جاتی ہے' جبکہ اسے صدقہ کرنے کی قدرت حاصل نہ ہو

903 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا حَدَّثَهٗ، اَنَّ اَبَا الْهَيْثَمِ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَيُّمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ صَدَقَةٌ، فَلْيَقُلْ فِيْ دُعَائِهٖ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ، فَاِنَّهَا زَكَاةٌ وَقَالَ: لَا يَشْبَعُ الْمُؤْمِنُ خَيْرًا حَتّٰى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةُ. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس بھی مسلمان شخص کے پاس صدقہ کرنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو' تو وہ یہ دعا مانگے۔

''اے اللہ! تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں' ان پر درود نازل کر اور مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر درود نازل کر'

تو یہ چیز زکوٰۃ ہوگی''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مومن کبھی بھی بھلائی کے حوالے سے سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کا ٹھکانہ جنت ہوتی ہے''۔

حَطُّ الْخَطَايَا عَنِ الْمُصَلِّيْ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے والے شخص کے اس عمل کی وجہ سے اس کے گناہ ختم ہو جاتے ہیں

904 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ

بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، وَحَطَّ عَنْهُ عَشْرَ خَطِيئَاتٍ.(2:1)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل کرے گا اور اس کی دس خطاؤں کو ختم کردے''۔

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَبُوْ صَالِحٍ مَا حَدَّثَنَا عَنْهُ اَبُوْ يَعْلٰى اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے ہوئے یہ کہا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو میری اعانت کر، تو میرے خلاف اعانت نہ کرنا، تو میری مدد کر، تو میرے خلاف مدد نہ کر، تو میرے حق میں خفیہ تدبیر کر، تو میرے خلاف تدبیر نہ کر، تو مجھے ہدایت عطا کرے اور میرے لئے ہدایت کو آسان کر دے اور جو شخص میرے خلاف آتا ہے، تو اس کے خلاف میری مدد کر اے اللہ! مجھے اپنا بہت زیادہ شکر کرنے والا بہت زیادہ ذکر کرنے والا اپنا بہت زیادہ فرمانبردار، اپنی طرف رجوع کرنے والا اپنا مطیع وفرمانبردار بنا دے۔ اے میرے پروردگار! تو میری توبہ کو قبول کرلے اور میری خطاؤں کو دھو دے۔ میری حجت کو ثابت کر دے۔ میری زبان کو سیدھا رکھ اور میرے دل کی بیماریوں کو ختم کر دے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) محمد بن یحییٰ بن سعید ابو صالح کے حوالے سے امام ابو یعلیٰ نے صرف یہی حدیث ہمیں

سنائی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْعَافِيَةَ فِيْ اُمُوْرِهٖ كُلِّهَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے

وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے تمام امور میں عافیت کا سوال کرے

949 - سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ عَمَّارٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اَيُّوْبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبِيْ، يَقُوْلُ:

سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ اَرْطَاةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَافِيَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ.

وَاَخْبَرَنَاهُ الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بِاِسْنَادِهٖ وَقَالَ: عَاقِبَتَنَا بِالْقَافِ. (5: 12)

ﷺ حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! تمام امور میں ہماری عافیت کو اچھا کردے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچالے۔''

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔تاہم اس میں لفظ ''عافیت'' کی بجائے لفظ ''عاقبت'' منقول ہے' جو'' ق'' کے ساتھ ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْعَافِيَةَ، اِذْ هِيَ خَيْرُ مَا يُعْطَى الْمَرْءُ بَعْدَ التَّوْحِيدِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کیا جائے' کیونکہ توحید کے بعد انسان کو ملنے والی یہ سب سے بہترین چیز ہے

950 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ حَيْ

949- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله، وأخرجه أحمد 1/227. وأبو داؤد (1511)، والنسائي (607)، من طريق يح القطان، بهذا الإسناد.

950- أيوب بن ميسرة بن حلبس؛ روى عنه ابنه محمد وغيره، وذكره المؤلف في الثقات. وأخرجه أحمد 181 والطبراني (1196) عن الهيثم بن خارجة، عن محمد ابن أيوب، به. وأخرجه الطبراني (1197) من طريق هيثم بن خارجة، عن ع ابن علاق، عن يزيد بن عبيدة، عن مولى لآل بسر، عن بسر بن أرطاة، وزاد. وقال. من كان ذلك دعاءه مات قبل أن يصيبه الب وأخرجه الطبراني (1198) والحاكم في المستدرك 3/591 من طريق محمد بن المبارك الصوري. وذكره الهيثمي في مـ الزوائد 10/178، وقال رواه أحمد، والطبراني، ورجال أحمد، وأحد أسانيد الطبراني ثقات.

بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ الْحَارِثِ السَّهْمِيَّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْيَوْمَ عَامَ اَوَّلٍ يَقُوْلُ، ثُمَّ اسْتَعْبَرَ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَبَكٰى، ثُمَّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَنْ تُؤْتَوْا شَيْئًا بَعْدَ كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ مِثْلَ الْعَافِيَةِ، فَسَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ.

(104:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ کو اس منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں میں نے آج سے ایک سال پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آج کے دن یہ بات ارشادفرماتے ہوئے سنا تھا اس کے بعد حضرت ابوبکر رونے لگے۔

پھر انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشادفرماتے ہوئے سنا تھا۔

''کلمہ اخلاص کے بعد تمہیں عافیت جیسی اور کوئی چیز نہیں دی گئی تو تم لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگو''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَقْرِيْنِ الْعَفْوِ اِلَى الْعَافِيَةِ عِنْدَ سُؤَالِهِ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ سَاَلَهَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ عافیت کے ساتھ عفو کو بھی ساتھ ملالیا جائے' جب بندہ اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرے' پھر یہ حکم اس شخص کے لئے ہے' جو اس کا سوال کرتا ہے

951 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ جَهْضَمٍ مُوْسَى بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَسْاَلُ اللّٰهَ؟، قَالَ: سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا اَسْاَلُ اللّٰهَ؟ قَالَ: سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ. **(1: 104)**

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ تعالیٰ سے کیا چیز مانگوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو''

انہوں نے پھر دریافت کیا: میں اللہ تعالیٰ سے کیا مانگوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو۔

951–وأخرجه النسائي في و عمل اليوم والليلة (886) عن محمد بن رافع. وأخرجه النسائي (887) عن محمد بن رافع أيضاً بالإسناد المذكور. وأخرجه النسائي (888) عن محمد بن علي بن الحسين. وسيورده المؤلف مطولاً برقم (952) من طريق أوسط بن عامر البجلي، عن أبي بكر. ويخرج من طريقه هناك. وأخرجه الحاكم 1/529 عن طريق مسندد، عن عبد الواحد بن زياد، وصححه الحاكم على شرط البخاري ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/206 عن ابن فضيل، وأحمد 1/209، ومن طريقه الطيالسي 1/257، عن حسين بن علي، عن زائدة، والبخاري في الأدب المفرد (726) عن فروة، عن عبيدة، والترمذي (3514) في الدعوات، عن أحمد بن منيع.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْيَقِينَ بَعْدَ الْمُعَافَاةِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ بندہ اپنے پروردگار سے معافات کے بعد یقین کا بھی سوال کرے

952 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ اَوْسَطَ بْنِ عَامِرٍ الْبَجَلِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ يَخْطُبُ النَّاسَ وَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اَوَّلٍ فَخَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، سَلُوا اللّٰهَ الْمُعَافَاةَ، فَاِنَّهُ لَمْ يُعْطَ اَحَدٌ مِثْلَ الْيَقِينِ بَعْدَ الْمُعَافَاةِ، وَلَا اَشَدَّ مِنَ الرِّيبَةِ بَعْدَ الْكُفْرِ، وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّهُ يَهْدِي اِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَاِنَّهُ يَهْدِي اِلَى الْفُجُورِ وَهُمَا فِي النَّارِ. اَرَادَ بِهِ مُرْتَكِبَهُمَا لَا نَفْسَهُمَا. (1: 104)

اوسط بن عامر بجلی یہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد مدینہ منورہ آیا' تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے پایا۔ انہوں نے فرمایا: گزشتہ سال نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے تھے۔ (یہ بات انہوں نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی)

لیکن وہ ہر مرتبہ درمیان میں رونے لگ پڑتے تھے۔ پھر انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! تم اللہ تعالیٰ سے معافات مانگو کیونکہ کسی بھی شخص کو معافات کے بعد یقین جیسی (یہاں ہونا یہ چاہئے کہ یقین کے بعد معافات جیسی) کوئی چیز نہیں دی گئی اور کفر کے بعد شک سے زیادہ شدید اور کوئی چیز نہیں ہے اور تم پر سچائی کو اختیار کرنا لازم ہے۔

952- إسناده قوی، وأخرجه النسائی فی عمل اليوم والليلة (883) عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/8 عن عبد الرحمٰن بن مهدی، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدی (2)، والنسائی (881)، وأبو بكر المروزی فی مسند أبی بكر (94) من طريق الوليد بن مسلم، والنسائی (880) عن يحيى بن عثمان. وأخرجه الحميدی (7) عن عبد الرحمٰن بن زياد الرصاصی، وأحمد 1/3 عن محمد بن جعفر، و 1/5 عن هاشم، و 1/7 عن روح، والنسائی (882) عن علی بن الحسين، عن أمية بن خالد، وأبو بكر المروزی (92) عن أحمد بن علی، عن علی بن الجعد، و (93) عن أحمد بن علی، عن أبی خيثمة، عن وهب بن جرير، و (95) عن أحمد بن علی، عن عبيد الله بن عمر القواريری، عن غندر، وابن ماجة (3849) فی الدعاء، عن أبی بكر وعلی بن محمد، عن عبيد بن سعيد، كلهم عن شعبة. وصححه الحاكم 1/529 من طريق بشر بن بكر، عن سليم بن عامر، به، ووافقه الذهبی. وقال الهيثمی فی المجمع. 10/173: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح غير أوسط، وهو ثقة. وأخرجه البخاری فی الأدب المفرد (724) عن آدم، عن شعبة، عن سويد ابن حجير عن سليم، به. وأخرجه النسائی (879) من طريق لقمان بن عامر،

کیونکہ یہ نیکی کی طرف لے کر جاتی ہے اور یہ دونوں جنت میں ہوں گی اور تم پر جھوٹ سے بچنا لازم ہے کیونکہ یہ گناہ کی طرف لے کر جاتا ہے اور یہ دونوں جہنم میں ہوں گے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مراد ان کا ارتکاب کرنے والا شخص ہے ان کا وجود مراد نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَسْتَعْمِلُهُ ...

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی جو عمل کرتا ہے (محشی نے یہ وضاحت کی ہے یہاں اصل مسودے میں تقریباً سات الفاظ مٹے ہوئے ہیں)

953 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ عُمَيْرُ بْنُ هَانِىءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنَادَةَ بْنَ اَبِىْ اُمَيَّةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيلَ رَقَاهُ وَهُوَ يُوعَكُ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، مِنْ كُلِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَّسَمٍّ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ جب نبی اکرم ﷺ کو بخار تھا' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کو دم کیا انہوں نے یہ کلمات پڑھے:

''میں اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے آپ کو ہر اس بیماری سے بچنے کا دم کر رہا ہوں' جو آپ کو اذیت دیتی ہے اور ہر حاسد کے حسد سے بچنے کے لئے اور (نقصان پہنچانے والی) نظر اور زہر سے بچاؤ کے لئے آپ کو دم کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو شفا عطا کرے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا التَّفَضُّلَ عَلَيْهِ بِمَغْفِرَةِ اَنْوَاعِ ذُنُوْبِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس پر فضل کرتے ہوئے اس کے مختلف قسم کے گناہوں کی مغفرت کردے

954 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ جِدِّى، وَهَزْلِى، وَخَطَئِى، وَعَمْدِى، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِىْ. (5: 12)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو میری کوشش (یا سنجیدگی) میرے مذاق میری خطا میرے جان بوجھ کے کرنے اور میری طرف سے ہونے والی ہر چیز کی مغفرت کردے۔''

ذِكْرُ مَا اُبِيحَ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ لِذُنُوْبِهٖ بِلَفْظِ التَّمْثِيلِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مباح قرار دی گئی ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگتے ہوئے تمثیل کے الفاظ استعمال کرے

955 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، عَنْ مَّجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفَى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ مِنَ الدَّنَسِ. (5: 12)

حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! تو برف اولوں اور پانی کے ذریعے مجھے ذنوب سے پاک کردے۔ اے اللہ! تو مجھے ذنوب سے یوں پاک کردے جس طرح میل سے کپڑے کو پاک کیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّقَدِّمَ قَبْلَ هٰذَا الدُّعَاءِ التَّحْمِيْدَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اس دعا سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے

953- وأخرجه ابن أبی شيبة 10/205 عن يحيى بن أبی كثير، وأحمد 1/3، وأبو بكر المروزی (47)، والترمذی (3558) فی الدعوات، من طريق أبی عامر العقدی، والبغوی فی شرح السنة (1377) من طريق يحيى بن أبی بكير، كلهم عن زهير بن محمد، عن عبد الله بن محمد بن عقيل، عن معاذ بن رفاعة، عن أبيه، عن أبی بكر. وسنده حسن. وأخرجه أحمد 1/9، ومن طريقه النسائی (885) عن بهز بن أسد، عن سليم بن حبان، عن قتادة عن حميد بن عبد الرحمٰن، عن عمر، عن أبی بكر. وأخرجه أحمد 1/8 عن وكيع، و 1/11 عن سفيان، كلاهما عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ، عن أبی بكر. وأخرجه النسائی (884) من طريق جبير بن نفير، عن أبی بكر. وأخرجه ابن أبی شيبة 10/205 من طريق يحيى بن جعدة، عن أبی بكر. وتقدم برقم (950) من طريق أبی هريرة، عن أبی بكر.. وفی الباب ما يقويه من حديث أبی سعيد الخدری عند مسلم (2186)، والترمذی (972)، وابن أبی شيبة 10/317، وعَنْ عَآئِشَةَ عند مسلم (2185)، وعن أبی هريرة عند ابن ماجة (3524)، وفيه عاصم بن عبيد الله العمری، وهو ضعيف. (1) حديث صحيح، شريك: هو ابن عبد الله النخعی الكوفی القاضی سيّء الحفظ، لكنه متابع، وباقی رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 4/417 من طريق أبی أحمد الزبيری، وابن ابی شيبة 10/281 من طريق محمد بن عبد الله الأسدی، كلاهما، عن شريك، به وأخرجه البخاری (6399) فی الدعوات: باب قول النبی: اَللّٰهم اغفر لی، وفی الأدب المفرد (689) عن محمد بن المثنی.

956 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنْ ذُنُوْبِيْ كَمَا يُطَهَّرُ الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ . (5: 12)

❀❀ حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! حمد تیرے لئے مخصوص ہے جو آسمانوں کو بھر دے اور جو زمین کو بھر دے اور اس کے بعد جس چیز کو تو چاہے بھر دے تو مجھے برف اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ذریعے پاک کردے اے اللہ! تو مجھے گناہوں سے یوں پاک کردے جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ الرَّبَّ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ لِذُنُوْبِهِ، وَاِنْ كَانَ فِيْ لَفْظِهِ اسْتِقْصَاءٌ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنے پروردگار سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرے اگرچہ اس کے الفاظ میں استقصاء ہو

957 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

956- إسناده صحيح، رجاله رجال البخارى ما عدا إبراهيم بن يزيد، وهو صدوق . وأخرجه النسائى 1/199 فى الطهارة: باب الاغتسال بالماء البارد. (3) إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه أبو داوُد الطيالسى (824) عن شعبة، به.

957-وأخرجه أحمد 4/354 عن محمد بن جعفر وحجاج وروح، ومسلم (476) (204) فى الصلاة: باب ماذا يقول إذا رفع رأسه من الركوع من طريق محمد بن جعفر، والنسائى 1/198 فى الطهارة: باب الاغتسال بالثلج، من طريق بشر بن المفضل، والبخارى فى الأدب المفرد (684) من طريق آدم، جميعهم عن شعبة، به. وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد (676) من طريق عبد الله بن محمد، عن أبى عامر، عن إسرائيل، عن مجزأة، به . ونصفه الأول اللّهم لك الحمد .. من شىء بعد أخرجه ابن أبى شيبة 2/247، ومن طريقه مسلم (476) (202) ، وأخرجه أحمد 4/381، كلاهما (ابن أبى شيبة وأحمد) عن أبى معاوية عن الأعمش، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبى أوفى . وأخرجه أبو داوُد الطيالسى 1/256، ومسم (476) (203) عن شعبة، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبى أوفى . وأخرجه أحمد 4/356 عن أبى نعيم، عن مسعر، عن عبيد بن الحسن، عن ابن أبى أوفى . ونصفه الآخر اللّهم طهرنى بالثلج .. أخرجه ابن أبى شيبة 10/213 من طريق يحيى بن أبى بكير، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 4/381 عن إسماعيل، عن ليث عن مدرك، عن ابن أبى أوفى. وأخرجه الترمذى (473) فى الدعوات: باب فى دعاء النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيئَتِي، وَجَهْلِي، وَإِسْرَافِي فِيْ أَمْرِي، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ، وَعَمْدِيْ وَجَهْلِي، وَجِدِّي وَهَزْلِي، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِي، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، إِنَّكَ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (5: 12)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میری خطاؤں میرے جہل میرے اپنے معاملے میں اسراف کے حوالے سے میری مغفرت کر دے اور ہر چیز کے بارے میں بھی جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے اے اللہ! میری خطاؤں میرے جان بوجھ کر کئے گئے اعمال میرے عمد میرے جہل میری سنجیدگی اور میرے مذاق اور ہر وہ چیز جو میری طرف سے ہوئی ہے اس کی مغفرت کر دے۔ اے اللہ! جو میں نے پہلے کیا ہے جو بعد میں کروں گا جو پوشیدہ طور پر کیا جو اعلانیہ کیا۔ اس کے حوالے سے میری مغفرت کر دے بے شک تو آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔''

ذِكْرُ الْأَمْرِ لِلْمَرْءِ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلٰى فِيْ دُعَائِهِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہوئے ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی دعا میں اللہ تعالیٰ سے ''فردوس اعلیٰ'' کا سوال کرے

958 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا لَجِنَانٌ، وَإِنَّ حَارِثَةَ لَفِي الْفِرْدَوْسِ الْأَعْلٰى، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَسَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ. (1:104)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے ام حارثہ! بے شک جنت کی کئی قسمیں ہیں اور حارثہ فردوس اعلیٰ میں ہے جب تم نے اللہ تعالیٰ سے مانگنا ہو تو اس سے (جنت) فردوس مانگو۔''

958- إسناد صحيح، على شرطهما، وأخرجه البخاري (639) في الدعوات: باب قول النبي: اللّٰهم اغفر في ما قدمت وما أخرت، وفي الأدب المفرد (688)، ومسلم (2719) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2719) (70) عن عبيد الله بن معاذ، عن أبيه، عن شعبة، به. وانظر الحديث (954).

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا تَحْسِينَ خُلُقِهِ كَمَا تَفَضَّلَ عَلَيْهِ بِحُسْنِ صُورَتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے اخلاق کو اچھا کردے جس طرح اللہ تعالیٰ نے اس پر یہ فضل کیا ہے کہ اس کی شکل وصورت کو اچھا بنایا ہے

959 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ عَوْسَجَةَ بْنِ الرَّمَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى الْهُذَيْلِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِى فَحَسِّنْ خُلُقِى (12:5)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے:

''اے اللہ! تونے میری تخلیق کو خوبصورت کیا ہے تو میرے اخلاق کو بھی خوبصورت کردے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْمُجَانَبَةَ عَنِ الْاَخْلَاقِ الْمُنْكَرَةِ وَالْاَهْوَاءِ الرَّدِيَّةِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرے کہ وہ اسے برے اخلاق اور خراب خواہشات سے محفوظ رکھے

960 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ بِالْفُسْطَاطِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ مُحْرِزٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَمِّهٖ قَالَ:

959- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه الترمذى (3174) فى التفسير: باب ومن سورة المؤمنين، عن عبد بن حميد، عن روح بن عبادة، عن سعيد بن أبى عروبة، بهذا الإسناد، وقال. هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/210 و 260 والبخارى (2809) فى الجهاد. باب من أتاه سهم غرب فقتله، من طريقين عن قتادة، به . وأخرجه ابن سعد 3/510، 511، وأحمد 3/124 و 215 و 272 و 282 و 283، من طريقين عن ثابت، عن أنس. وصححه الحاكم 3/208، ووافقه الذهبى، وهو كما قالا. وأخرجه أحمد 3/264، والبخارى (3982) فى المغازى، و (6550) و (6567) فى الرقاق، من طريقين عن حميد، عن أنس.

960- إسناده صحيح، محمد بن على بن محرز: بغدادى نزل مصر، وكان صديقاً للامام أحمد وجاره قال ابن أبى حاتم 8/27: كتب عنه أبى بمصر، وسألته عنه، فقال: كان ثقة، وذكره المؤلف فى الثقات 9/127، وباقى رجاله ثقات، وأبو أسامة: هو حماد بن أسامة. وأخرجه الترمذى (3591) فى الدعوات، عن سفيان بن وكيع، عن أحمد بن بشير وأبى أسامة، بهذا الإسناد، وسفيان بن وكيع ضعيف، ومع ذلك فقد حسنه الترمذى . وأخرج الطبرانى 19/19 من طريق عبيد بن غنام، عن أبى بكر بن أبى شيبة، وعن أحمد بن القاسم بن مساور الجوهرى، عن سعد بن سليمان الواسطى، كلاهما

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنِيْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ، وَالْاَهْوَاءِ، وَالْاَسْوَاءِ، وَالْاَدْوَاءِ. (5: 12)

زیاد بن علاقہ اپنے چچا (حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔

''اے اللہ! مجھ سے ناپسندیدہ اخلاق، نفسانی خواہشات، بری عادات اور بیماریوں کو دور کر دے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ سُؤَالُ رَبِّهٖ جَلَّ وَعَلَا الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ عِنْدَ الصَّبَاحِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ صبح کے وقت اپنے پروردگار سے عفو اور عافیت کا سوال کرے

961 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَيَّاضُ بْنُ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ مُسْلِمٍ الْفَزَارِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَعُ هٰؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ حِيْنَ يُمْسِي وَحِيْنَ يُصْبِحُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِي، وَدُنْيَايَ، وَاَهْلِي، وَمَالِي، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي، وَآمِنْ رَوْعَاتِي، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِي، وَعَنْ يَمِيْنِي، وَعَنْ شِمَالِي، وَمِنْ فَوْقِي، وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ. (5: 12)

قَالَ وَكِيعٌ: يَعْنِي: الْخَسْفَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح اور شام کے وقت ان کلمات کو پڑھنا کبھی ترک نہیں کرتے تھے۔

''اے اللہ! میں دنیا اور آخرت میں تجھ سے عافیت طلب کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں اپنے دین اپنی دنیا اپنے اہل خانہ اور اپنے مال کے بارے میں تجھ سے معافی اور عافیت طلب کرتا ہوں۔ اے اللہ! میری پوشیدہ چیزوں پر پردہ رکھ اور میری

961–وأخرجه ابن أبي شيبة 10/240، وأحمد 2/25، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود (5074) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، عن يحيى بن مسلم، وابن ماجة (3871) في الدعاء: باب ما يدعو الرجل إذا أصبح وإذا أمسى، عن علي بن محمد الطنافسي، والبخاري في الأدب المفرد برقم (1200) عن محمد بن سلام، ثلاثتهم عن وكيع، به. وحسنه الحاكم 1/517–518، ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/239، والنسائي 8/282 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من الخسف، وفي عمل اليوم والليلة برقم (566)، والطبراني في الكبير (13296) من طريق الفضل بن دكين، وأبو داود (5074) من طريق ابن نمير كلاهما عن عبادة بن مسلم الفزاري، به. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (698) عن الوليد بن صالح، عن عبيد الله ابن عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يونس بن خباب، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ ابن عمر.

پریشانیوں کوامن دے۔اے اللہ! میرے سامنے میرے پیچھے،میرے دائیں طرف،میرے بائیں طرف اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور میں تیری عظمت کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ مجھے اپنے نیچے کی طرف سے کوئی دھوکا دیا جائے۔''

وکیع نامی راوی کہتے ہیں اس سے مراد زمین میں دھنستا ہے۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ عِنْدَ الصَّبَاحِ وَالْمَسَاءِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو صبح اور شام کے وقت کیا پڑھنا چاہئے؟

962 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَاصِمٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِيْ مَا اَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحْتُ، وَاِذَا اَمْسَيْتُ، قَالَ: قُلِ: اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ.

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْهُ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَيْتَ وَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ. (1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسی چیز کے بارے میں بتائیے، جسے میں صبح وشام پڑھا کروں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ پڑھو۔

''اے اللہ! اے غیب اور شہادت کا علم رکھنے والے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور اس کے مالک میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ میں اپنی ذات کے شر سے اور شیطان کے شر سے اور اس کے شرک سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: صبح کے وقت شام کے وقت اور جب تم بستر پر لیٹو، تو اس وقت یہ پڑھ لیا کرو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْعَبْدِ عِنْدَ الصَّبَاحِ اَنْ يَّسْاَلَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا خَيْرَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے، وہ صبح کے وقت اپنے پروردگار سے اس دن کی بھلائی کا سوال کرے

963 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الشَّعْثَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا اَصْبَحَ: اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا الْيَوْمِ، وَمِنْ خَيْرِ مَا فِيْهِ، وَخَيْرِ مَا بَعْدَهُ.

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَالْهَرَمِ، وَسُوْءِ الْعُمُرِ، وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَاِذَا اَمْسَى، قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ،

قَالَ الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: وَحَدَّثَنِي زُبَيْدٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِيْهِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (5: 12)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے۔

''ہم نے صبح کر لی ہے اور اللہ کی بادشاہی میں بھی صبح ہوگئی ہے تمام حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے (اے اللہ!) میں تجھ سے اس دن کی بھلائی اور اس میں موجود بھلائی اور اس کے بعد آنے والی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں کاہلی، بڑھاپے، بری عمر، دجال کی آزمائش اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''

(راوی بیان کرتے ہیں) جب شام ہو جاتی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی کی مانند کلمات پڑھا کرتے تھے:

حسن بن عبید اللہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دعا میں یہ بھی پڑھتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُوْ الْمَرْءُ بِهٖ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا اِذَا اَصْبَحَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو صبح کے وقت اپنے پروردگار سے کیا دعا مانگنی چاہئے؟

964 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ،

963- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير عمرو بن عاصم الثقفي، وهو ثقة، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/237 عن غندر، وأحمد 1/9 و 10، 11 عن بهز وعفان، و 2/297 عن محمد بن جعفر، والبخاري في الأدب المفرد (1202) عن سعيد بن الربيع، والطيالسي 1/251، ومن طريقه الترمذي (3392) في الدعوات باب ما جاء في الدعاء إذا أصبح واذا أمسى، والنسائي في عمل اليوم والليلة (11) عن بندار، عن غندر، و (795) عن عبد الله بن محمد بن تميم، عن حجاج بن محمد، والدارمي 2/292 في الاستئذان. باب ما يقول إذا أصبح، عن سعيد بن عامر، كلهم عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (1203) عن مسدد، وأبو داؤد (5067) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح عن مسدد، والنسائي في عمل اليوم والليلة (576) عن زياد بن أيوب، والحاكم 1/513 من طريق عمرو بن عون.

قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحَ: اللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا، وَبِكَ اَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيَا، وَبِكَ نَمُوْتُ، وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ. (5: 12)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت یہ پڑھا کرتے تھے:

''اے اللہ! تیری مدد سے ہم نے صبح کی ہے تیری مدد سے ہم شام کرتے ہیں تیری مدد سے ہم زندہ ہیں اور تیری مدد سے مریں گے اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے مؤقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں حماد بن سلمہ نامی راوی منفرد ہے

965 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحَ: اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا، وَبِكَ اَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيَا، وَبِكَ نَمُوْتُ، وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ. (5: 12)

964- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في مصنف ابن أبي شيبة 10/238، وأخرجه من طريقه مسلم (2723) (76) في الذكر: باب التعوّذ من شر ما عمل ومن شر ما لم يعمل، والنسائي في عمل اليوم والليلة (23) عن أحمد بن سليمان، كلاهما عن حسين ابن علي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/440 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، ومسلم (2723) في الذكر، والنسائي في عمل اليوم والليلة (573)، عن قتيبة بن سعيد، كلاهما عن عبد الواحد بن زياد، عن الحسن بن عبد الله، به. وأخرجه مسلم (2723) (75) في الذكر، وأبو داوُد (5071) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، والترمذي (3390) في الدعوات: باب ما جاء في الدعاء إذا أصبح وإذا أمسى، من طرق عن جرير عن الحسن بن عبد الله، به، وقال الترمذي: حسن.

965- إسناده حسن، سهيل بن أبي صالح، صدوق تغير حفظه بأخرة، أخرج له مسلم في الأصول والشواهد وروى له البخاري مقروناً وتعليقاً، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/244، عن حسن بن موسى، وأحمد 2/354 عن حسن بن موسى، و522 عبد الصمد وعفان، والنسائي في عمل اليوم والليلة (8) عن الحسن بن أحمد بن حبيب، عن إبراهيم، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وسيورده المؤلف في الرواية التالية من طريق وهيب عن سهيل بن أبي صالح، فانظره. (2) إسناده حسن، وأخرجه البغوي في شرح السنة (1325) من طريق محمد بن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (564) عن زكريا بن يحيى، عن عبد الأعلى بن حماد، به. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (1119) عن معلى، وأبو داوُد (5068) في الأدب، عن موسى بن إسماعيل، كلاهما عن وهيب، به. وأخرجه الترمذي (3391) في الدعوات، عن علي بن حجر، عن عبد الله بن جعفر، وابن ماجة (3868) في الدعاء، عن يعقوب بن حميد بن كاسب

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت یہ کلمات پڑھتے تھے۔
''اے اللہ! ہم تیری مدد سے صبح کرتے ہیں تیری مدد سے شام کرتے ہیں تیری مدد سے زندہ ہیں تیری مدد سے مریں گے اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْمَرْءِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا قَضَاءَ دَيْنِهِ وَغِنَاهُ مِنَ الْفَقْرِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ بندہ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے قرض کو ادا کردے اور اسے فقر سے بے نیاز کردے (یعنی خوشحال کردے)

966 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّ اُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَتْ فَاطِمَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ خَادِمًا، فَقَالَ لَهَا: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ، اَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَیْءٌ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوَى، اَعُوْذُ بِكَ مِ كُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَیْءٌ، وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَیْءٌ، اقْ الدَّيْنَ، وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ . (1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تاکہ آ خادم مانگیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم یہ پڑھا کرو:
''اے اللہ! اے سات آسمانوں کے پروردگار اے عرشِ عظیم کے پروردگار اے ہمارے پروردگار اور ہر چیز کے پروردگار! تو ظاہر ہے تیرے اوپر کوئی چیز نہیں ہے' تو باطن ہے تجھ سے نیچے کوئی چیز نہیں ہے۔ اے تورات' انجیل او فرقان (یعنی قرآن) کو نازل کرنے والے۔ اے دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے۔ میں ہر ایسی چیز کے شر سے تیری پن مانگتا ہوں جس کی پیشانی کو' تو نے پکڑا ہوا ہے' تو ہی پہلا ہے تجھ سے پہلے کوئی نہیں تھا' تو ہی بعد والا ہے تیرے بعد کو

966- إسناده صحيح، أبو كريب: محمد بن العلاء، وأبو أسامة: حماد بن أسامة، وأخرجه مسلم (2713) (63) فی باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، من طريق أبی كريب بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبی شيبة 10/262، ومن طر (3713) (63)، وابن ماجة (3831) فی الدعوات: باب دعاء النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وأخرجه أحمد 2/381، (5051) فی الأدب: باب ما يقول عند النوم، والبخاری فی الأدب المفرد، (1212) من طريق وهيب . وأخرجه مسلم 61) عن زهير بن حرب، والنسائی فی عمل اليوم والليلة (790) عن إسحاق بن ابراهيم. وأخرجه أحمد 2/536، (5051)، وابن ماجة (3873) فی الدعاء: باب ما يدعو به إذا أوى إلى فراشه، من طرق.

نہیں ہوگا' تو ہمارا قرض ادا کردے اور ہمیں غربت سے بے نیاز کردے''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهٖ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ)

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''حالانکہ انہوں نے اپنے پروردگار کے سامنے عاجزی اختیار نہیں کی اور وہ گڑگڑائے نہیں تھے''۔

967 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوَلِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ يَزِيْدُ النَّحْوِیُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ وَالرَّحِمَ فَقَدْ اَكَلْنَا الْعِلْهِزَ – يَعْنِی الْوَبَرَ وَالدَّمَ – فَاَنْزَلَ اللّٰهُ:

(وَلَقَدْ اَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ، فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ). (المؤمنون: 76) (3: 64)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوسفیان بن حرب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' انہوں نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر اور اپنے ساتھ رشتے داری کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں کہ ہم لوگ قحط کی شدت کی وجہ سے العلہز (یعنی بال اور خون کھا رہے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

(وَلَقَدْ اَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ، فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ). (المؤمنون: 76)

''اور ہم نے عذاب کے ذریعے ان پر گرفت کی حالانکہ انہوں نے اپنے پروردگار کے سامنے عاجزی اختیار نہیں کی اور وہ گڑگڑائے نہیں تھے۔''

ذِكْرُ مَا يَدْعُوْ الْمَرْءُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالضُّرِّ اِذَا نَزَلَ بِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو مشکل اور مصیبت کا سامنا کرنے کے وقت کیا دعا مانگنی چاہیے؟

968 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهٗ قَالَ:

967–إسناده حسن كما قال الحافظ فی الفتح 6/510، علی بن الحسين بن واقد: صدوق يهم، وقد توبع عليه، وباقی رجاله ثقات، وأخرجه الطبرانی فی الكبير (12038) من طريق عيسى بن القاسم الصيدلانی البغدادی. وأورده الهيثمی فی مجمع الزوائد 7/73، وقال: رواه الطبرانی.

(متن حدیث): لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلْ: اَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے ارشاد فرمایا ہے: کوئی بھی شخص کسی پیش آنے والی تکلیف کی وجہ سے موت کی آرزو ہرگز نہ کرے اگر اس نے ضرور ایسا کرنا ہو تو پھر وہ یہ کہے۔

''اے اللہ! تو مجھے اس وقت تک زندہ رکھنا جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اس وقت موت دے دینا جب موت میرے حق میں بہتر ہو۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِمَعْنَى مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کی صراحت کرتی ہے

969 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، وَلٰكِنْ لِيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي. (5: 12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

968- إسناده صحيح، على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (910) عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/281 عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه الطيالسي 1/152، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 3/101، والبخاري (6351) في الدعوات: باب الدعاء بالموت والحياة، عن ابن سلام، ومسلم (2680) (10) في الذكر: باب كراهة تمني الموت لضر نزل به، عن زهير بن حرب، والترمذي (2971) في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن التمني للموت، والنسائي 4/3 في الجنائز: باب تمني الموت، وفي عمل اليوم والليلة (1057) عن علي بن حجر، كلهم عن إسماعيل ابن علية، عن عبد العزيز بن صهيب به. وأخرجه أبو داود (3108) في الجنائز: باب في كراهة تمني الموت، عَنِ ابْنِ بن هلال، والنسائي 4/3، وابن ماجه (4265) في الزهد: باب ذكر الموت والاستعداد له، عن عمران بن موسى، كلاهما عن عبد الوارث بن سعيد، عن عبد العزيز بن صيب، به. وأخرجه أحمد 3/163 و 195 و 208 و 247، والبخاري (5671) في المرضى: باب تمني المريض للموت، ومسلم (2680)، والنسائي 4/4 في الجنائز: باب الدعاء بالموت، والبيهقي في السنن 3/377، والبغوي في شرح السنة (1444)، من طرق عن ثابت، عن أنس. وأخرجه أبو داود الطيالسي 1/152، ومن طريقه أبو داود (3109)، والنسائي في عمل اليوم والليلة (1060) عن شعبة، عن قتادة، عن أنس. وأخرجه الطيالسي 1/152، وأحمد 3/171 عن محمد بن جعفر، والنسائي في عمل اليوم والليلة (1061) عن إسحاق بن إبراهيم، عن النضر، ثلاثتهم عن شعبة، عن علي بن زيد، عن أنس. وأخرجه أحمد 3/258 عن عفان، ومسلم (2680) عن حامد بن عمر، كلاهما عن عبد الواحد، عن عاصم الأحول، عن النضر بن أنس، عن أنس. وفي الباب عن خباب عند البخاري، (5672) و (6349) و (6350)، ومسلم (2681)، وعن أبي هريرة عند البخاري (5673) ومسلم (2682).

''کوئی بھی شخص کسی پیش آنے والی تکلیف کی وجہ سے موت کی آرزو ہرگز نہ کرے بلکہ اسے یہ کہنا چاہئے اے اللہ! تو مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اس وقت موت دے دینا جب موت میرے حق میں بہتر ہو''

ذِكْرُ وَصْفِ دَعَوَاتِ الْمَكْرُوبِ
پریشانی کا شکار شخص کی دعا کی صفت کا تذکرہ

970 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَلِيْلِ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَعَوَاتُ الْمَكْرُوبِ: اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُو، فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.

عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

پریشانی کا شکار شخص کی دعا یہ ہے:

''اے اللہ! میں تیری رحمت سے اُمید رکھتا ہوں' اس لئے' تو پلک جھپکنے تک کے لئے بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کرنا اور میرے تمام معاملات کو ٹھیک کردے تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔''

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِيْ يُرْتَجَى لِلْمَرْءِ بِاسْتِعْمَالِهَا زَوَالُ الْكَرْبِ فِي الدُّنْيَا عَنْهُ
ان خصائل کا تذکرہ جن پر عمل کرنے کی صورت میں آدمی کے لئے یہ اُمید کی جاسکتی ہے' دنیا میں اس سے پریشانی ختم ہو جائے گی

971 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

970- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 3/104 عن ابن أبي عدى، والنسائى 4/3 فى الجنائز: باب تمنى الموت، عن قتيبة، عن يزيد بن زريع، كلاهما، عن حميد بهذا الإسناد. (2) إسناده محتمل للتحسين، عبد الجليل بن عطيه، صدوق يهم، وجعفر بن ميمون: صدوق يخطىء، وباقى رجاله ثقات. وأبو بكرة: هو نفيع بن الحارث. وأخرجه مطولاً ابن أبي شيبة 10/196، وأحمد 5/42، وأبو داؤد (5090) فى الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، والنسائى فى عمل اليوم والليلة (651)، والبخارى فى الأدب المفرد (701)، من طرق عن أبي عامر العقدى بهذا الإسناد. وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد 10/137 وقال: رواه الطبرانى وإسناده حسن. وحسنه الحافظ فى أمالى الأذكار فيما نقله عنه ابن علان 4/8.

(متن حدیث): خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَرْتَادُونَ لِاَهْلِهِمْ، فَاَصَابَتْهُمُ السَّمَاءُ، فَلَجَؤُوا اِلَى جَبَلٍ، فَوَقَعَتْ عَلَيْهِمْ صَخْرَةٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: عَفَا الْاَثَرُ، وَوَقَعَ الْحَجَرُ، وَلَا يَعْلَمُ مَكَانَكُمْ اِلَّا اللّٰهُ، ادْعُوا اللّٰهَ بِاَوْثَقِ اَعْمَالِكُمْ.

فَقَالَ اَحَدُهُمْ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ كَانَتِ امْرَاَةٌ تُعْجِبُنِي، فَطَلَبْتُهَا، فَاَبَتْ عَلَيَّ، فَجَعَلْتُ لَهَا جُعْلًا، فَلَمَّا قَرَّبَتْ نَفْسَهَا، تَرَكْتُهَا، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّي اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ، وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ، فَافْرُجْ عَنَّا، فَزَالَ ثُلُثُ الْجَبَلِ.

فَقَالَ الْاٰخَرُ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهُ كَانَ لِيْ وَالِدَانِ، وَكُنْتُ اَحْلُبُ لَهُمَا فِيْ اِنَائِهِمَا، فَاِذَا اَتَيْتُهَا، وَهُمَا نَائِمَانِ، قُمْتُ قَائِمًا حَتّٰى يَسْتَيْقِظَا، فَاِذَا اسْتَيْقَظَا شَرِبَا، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا فَزَالَ ثُلُثُ الْحَجَرِ.

فَقَالَ الثَّالِثُ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ اسْتَاْجَرْتُ اَجِيرًا يَوْمًا فَعَمِلَ لِيْ نِصْفَ النَّهَارِ، فَاَعْطَيْتُهُ اَجْرَهُ فَتَسَخَّطَهُ وَلَمْ يَاْخُذْهُ، فَوَفَّرْتُهَا عَلَيْهِ حَتّٰى صَارَ مِنْ كُلِّ الْمَالِ، ثُمَّ جَاءَ يَطْلُبُ اَجْرَهُ فَقُلْتُ: خُذْ هٰذَا كُلَّهُ، وَلَوْ شِئْتَ لَمْ اُعْطِهِ اِلَّا اَجْرَهُ، فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَخَشْيَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، قَالَ: فَزَالَ الْحَجَرُ وَخَرَجُوا يَتَمَاشَوْنَ. (12:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ فَوَفَّرْتُهَا عَلَيْهِ بِمَعْنَى قَوْلِهِ: فَوَفَّرْتُهَا لَهُ، وَالْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا تُوقِعُ عَلَيْهِ بِمَعْنَى لَهُ.

وَسَعِيدُ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ بِالْمَدِيْنَةِ، لِاَنَّهُ بِهَا نَشَاَ، وَالْحَسَنُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ لِخُرُوجِهِ عَنْهَا فِيْ يَفَاعَتِهِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم سے پہلے کے زمانے میں تین لوگ اپنے گھر کی طرف واپس جا رہے تھے راستے میں بارش شروع ہوگئی۔ وہ پہاڑ کی پناہ میں آ گئے ان پر ایک پتھر آ کر گر گیا۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: ہمارے قدموں کے نشانات ختم ہو گئے ہیں۔ اور پتھر آ کر گر گیا ہے۔ اب تمہاری اس جگہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو کچھ پتہ نہیں ہے' تو تم اپنے سب سے زیادہ قابل اعتماد وسیلے کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔

971- إسناده حسن، عمران القطان: صدوق يهم، وباقي رجاله ثقات، وأخرجه البزار (1869) عن محمد بن المثنى وعمرو بن علي قالا: حدثنا أبو داؤد، حدثنا عمران القطان، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في المجمع 8/142، 143، وقال: رواه البزار والطبراني في الأوسط بأسانيد، ورجال البزار وأحد أسانيد الطبراني رجالهما رجال الصحيح. وفي الباب عن ابن عمر تقدم برقم (897)، وذكرت في تخريجه أحاديث الباب، فراجعه.

ان میں سے ایک شخص نے کہا: اے اللہ! تو یہ بات جانتا ہے ایک عورت مجھے بہت پسند تھی میں نے اس کے قرب کا مطالبہ کیا لیکن اس نے میری بات نہیں مانی۔ پھر میں نے اسے معاوضہ دیا جب وہ میرے قریب آئی تو میں نے اسے چھوڑ دیا اگر تو یہ بات جانتا ہے میں نے تیری رحمت کی اُمید کرتے ہوئے اور تیرے خوف سے ڈرتے ہوئے ایسا کیا تھا' تو ہمیں کشادگی نصیب کر۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں تو ایک تہائی پہاڑ (یعنی پتھر) اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔

دوسرے شخص نے کہا: اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے میرے ماں باپ تھے میں ان کے لئے ان کے برتن میں دودھ دوہ لیا کرتا تھا جب میں ان کے پاس آیا تو وہ دونوں سوئے ہوئے تھے۔

میں کھڑا ہوا انتظار کرتا رہا یہاں تک کہ جب وہ بیدار ہوئے' تو انہوں نے اسے پی لیا اگر تو یہ بات جانتا ہے' میں نے ایسا تیری رحمت کی امید رکھتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے کیا تھا' تو ہم سے اس مشکل صورتحال کو دور کردے۔

تو (مزید) ایک تہائی پتھر ہٹ گیا۔ تیسرے شخص نے کہا: اے اللہ! تو یہ بات جانتا ہے' میں نے ایک دن ایک شخص کو مزدور رکھا تھا۔ اس نے نصف دن تک میرے لیے کام کیا میں نے اسے اس کا معاوضہ دیا تو اس نے اس پر ناراضگی کا اظہار کیا اور اسے وصول نہیں کیا' تو میں نے اس معاوضے کے ذریعے آگے کام شروع کردیا یہاں تک کہ وہ بہت سا مال ہو گیا وہ شخص اپنا معاوضہ وصول کرنے کے لئے آیا' تو میں نے کہا یہ ساری چیزیں تم لے لو اگر میں چاہتا' تو میں اس وقت اس کو صرف اس کا معاوضہ دے سکتا تھا اگر تو یہ بات جانتا ہے' میں نے تیری رحمت کی امید رکھتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے ایسا کیا تھا' تو ہمیں کشادگی نصیب کر۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو وہ پتھر ہٹ گیا اور وہ لوگ چلتے ہوئے باہر آ گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ "تو میں نے اس پر زیادہ کئے"۔ اس کا مطلب یہ ہے' میں نے اس کے لئے زیادہ کیا' کیونکہ عرب اپنے محاورے میں لفظ "علی" کو "لہ" کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

سعید بن ابوالحسن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مدینہ منورہ میں احادیث کا سماع کیا ہے' کیونکہ ان کی نشوونما وہیں ہوئی تھی' اور حسن ان سے احادیث کا سماع اس لئے نہیں کر سکے' کیونکہ وہ بچپن میں مدینہ منورہ سے چلے گئے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَصَابَهُ حُزْنٌ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ ذَهَابَهُ عَنْهُ وَاِبْدَالَهُ اِيَّاهُ فَرَحًا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ جس شخص کو کوئی حزن لاحق ہو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس حزن کو اس سے دور کردے اور اس کی جگہ اسے خوشی عطا کردے

972 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ

972- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، والحديث في مسند أبي يعلى ورقة 249/2، وأخرجه أحمد 1/391 و 452، والطبراني في الكبير (10352)، والحارث ابن أبي أسامة في مسنده ص 251 من زوائده من طريق فضيل بن مرزوق

هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا قَالَ عَبْدٌ قَطُّ، اِذَا اَصَابَهُ هَمٌّ اَوْ حُزْنٌ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ، نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ، سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ، اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ، اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَنُوْرَ بَصَرِيْ، وَجِلَاءَ حُزْنِيْ، وَذَهَابَ هَمِّيْ، اِلَّا اَذْهَبَ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَاَبْدَلَهٗ مَكَانَ حُزْنِهٖ فَرَحًا، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نَتَعَلَّمَ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ؟، قَالَ: اَجَلْ، يَنْبَغِيْ لِمَنْ سَمِعَهُنَّ اَنْ يَتَعَلَّمَهُنَّ. (1: 104)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب بھی کسی بندے کو سخت غم یا پریشانی لاحق ہو'تو وہ یہ کلمات پڑھے۔''

''اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں تیرے بندے کا بیٹا ہوں تیری کنیز کا بیٹا ہوں میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے میرے بارے میں تیرا حکم جاری ہوگا میرے بارے میں تیرا فیصلہ بالکل عدل کے مطابق ہے۔ میں تیرے ہر اسم کے وسیلے سے تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں ہر وہ اسم جو تو نے اپنی ذات کے لئے مقرر کیا ہے یا جسے تو نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی ایک کو اس کا علم دیا ہے۔ یا جس کے بارے میں' تو نے اپنے پاس موجود علم غیب میں ترجیحی فیصلہ دیا ہے (میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں) کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار بنادے اور میری آنکھ کا نور بنا دے اور میرے غم کی جلا بنادے اور میرے غم کی رخصتی کا ذریعہ بنادے۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) تو اللہ تعالیٰ اس کے غم کو ختم کر دیتا ہے اور اس کے غم کی جگہ خوشی عطا کر دیتا ہے۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لئے یہ بات مناسب ہے' ہم ان کلمات کا علم حاصل کرلیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ ہر اس شخص کے لئے یہ بات مناسب ہے' جو ان کو سنتا ہے وہ ان کا علم حاصل کرلے۔''

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ الدُّعَاءُ عَلٰى اَعْدَائِهٖ بِمَا فِيْهِ تَرْكُ حَظِّ نَفْسِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنے دشمنوں کے خلاف دعا اس وقت کرے جب اس میں اس کی اپنی ذاتی خواہش کا حصہ نہ ہو

973 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

973- إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح إلا أن محمد بن فليح فيه كلام ينزل حديثه إلى رتبة الحسن . وأخرجه الفسوي في تاريخه 1/338، والطبراني (5694) من طرق عن ابراهيم بن المنذر الحزامي بهذا الإسناد . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 6/117، وقال. رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح. وله شاهد من حديث ابن مسعود عند أحمد 1/380 و 427، والبخاري (3477)

فُلَيْحٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ . (5: 12)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَعْنِيْ هٰذَا الدُّعَاءُ اَنَّهُ، قَالَ يَوْمَ اُحُدٍ لَمَّا شُجَّ وَجْهُهُ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي ذَنْبَهُمْ بِيْ مِنَ الشَّجِّ لِوَجْهِي، لَا اَنَّهُ دُعَاءٌ لِلْكُفَّارِ بِالْمَغْفِرَةِ، وَلَوْ دَعَا لَهُمْ بِالْمَغْفِرَةِ لَاَسْلَمُوا فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَا مَحَالَةَ .

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ! تو میری قوم کی مغفرت کردے کیونکہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس سے مراد یہ ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا غزوہ اُحد کے دن مانگی تھی۔ جب آپ کا چہرہ زخمی ہوگیا تھا۔ آپ نے یہ فرمایا تھا: ''اے پروردگار! تو میری قوم کی مغفرت کردے''۔ یعنی ان کے اس گناہ کی مغفرت کردے جو انہوں نے میرے چہرے کو زخمی کیا ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے' کفار کے لئے مغفرت کی دعا مانگی جا رہی ہے' کیونکہ اگر آپ اس وقت ان کے لئے مغفرت کی دعا مانگ لیتے تو وہ لازمی طور پر اسی وقت مسلمان ہو جاتے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ سُؤَالُ الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا تَسْهِيلَ الْاُمُوْرِ عَلَيْهِ اِذَا صَعُبَتْ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنے خالق سے اپنے اُمور کے آسان ہونے کا سوال کرے جب وہ اس کے لئے مشکل ہوں

974 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ . (5: 12)

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے اللہ! صرف وہی چیز آسان ہے' جسے تو آسان کردے اور اگر تو چاہے' تو' تو غم کو بھی آسان کرسکتا ہے۔''

974- إسناده صحيح، وصححه الحافظ ابن حجر في أمالي الأذكار فيما نقله ابن علان 4/25، وأخرجه ابن السني (353) من طريق محمد بن هارون بن المُجدر .

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِعْجَالِ الْمَرْءِ اِجَابَةَ دُعَائِهِ اِذَا دَعَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ جب آدمی دعا مانگتا ہے تو اس کی قبولیت کا اثر جلدی ظاہر ہونے کا طلب گار رہو

975 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِى عُبَيْدٍ، مَوْلَى ابْنِ اَزْهَرَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَا لَمْ يَعْجَلْ فَيَقُوْلُ: قَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِىْ . (2: 43)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم میں سے ہر شخص کی دعا مستجاب ہوتی رہتی ہے جب تک وہ جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے یہ نہیں کہتا کہ میں نے دعا مانگی تھی لیکن وہ قبول نہیں ہوئی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اسْتِجَابَةَ دُعَاءِ الدَّاعِى مَا لَمْ يُعَجِّلْ اِنَّمَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِذَا دَعَا بِمَا لِلّٰهِ فِيْهِ طَاعَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دعا مانگنے والی کی دعا مستجاب ہوتی ہے

جب تک وہ جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتا ایسا اس وقت ہوتا ہے جب وہ کوئی ایسی دعا مانگتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری ہو

976 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِى اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ، اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ، مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ ، قِيلَ: يَارَسُوْلَ

975– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/213 في القرآن: باب ما جاء في ذكر الله تعالى، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/487، والبخاري (6340) في الدعوات: باب يستجاب لأحدكم ما لم يعجل، ومسلم (2735) في الذكر: باب بيان أنه يستجاب للداعي ما لم يعجل، وأبو داوُد (1484) في الصلاة: باب الدعاء، والترمذي (3387) في الدعوات: باب ما جاء فيمن يستعجل بدعائه، وابن ماجة (3853) في الدعاء: باب يستجاب لأحد كم ما لم يعجل، والطحاوي في مشكل الآثار 1/374. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (654) من طريق أبي اليمان، عن شعيب: عن الزهري، به، وأخرجه أحمد 2/396، ومسلم (2730) (91) من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الترمذي (3607) و (3608) في الدعوات، والطحاوي في مشكل الآثار 1/374، 375 من طرق عن أبي هريرة.

اللّٰهِ، مَا الْاِسْتِعْجَالُ؟، قَالَ: يَقُوْلُ: يَا رَبِّ قَدْ دَعَوْتُ، وَقَدْ دَعَوْتُ، فَمَا اَرَاكَ تَسْتَجِيْبُ لِي، فَيَدَعُ الدُّعَاءَ.

(43:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندے کی دعا مسلسل مستجاب ہوتی رہتی ہے' جب تک کہ وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کے بارے میں دعا نہیں کرتا اور جب تک وہ جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتا۔''

عرض کی گئی یا رسول اللہ! جلد بازی کا مظاہرہ کرنے سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ یہ کہتا ہے، اے میرے پروردگار! میں نے دعا کی پھر میں نے دعا کی' لیکن میرا خیال ہے' تو نے میری دعا قبول نہیں کی۔

پھر وہ شخص دعا کرنا ترک کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّقُوْلَ الْمَرْءُ فِيْ دُعَائِهِ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ اِنْ شِئْتَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنی دعا میں یہ کہے: اے میرے پروردگار! اگر تو چاہے' تو میری مغفرت کر دے

977 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَقُلْ اَحَدُكُمْ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ اِنْ شِئْتَ. فَاِنَّهُ لَا مُسْتَكْرِهَ لَهُ، وَلٰكِنْ لِيَعْزِمِ الْمَسْاَلَةَ. (43:2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی شخص یہ نہ کہے: اے اللہ! اگر تو چاہے' تو میری مدد کر! کیونکہ اللہ تعالیٰ کو کوئی مجبور کرنے والا نہیں ہے۔ آدمی کو پورے اعتماد کے ساتھ مانگنا چاہئے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِكْثَارِ الْمَرْءِ السَّجْعَ فِي الدُّعَاءِ دُوْنَ الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنْهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی دعا میں آسان الفاظ استعمال کرنے کی بجائے مقفع و مسجع الفاظ استعمال کرے

977-- إسناده قوي، وسبق برقم (881) وتقدم تخريجه هناك. وانظر ما قبله.

978 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ، عَنِ ابْنِ اَبِی السَّائِبِ قَاصِّ الْمَدِیْنَةِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: قُصَّ فِی الْجُمُعَةِ مَرَّةً، فَاِنْ اَبِیتَ فَمَرَّتَیْنِ، فَاِنْ اَبَیْتَ فَثَلَاثًا، وَلَا اُلْفِیَنَّكَ تَاْتِی الْقَوْمَ وَهُمْ فِیْ حَدِیْثِهِمْ فَتَقْطَعَهُ عَلَیْهِمْ، وَلٰكِنْ اِنِ اسْتَمَعُوا حَدِیْثَكَ فَحَدِّثْهُمْ، وَاجْتَنِبِ السَّجْعَ فِی الدُّعَاءِ، فَاِنِّیْ عَهِدْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهُ یَكْرَهُوْنَ ذٰلِكَ . (110:2)

عامر شعبی، مدینہ منورہ کے واعظ ابن ابوسائب کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم ہفتے میں ایک مرتبہ وعظ کیا کرو اگر یہ بات نہیں مانتے' تو دومرتبہ کرلیا کرو اور اگر یہ بھی نہیں مانتے' تو تین مرتبہ کرلیا کرو۔ میں تمہیں ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ تم لوگوں کے پاس آؤ اور وہ اپنی بات چیت میں مگن ہوں' اور پھر تم ان کی بات کو منقطع کردو۔

ہونا یہ چاہئے کہ وہ لوگ غور سے تمہاری بات سنیں' تو تم ان کے ساتھ بات چیت کرو اور دعا مانگتے ہوئے مقفع اور مسجع الفاظ استعمال کرنے سے اجتناب کرو کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو دیکھا ہے' وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا یُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الدُّعَاءُ لِاَعْدَاءِ اللّٰهِ بِالْهِدَایَةِ اِلَى الْاِسْلَامِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے لئے دعا کرے کہ انہیں اسلام کی طرف ہدایت نصیب ہو

979 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ الطُّفَیْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِیُّ اِلٰى نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ

978- إسناده صحيح، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (583) عن محمد بن بشار، عن عبد الرحمٰن بن مهدي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/243، والنسائي في عمل اليوم والليلة (582) من طريق سفيان، به. وأخرجه مالك في الموطأ 1/213 في القرآن: باب ما جاء في الدعاء، عن أبي الزناد، به، ومن طريق مالك أخرجه البخاري (6339) في الدعوات: باب ليعزم المسألة، والترمذي (3497) في الدعوات. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/199، ومن طريقه ابن ماجة (3854) في الدعاء: باب لا يقول الرجل اللّٰهم اغفر لي إن شئت، عن عبد الله بن إدريس، عن ابن عجلان، عن أبي الزناد، به. وأخرجه البخاري (7477) في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، والبغوي في شرح السنة (1391) و (1392)، من طريق عبد الرزاق، عن معمر عن همام، عن أبي هريرة، به. وأخرجه مسلم (2678) (9) في الذكر: باب العزم بالدعاء، من طريق أنس بن عياض، عن الحارث، عن عطاء بن ميناء، عن أبي هريرة به. وفي الباب عن أنس بن مالك عند ابن أبي شيبة، 10/198، والبخاري (6338) في الدعوات، و (7464) في التوحيد، وفي الأدب المفرد (608)، ومسلم (2678) (7) في الذكر، والنسائي في عمل اليوم والليلة (584) وعن أبي سعيد موقوفاً عند ابن أبي شيبة 10/200، وانظر الحديث المتقدم برقم (896).

اللّٰهِ، اِنَّ دَوْسًا قَدْ عَصَتْ وَاَبَتْ، فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَّائْتِ بِهِمْ. (5: 12)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! دوس قبیلے کے افراد نافرمانی کر رہے ہیں اور (اسلام قبول کرنے کی) بات نہیں مان رہے۔ آپ ان کے خلاف اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی:

''اے اللہ! تو دوس قبیلے کو ہدایت عطا کر اور انہیں اسلام کے دامن میں لے آ۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، اعرج کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں ابوزناد نامی راوی منفرد ہے

980 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ بُدَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ دَوْسًا، فَقَالَ: اِنَّهُمْ ... فَذَكَرَ رِجَالَهُمْ وَنِسَاءَهُمْ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، هَلَكَتْ دَوْسٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا. (5: 12)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے دوس قبیلے کا ذکر کرتے ہوئے کہا: یہ لوگ پھر اس نے ان کے مردوں اور خواتین کا ذکر کیا کہ (وہ مسلمان نہیں ہو رہے)

979- ابن أبي السائب: قاص المدينة، لم أقف له على ترجمة، وباقي رجاله ثقات. واخرجه أحمد 6/217 عن إسماعيل بن إبراهيم عن داوُد، عن الشعبي، قال: قالت عائشة لابن أبي السائب، قاص أهل المدينة .. وهذا إسناد صحيح، فإن الشعبي روى عَنْ عَآئِشَةَ وسمع منها. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/191، وقال. رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى بنحوه. وأورده ابن الجوزي في القصاص والمذكرين ص 362 مختصراً.

980- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو عروبة: هو الحافظ الإمام محدث حران الحسين بن محمد بن أبي معشر مردود السلمي الحراني المتوفى سنة 318 هـ، تذكرة الحفاظ 2/774، ومحمد بن معمر هو ابن ربعي القيسي. وأبو نعيم: هو الفضل بن دكين، وسفيان هو الثوري. وأخرجه البخاري (4392) في المغازي. باب قصة دوس والطفيل بن عمرو الدوسي، عن أبي نعيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/243 و 448 من طريق سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2524) في فضائل الصحابة: باب من فضائل غفار وأسلم عن يحيى بن يحيى، عن المغيرة بن عبد الرحمٰن، عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد 2/502 عن يَزِيْدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أبي هريرة. (2) إسناده جيد، مسلم بن بديل روى عنه جمع، ووثقه المؤلف، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وانظر الحديث المتقدم.

تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کردیئے تو وہ شخص بولا: بے شک ہم اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ اور بے شک ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

رب کعبہ کی قسم! دوس ہلاکت کا شکار ہوگیا۔

نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے اور دعا کی۔

''اے اللہ! دوس قبیلے کو ہدایت عطا کر۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتْرُكَ الْاِسْتِغْفَارَ لِقَرَابَتِهِ الْمُشْرِكِيْنَ اَصْلًا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنے مشرک رشتہ داروں کے لئے دعائے مغفرت کو سرے سے ترک کردے

981 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا، فَخَرَجْنَا مَعَهُ، حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلَى الْمَقَابِرِ، فَاَمَرَنَا فَجَلَسْنَا، ثُمَّ تَخَطَّى الْقُبُوْرَ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى قَبْرٍ مِنْهَا فَجَلَسَ اِلَيْهِ، فَنَاجَاهُ طَوِيْلًا، ثُمَّ رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاكِيًا، فَبَكَيْنَا لِبُكَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَتَلَقَّاهُ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَالَ: مَا الَّذِيْ اَبْكَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَدْ اَبْكَيْتَنَا وَاَفْزَعْتَنَا؟ فَاَخَذَ بِيَدِ عُمَرَ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: اَفْزَعَكُمْ بُكَائِي؟ قُلْنَا: نَعَمْ، فَقَالَ: اِنَّ الْقَبْرَ الَّذِيْ رَاَيْتُمُوْنِيْ اُنَاجِي قَبْرُ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهْبٍ، وَاِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّي الْاِسْتِغْفَارَ لَهَا، فَلَمْ يَاْذَنْ لِي، فَنَزَلَ عَلَيَّ: (مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِيْنَ) (التوبة: 113)، فَاَخَذَنِيْ مَا يَاْخُذُ الْوَلَدُ لِلْوَالِدِ مِنَ الرِّقَّةِ، فَذٰلِكَ الَّذِيْ اَبْكَانِي، اَلَا وَاِنِّيْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُرَغِّبُ فِي الْاٰخِرَةِ. (5: 5)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ تشریف لائے ہم بھی آپ کے ساتھ آئے جب ہم قبرستان پہنچے تو آپ نے ہمیں حکم دیا تو ہم لوگ بیٹھ گئے پھر نبی اکرم ﷺ قبروں کو پھلانگتے ہوئے ان میں سے ایک قبر پر تشریف لے گئے آپ اس کے پاس بیٹھ گئے وہاں آپ نے طویل مناجات کی۔

981- إسناده ضعيف، ابن جريج: مدلس وقد عنعن، وأيوب بن هانىء: فيه لين، وأخرجه الواحدي في أسباب النزول ص 178، والحاكم 2/336 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد وصححه الحاكم، فتعقبه الذهبي بقوله: أيوب ضعفه ابن معين وقوله: كنت نهيتكم عن زيارة القبور ... أخرجه ابن ماجة (1571) في الجنائز: باب ما جاء في زيارة القبور، والبيهقي 4/76،

نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لائے، تو آپ رو رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ کے رونے کی وجہ سے ہم بھی رونے لگے۔

نبی اکرم ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے تھے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں۔ آپ نے ہمیں بھی رلا دیا ہے اور ہمیں گریہ وزاری کا شکار کر دیا ہے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور پھر آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور دریافت کیا: کیا تم لوگ میرے رونے کی وجہ سے گھبرا گئے ہو ہم نے عرض کی: جی ہاں۔

تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ قبر جسے تم نے دیکھا ہے، میں وہاں مناجات کر رہا تھا وہ (میری والدہ) آمنہ بنت وہب کی قبر تھی میں نے اپنے پروردگار سے ان کے لئے استغفار کا سوال کیا، تو مجھے اجازت نہیں دی مجھے پر یہ آیت نازل ہوئی۔

''نبی اور اہل ایمان کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے، وہ مشرکین کے لئے دعائے مغفرت کریں۔''

تو مجھ پر وہی کیفیت طاری ہوگئی، جو کسی بچے کی اپنی ماں کے لئے رقت ہوتی ہے۔

اسی بات نے مجھے رلا دیا۔

خبردار! میں نے تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا اب تم ان کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دنیا سے بے رغبت کرتی ہیں اور آخرت کی طرف راغب کرتی ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الِاقْتِصَارِ عَلَى حَمْدِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِمَا مَنَّ عَلَيْهِ مِنَ الْهِدَايَةِ، وَتَرْكِ التَّكَلُّفِ فِي سُؤَالِ تِلْكَ الْحَالَةِ لِمَنْ خُذِلَ وَحُرِمَ التَّوْفِيقَ وَالرَّشَادَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کو ہدایت نصیب کر کے اس پر جو احسان کیا ہے اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے پر اکتفاء کرے

اور یہ حالت (یعنی ہدایت) اس شخص کے لئے مانگنے میں تکلف (یعنی اہتمام) کو ترک کر دے جو شخص رسوا ہوا اور توفیق وہدایت سے محروم ہو

982 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ:

982–وأخرجه مختصراً ابن أبی شسة فی المصنف 3/343، ومن طریقه أخرجه مسلم (976) (108) فی الجنائز: باب استئذان النبی صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ربه عز وجل فی زیارة قبر أمه، وابن ماجة (1572) فی الجنائز، والبیهقی فی السنن، 4/76، وأخرجه ابن داؤد (3234) فی الجنائز: باب فی زیارة القبور، عن محمد بن سلیمان الأنباری، والنسائی 4/90 عن قتیبة بن سعید. وفی الباب عن بریدة عند ابن أبی شیبة 3/343، وأحمد 5/355 و 356، وابن عباس عند الطبرانی (12049). ورخصة زیارة القبور وردت من حدیث أنس عند ابن أبی شیبة 3/343، وأحمد 3/250، والبیهقی 4/77، وأبی سعید الخدری عند البیهقی 4/77، وعلی عند ابن أبی شیبة 3/343.

اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَـمَّـا حَضَرَ اَبَا طَالِبِ الْوَفَاةُ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ عِنْدَهُ اَبَا جَهْلٍ وَّعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ اُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، قُلْ: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ، قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ اُمَيَّةَ: يَا اَبَا طَالِبٍ اَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟، قَالَ: فَلَمْ يَـزَلِ الـنَّبِـىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيُعِيْدُ لَهُ تِلْكَ الْمَقَالَةَ حَتّٰى قَالَ اَبُوْ طَالِبٍ اٰخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ هُوَ عَـلٰى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَاَبٰى اَنْ يَّقُوْلَ: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَـا لَـمْ اُنْـهَ عَنْكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوا اُولِىْ قُرْبٰى مِنْ بَـعْـدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحَابُ الْجَحِيمِ) (التوبة: 113)، وَاُنْـزِلَـتْ فِىْ اَبِىْ طَالِبٍ: (اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ، وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاءُ، وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ) (القصص: 56) (5:5)

حدیث **982**: سعید بن میّب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب جناب ابوطالب کی وفات کا وقت قریب آیا' تو نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اس وقت جناب ابوطالب کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابواُمیہ بھی موجود تھے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے چچا جان! آپ ''لا الہ الا اللہ'' پڑھ لیجئے اس کلمہ کی وجہ سے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ کے لئے گواہی دوں گا۔

ابوجہل اور عبداللہ بن ابواُمیہ بولے: اے ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کے دین سے منہ موڑ رہے ہو؟

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ان کے سامنے مسلسل یہی پیشکش کرتے رہے اور یہی بات دہراتے رہے' یہاں تک کہ جناب ابوطالب نے ان لوگوں کے ساتھ جو آخری بات کی وہ یہ تھی۔

کہ وہ عبدالمطلب کے دین پر ہیں۔ انہوں نے ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنے سے انکار کر دیا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میں آپ کے لئے اس وقت تک دعائے مغفرت کرتا رہوں گا' جب تک مجھے اس سے منع نہیں کر دیا جاتا۔''

تو یہ آیت نازل ہوئی:

''نبی اور اہل ایمان کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے' وہ مشرکین کے لئے دعائے مغفرت کریں اگرچہ وہ ان کے قریبی عزیز ہی کیوں نہ ہوں اس کے بعد کہ ان لوگوں کے سامنے یہ بات واضح ہو چکی ہو کہ وہ لوگ جہنمی ہیں''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) یہ آیت جناب ابوطالب کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

''بے شک تم اسے ہدایت نہیں دیتے' جسے تم پسند کرتے ہو' اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اسے ہدایت دیتا ہے۔ وہ ہدایت پانے والوں کے بارے میں زیادہ جانتا ہے۔''

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي إِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الْوَطْءِ لَمْ يَضُرَّ الشَّيْطَانُ وَلَدَهُ

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی صحبت کرتے وقت اسے پڑھ لے گا تو شیطان اس کی اولاد کو نقصان نہیں پہنچائے گا

983 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَا اِنَّ اَحَدَكُمْ لَوْ اَنَّهُ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْتِيَ اَهْلَهُ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، ثُمَّ رُزِقَا وَلَدًا لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ .(21)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آنے کا ارادہ کرے تو اسے یہ دعا پڑھنی چاہئے۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں یہ عمل کرنے لگا ہوں) اے اللہ! تو شیطان کو ہم سے دور رکھنا اور شیطان کو اس چیز سے بھی دور رکھنا' جو تو ہمیں رزق (یعنی اولاد عطا کرے گا)''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:)

پھر اگر انہیں اولاد عطا کر دی جائے' تو شیطان اسے نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا زَارَ قَوْمًا اَنْ يَدْعُوَ لِلْمَزُوْرِ عِنْدَ انْصِرَافِهِ عَنْهُمْ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' جب وہ کسی کو ملنے کے لئے جائے' تو وہاں سے واپس آتے وقت ان لوگوں کے لئے دعا کرے جن سے ملنے گیا تھا

983- إسناده صحيح، على شرط مسلم، يونس: هو ابن يزيد بن أبي النجاد الأيلي، وأخرجه مسلم (24) في الإيمان: باب الدليل على صحة إسلام من حضره الموت ما لم يشرع في النزع، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبري في التفسير 11/41، و 20/92 عن احمد بن عبد الرحمن بن وهب، عن عبد الله بن وهب، به.وأخرجه أحمد 5/433، والبخاري (1360) في الجنائز: باب إذا قال المشرك عند الموت: لا إله إلا الله، و (3884) في مناقب الأنصار: باب قصة أبي طالب، و (4675) في التفسير . باب (ما كاد للنبي والذين امنوا أن يستغفروا للمشركين) ، و (4772) باب (إنك لا تهدي من أحببت) و (6681) في الأيمان والنذور: باب إذا قال: والله لا أتكلم اليوم فصلى، ومسلم (24) (40) في الإيمان، والنسائي 4/9 في الجنائز: باب النهي عن الاستغفار للمشركين، والطبري 11/42 و 20/92، والواحدي في أسباب النزول ص 187، والبيهقي في الأسماء والصفات، ص 97، 98، من طرق عن ابن شهاب الزهري، به.

984 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَعِيْنُهُ فِيْ دَيْنٍ كَانَ عَلٰى اَبِيْ، فَقَالَ: اٰتِيْكُمْ، فَقُلْتُ لِلْمَرْاَةِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْنَا، فَاِيَّاكِ اَنْ تُكَلِّمِيْهِ اَوْ تُؤْذِيْهِ، قَالَ: فَاَتٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَبَحْتُ لَهُ دَاجِنًا كَانَ لَنَا، قَالَ: يَا جَابِرُ كَاَنَّكَ عَلِمْتَ حُبَّنَا اللَّحْمَ؟، فَلَمَّا خَرَجَ، قَالَتْ لَهُ الْمَرْاَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: صَلِّ عَلَيَّ وَعَلٰى وَزَوْجِي، قَالَ: فَفَعَلَ، فَقَالَ لَهَا: اَلَمْ اَقُلْ لَكِ؟ فَقَالَتْ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ بَيْتِيْ وَيَخْرُجُ وَلَا يُصَلِّيْ عَلَيْنَا؟ .(5: 12)

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں آپ سے مدد حاصل کرنا چاہتا تھا۔ وہ قرض جو میرے والد کے ذمے لازم تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے ہاں آؤں گا' میں نے اپنی بیوی سے کہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں آئیں گے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کوئی بات چیت کرنے یا آپ کو کوئی اذیت پہنچانے سے بچنے کی کوشش کرنا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے آپ کے لئے اپنے گھر میں موجود ایک بکری ذبح کر لی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جابر! لگتا ہے تمہیں پتہ ہے' مجھے گوشت بہت پسند ہے پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے جانے لگے' تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ میرے لئے اور میرے شوہر کے لئے دعائے رحمت کیجئے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔

پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس خاتون سے کہا: کیا میں نے تمہیں انہیں تھا کہ تم (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہ کہنا) تو وہ عورت بولی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائیں اور پھر ہمارے لئے دعائے رحمت کیے بغیر واپس چلے جائیں؟

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّدْعُوَ الْمَرْءُ لِنَفْسِهٖ، وَيُعْقِبَ دُعَاءَهٗ بِسُؤَالِ اللّٰهِ مَنْعَ ذٰلِكَ غَيْرَهٗ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنے لئے کوئی دعا مانگے اور پھر اس دعا کے بعد یہ سوال کرے

باب صفة إبليس وجنوده، عن موسى (3271) في بدء الخلق: وأخرجه البخاری
984- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاری ابن اسماعيل، والطبرانی فی الكبير (12195) عن حفص بن عمر الحوضی، كلاهما عن همام، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبی شيبة 10/394، وأحمد 1/217 و 220 و 243 و 283 و286، والبخاری (141) فی الوضوء : باب التسمية على كل حال وعند الوقاع، و (3283) فی بدء الخلق، و (5165) فی النكاح: باب ما يقول الرجل إذا أتى أهله، و (6388) فی الدعوات، و (7396) فی التوحيد: باب السؤال بأسماء الله تعالى، ومسلم (1434) فی النكاح: باب ما يستحب أن يقوله عند الجماع، وأبو داوُد (2161) فی النكاح، والترمذی (1092) فی النكاح، والنسائی فی عمل اليوم والليلة (266)، وفی عشرة النساء فی الكبرى كما فی التحفة 5/204، وابن ماجة (1919) فی النكاح، والبغوی فی شرح السنة (1330) من طرق عن منصور، به.وأخرجه البخاری (3283) والنسائی فی عمل اليوم والليلة (270) من طريق الأعمش، عن سالم بن أبی الجعد، به.

کہ اللہ تعالیٰ وہ چیز کسی دوسرے کو عطا نہ کرے

985 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ اَعْرَابِيٌّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، وَهُوَ جَالِسٌ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِمُحَمَّدٍ وَّلَا تَغْفِرْ لِاَحَدٍ مَّعَنَا، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ، قَالَ: لَقَدِ احْتَظَرْتَ وَاسِعًا، ثُمَّ وَلَّى الْاَعْرَابِيُّ حَتّٰى اِذَا كَانَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَحَجَّ لِيَبُوْلَ، فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ بَعْدَ اَنْ فَقِهَ فِي الْاِسْلَامِ: فَقَامَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يُؤَنِّبْنِيْ، وَلَمْ يَسُبَّنِيْ، وَقَالَ: اِنَّمَا بُنِيَ هٰذَا الْمَسْجِدُ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَالصَّلَاةِ، وَاِنَّهٗ لَا يُبَالُ فِيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِسَجْلٍ مِنْ مَّاءٍ فَاَفْرَغَهٗ عَلَيْهِ. (2: 62)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی مسجد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت تشریف فرما تھے وہ بولا: اے اللہ! تو میری اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کر دے اور تو ہمارے ساتھ کسی اور کی مغفرت نہ کرنا۔

راوی بیان کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے ایک کشادہ چیز کو تنگ کر دیا ہے۔

پھر وہ دیہاتی مڑ کے واپس چلا گیا وہ مسجد کے کنارے پر پہنچا' تو وہ پیشاب کرنے کے ارادہ سے رکا

وہ دیہاتی مسلمان ہو جانے کے بعد یہ بات بیان کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کے میرے پاس آئے، آپ نے مجھے ڈانٹا نہیں آپ نے صرف یہ فرمایا: یہ مسجد اللہ کا ذکر کرنے کے لئے اور نماز ادا کرنے کے لئے بنائی گئی ہے۔ اس میں پیشاب نہیں کرنا چاہئے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ڈول منگوایا اور وہ اس پر بہا دیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّدْعُوَ الْمَرْءُ لِنَفْسِهٖ بِالْخَيْرِ وَحْدَهٗ دُوْنَ اَنْ يَّقْرِنَ بِهٖ غَيْرَهٗ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی صرف اپنے لئے بھلائی کی دعا مانگے اور اس بھلائی میں اپنے ساتھ دوسرے کو شامل نہ کرے

985- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين ما عدا نبيح، وهو ابن عبد الله العَنَزي الكوفي وثقه أبو زرعة والعجلي والمؤلف، وصحح حديثه الترمذي وابن خزيمة والحاكم، وقد تقدم من طريق سفيان بهذا الإسناد برقم (916)، ومن طريق أبي عوانة عن الأسود بن قيس به برقم (918)، وتقدم تخريجه هناك. (2) إسناده حسن، رجاله رجال مسلم إلا أن محمد بن عمرو صدوق له أوهام، وأخرجه ابن أبي شيبة 1/193، ومن طريقه ابن ماجة (529) في الطهارة: باب الأرض يصيبها البول كيف تغسل، عن علي بن مسهر، وأحمد 2/503 عن يزيد، كلاهما عن محمد بن عمرو. بهذا الإسناد. وسيعيده المؤلف برقم (1402). وسيورده المؤلف برقم (987) من طريق الزهري، عن أبي سلمة، به، وبرقم (1399) من طريق الزُّهْرِيّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أبي هريره، به.

986 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِمُحَمَّدٍ وَّحْدَنَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَجَبْتَهَا عَنْ نَاسٍ كَثِيرٍ. (2: 86)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے کہا: اے اللہ! تو صرف میری اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کرنا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے (اس مغفرت) کو بہت سے لوگوں سے مجوب کر دیا ہے۔ (یعنی اس کو ان تک نہیں پہنچنے دیا)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ اَلَّا يَرْحَمَ مَعَهُ غَيْرَهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ بندہ پروردگار سے یہ دعا مانگے کہ وہ اس کے ہمراہ کسی دوسرے پر رحم نہ کرے

987 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ وَقُمْنَا مَعَهُ، فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ فِي الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَلَا تَرْحَمْ مَعَنَا اَحَدًا؛ فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِلْاَعْرَابِيِّ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا يُرِيْدُ رَحْمَةَ اللّٰهِ. (2: 46)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آپ کے ساتھ ہم بھی کھڑے ہو گئے۔ ایک دیہاتی نے نماز کے دوران کہا: اے اللہ! تو مجھ پر رحم کر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحم کر اور ہمارے ساتھ اور کسی پر رحم نہ کرنا۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی' تو آپ نے اس دیہاتی سے فرمایا:

''تم نے ایک کشادہ چیز کو تنگ کر دیا ہے۔''

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد اللہ تعالیٰ کی رحمت تھی۔

986- حديث صحيح، رجاله ثقات، وحماد بن سلمة سمع من عطاء قبل الاختلاط وبعده. وأخرجه أحمد 2/170 و 196 و 221 عن عبد الصمد وعفان، والبخاري في الأدب المفرد (626) عن موسى بن إسماعيل وشهاب، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/150 وقال. رواه أحمد، والطبراني بنحوه، وإسنادهما حسن. وانظر الحديث قبله، والحديث بعده.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ يَجِبُ اَنْ يَّبْدَاَ بِنَفْسِهٖ، ثُمَّ بِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جواس بات پر دلالت کرتی ہے' جب بندہ اپنے مسلمان بھائی کے لئے دعا کرتا ہے' تو یہ بات ضروری ہے' وہ پہلے اپنے لئے دعا کرے پھر اس کے لئے کرے

988 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ اَحَدًا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ، وَاِنَّهٗ، قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلٰى مُوْسٰى، لَوْ صَبَرَ مَعَ صَاحِبِهٖ، لَرَاَى الْعَجَبَ الْاَعَاجِيْبَ، وَلٰكِنَّهٗ، قَالَ: (اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي) (الكهف: 76)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سے پہلے جن بھی انبیاء کا ذکر کرتے تھے' تو پہلے آپ اپنا ذکر کرتے تھے۔ ایک دن آپ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ ہم پر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحمت کرے اگر وہ اپنے ساتھی (یعنی حضرت خضر علیہ السلام) کے ساتھ صبر سے کام لیتے' تو وہ خود بھی حیران کن چیزیں دیکھتے لیکن انہوں نے یہ کہا۔

''اگر میں نے آپ سے اس کے بعد کوئی سوال کیا' تو آپ میرے ساتھ نہ رہے گا۔''

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ كَثْرَةِ دُعَاءِ الْمَرْءِ لِاَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ رَجَاءَ الْاِجَابَةِ لَهُمَا بِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کا اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اس کے لئے زیادہ دعا مانگنا مستحب ہے' کیونکہ اس بات کی اُمید کی جاسکتی ہے' کہ وہ دعا ان دونوں کے حق میں مستجاب ہوگئی

989 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيْزٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي

988- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 2/283، والبخاري (6010) في الأدب: باب رحمة الناس والبهائم، والنسائي 3/14 في السهو: باب الكلام في الصلاة، من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/239، وأبو داؤد (380) في الطهارة: باب الأرض يصيبها البول، والترمذي (147) في الطهارة: باب ما جاء في البول يصيب الأرض، والنسائي 3/14 في السهو: باب الكلام في الصلاة، بن طريق سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أبي عن هريرة. وفي الباب عن واثلة بن الأسقع عند ابن ماجه (530) في الطهارة.

الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُوْ لِاَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ اِلَّا، قَالَ الْمَلَكُ: وَلَكَ بِمِثْلٍ، وَلَكَ بِمِثْلٍ. (2 1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كُلُّ مَا يَجِيْءُ فِي الرِّوَايَاتِ فَهُوَ: كُرَيْزٌ، اِلَّا هٰذَا فَاِنَّهُ: كَرِيزٌ وَاُمُّ الدَّرْدَاءِ اسْمُهَا: هُجَيْمَةُ بِنْتُ حُيَيِّ الْاَوْصَابِيَّةُ، وَاَبُو الدَّرْدَاءِ: عُوَيْمِرُ بْنُ عَامِرٍ.

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو بھی مسلمان اپنے بھائی کے لئے اس کی غیر موجودگی میں دعا کرتا ہے' تو فرشتہ یہ کہتا ہے: تمہیں بھی اسی کی مانند ملے تمہیں بھی اسی کی مانند ملے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) تمام تر روایات میں راوی کے (دادا) کا نام کریز ہے۔ (یعنی ''ک'' پر پیش اور ''ر'' پر زبر ہے) جبکہ یہاں اس کا نام کریز ہے (یعنی ک پر زبر اور ر پر زیر) نقل ہوا ہے۔ جبکہ سیدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کا نام ہجیمہ بنت حیی ہے' جبکہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کا نام عویمر بن عامر ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ دُعَاءِ الْمَرْءِ لِاَخِيهِ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ آدمی اپنے بھائی کے مال اور اولاد میں کثرت کی دعا کرے

990 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْحَاتِمٍ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

989- حديث صحيح غسان بن عمر بن عبيد الله العدني انفرد بتوثيقه المؤلف 9/2، ولم يرو عنه غير أبي الربيع الزهراني سليمان بن داوُد، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه أبو داوُد (3984) في الحروف والقراء ات من طريق عيسى بن يونس، والطبرى في التفسير 15/288 من طريق حجاج بن محمد، كلاهما عن حمزة الزيات بهذا الإسناد .وأخرجه مطولا مسلم (2380) (172) في الفضائل: باب من فضائل الخضر، من طريقين عن إسرائيل، عن أبي إسحاق، به.وأخرجه بنحوه البخارى (122) و (3401) و (4725) و (4727)، ومسلم (2380) من طرق. (2) حديث صحيح، أبو هاشم الرفاعي محمد بن يزيد العجلي: أخرج له مسلم في صحيحه، وقال ابن معين: ما أرى به بأساً، وكذا قال العجلي، وقال البرقاني: ثقة أمرني الدارقطني أن أخرج حديثه في الصحيح، وقال الحافظ في التقريب . ليس بالقوى، وقد توبع عليه، وبقية رجاله ثقات . فأخرجه مسلم (2732) (86) في الذكر: باب فضل الدعاء للمسلمين بظهر الغيب، عن أحمد بن عمر ابن حفص الوكيعي، عن محمد بن فضيل بن غزوان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (2732) (87)، والبيهقي في السنن 3/353 من طريق إسحاق بن إبراهيم، وأبو داوُد (1534) في الصلاة: باب الدعاء بظهر الغيب، عن رجاء بن المرجى، كلاهما عن النضر بن شميل، عن موسى بن مروان المعلم، عن طلحة بن عبد الله بن كريز، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/198 عن ابن نمير، عن فضيل بن غزوان، عن طلحة، عن أم الدَّرْدَاءِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/197 ومن طريقه مسلم (2732) (2733) عن يزيد بن هارون، والبخارى في الأدب المفرد (625) من طريق يحيى بن أبي غنية، والبغوى (1397) من طريق يعلى بن عبيد، كلهم عن عبد الملك بن أبي سليمان، عن أبي الزبير، عن صفوان بن عبد الله بن صفوان، عن أم الدرداء وأبي الدرداء، به. وفي الباب عن عبد الله بن عمرو عند ابن أبي شيبة 10/198، وأبي داوُد (1535)، والترمذى (1981)، والبخارى في الأدب المفرد (623).

الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ فَاَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَّسَمْنٍ، فَقَالَ: اَعِيْدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهِ، وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهِ، فَاِنِّيْ صَائِمٌ فَصَلّٰى صَلَاةً غَيْرَ مَكْتُوْبَةٍ، وَصَلَّيْنَا مَعَهُ، فَدَعَا لِاُمِّ سُلَيْمٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهَا، فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ خُوَيْصَّةً، قَالَ: مَا هِيَ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ، قَالَتْ: خَادِمُكَ اَنَسٌ، فَدَعَا لِيْ بِخَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَّوَلَدًا، وَبَارِكْ لَهٗ، قَالَ: فَاِنِّيْ مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ وَلَدًا.(12:5)

قَالَ: وَاَخْبَرَتْنِيْ ابْنَتِيْ اُمَيْنَةُ اَنَّهَا دَفَنَتْ مِنْ صُلْبِيْ اِلٰى مَقْدَمِ الْحَجَّاجِ الْبَصْرَةَ بِضْعًا وَّعِشْرِيْنَ وَمِئَةً.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ اُم سُلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے وہ آپ کی خدمت میں کھجور اور گھی لے کر آئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے گھی کو واپس اسی برتن میں ڈال دو اور اپنی کھجوروں کو واپس اسی برتن میں ڈال دو' کیونکہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نفل نماز ادا کی۔ آپ کی اقتداء میں ہم نے بھی نماز ادا کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا اور ان کے گھر کے افراد کو بلایا' تو سیّدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک درخواست ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! وہ کیا انہوں نے عرض کی: آپ کا خادم انس (آپ اس کے لیے دعا کر دیں)۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حق میں دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا کی۔ (آپ نے دعا کی:)

''اے اللہ! اسے مال اور اولاد عطا کر اور اس کے لئے ان میں برکت رکھ دے۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں لوگوں میں اولاد کے اعتبار سے کثرت والا ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بیٹی امینہ نے یہ بات بتائی ہے' حجاج کے بصرہ کا گورنر بننے تک میری اولاد اور (اولاد کی اولاد میں سے) ایک سو بیس لوگوں کا انتقال ہو چکا تھا۔

990– إسناده صحيح، على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 3/108 و 188، والبخاري (1982) في الصوم: لا من زار قوماً فلم يفطر عندهم، من طرق عن حميد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/248، ومسلم (2481) في فضائل الصحابة: باب من فضائل ابن، من طريق عن ثابت، عن أنس .وأخرجه ابن سعد في الطبقات ، 7/19 من طريق سليمان بن حرب، عن حماد بن زيد، عن سنان بن ربيعة قال. سمعت أنس بن مالك ....وأخرجه الطبراني في الكبير (710) وأخرجه الطيالسي 2/140، والبخاري (6334) في الدعوات: باب قوله تعالى: (وصلِّ عليهم) ، و (6344) باب دعوة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لخادمه، و (6378، 6379) باب الدعاء بكثرة المال والولد مع البركه، و (6380، 6381) باب الدعاء بكثرة الولد مع البركة، ومسلم (2480) ، والترمذي (3829) في المناقب: باب مناقب لأنس، من طرق عن شعبة، عن قتادة، عن أنس .وأخرجه البخاري (6378، 6379) أيضاً من طريق شُعْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ.

ذِكْرُ مَا يَدْعُوْ الْمَرْءُ بِهِ عِنْدَ وُجُوْدِ الْجَدْبِ بِالْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کا تذکرہ کہ جب مسلمانوں کو قحط کی صورت حال لاحق ہو تو آدمی کو کیا دعا کرنی چاہیے؟

991 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ الْاَيْلِيُّ، (حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُوْرٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ الْاَيْلِيِّ)، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حديث): قَالَتْ: شَكَا النَّاسُ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَحْطَ الْمَطَرِ، فَاَمَرَ بِالْمِنْبَرِ، فَوُضِعَ لَهُ فِي الْمُصَلَّى، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ، قَالَ: اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ جَنَابِكُمْ، وَاحْتِبَاسَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهِ عَنْكُمْ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَسْتَجِيْبَ لَكُمْ، ثُمَّ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَاَيْنَا بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَقَلَبَ اَوْ حَوَّلَ رِدَاءَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ وَنَزَلَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابًا، فَرَعَدَتْ وَاَبْرَقَتْ وَاَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمْ يَلْبَثْ فِيْ مَسْجِدِهِ حَتّٰى سَالَتِ السُّيُوْلُ، فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَثَقَ الثِّيَابِ عَلَى النَّاسِ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَاَنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بارش نہ ہونے کی شکایت کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر کے بارے میں حکم دیا۔ اسے عیدگاہ میں رکھ دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ ایک دن کا وعدہ کیا کہ وہ لوگ اس دن نکلیں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سورج کی ٹکیہ ظاہر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

"تم لوگوں نے اپنے باغات کے خشک ہو جانے کی اور طویل عرصے سے بارش نہ ہونے کی شکایت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں یہ حکم دیا ہے تم اس سے دعا مانگو اور اس نے تم سے یہ وعدہ کیا ہے وہ تمہاری دعا کو قبول کرے گا۔"

پھر آپ نے یہ فرمایا:

"تمام حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے: اے اللہ! تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے تو جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے: اے اللہ! تو ہی اللہ ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے تو بے نیاز ہے اور ہم غریب ہیں تو ہم پر بارشیں نازل کر اور ہم پر جو چیز تو نازل کرے گا اسے مخصوص مدت کے لئے قوت اور بلاغ بنا دے۔"

پھر نبی اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھ بلند کئے یہاں تک کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی بھی دیکھ لی۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنی پشت لوگوں کی طرف کر لی اور آپ نے اپنی چادر کو الٹا لیا۔ آپ نے اس وقت اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے ہوئے تھے پھر آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور منبر سے نیچے اتر آئے پھر آپ نے دو رکعات نماز ادا کی، تو اللہ تعالیٰ نے بادل پیدا کر دیا وہ گرجا بجلی چمکی اور اللہ کے حکم سے بارش نازل ہونا شروع ہو گئی۔

نبی اکرم ﷺ ابھی مسجد (یعنی عیدگاہ) میں ہی تھے کہ نالیاں بہنے لگیں۔

جب نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ملاحظہ کی کہ لوگوں نے اپنے اوپر کپڑے کر لئے ہیں، تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے۔ یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دانت نظر آنے لگے۔

آپ نے فرمایا:

''میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اور بے شک میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔''

ذِكْرُ مَا يَدْعُو بِهِ الْمَرْءُ عِنْدَ اشْتِدَادِ الْاَمْطَارِ، وَكَثْرَةِ دَوَامِهَا بِالنَّاسِ

اس بات کا تذکرہ کہ جب لوگوں پر شدید بارش ہو رہی ہو اور مسلسل ہو رہی ہو، تو آدمی کو کیا دعا مانگنی چاہیے؟

992 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ رَجَاءَهُ الْمِنْبَرُ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلَكَتِ الْمَوَاشِي وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ لِيُغِيثَنَا، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا، اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا، قَالَ اَنَسٌ: وَاللّٰهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ سَحَابَةً وَلَا قَزَعَةً بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَّلَا دَارٍ، فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلُ تُرْسٍ، فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ، فَوَاللّٰهِ مَا رَاَيْنَا الشَّمْسَ سِتًّا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنَ الْبَابِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا ثُمَّ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلَكَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَكُفَّهَا عَنَّا، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

991- إسناده حسن، وأخرجه أبو داوُد (1173) في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/325، والبيهقي في السنن 3/349 من طريق هارون بن سعيد الأيلي، وقال أبو داوُد: إسناده جيد، وصححه الحاكم 1/328 ووافقه الذهبي على شرط الشيخين

يَـدَيْـهِ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ، قَالَ: فَاَقْلَعَتْ وَخَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي الشَّمْسِ، فَسَاَلْتُ اَنَسًا اَهُوَ الرَّجُلُ الْاَوَّلُ؟، قَالَ: لَا اَدْرِي. (5: 12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں منبر کے سامنے والے دروازے سے داخل ہوا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے وہ شخص آپ کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مویشی ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں راستے منقطع ہو رہے ہیں۔

آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم پر بارش نازل کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ بلند کیا اور دعا مانگی۔

''اے اللہ! ہم پر بارش نازل کر۔ اے اللہ! ہم پر بارش نازل کر۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خدا کی قسم! ہمیں اس وقت آسمان میں بادل یا بادل کا کوئی ٹکڑا بھی نظر نہیں آرہا تھا' جو ہمارے اور سلع پہاڑ کے درمیان ہو۔

کسی گھر اور محلے کے اوپر بادل نہیں تھا اسی دوران اس (پہاڑ) کے پیچھے کی طرف سے ڈھال کی طرح کا بادل نمودار ہوا وہ آسمان کے درمیان میں پہنچا' تو پھیلنے لگا اور پھر بارش شروع ہوگئی پھر اللہ کی قسم ہم نے چھ دن تک سورج نہیں دیکھا۔

اگلے جمعے والے دن اس دروازے سے ایک شخص اندر آیا اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے وہ آپ کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مال مویشی ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں۔ راستے منقطع ہو رہے ہیں آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم سے بارش کو روک لے۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ بلند کئے اور دعا مانگی:

992- حديث صحيح. وأخرجه مالك في الموطأ 1/198 باب ما جاء في الاستسقاء، ومن طريقه أخرجه البخاري (1016) و (1017) و (1019) في الاستسقاء، وأبو نعيم في دلائل النبوة 2/577، 578، عن شريك، به. وأخرجه البخاري (1013) و (1014) في الاستسقاء، ومسلم (897) في الاستسقاء: باب الدعاء بالاستسقاء، وأبو داؤد (1175) في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، والنسائي 3/161، 162 في السهو: باب ذكر الدعاء، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/322، والبيهقي في السنن 3/355، والبغوي في شرح السنة (1166) من طرق عن شريك، به. وأخرجه أحمد 3/256، والبخاري (933) في الجمعة، و (1018) و (1033) في الاستسقاء، ومسلم (897) (9) في الاستقساء، والنسائي 3/166، وأبو نعيم الأصبهاني في دلائل النبوة 2/576، والبيهقي في السنن 3/354، وفي دلائل النبوة 6/139، وابن الجارود (256)، والبغوي في شرح السنة (1167) من طرق عن الأوزاعي، عن إسحاق ابن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسٍ. وأخرجه أحمد 3/271، والبخاري (932) في الجمعة، و (1015) و (1021) و (1029) في الاستسقاء، و (3582) في المناقب: باب علامات النبوة في الاسلام، و (6093) في الأدب: باب التبسم والضحك، و (6342) في الدعوات: باب الدعاء غير مستقبل القبلة، ومسلم (798) (10) و (11) و (12) في الاستسقاء، وأبو داؤد (1174) في الصلاة، والنسائي 3/160، 161، والبيهقي في السنن 3/356 و 357، وفي دلائل النبوة 6/140 و 141 و 142، من طرق عن أنس، به.

''اے اللہ! ہمارے آس پاس (بارش) ہو ہم پر نہ ہو اے اللہ! پہاڑوں کی چوٹیوں پر کھلے میدانوں میں جنگلات میں بارش ہو۔''

راوی بیان کرتے ہیں' تو بادل چھٹ گیا اور نبی اکرم ﷺ دھوپ میں چلتے ہوئے باہر تشریف لائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا یہ پہلے والا شخص تھا؟

انہوں نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ إِذَا تَفَضَّلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَى النَّاسِ بِالْمَطَرِ وَرَآهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب اللہ تعالیٰ لوگوں پر بارش کے ذریعے فضل کرے اور آدمی بارش کو دیکھے تو اسے کیا پڑھنا چاہئے؟

993 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَى الْمَطَرَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا هَنِيًّا . (5: 12)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ جب بارش دیکھتے تھے' تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ! یہ موسلا دھار ہو' اور نفع دینے والی ہو۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَنِيًّا اَرَادَ بِهِ: نَافِعًا

993- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن عبد الرحمٰن هو: ابن حكيم بن سهم، وأخرجه أحمد 6/90 عن علي بن بحر، والنسائي في عمل اليوم والليلة (917) عن علي بن خشرم، كلاهما عن عيسى بن يونس، به. وأخرجه أحمد 6/90، والنسائي في عمل اليوم والليلة (918)، والبيهقي في السنن 3/361 من طريق الوليد بن مسلم، وابن ماجة (3890) في الدعاء، من طريق ابن أبي العشرين، كلاهما عن الأوزاعي، عن نافع، عن القاسم بن محمد، به. وأخرجه النسائي (919)، والبيهقي 3/361، 362 من طريقين عن الأوزاعي، عن رجل، عن نافع، عن القاسم، به. وأخرجه النسائي (920) من طريق الأوزاعي، عن محمد بن الوليد، عن نافع، عن القاسم به. وأخرجه أحمد 6/129، والبخاري (1032) في الاستسقاء: باب ما يقال إذا أمطرت، والنسائي في عمل اليوم والليلة (921)، والبيهقي في السنن 3/361 من طريق عبد الله بن المبارك، عن عبيد الله بن عمر، عن نافع، عن القاسم، به. ولفظ البخاري اللّٰهم صيباً نافعاً والصيب: هو المطر المنهمر المتدفق. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/218، من طريق أبي أسامة، والنسائي (922) من طريق يحيى، كلاهما عن عبيد الله، عن نافع، عن القاسم، عن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مرسلاً. وأخرجه أحمد 6/119 من طريق علي بن إسحاق، عن عبد الله، عن نافع، وعبد الرزاق (19999) ومن طريقه أحمد 6/166، وأبو نعيم في الحلية 2/186، و 3/14، عن معمر، عن أيوب، كلاهما عن القاسم بن محمد، به. وانظر ما بعده.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان ''ھنیا'' سے مراد نفع دینے والا ہے

994 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُنَيْسٍ الْغَزِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَى الْغَيْثَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا اَوْ سَيْبًا نَافِعًا. (5: 12)

مقدام بن شریح اپنے والد کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بادل دیکھتے' تو یہ دعا مانگتے تھے۔

''اے اللہ! یہ موسلا دھار ہو' اور فائدہ دینے والی ہو''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ سُؤَالِهِمْ رَبَّهُمْ اَنْ يُبَارِكَ لَهُمْ فِيْ رَيْعِهِمْ دُوْنَ اتِّكَالِهِمْ مِنْهُ عَلَى الْاَمْطَارِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ عام مسلمانوں پر بات لازم ہے' وہ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگیں کہ وہ ان کی پیداوار میں ان کیلئے برکت رکھے یہ نہیں' وہ اس کی بجائے صرف بارشوں پر اکتفاء کرلیں

نعیم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے وضو کے دوران چہرہ دھویا اور بازوؤں کو کندھوں تک دھویا۔ پھر دونوں پاؤں دھوئے اور انہیں پنڈلیوں تک دھویا پھر یہ بات بیان کی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک قیامت کے دن میری اُمت کے افراد وضو کے نشان کی وجہ سے چمک دار پیشانیوں والے ہوں گے''۔ تم میں سے جو شخص اپنی چمک میں جتنا اضافہ کرسکتا ہو اسے کرنا چاہیے''۔

ذِكْرُ اِيجَاب دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِمَنْ شَهِدَ لِلّٰهِ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَلِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ بعد فراغه من وضوئه

جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے نبی کی رسالت کی گواہی دے اس کے جنت میں داخلے کے لازم ہونے کا تذکرہ

1049- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم 246 35 فى الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل فى الوضوء، عن هارون بن سعيد الأيلي، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/400 عن أبى العلاء الحسن بن سوار، والبخارى 136 فى الوضوء: باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء، والبيهقى 1/57 عن يحيى بن بكير، كلاهما عن الليث بن سعد، عن خالد بن يزيد، عن سعيد بن أبى هلال، به. ومن طريق البخارى أخرجه البغوى فى شرح السنة 218. وأخرجه أحمد 2/523 من طريق فليح بن سليمان، ومسلم 246 من طريق عمارة بن غزية، كلاهما عن نعيم بن عبد الله المُجْمِر، به. وأخرجه أحمد 2/362 عن معاوية بن عمرو، قال: حدثنا زائدة، عن ليث، عن كعب، عن أبى هريرة.

1050 - (سندحدیث): أَخْبَرْنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِى عُثْمَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خُدَّامَ اَنْفُسِنَا نَتَنَاوَبُ الرِّعْيَةَ - رِعْيَةَ اِبِلِنَا - فَكُنْتُ عَلٰى رِعْيَةِ الْاِبِلِ، فَرُحْتُهَا بِعَشِيٍّ، فَاَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ النَّاسَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ، يُقْبِلُ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ، فَقَدْ اَوْجَبَ.

قَالَ: فَقُلْتُ: مَا اَجْوَدَ هٰذِهِ فَقَالَ رَجُلٌ: الَّذِىْ قَبْلَهَا اَجْوَدُ.

فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ. قُلْتُ: مَا هُوَ يَا اَبَا حَفْصٍ؟ قَالَ: اِنَّهُ قَالَ اٰنِفًا، قَبْلَ اَنْ تَجِيْءَ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَقُوْلُ: حِيْنَ يَفْرُغُ مِنْ وَضُوْئِهِ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، اِلَّا فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ لَهُ، يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ . 1:2

قَالَ: مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ: وَحَدَّثَنِيْهِ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَبُو عُثْمَانَ هٰذَا يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ حَرِيْزَ بْنَ عُثْمَانَ الرَّحَبِيَّ، وَاِنَّمَا اعْتِمَادُنَا عَلٰى هٰذَا الْاِسْنَادِ الْاٰخِرِ، لِاَنَّ حَرِيْزَ بْنَ عُثْمَانَ لَيْسَ بِشَيْءٍ فِى الْحَدِيْثِ.

۞۞ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہم اپنے خادم خود ہی تھے۔ اپنے اونٹوں کی دیکھ بھال خود کیا کرتے تھے۔ میں بھی کچھ اونٹوں کو چرا رہا تھا۔ میں شام کے وقت انہیں واپس لایا مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملے آپ لوگ کو خطبہ دے رہے تھے۔ میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''جو بھی شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرتا ہے' پھر اٹھ کر دو رکعات نماز ادا کرتا ہے' جس کے دوران وہ اپنے

1050- أخرجه أبو داؤد 169 في الطهارة: باب ما يقول الرجل إذا توضأ أخرجه أحمد 4/145، 146 من طريق الليث بن سعد عن معاوية بن صالح به، ومن طريق أحمد أخرجه البيهقي 1/78 و 2/280، وأخرجه البيهقي أيضاً 1/78 من طريق عبد الله بن صالح الجهني . وأخرجه أحمد 4/153، ومسلم 234 17 في الطهارة: باب الذكر المستحب عقب الوضوء، من طريق عبد الرحمن بن مهدي . وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة 3/1، 4، ومن طريقه مسلم 234 ، والبيهقي 1/78، وأخرجه النسائي 1/92 في الطهارة . وأخرجه الترمذي 55 في الطهارة: باب فيما يقال بعد الوضوء من طريق زيد بن الحباب . وأخرجه عبد الرزاق 142 عن إسرائيل، وابن ماجة 470 في الطهارة: باب ما يقال بعد الوضوء من طريق أبي بكر بن عياش . وأخرجه أحمد 1/19، وأبو داؤد 170 ، والنسائي في عمل اليوم والليلة 84 ، والدارمي 1/182 من طريق عبد الله بن يزيد المقرء، عن حيوة بن شريح، وأحمد 1/150، 151 عن عبد الله بن يزيد المقرء، عن سعيد بن أبي أيوب، كلاهما عن أبي عقيل زهرة بن معبد، عن ابن عمه، عن عقبة بن عامر . وأخرجه الطيالسي 1/49، 50 عن حماد بن سلمة، عن زياد بن مخراق، عن شهر بن حوشب، عن عقبة بن عامر، به.

دماغ اور چہرے کے ساتھ متوجہ رہتا ہے' تو وہ شخص (اپنے لیے جنت کو) واجب کر لیتا ہے''۔

حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کہا یہ کتنی عمدہ بات ہے' تو ایک صاحب نے کہا جو بات اس سے پہلے تھی وہ زیادہ عمدہ تھی۔ میں نے دیکھا تو وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے دریافت کیا: اے ابوحفص! وہ کیا بات تھی' تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے آنے سے پہلے یہ بات ارشاد فرمائی تھی:

''جو شخص وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرتا ہے' اور وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ پڑھتا ہے: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے' اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں''۔

تو اس شخص کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' وہ ان میں سے جس میں سے چاہے اندر داخل ہو جائے۔

معاویہ بن صالح کہتے ہیں ربیعہ بن یزید نے ابوادریس کے حوالے سے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث مجھے سنائی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعثمان نامی راوی کے بارے میں امکان موجود ہے' یہ حریز بن عثمان رجبی ہو۔ ہمارا اعتماد اس دوسری سند پر ہے' حریز بن عثمان نامی راوی علم حدیث میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

ذِكْرُ اسْتِغْفَارِ الْمَلَكِ لِلْبَائِتِ مُتَطَهِّرًا، عِنْدَ اسْتِيقَاظِهِ

جو شخص باوضو حالت میں رات بسر کرتا ہے اس کے بیدار ہونے تک' فرشتے کے اس کے لئے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ

1051 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيحٍ بِعُكْبَرَا، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ اَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ الْحَنَفِيُّ، حدثنا بن الْمُبَارَكِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَطَاءٍ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاتَ طَاهِرًا، بَاتَ فِي

1051 - رجاله رجال الصحيح إلا الحسن بن ذكوان وأخرجه البزار (288) عن وهب بن يحيى بن زمام القيسي، عن ميمون بن زيد، عن الحسن بن ذكوان، بهذا الإسناد . وأورده السيوطي في الجامع الكبير ص 758، وزاد نسبته إلى الدارقطني والبيهقي، وقال: ورواه الحاكم في تاريخه من حديث ابن عمر . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 11/226 وقال: أرجو أنه حسن الإسناد. قاد الحافظ في الفتح 11/109: وأخرج الطبراني في الأوسط من حديث ابن عباس نحوه بسند جيد . ويشهد له أيضاً حديث عمرو بن عبسة عند أحمد 4/113 ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/223 ونسبه إلى أحمد والطبراني في الكبير و الأوسط ، وقال: وإسناده حسن والشعار، ككِتاب: ما تحت الدثار من اللباس، وهو يلي شعر الجسد.

شِعَارِهِ مَلَكٌ، فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ:

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فُلَانٍ، فَاِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا. 1:2

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص باوضو حالت میں رات بسر کرتا ہے تو اس کے لحاف کے اندر فرشتہ بھی رات بسر کرتا ہے وہ شخص جب بیدار ہوتا ہے تو فرشتہ یہ کہتا ہے اے اللہ! فلاں بندے کی مغفرت کردے کیونکہ اس نے باوضو حالت میں رات بسر کی ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَعْقِدُ عَلٰى مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمُسْلِمِ عُقَدًا كَعَقْدِهِ عَلٰى قَافِيَةِ رَاْسِهِ عِنْدَ النَّوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شیطان مسلمان کے وضو کے مقامات پر اسی طرح گرہیں لگاتا ہے جس طرح وہ مسلمان کے سونے کے وقت اس کے سر کی گدی پر گرہ لگاتا ہے

1052 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حدثنا بن وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا عُشَّانَةَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا اَقُوْلُ الْيَوْمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ بَيْتًا مِّنْ جَهَنَّمَ.

وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: رَجُلٌ مِنْ اُمَّتِيْ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ يُعَالِجُ نَفْسَهُ اِلَى الطَّهُوْرِ، وَعَلَيْهِ عُقَدٌ، فَاِذَا وَضَّاَ يَدَيْهِ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَاِذَا وَضَّاَ وَجْهَهُ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، وَاِذَا مَسَحَ رَاْسَهُ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، وَاِذَا وَضَّاَ رِجْلَيْهِ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلَّذِيْ وَرَاءَ الْحِجَابِ: انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ هٰذَا يُعَالِجُ نَفْسَهُ لِيَسْاَلَنِيْ، مَا سَاَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا، فَهُوَ لَهُ، مَا سَاَلَنِيْ عَبْدِيْ هٰذَا، فَهُوَ لَهُ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے آج کوئی ایسی بات بیان نہیں کررہا جو آپ نے ارشاد نہ فرمائی ہو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی بات منسوب کرتا ہے وہ جہنم میں اپنے گھر پہنچنے کے لئے تیار رہے''۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی بتائی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا

1052- إسناده صحيح، أبو عُشَّانة: هو حيّ بن يُؤمن روى له أصحاب السنن وهو ثقة، وباقي رجاله على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 4/201 عن هارون بن معروف، عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/159 عن الحسن بن موسى، والطبراني في الكبير 17/305 843 من طريق عبد الله بن الحكم، كلاهما عن ابن لهيعة، عن أبي عشانة، به. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 1/224 وقال: رواه أحمد، والطبراني في الكبير، وله سندان، رجال أحدهما رجال الصحيح.

ہے:

''میری اُمت کا ایک شخص رات کے وقت کھڑا ہو کر وضو کرنے کے لئے جاتا ہے تم لوگوں پر گرہیں لگی ہوئی ہوتی ہیں' جب وہ شخص اپنے دونوں ہاتھ دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنا چہرہ دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنے سر کا مسح کرتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ اپنے پاؤں دھوتا ہے' تو ایک گرہ کھل جاتی ہے' تو اللہ تعالیٰ حجاب کے دوسرے طرف (موجود) فرماتا ہے: میرے اس بندے کا جائزہ لو! جو مجھ سے مانگنے کے لئے اپنے آپ کو تیار کر رہا ہے۔ میرا یہ بندہ مجھ سے جو بھی مانگے وہ اسے مل جائے گا میرا یہ بندہ مجھ سے جو بھی مانگے گا وہ اسے مل جائے گا''۔

بَابُ فَرْضِ الْوُضُوْءِ

باب 2: وضو کے فرائض

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ لِمَنْ اَرَادَ اَدَاءَ فَرْضِهِ

جو فرض کی ادائیگی کا ارادہ کرے اس کے لئے وضو اچھی طرح کرنے کا حکم ہونا

1053 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ صَفْوَانَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): صَفْقَتَانِ فِىْ صَفْقَةٍ رِبًا، وَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بإسباغ الوضوء . 1:78

عبدالرحمٰن بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

ایک سودے میں دو سودے کرنا سود ہے اور اللہ کے رسول نے ہمیں اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا ہے۔

ذكر الأمر بتخليل الأصابع للمتوضىء مَعَ الْقَصْدِ فِىْ اِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

وضو کرنیوالے کو اچھی طرح وضو کرنے کے ارادے کے ہمراہ انگلیوں کا خلال کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1054 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ وَافِدَ بَنِى الْمُنْتَفِقِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ نُصَادِفْهُ فِىْ مَنْزِلِهِ، وَصَادَفْنَا عَائِشَةَ، فَاَمَرَتْ لَنَا بِخَزِيرَةٍ فَصُنِعَتْ، وَاَتَتْنَا

1053–وأخرجه البزار 1278 عن محمد بن عثمان بن أبي صفوان، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 176 . وأخرج القسم الأول منه عبد الرزاق في المصنف 14636 ، والطبراني 9609 من طريق أبي نعيم، كلاهما عن سفيان الثوري، به .وأخرجه أحمد 1/393 من طريق شعبة، عن سماك بن حرب، به، وهذا سند حسن، وأخرجه أيضاً 1/398، والبزار 1277 ؛ طرق عن شريك، عن سماك به . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 4/84 وقال: رواه البزار، وأحمد، والطبراني في الأوسط، ورجال أحمد ثقات وفي الباب عن أبي هريرة، قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيعتين في بيعة، أخرجه الترمذي 1231 في البيوع: باب ما جاء في النهي عن بيعتين في بيعة، والنسائي 7/296 في البيوع، والبغوي في شرح السنة 8/142. وعن ابن عمر أخرجه أحمد 1/72، والبزار 1279 . وعن ابن عمرو أخرجه أحمد 2/174، 175، 205، والبغوي في شرح السنة 8/144 .

بِقِنَاعٍ -وَالْقِنَاعُ الطَّبَقُ فِيهِ التَّمْرُ- فَأَكَلْنَا فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ اَصَبْتُمْ شَيْئًا؟ اَوْ اُمِرَ لَكُمْ بِشَيْءٍ؟ قُلْنَا: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. فَبَيْنَمَا نَحْنُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوسٌ، اِذْ رَفَعَ الرَّاعِي غَنَمَهُ اِلَى الْمُرَاحِ وَمَعَهُ سَخْلَةٌ تَيْعَرُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا وَلَّدْتَ؟ قَالَ: بَهْمَةٌ. قَالَ: اذْبَحْ مَكَانَهَا شَاةً. ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ: لَا تحسِبَنَّ -وَلَمْ يَقُلْ لَا تحسَبَنَّ- اَنَّا مِنْ اَجَلِكَ ذَبَحْنَاهَا، اِنَّ لَنَا غَنَمًا مِائَةً لَا تَزِيْدُ، فَمَا وَلَدَتْ بَهْمَةً ذَبَحْنَا مَكَانَهَا شَاةً. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيَ امْرَاَةً فِي لِسَانِهَا شَيْءٌ، قَالَ: فَطَلِّقْهَا اِذًا. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ مِنْهَا وَلَدًا، وَلَهَا صُحْبَةٌ. قَالَ: عِظْهَا، فَاِنْ يَكُ فِيهَا خَيْرٌ، فَسَتَقْبَلُ، وَلَا تَضْرِبْ ظَعِيْنَتَكَ ضَرْبَكَ اَمَتَكَ. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ، قَالَ: اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، وَخَلِّلْ بَيْنَ اَصَابِعِكَ، وَبَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا. 3:65

✿✿ عاصم بن لقیط بن سبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں بنو منتفق کے وفد میں شامل ہو کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے لیکن آپ ہمیں اپنے گھر میں نہیں ملے۔ ہم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گئے تھے۔ انہوں نے ہمارے لئے خزیرہ تیار کرنے کا حکم دیا تھا۔ وہ تیار ہو گیا وہ ہمارے پاس ایک تھال میں کھجوریں لے کے آئی۔ ہم انہیں کھا رہے تھے۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا تم نے کوئی چیز کھائی ہے یا میں تمہارے لئے کسی چیز کا حکم دوں۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران چرواہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بکریاں لے کر ان کے باڑے کی طرف جا رہا تھا۔ اس کے ساتھ ایک بکری تھی جو آواز نکال رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس نے بچے کو جنم دے دیا ہے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ بچہ پیدا ہوا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بچے کی جگہ ایک بکری کو ذبح کر دو پھر

1054- أخرجه الشافعي في مسنده 1/30، 31، وأبو داوٗد 142 في الطهارة: باب في الاستنثار، والبغوي 213، والبيهقي 7/303 في السنن، وفي المعرفة 1/213- 214 من طرق عن يحيى بن سليم، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه أحمد 4/211، وأبو داوٗد 143، والبيهقي في السنن 1/51- 52 من طريق يحيى بن سعيد القطان، والدارمي 1/179 في الصلاة: باب في تخليل الأصابع، عن أبي عاصم، كلاهما عن ابن جريج، قال: أخبرني إِسْمَاعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ، عن أبيه، وهذا إسناد صحيح، فقد صرح ابن جريج بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم 80، ومن طريقه الطبراني 19/215 479 عن ابن جريج، عن إسماعيل بن كثير، به. وأخرجه مختصراً ابن أبي شيبة 1/11 و 27، ومن طريقه ابن ماجة 407 في الطهارة وسننها: باب المبالغة في الاستنشاق والاستنثار، و 448 باب تخليل الأصابع، عن يحيى بن سليم، وأبو داوٗد 2366 في الصوم: باب الصائم يصب عليه الماء من العطش، والترمذي 788 في الصوم: باب ما جاء في كراهية مبالغة الاستنشاق للصائم، والنسائي 1/66 في الطهارة: باب المبالغة في الاستنشاق، و 1/79 باب الأمر بتخليل الأصابع، وابن الجارود في المنتقى 80، والبيهقي 1/76، من طرق عن يحيى بن سليم، به، وصححه ابن خزيمة 150 و 168. وأخرجه مختصراً الطيالسي 1/52 عن الحسن بن علي أبي جعفر، عن إسماعيل بن كثير، به. وأخرجه مختصراً أيضاً عبد الرزاق 79، والنسائي 1/66 و 79، والترمذي 38 في الطهارة: باب ما جاء في تخليل الأصابع، والبيهقي 1/50 و 1/264 من طرق عن سفيان.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ یہ نہ سمجھنا ہم تمہاری وجہ سے اسے ذبح کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس ایک سو بکریاں ہیں۔ اس سے زیادہ نہیں ہوتی جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے' تو ہم اس بچے کی جگہ ایک بکری ذبح کر لیتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک بیوی ہے' جس کی زبان میں کچھ تیزی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے طلاق دے دو۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا اس سے بچہ بھی ہے' اور بڑا پرانا ساتھ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے نصیحت کرو اگر اس میں بھلائی ہوگی' تو وہ اسے قبول کر لے گی تاہم تم اپنی بیوی کو اس طرح نہ مارو جس طرح کنیز کو مارا جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے وضو کے بارے میں بتائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اچھی طرح وضو کرو انگلیوں کے درمیان خلال کرو۔ ناک میں اچھی طرح پانی ڈالو البتہ اگر تم روزے کی حالت میں (ہو' تو اس کا حکم مختلف) ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا گیا ہے

1055 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ اَبِيْ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): رَجَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ، تَعَجَّلَ قَوْمٌ عِنْدَ الْعَصْرِ، فَتَوَضَّؤُوْا وَهُمْ عِجَالٌ. قَالَ: فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِمْ، وَاَعْقَابُهُمْ تَلُوْحُ، لَمْ يَمَسَّهَا الْمَاءُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَيْلٌ لِلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ، اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ. 1:78

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ سے مدینہ منورہ کی طرف واپس آرہے تھے۔ راستے میں کسی جگہ کچھ لوگ عصر کی نماز کے وقت تیزی سے آگے بڑھے۔ انہوں نے جلد بازی میں

1055- أخرجه مسلم 241 أيضاً، والبيهقي في السنن 1/69، عن إسحاق بن راهويه، عن جرير بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 161. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/26، ومن طريقه مسلم 241، وابن ماجة 450 في الطهارة: باب غسل العراقيب، عن وكيع، وأحمد 2/193، عن وكيع وعبد الرحمن بن مهدي، وأبو داؤد 97 في الطهارة: باب في إسباغ الوضوء، عن مسدد، عن يحيى، والنسائي 1/77 في الطهارة: باب إيجاب غسل الرجلين، عن محمود بن غيلان، عن وكيع، وعن عمرو بن علي، عن عبد الرحمن، والطبري 6/133 عن ابن بشار، . عن عبد الرحمن، و 6/134 عن أبي كريب، عن وكيع، البيهقي 1/69 من طريق عبد الرحمن، كلاهما وكيع وعبد الرحمن عن سفيان الثوري، عن منصور، به. وأخرجه الطيالسي 3/51، وأحمد 2/201، والطبري 6/133، والطحاوي 1/39، من طريق شعبة، والدارمي 1/179 في الصلاة: باب ويل للأعقاب من النار، من طريق جعفر بن الحارث، والطحاوي 1/38 من طريق زائدة، كلهم عن منصور، به. وأخرجه أحمد 2/205، والطبري 6/134 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، عن أبي بشر، عن رجل من أهل مكة، عن عبد الله بن عمرو.

وضوشروع کیا۔ حضرت عبداللہ بیان کرتے ہیں: جب ہم ان لوگوں کے پاس پہنچے تو ان کی (ایڑیاں) خشک تھیں۔ چمک رہی تھیں وہاں پانی نہیں لگا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان ایڑیوں کے لئے جہنم کی بربادی ہے تم لوگ اچھی طرح وضو کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْفَرضِ عَلَى الْمُتَوَضىء فِيْ وَضُوْئِهِ الْمَسْحُ عَلَى الرِجْلَيْنِ دُوْنَ الْغُسْلِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' وضو کرنے والے شخص پر وضو کے دوران دونوں پاؤں پر مسح کرنا فرض ہے دھونا فرض نہیں ہے

1056 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ -رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ- الْفَجْرَ، ثُمَّ دَخَلَ الرَّحْبَةَ، فَدَخَلْنَا مَعَهُ، فَدَعَا بِوَضُوْءٍ، فَاَتَاهُ الْغُلَامُ بِاِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ وَطَسْتٍ، فَاَخَذَ الْاِنَاءَ بِيَمِيْنِهِ، فَاَفْرَغَ عَلٰى يَسَارِهِ فَغَسَلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، غَسَلَ كَفَّيْهِ قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهُمَا الْاِنَاءَ، ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى فِي الْاِنَاءِ، فَغَرَفَ مِنْهُ مَاءً، فَمَلَا فَاهُ، فَمَضْمَضَ، وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهُ بِيَدَيْهِ جَمِيْعًا مُقَدَّمَهُ وَمُؤَخَّرَهُ، ثُمَّ اَدْخَلَ الْيُمْنٰى، فَاَفْرَغَ عَلٰى قَدَمِهِ الْيُمْنٰى، فَغَسَلَهَا ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ، ثُمَّ اَخْرَجَهَا، فَغَسَلَ الْاُخْرٰى، ثُمَّ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى وُضُوْءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فهذا وضوء 5:2.5

❀❀ عبدخیر بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز پڑھائی پھر صحن میں تشریف لائے ہم بھی

1056- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير خالد بن علقمة، وعبد خير، فقد روى لهما أصحاب السنن وهما ثقتان. وأخرجه البيهقي في السنن 1/47 و 59 باب صفة غسل اليدين، وباب الاختيار في استيعاب الرأس بالمسح، من طريق عباس بن الفضل الأسفاطي، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد 112 في الطهارة: باب صفة وضوء النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والنسائي 1/67 في الطهارة: باب بأي اليدين يستنثر، والبيهقي في السنن 1/48 و 58و74 من طريق الحسين بن علي الجعفي، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/35 من طريق الفريابي، وابن خزيمة في صحيحه 147 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، كلهم عن زائدة بن قدامة، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد 111، ومن طريقه البيهقي في السنن 1/50، عن مسدد والنسائي 1/68 في الطهارة: باب غسل الوجه، عن قتيبة، والبغوي في شرح السنة 222 من طريق قتيبة وعبد الواحد بن غياث، والبيهقي 1/68 من طريق يوسف، بن يعقوب، كلهم عن أبي عوانة، عن خالد بن علقمة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/38، وأحمد 1/125 من طريق شريك، عن خالد بن علقمة، به. وأخرجه الطيالسي 1/50، ومن طريقه البيهقي 1/50، 51، وأحمد 1/122 عن يحيى بن سعيد، و 139 عن محمد بن جعفر وحجاج، وأبو داوُد 113 عن محمد بن المثنى، عن محمد بن جعفر، والنسائي 1/68 عن سويد بن نصر، عن عبد اللّٰه بن المبارك، و 1/69 عن عمرو بن علي وحميد بن مسعدة، عن يزيد بن زريع، والطحاوي 1/35، عن ابن مرزوق.

ان کے ساتھ آ گئے۔ انہوں نے وضو کا پانی منگوایا۔ ایک لڑکا ان کے پاس ایک برتن لے کر آیا جس میں پانی موجود تھا اور ایک طشت لے کر آیا۔ انہوں نے برتن کو دائیں ہاتھ میں پکڑا اور اپنے بائیں ہاتھ پر پانی انڈیلا اور اسے تین مرتبہ دھولیا پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ برتن میں داخل کرنے سے پہلے دھولئے پھر انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کیا پھر اس میں سے چلو لے کر اپنے منہ میں بھرا اور کلی کی اور ناک صاف کیا۔ ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا پھر انہوں نے اپنا ہاتھ برتن میں داخل کیا پھر چہرے کو تین مرتبہ دھولیا دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے سر کا اور پیچھے والے حصے کا مسح کیا پھر انہوں نے اپنا دایاں ہاتھ برتن میں داخل کیا اور اپنے دائیں پاؤں پر انڈیلا اور اسے دھولیا پھر اپنا ہاتھ برتن میں داخل کیا اور اسے باہر نکالا پھر دوسرے پاؤں کو دھویا پھر انہوں نے یہ بات بیان کی جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو (یعنی وہ یہ چاہتا ہو) کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کو دیکھے تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَمْسَحُ عَلِيُّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ رِجْلَيْهِ فِيْ وَضُوْئِهِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے وضو کے دوران اپنے دونوں پاؤں پر مسح کیا تھا

1057 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بن سبرة قال:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ -رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ- الظُّهْرَ، ثُمَّ انْطَلَقَ اِلٰى مَجْلِسٍ لَهُ كَانَ يَجْلِسُهُ فِي الرَّحْبَةِ، فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ حَتّٰى حَضَرَتِ الْعَصْرُ، فَاُتِيَ بِاِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ، فَاَخَذَ مِنْهُ كفا، فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ، وَمَسَحَ رِجْلَيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَ اِنَائِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّيْ حُدِّثْتُ اَنَّ رِجَالًا يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَشْرَبَ اَحَدُهُمْ وَهُوَ قَائِمٌ، وَاِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ كَمَا فَعَلْتُ، وَهٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَّمْ يُحْدِثْ 2.1

1057- إسناده صحيح، وأخرجه عبد الله بن أحمد في زيادات المسند 1/159 من طريق أبي خيثمة، وإسحاق بن إسماعيل، كلاهما عن جرير بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 16 و 202 من طريق جرير، به. وأخرجه الطيالسي 1/51، وأحمد 1/78، و123، و 139، و 144، و 153 و 159، والبخاري 5615 و 5616، في الأشربة: باب الشرب قائماً، وأبو داوُد 3718 في الأشربة: باب في الشرب قائماً، والنسائي 1/84، 85 في الطهارة: باب صفة الوضوء من غير حدث، والترمذي في الشمائل 210، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/34، والبيهقي في السنن 1/75، والبغوي في شرح السنة برقم 3047، وللطبري 11326 من طرق عن عبد الملك بن ميسرة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/116، والبيهقي في السنن 1/116 من طريق سفيان وشريك عن السدي، عن عبد خير، عن علي. وصححه ابن خزيمة برقم 200. وأخرجه أحمد 1/102 من طريق ربعي بن حراش، عن علي.

نزال بن سبرہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی بن ابوطالب کی اقتداء میں ظہر کی نماز ادا کی پھر وہ اس بیٹھک کی طرف تشریف لے گئے جہاں وہ کھلے میدان میں بیٹھتے تھے وہ تشریف فرما ہوئے ان کے اردگرد ہم بھی بیٹھ گئے پھر عصر کی نماز کا وقت ہوا تو ایک برتن لایا گیا جس میں پانی موجود تھا۔ انہوں نے اس میں سے ایک چلو لیا اس کے ذریعے کلی کی ناک صاف کیا۔ اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا۔ اپنے سر کا مسح کیا۔ دونوں پاؤں کا مسح کیا پھر وہ کھڑے ہوئے انہوں نے اس برتن میں بچے ہوئے پانی کو پی لیا پھر انہوں نے یہ بات بیان کی۔ مجھے یہ بات بیان کی گئی ہے لوگ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں وہ کھڑے ہو کر پانی پئیں۔ حالانکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے جس طرح میں نے کیا ہے یہ اس شخص کا وضو ہے جو پہلے سے باوضو ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الكعب هو العظم الناتیء عَلٰى ظَاهِرِ الْقَدَمِ دُونَ الْعَظْمَيْنِ النَّاتِئَيْنِ عَلٰى جَانِبِهِمَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی جو اس بات کا قائل ہے

کعب سے مراد وہ ہڈی ہے جو قدم کے اوپری حصے پر ابھری ہوئی ہوتی ہے اس سے مراد وہ دو ہڈیاں نہیں ہیں جو اطراف میں ابھری ہوئی ہوتی ہیں

1058 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وهب، قال: أخبرنا يونس، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَزِيْدَ اللَّيْثِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ حُمْرَانَ مَوْلٰى عُثْمَانَ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، -رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ- دَعَا بِوَضُوْءٍ فتوضأ وَغَسَلَ كَفَّهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، ثم غسل وجهه ثلاث مرات، ثم غسل يَدَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهٖ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِي هٰذَا، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (مَنْ) تَوَضَّاَ نَحْوَ وُضُوْئِي هٰذَا، ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ .5:2

حمران بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے وضو کا پانی منگوایا اور وضو کیا۔ انہوں نے اپنے ہاتھ تین مرتبہ دھوئے پھر کلی کی پھر ناک میں پانی ڈالا۔ پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا پھر دائیں بازو کو کہنی تک تین مرتبہ دھویا پھر بائیں بازو کو اسی طرح دھویا پھر اپنے سر کا مسح کیا پھر دائیں پاؤں کو ٹخنوں تک دھویا پھر بائیں پاؤں کو اسی طرح دھویا پھر یہ بات بیان کی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اس وضو کی طرح وضو کرتے دیکھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص میرے اس وضو کی طرح وضو کرے اور پھر اٹھ کر دو رکعات ادا کرے اس دوران وہ اپنے خیالوں میں گم نہ ہو'

بَابُ سُنَنِ الْوُضُوْءِ

باب 3: وضو کی سنتیں

ذکر وصف إدخال المتوضیء يَدَهُ فِيْ وَضُوْئِهِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ الْوُضُوْءِ

وضو کرنے والے کے وضو کے آغاز میں وضو کے پانی میں ہاتھ داخل کرنے کی صفت کا تذکرہ

1060- (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ مولى عثمان

(متنِ حدیث): اَنَّهُ رَاَى عُثْمَانَ دَعَا بِوَضُوْءٍ، فَاَفْرَغَ عَلٰى يَدَيْهِ مِنْ اِنَائِهِ فَغَسَلَهُمَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ اَدْخَلَ يَمِيْنَهُ فِي الْوُضُوْءِ فَتَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَاسْتَنْثَرَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَيَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ، ثُمَّ غَسَلَ كُلَّ رِجْلٍ مِنْ رِجْلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ نَحْوَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، ثُمَّ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ مِثْلَ وُضُوْئِيْ هٰذَا، ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ فِيْهِمَا نَفْسَهُ غُفِرَ لَهُ ما تقدم من ذنبه . 5:2

✿✿ حمران بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کے لئے پانی منگوایا۔ انہوں نے برتن میں سے دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیل کر تین مرتبہ دھویا پھر اپنا دایاں ہاتھ وضو کے پانی میں داخل کر کے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا پھر ناک صاف کیا پھر انہوں نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور دونوں بازوؤں کو کہنیوں تک تین مرتبہ دھویا۔ پھر اپنے سر کا مسح کیا پھر ہر پاؤں کو تین مرتبہ دھویا پھر انہوں نے یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اس وضو کی طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص میرے اس وضو کی طرح وضو کرے پھر اٹھ کر دو رکعات نماز ادا کرے ان کے دوران وہ اپنے خیالوں میں گم

1060- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غدا عمرو بن عثمان وأباه، والأول صدوق، والثاني ثقة. وأخرجه البخاري 164 في الوضوء: باب المضمضة في الوضوء، والبيهقي 1/48 باب إدخال اليمين في الإناء والغرف بها للمضمضة والاستنشاق، من طريق أبي اليمان، والنسائي 1/65 في الطهارة: باب بأي اليدين يتمضمض، من طريق عثمان بن سعيد بن كثير بن دينار الحمصي، كلاهما عن شعيب بن أبي حمزة، بهذا الإسناد. وتقدم من طرق أخرى برقم 1058 و 1041 وسبق تخريجها هناك.

نہ ہو تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جاتی ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِدْخَالِ الْمَرْءِ يَدَهُ فِي الْاِنَاءِ فِيْ ابْتِدَاءِ الْوُضُوْءِ قَبْلَ غَسْلَهُمَا ثَلاَثًا اِذَا كَانَ مُسْتَيْقِظًا مِنْ نَوْمِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی وضو کے آغاز میں دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھونے سے پہلے اپنا ہاتھ برتن میں داخل کرلے' جب کہ وہ نیند سے بیدار ہوا ہو

1061 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا **2** ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ، فَلَا يدخل يده في الإناء حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي اَيْنَ كانت تطوف يده. **2:43**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اس وقت تک پانی میں ہاتھ نہ ڈالے' جب تک انہیں تین دفعہ دھو نہ لے' کیونکہ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِغَسْلِ الْيَدَيْنِ لِلْمُسْتَيْقِظِ ثَلاَثًا قَبْلَ اِدْخَالِهِمَا الْاِنَاءَ

بیدار ہونے والے شخص کو برتن میں دونوں ہاتھ داخل کرنے سے پہلے انہیں تین مرتبہ دھونے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1062 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَّنَامِهِ، فَلَا يَغْمِسَنَّ يَدَهُ فِيْ اِنَائِهِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يَدِه. **1:95**

1061–وأخرجه أبو داوُد 105 في الطهارة: باب في الرجل يدخل يده في الإناء قبل أن يغسلها، ومن طريقه البيهقي في السنن 1/46 عن أحمد بن عمرو بن السرح ومحمد بن سلمة المرادي، والدارقطني 1/50 من طريق بحر بن نصر، ثلاثتهم عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وانظر الروايات الثلاثة التالية.

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہوا تو وہ اس وقت پانی میں ہاتھ نہ ڈالے جب تک انہیں دھونہ لے کیونکہ وہ اس بات کو نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات بھر کہاں رہا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِغَسْلِ الْيَدَيْنِ لِلْمُسْتَيْقِظِ مِنْ نَوْمِهٖ قَبْلَ ابْتِدَاءِ الْوُضُوْءِ

نیند سے بیدار ہونے والے کے لئے وضو کے آغاز میں دونوں ہاتھ دھونے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1063 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهٖ، فَلْيَغْسِلْ يَدَيْهِ قَبْلَ اَنْ يُدْخِلَهُمَا فِيْ وَضُوْئِهٖ، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يدرى أين باتت يده . 1:55

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنے دونوں ہاتھ وضو کرنے سے پہلے دھولے کیونکہ وہ نہیں جانتا اس کا ہاتھ رات کے وقت کہاں رہا؟''

1062– إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أحمد 1/242، ومسلم 278 في الطهارة: باب كراهية غمس المتوضء وغيره يده المشكوك في نجاستها في الإناء قبل غسلها ثلاث مرات، والنسائي 1/6، 7 في الطهارة: باب تأويل قوله عز وجل: (اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ) ، والدارمي 1/196 في الوضوء : باب إذا استيقظ أحدكم من منامه، والبيهقي في السنن 1/45، وفي معرفة السنن والآثار 1/195، والبغوي في شرح السنة برقم 208 ، وابن الجارود 9 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم 99 . وأخرجه الترمذي 24 في الطهارة: باب ما جاء إذا استيقظ أحدكم من منامه فلا يغمس يده في الإناء حتى يغسل، وابن ماجة 393 في الطهارة، من طريق الأوزاعي، والنسائي 1/99 في الطهارة: باب الوضوء من النوم، من طريق معمر، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/98 عن عبد الرحيم بن سليمان، وأحمد 2/348 و 382 عن محمد بن جعفر، كلاهما عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، به . وأخرجه أحمد 2/265 و 284، ومسلم 278 عن عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهري، عن ابن المسيب، عن أبي هريرة. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/98، وأحمد 2 /253و 471، ومسلم 278 ، وأبو داؤد 103 و 104 في الطهارة، والبيهقي في السنن 1/46، من طرق عن الأعمش، عن أبي رزين وأبي صالح، عن أبي هريرة . وأخرجه الطيالسي 1/51 عن شعبة، عن الأعمش، عن ذكوان، عن أبي هريرة. وأخرجه احمد 1/271، 316، 395، 403، 500، 507، ومسلم 278 من طرق عن أبي هريرة. وسيورده المؤلف بعده من طريق مالك بن أنس، ثم من طريق خالد الحذاء ، ويرد تخريج كلٍ في موضعه.

1063– إسناده صحيح، وهو في الموطأ 1/21 في الطهارة: باب وضوء النائم إذا قام إلى الصلاة، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/27، وأحمد 2/465، والبخاري 162 في الوضوء : باب الاستجمار وتراً، والبيهقي في السنن 1/45، وفي معرفة السنن والآثار 1/194، والبغوي في شرح السنة 207 .

ذِكْرُ الْعَدَدِ الَّذِي يَغْسِلُ الْمُسْتَيْقِظُ مِنْ نَوْمِهِ يَدَيْهِ بِهِ

اس تعداد کا تذکرہ جس کے مطابق نیند سے بیدار ہونے والا شخص اپنے دونوں ہاتھ دھوئے گا

1064- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ، فَلَا يَغْمِسْ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثلاث مرات . 1:55

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنا ہاتھ برتن میں اس وقت تک نہ ڈبوئے جب تک اسے تین مرتبہ دھو نہ لے"۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَمْرُ مَخَافَةِ النَّجَاسَةِ إِذَا اَصَابَتْ يَدَ الْمَرْءِ عِنْدَ طَوَفَانِهَا مِنْ بَدَنِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: یہ حکم نجاست کے اندیشے کی وجہ سے ہے: جب وہ آدمی کے ہاتھ پر اس وقت لگ جاتی ہے: جب وہ اس کو جسم پر پھیرتا ہے

1065 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْبُسْرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ، فَلَا يَغْمِسْ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي اَيْنَ بَاتَتْ يده منه . 1:55

1064- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الله: هو ابن المبارك، وخالد الحذاء: هو خالد بن مهران، وأخرجه أحمد 2/455، ومسلم 278 في الطهارة، والبيهقي في السنن 1/46 من طريق بشر بن المفضل، والدارقطني 1/49، وابن خزيمة في صحيحه أبرقم 100 من طريق شعبة، كلاهما عن خالد الحذاء، بهذا الإسناد. وتقدم برقم 1062 من طريق الزهري، عن أبي سلمة، وبرقم 1063 من طريق مالك، عن أبي الزناد، عن الأعرج، كلاهما عن أبي هريرة، به.

1065- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الله: هو ابن المبارك، وخالد الحذاء: هو خالد بن مهران، وأخرجه أحمد 2/455، ومسلم 278 في الطهارة، والبيهقي في السنن 1/46 من طريق بشر بن المفضل، والدارقطني 1/49، وابن خزيمة في صحيحه ابرقم 100 من طريق شعبة، كلاهما عن خالد الحذاء، بهذا الإسناد. وتقدم برقم 1062 من طريق الزهري، عن أبي سلمة، وبرقم 1063 من طريق مالك، عن أبي الزناد، عن الأعرج، كلاهما عن أبي هريرة، به . 2 إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الدارقطني 1/49، وابن خزيمة في صحيحه برقم 100 عن محمد بن الوليد، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو وہ اپنا ہاتھ برتن میں اس وقت تک نہ ڈبوئے جب تک اسے تین مرتبہ دھونہ لے وہ یہ بات نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ اس کے جسم پر (رات کے وقت کہاں لگا تھا)''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْمُوَاظَبَةِ عَلَى السِّوَاكِ اِذِ اسْتِعْمَالُهُ مِنَ الْفِطْرَةِ

باقاعدگی سے مسواک کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' کیونکہ اس کو استعمال کرنا فطرت کا حصہ ہے

1066 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْآدَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَكْثَرْتُ عليكم فى السواك . **1:92**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''میں تمہیں مسواک کرنے کی بکثرت تاکید کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ رِضَا اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُتَسَوِّكِ

مسواک کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے اثبات کا تذکرہ

1067 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بن عبد المؤمن المقرىء،

1066– إسناده صحيح على شرط البخارى، وأخرجه ابن أبى شيبة 1/171، وأحمد 3/143 و 249 عن عبد الصمد وعفان، والبخارى 888 فى الجمعة: باب السواك فى الجمعة، عن أبى معمر، والنسائى 1/11 فى الطهارة: باب الإكثار فى السواك، عن حميد بن مسعدة وعمران بن موسى، والدارمى 1/174 فى الصلاة: باب فى السواك، عن محمد بن عيسى، والبيهقى فى السنن 1/35 من طريق أبى معمر، كلهم عن عبد الوارث بن سعيد، بهذا الإسناد . وتحرف اسم شعيب فى مطبوع مصنف ابن أبى شيبة إلى شعبة .وأخرجه الدارمى 1/174 عن يحيى بن حبان، عن سعيد بن زيد، عن شعيب ابن الحبحاب، به.

1067– إسناده جيد، وعلقه البخارى فى صحيحه 4/158 فى الصيام: باب سواك الرطب واليابس للصائم، بصيغة الجزم وأخرجه أحمد 6/124 عن عفان، والنسائى 1/10 فى الطهارة عن حميد بن مسعدة ومحمد بن عبد الأعلى، والبيهقى فى السنن 1/34 من طريق محمد بن أبى بكر، كلهم عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقى فى السنن 1/34، من طريق سليمان بن بلال، عن عبد الرحمٰن بن أبى عتيق، عن القاسم بن محمد، عن عائشة.وأخرجه الشافعى فى المسند 1/27، وأحمد 6/47، و 62، و 238، والبيهقى 1/34 فى السنن ، و 1/187 فى المعرفة ، وأبو نعيم فى الحلية 7/159، والبغوى فى شرح السنة 199 و 200 ، من طرق عن ابن إسحاق، حدثنا عبد الله بن محمد بن أبى عتيق، عن عائشة، وهذا سند قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث عند أحمد .6/47وأخرجه ابن أبى شيبة 1/169 ، وأحمد 6/146، والدارمى 1/174 فى الصلاة: باب السواك مطهرة للفم، من طريقين عن إبراهيم بن إسماعيل بن أبى حبيبة الأشهلى، عن داوُد بن الحصين، عن القاسم بن محمد، عن عائشة. وأخرجه ابن خزيمة فى صحيحه برقم 135 ، والبيهقى فى السنن 1/34، من طريق ابن جريج.

حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَتِيقٍ، سَمِعْتُ اَبِي

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَائِشَةَ تُحَدِّثُ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ . 1:2

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَبُو عَتِيقٍ هٰذَا اسْمُهُ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ قُحَافَةَ، لَهُ مِنَ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رُؤْيَةٌ، وَهٰؤُلَاءِ اَرْبَعَةٌ فِي نَسَقٍ وَّاحِدٍ، لَهُمْ كُلُّهُمْ رُؤْيَةٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَابْنُهُ اَبُو بَكْرِ الصِّدِّيْقُ، وَابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَابْنُهُ اَبُو عَتِيقٍ، وَلَيْسَ هٰذَا لِاَحَدٍ فِي هٰذِهِ الأمة غيرهم.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مسواک منہ کو صاف کرتی ہے اور پروردگار کی رضامندی کا باعث ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعتیق نامی راوی کا نام محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن ابوقحافہ ہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہوئی ہے۔ یہ چار افراد ایک نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ (یعنی آپس میں باپ بیٹا اور دادا پوتا ہیں) ان سب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہوئی ہے۔ حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ ان کے صاحبزادے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ اور ان کے صاحبزادے ابوعتیق (یعنی محمد بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ) اس اُمت میں ان حضرات کے علاوہ کسی کو یہ خصوصیت حاصل نہیں ہے' (یعنی یہ کہ ان کی چار پشتیں صحابی ہوں)

ذِكْرُ اِرَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَ اُمَّتِهِ بِالْمُوَاظَبَةِ عَلَى السِّوَاكِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس بات کا ارادہ کرنے کا تذکرہ کہ آپ اپنی اُمت کو باقاعدگی سے مسواک کرنے کا حکم دیں

1068 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كل صلاة . 3:34

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ اَرَادَ بِهِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ يَتَوَضَّأُ لَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''ہر نماز کے وقت'' اس سے مراد وہ نماز ہے، جس کے لئے وضو کیا جائے

1069 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا سليمان بن بلال، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِىْ لَاَمَرْتُهُمْ مع الوضوء بالسواك عند كل صلاة . **3:34**

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں ہر نماز کے وقت وضو کے ہمراہ مسواک کرنے کا حکم دیتا''۔

1068- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في الموطأ 1/66 في الطهارة: باب ما جاء في السواك، ولم يذكر في رواية يحيى عند كل صلاة ، وأخرجه البخاري 887 في الجمعة: باب السواك يوم الجمعة، من طريق عبد الله بن يوسف، عن مالك، به. ومن طريق مالك أيضاً أخرجه البيهقي في السنن 1/37، وفي معرفة السنن والآثار 1/184، وأخرجه الشافعي في الأم 1/23، وفي مسنده 1/27، وأحمد 2/245، و531، ومسلم 252 ، وأبو عوانة 1/191، وأبو داؤد 46 ، والنسائي 1/12، والدارمي 1/174، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/44، والبيهقي 1/35، والبغوي 197 وصححه ابن خزيمة 139 . وأخرجه من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة عنه: أحمد 2/259 و 287 و 399 و 429، والطحاوي 1/44، والترمذي 22 .وأخرجه من طريق عبيد الله بن عمر، عن سعيد بن أبي سعيد المقبري عنه أحمد 2/433، وابن ماجة 287 ، والطحاوي 1/44، وأخرجه البيهقي 1/36 بلفظ لولا أن أشق على أمتي لأمرتهم بالسواك مع الوضوء وصححه الحاكم 1/146 على شرطهما ووافقه الذهبي، وأخرجه الطيالسي في مسنده 2328 بلفظ عند كل صلاة ومع كل وضوء وفي سنده أبو معشر واسمه نجيح بن عبد الرحمن، وهو ضعيف.وأخرجه مالك 1/66 عن ابن شهاب الزهري، عن حميد بن عبد الرحمن بن عوف، عنه بلفظ مع كل وضوء ومن طريق مالك أخرجه أحمد في المسند 2/460 و 517، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/43، والبيهقي في السنن 1/35، وفي المعرفة 1/185، وابن خزيمة في صحيحه برقم وأخرجه أحمد 2/400 من طريق سعيد بن أبي هلال، وأخرجه أحمد 2/509، والطحاوي 1/43، والبيهقي 1/36 من طريق ابن إسحاق، حدثني سعيد بن أبي سعيد، عن عطاء مولى أم صُبَيَّةَ، عن أبي هريرة.

1069- إسناده حسن، يعقوب بن حميد حسن الحديث، ومن فوقه من رجال الشيخين غير ابن عجلان، فقد روى له البخاري تعليقاً ومسلم متابعة وهو صدوق .وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 2/97 وقال: رواه البزار، وفيه معاوية ابن يحيى الصدفي، وهو ضعيف

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا أَرَادَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْمُرَ أُمَّتَهُ بِهٰذَا الأمر

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے اپنی اُمت کو یہ حکم دینے کا ارادہ کیا تھا

1070- (سندحدیث): أَخْبَرَنَا بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَبِيرِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

عَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ، فَإِنَّهُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ عَزَّ وجل . **434**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم پر مسواک کرنا لازم ہے' کیونکہ یہ منہ کو صاف کرتی ہے' اور پروردگار کی رضامندی کا باعث ہے''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ أَنْ يَسْتَاكَ بِحَضْرَةِ رَعِيَّتِهِ إِذَا لَمْ يَكُنْ يَحْتَشِمُهُمْ فِيْهِ

امام کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رعایا کی موجودگی میں مسواک کرے جبکہ امام کو اس میں الجھن محسوس نہ ہو

1071 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوْسَى قَالَ:

(متن حدیث): أَقْبَلْتُ إِلَى النَّبِيِّ، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعِيَ رَجُلَانِ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ، أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِينِي، وَالْآخَرُ عَنْ يَسَارِي، وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ، فَكِلَاهُمَا سَأَلَا الْعَمَلَ، قُلْتُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَطْلَعَانِي عَلَى مَا فِي أَنْفُسِهِمَا، وَمَا شَعَرْتُ أَنَّهُمَا يَطْلُبَانِ الْعَمَلَ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى سِوَاكِهِ تَحْتَ شَفَتِهِ قَلَصَتْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّا لَا -أَوْ لَنْ- نَسْتَعِينَ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ، لٰكِنِ اذْهَبْ أَنْتَ فَبَعَثَهُ عَلَى الْيَمَنِ، ثُمَّ أَرْدَفَهُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ. **411**

1070- رجاله ثقات رجال الصحيح، إلا أن الحافظ قال في التلخيص 1/60 بعدما أورده عن ابن حبان: والمحفوظ عن عبيد الله بن عمر بهذا الإسناد بلفظ لولا أن أشق.... رواه النسائي وابن حبان، لكن يشهد له الحديث 1067 فانظره.

1071- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه النسائي 1/9، 10 في الطهارة: باب هل يستاك الإمام بحضرة رعيته، عن عمرو بن علي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/409، والبخاري 6923 في استتابة المرتدين: باب حكم المرتد، ومسلم 3/1456- 1457 1733 15 في الأمارة: باب النهي عن طلب الإمارة، وأبو داوُد 1354 في الحدود: باب الحكم فيمن ارتد.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرے ساتھ اشعر قبیلے سے تعلق رکھنے والے دو افراد بھی تھے۔ ان میں سے ایک میرے دائیں طرف تھا اور دوسرا میرے بائیں طرف تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسواک کر رہے تھے۔ ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی سرکاری ذمہ داری کی درخواست کی۔ میں نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ انہوں نے مجھے نہیں بتایا تھا کہ ان کے ذہن میں کیا ہے اور مجھے بھی یہ اندازہ نہیں ہوا کہ یہ کسی سرکاری ذمہ داری کا مطالبہ کریں گے۔ (حضرت ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں) گویا کہ میں اس وقت بھی یہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہونٹ کے نیچے مسواک تھی۔ جسے آپ چبا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہم اپنے (ریاستی) کاموں میں ایسے شخص کو مامور نہیں کریں گے جو اس (عہدے) کا طالب گار ہو البتہ تم چلے جاؤ''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یمن بھیج دیا' اور پھر ان کے پیچھے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو بھجوایا۔

ذِكْرُ اسْتِنَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ قِيَامِهِ لِمُنَاجَاةِ حَبِيبِهِ جَلَّ وَعَلَا

(رات کے وقت) اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کے وقت اٹھنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرنے کا تذکرہ

1072 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

1072- اسناده صحيح على شرطهما، منصور هو ابن المعتمر، وحصين هو ابن عبد الرحمن السلمي، وأبو وائل: شقيق بن سلمة، وأخرجه أحمد 5/402، وابن ماجة 286 في الطهارة وسننها: باب السواك، عن علي بن محمد، وابن خزيمة في صحيحه برقم 136 من طريق يوسف بن موسى، ثلاثتهم عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/402، ومسلم 255 47 في الطهارة: باب السواك، والنسائي 3/212 في قيام الليل: باب ما يفعل إذا قام من الليل من السواك، والبيهقي في السنن 1/38 من طريق عبد الرحمن بن مهدي، عن سفيان بن عيينة، به. وصححه ابن خزيمة أيضاً برقم 136 . وأخرجه أحمد 5/382 عن سفيان بن عيينة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/169 من طريق زائدة، وأحمد 5/407 عن عبيدة بن حميد، والبخاري 245 في الوضوء : باب السواك، ومسلم 255 ، والنسائي 1/8 في الطهارة: باب السواك إذا قام من الليل، والبيهقي في معرفة السنن والآثار 1/188، من طريق جرير، ثلاثتهم عن منصور، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/168، ومن طريقه مسلم 255 46 ، والبيهقي في السنن 1/38، عن هشيم، وأحمد 5/407، والطيالسي 1/48، والنسائي 3/212، والدارمي 1/175، من طريق شعبة، وأحمد 5/390 من طريق زائدة، والبخاري 1136 في التهجد: باب طول القيام في صلاة الليل، من طريق خالد بن عبد الله، أربعتهم عن حصين، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/168، وأحمد 5/397، ومسلم 255 ، وابن ماجة 286 ، والبغوي في شرح السنة 202 من طريق أبي معاوية وابن نمير، عن الأعمش، عن أبي وائل، به.وسيرد برقم 1075 من طريق محمد بن كثير، عن سفيان، به.

اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ وَّحُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ الليل يشوص فاه بالسواك .5:1

"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے (وقت نوافل ادا کرنے) کے لئے بیدار ہوتے تو آپ اپنے منہ کو مسواک کے ذریعے صاف کرتے تھے"۔

ذِكْرُ وَصْفِ اسْتِنَانِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرنے کے طریقے کا تذکرہ

(متن حدیث): اِنَّ النَّبِىَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، شُغِلَ ذَاتَ لَيْلَةٍ عَنْ صَلَاةِ الْعَتَمَةِ، حَتّٰى رَقَدْنَا فِى الْمَسْجِدِ، ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا، ثُمَّ رَقَدْنَا، ثُمَّ اسْتَيْقَظْنَا، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ يَنْتَظِرُ اَحَدٌ مِنْ

1098- إسناده صحيح على شرطهما، عمرو بن على هو الفلاس، وأبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد، وعطاء : هو ابن أبى رباح . وسيعيده المؤلف بهذا الإسناد برقم 1532 فى باب مواقيت الصلاة . وأخرجه عبد الرزاق 2112 عن ابن جريج، بهذا الإسناد، ومن طريق عبد الرزاق- أخرجه البخارى 571 فى المواقيت: باب النوم قبل العشاء لمن غلب، ومسلم 642 فى المساجد: باب وقت العشاء وتأخيرها، والطبرانى فى الكبير 11424 ، والبيهقى 1/449. 'وأخرجه الحميدى 492 ، والبخارى 7239 فى التمنى: باب ما يجوز من اللو، والنسائى 1/266 فى المواقيت: باب ما يستحب من تأخير العشاء ، من طريق سفيان، عن ابن جريج، به وصححه ابن خزيمة 342 .وأخرجه النسائى 1/265 من طريق حجاج، عن ابن جريج، به .وأخرجه الطبرانى 11358 من طريق عبيد الله بن عمر القواريرى، عن عون ابن معمر، عن إبراهيم الصائغ، عن عماء ، عن ابن عباس . وسيورده المؤلف بعده من طريق ابن جريج، عن نافع، عن ابن عمر .وسيورده برقم 1533 فى باب الصلاة، من طريق سفيان بن عيينة، عن عمرو ابن دينار، عن عطاء ، عن ابن عباس. ويخرج فى موضعه.

1099- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى صحيح ابن خزيمة برقم 348 .وأخرجه مسلم 639 221 فى المساجد ومواضع الصلاة: باب وقت العشاء وتأخيرها، عن محمد بن رافع، بهذا الإسناد. وهو فى مصنف عبد الرزاق برقم 2115 ، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/88، والبخارى 570 فى المواقيت: باب النوم قبل العشاء لمن غلب .وصححه ابن خزيمة أيضاً 347 من طريق محمد بن بكر البرسانى، عن ابن جريج، به .وأخرجه أحمد 2/126 عن سريج، عن فليح، عن نافع، به .وأخرجه عبد الرزاق 2116 . ومن طريقه أخرجه ابن خزيمة فى صحيحه 342 ، والبزار 376 ، عن معمر ، عن الزهرى،، عن سالم، عن ابن عمر . وسيورده المؤلف برقم 1537 فى باب الصلاة، من طريق الحكم بن عتيبة، عن نافع، عن ابن عمر . ويخرج من طريقه هناك .وفى الباب عن ابن مسعود عند عبد الله بن الإمام أحمد فى زوائد المسند 1/396، وأبى يعلى 250/2، والطيالسى 333 ، وأحمد 1/423، والنسائى 2/18، والطبرانى فى الكبير 10283 ، والبزار 375 .

اَهْلِ الْاَرْضِ الصَّلَاةَ غيركم . 3:34

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کے وقت کسی کام میں مصروف رہے یہاں تک کہ ہم لوگ مسجد میں ہی سو گئے پھر ہم بیدار ہو گئے پھر ہم سو گئے پھر بیدار ہو گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''اس وقت روئے زمین میں تمہارے علاوہ کوئی شخص (اس) نماز کا انتظار نہیں کر رہا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الرُّقَادَ الَّذِىْ هُوَ النُّعَاسُ لَا يُوجِبُ عَلٰى مَنْ وُجِدَ فِيْهِ وُضُوْءً ا وَّاَنَّ النَّوْمَ الَّذِىْ هُوَ زَوَالُ العقل بوجب عَلٰى مَنْ وُجِدَ فِيْهِ وُضُوْءً ا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے ''رقاد'' یعنی اُونگھ اس شخص پر وضو کو لازم نہیں

کرتی ہے، جس میں یہ پائی جائے اور نیند سے مراد وہ چیز ہے، جو عقل کو زائل کر دے اور جس شخص میں یہ پائی جائے گی یہ اس پر وضو کو لازم کر دے گی

1100 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ فَقَالَ لِي: مَا حَاجَتُكَ؟ قُلْتُ لَهُ: ابْتِغَاءُ الْعِلْمِ، قَالَ: فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَطْلُبُ، قُلْتُ: حَكَّ فِيْ نَفْسِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بعد الغائط والبول، وكنت امرأ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُكَ اَسْاَلُكَ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كَانَ يَاْمُرُنَا اِذَا كُنَّا فِيْ سَفَرٍ -اَوْ مُسَافِرِيْنَ- اَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ أيام

1100- إسناده حسن، عاصم: هو ابن بهدلة حديثه حسن، وباقي رجاله ثقات، وأخرجه عبد الرزاق 759، والشافعي 1/33، وابن أبي شيبة 1/177، 178، والحميدي 881، وأحمد 4/239 و 240، والنسائي 1/83 في الطهارة: باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر، وابن ماجة 478 في الطهارة وسننها: باب الوضوء من النوم من طريق ابن أبي شيبة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/82، والبيهقي في السنن 1/276، والطبراني 7353، وابن خزيمة في صحيحه 17، والبغوي في شرح السنة 161 من طرق عن سفيان بن عيينة، به.وأخرجه عبد الرزاق 792، والنسائي 1/83، عن سفيان الثوري، عن عاصم، به، ومن طريق عبد الرزاق أخرجه الطبراني 7351 .وأخرجه عبد الرزاق 793 عن معمر، عن عاصم، به، ومن طريقه أخرجه أحمد 4/239، 240، والدارقطني 1/196، 197، والطبراني 7352، وابن خزيمة في صحيحه 193 .وأخرجه الطيالسي 1166، والترمذي 96 في الطهارة: باب المسح على الخفين للمسافر والمقيم، والنسائي 1/83، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/82، والطبراني في الصغير 1/91، وفي الكبير 7347 و 7348 و 7349 و 7350 و 7354 و 7355 إلى 7388، والبغوي 162، من طريق عن عاصم، به. قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، ونقل عن البخاري أنه أحسن شيء في هذا الباب.وأخرجه الطحاوي 1/82 عن نصر بن مرزوق.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: الرُّقَادُ لَهُ بِدَايَةٌ وَنِهَايَةٌ، فَبِدَايَتُهُ النُّعَاسُ الَّذِىْ هُوَ اَوَائِلُ النَّوْمِ، وَصِفَتُهُ اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا كُلِّمَ فِيْهِ يَسْمَعُ، وَاِنْ اَحْدَثَ، عَلِمَ اِلَّا اَنَّهُ يَتَمَايَلُ تَمَايُلًا. وَنِهَايَتُهُ زَوَالُ الْعَقْلِ، وَصِفَتُهُ اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَحْدَثَ فِىْ تِلْكَ الْحَالَةِ لَمْ يَعْلَمْ، وَاِنْ تَكَلَّمَ لَمْ يَفْهَمْ. فَالنُّعَاسُ لَا يُوجِبُ الْوُضُوْءَ عَلٰى اَحَدٍ قَلِيْلُهُ وَكَثِيْرُهُ عَلٰى اَىِّ حَالَةٍ كَانَ النَّاعِسُ، وَالنَّوْمُ يُوجِبُ الْوُضُوْءَ عَلٰى مَنْ وُجِدَ عَلٰى اَىِّ حَالَةٍ كَانَ النَّائِمُ. عَلٰى اَنَّ اسْمَ النَّوْمِ قَدْ يَقَعُ عَلَى النُّعَاسِ، وَالنُّعَاسُ عَلَى النَّوْمِ، وَمَعْنَاهُمَا مُخْتَلِفَانِ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا بِقَوْلِهِ: (لَا تَاْخُذُهُ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ) (البقرة: 255) وَلَمَّا قَرَنَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِىْ خَبَرِ صَفْوَانَ بَيْنَ النَّوْمِ، وَالْغَائِطِ، وَالْبَوْلِ، فِىْ اِيجَابِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا، وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ فُرْقَانٌ، وَكَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا قَلِيْلُ اَحَدِهِمَا اَوْ كَثِيْرُهُ اَوْجَبَ عَلَيْهِ الطَّهَارَةَ، سَوَاءً كَانَ الْبَائِلُ قَائِمًا، اَوْ قَاعِدًا، أو راكعا، أو ساجداً، كان كانت كُلُّ مَنْ نَامَ بِزَوَالِ الْعَقْلِ، وَجَبَ عَلَيْهِ الْوُضُوْءُ، سَوَاءً اخْتَلَفَتْ اَحْوَالُهُ، اَوِ اتَّفَقَتْ، لِاَنَّ الْعِلَّةَ فِيْهِ زَوَالُ الْعَقْلِ لَا تَغَيُّرُ الْاَحْوَالِ عَلَيْهِ، كَمَا اَنَّ الْعِلَّةَ فِى الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ وُجُوْدُهُمَا لَا تَغَيُّرُ اَحْوَالِ الْبَائِلِ وَالْمُتَغَوِّطِ فِيْهِ.

زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے مجھ سے دریافت کیا تمہیں کیا کام ہے۔ میں نے ان سے گزارش کی علم کا حصول انہوں نے فرمایا: فرشتے طالب علم کی طلب سے راضی ہوکر اپنے پر اس کے لئے بچھا دیتے ہیں۔ میں نے کہا پیشاب کرنے کے بعد (وضو کرتے ہوئے) موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں میرے ذہن میں کچھ الجھن ہے۔ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں میں آپ کے پاس اس بارے میں دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوا ہوں کہ کیا آپ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کوئی بات سنی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ جب ہم لوگ سفر کی حالت میں ہوں۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جب ہم مسافر ہوں تو ہم تین دن اور تین راتوں تک اپنے موزے نہ اتاریں البتہ جنابت کا حکم مختلف ہے تاہم پاخانہ یا پیشاب یا سونے (کی وجہ سے وضو ختم ہونے کی صورت میں ہم موزے نہ اتاریں)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) رقاد (یعنی سونے) کا ایک آغاز ہے اور ایک اختتام ہے۔ اس کا آغاز وہ اونگھ ہے جو نیند کے شروع میں ہوتی ہے اور اس کی حالت یہ ہوتی ہے اس دوران اگر آدمی کے ساتھ کلام کیا جائے تو وہ سن لیتا ہے اور اگر وہ بے وضو ہو جائے تو اسے یہ پتہ ہوتا ہے البتہ اگر وہ ایک طرف ڈھلک جائے (تو معاملہ مختلف ہے) اور اس کا اختتام عقل (یعنی شعور) کا زائل ہو جانا ہے۔ اور اس کی حالت یہ ہوتی ہے جب آدمی اس حالت کے دوران بے وضو ہو جائے تو اسے پتہ نہیں چلتا اور اگر اس کے ساتھ کلام کیا جائے تو اسے سمجھ نہیں آتا تو اونگھ کسی بھی شخص پر وضو کو لازم نہیں کرتی۔ خواہ وہ تھوڑی ہو یا زیادہ ہو۔ خواہ اونگھنے کی حالت کوئی سی بھی ہو جبکہ نیند وضو کو لازم کر دیتی ہے۔ خواہ وہ کسی بھی حالت میں پائی جائے جو سونے والے کی ہوتی ہے۔ اس کے ہمراہ بعض اوقات لفظ نوم (یعنی نیند) کا اطلاق نعاس (یعنی اونگھ) پر بھی ہوتا ہے اور لفظ نعاس کا اطلاق لفظ نوم پر بھی ہوتا ہے۔ لیکن ان دونوں کا معنی مختلف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان فرق کو بیان کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اسے اونگھ نہیں آتی ہے' اور نیند بھی نہیں آتی ہے''۔

تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفوان کی نقل کردہ روایت میں نیند، پاخانے اور پیشاب کو وضو لازم کرنے والی چیزوں میں شامل کرلیا تو جس طرح پیشاب اور پاخانے میں کوئی فرق نہیں ہے یہ دونوں جس کسی سے بھی صادر ہوں گے خواہ وہ تھوڑے ہوں' یا زیادہ تو ایسے شخص پر وضو کرنا لازم ہو جائے گا۔ خواہ پیشاب کرنے والا شخص بیٹھ کر کرے یا کھڑا ہو کر کرے یا رکوع کی حالت میں کرے یا سجدے کی حالت میں کرے' تو ہر وہ شخص جس کی عقل زائل ہو جائے اور وہ سو جائے' تو اس پر وضو کرنا لازم ہو جائے گا۔ خواہ اس کی حالتوں میں اختلاف ہو یا حالتوں میں اتفاق ہو' کیونکہ اس میں بنیادی علت عقل کا زائل ہو جانا ہے۔ حالت کا تبدیل ہونا بنیادی علت نہیں ہے۔ جیسا کہ پیشاب اور پاخانے میں علت ان دونوں کا پایا جانا ہے۔ پیشاب کرنے والے یا پاخانہ کرنے والے کی حالت کا متغیر ہونا (علت نہیں) ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْوُضُوْءِ مِنَ الْمَذْيِ وُضُوْءَ الصَّلَاةِ

مذی کے خروج پر نماز کے وضو کی طرح وضو کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1101 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِى النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ،

اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ اَمَرَهُ اَنْ يَّسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنْ اَهْلِهٖ مَاذَا عَلَيْهِ؟ فَاِنْ عِنْدِىْ ابْنَتَهُ وَاَنَا اَسْتَحْيِىْ اَنْ اَسْاَلَهُ، قَالَ الْمِقْدَادُ: فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ، فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهُ، وَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ . 1:78

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَاتَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ بِالْجُرُفِ، سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ . وَمَاتَ سليمان بن يسار اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ، وَقَدْ سَمِعَ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ المقداد وهو بن دون عشر سنين.

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے انہیں ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کریں کہ جب وہ اپنی بیوی کے قریب ہوتا ہے (تو اس کی مذی خارج ہو جاتی ہے) تو ایسے شخص پر کیا بات لازم ہوگی (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی)' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

1101 - رجاله ثقات إلا أن فى السند انقطاعاً سقط منه ابن عباس، لأن سليمان بن يسار لم يسمع من المقداد ولا من علی، وقد أخرجه مسلم 303 19، وابن خزيمة 22، والنسائی 1/214، والبيهقی فی معرفة السنن 1/292، من طريق ابن وهب، .وهو فی الموطأ 1/40 فی الطهارة: باب الوضوء من المذی، ومن طريق مالك عن أبی النضر، عن سليمان، عن المقداد أخرجه الشافعی 1/23، وعبد الرزاق 600، وأحمد 6/5، وأبو داؤد 207 فی الطهارة: باب فی المذی، والنسائی 1/97 و215 فی الطهارة، وابن ماجة 505، وابن الجارود 5، والبيهقی فی السنن 1/115، وفی المعرفة 1/291، وابن خزيمة برقم 21 وسيعيده المؤلف برقم 1106 . ولابن أبی شيبة 1/90 من طريق هشيم.

صاحب زادی میری اہلیہ ہے۔اس لئے مجھے خود ان سے حیا آتی ہے۔حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب وہ شخص اس طرح کی صورت حال پائے' تو اپنی شرم گاہ پر پانی چھڑک لے اور نماز کے وضو کی طرح وضو کر لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بن اسود رضی اللہ عنہ کا انتقال **33** ہجری میں ہوا جبکہ سلیمان بن یسار کا انتقال **94** ہجری میں ہوا جس وقت سلیمان بن یسار نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔اس وقت ان کی عمر ۱۰ سال سے کم تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهُ اَرَادَ بِهِ: فَلْيَغْسِلْ ذَكَرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "وہ اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑک لے" اس سے مراد یہ ہے وہ اپنی شرمگاہ کو دھولے

1102 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنِي الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْفَزَارِيُّ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيصَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتَ الْمَذْيَ، فَاغْسِلْ ذكرك، وإذا رأيت الماء، فاغتسل . **1:78**

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ اَمَرَ الْمِقْدَادَ اَنْ يَسْاَلَ رسول الله، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن هٰذَا الْحُكْمِ فَسَاَلَهُ وَاَخْبَرَهُ، ثُمَّ اَخْبَرَ الْمِقْدَادُ عَلِيًّا بِذٰلِكَ، ثُمَّ سَاَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَمَّا اَخْبَرَهُ بِهِ الْمِقْدَادُ حَتّٰى يَكُونَا سُؤَالَيْنِ فِيْ مَوْضِعَيْنِ مُخْتَلِفَيْنِ، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى

1102- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه النسائي 1/112 في الطهارة: باب الغسل من المني، من طريق أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد.وأخرجه أبو داوُد الطيالسي 4: 1، عن زائدة، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن أبي شيبة 1/92 عن حسين بن علي، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/46 من طريق عبد الله بن رجاء ، كلاهما عن زائدة، به.وأخرجه أحمد 1/145 عن يزيد، عن شريك، وأبو داوُد 206 في الطهارة: باب في المذي، عن قتيبة بن سعيد، عن عبيدة بن حميد، كلاهما عن الركين بن الربيع، به.في شرح معاني الآثار 1/46، والبيهقي في السنن 1/115، والبغوي في شرح السنة 159 من طرق عن الأعمش، عن منذر الثوري، عن ابن الحنفية، عن علي. وصححه ابن خزيمة برقم 19 .وأخرجه عبد الرزاق 602 و 603 ، وأحمد 1/126، وأبو داوُد 208 و 209 من طريق هشام بن عروة، عن أبيه، عن علي .وأخرجه ابن أبي شيبة 1/90، وأحمد 1/87 و109 و111، 112 و 121، والترمذي 114 في الطهارة: باب ما جاء في المني والمذي، وابن ماجة 504 ، والطحاوي 1/46 من طرق عن يزيد بن أبي زياد، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ علي .وأخرجه ابن خزيمة في صحيحه 23 ، والطحاوي 1/46، من طريق عبيدة بن حميد، عن الأعمش، عن حبيب بن أبي ثابتٍ.

اَنَّهُمَا كَانَا فِي مَوْضِعَيْنِ اَنَّ عِنْدَ سُؤَالِ عَلِيٍّ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمَرَهُ بِالاغْتِسَالِ عِنْدَ الْمَنِيِّ، وَلَيْسَ هٰذَا فِيْ خَبَرِ الْمِقْدَادِ. يَدُلُّكُ هٰذَا عَلٰى اَنَّهُمَا غير متضادين.

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسا شخص تھا' جس کی مذی بکثرت خارج ہوتی تھی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم مذی کو دیکھو تو اپنی شرمگاہ کو دھو لو اور جب تم پانی (یعنی منی کو دیکھو) تو تم غسل کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا امکان موجود ہے' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو اس بات کی ہدایت کی ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس چیز کا حکم دریافت کریں۔ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ آپ نے انہیں بتایا پھر حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں بتایا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس چیز کے بارے میں دریافت کیا جس کے بارے میں حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا تھا' تو یہ دو سوال ہوں گے جو دو مختلف موقعوں پر کئے گئے۔ اور اس بات کی دلیل یہ دونوں سوال مختلف موقعوں پر کئے گئے تھے۔ یہ ہے' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا۔ تو آپ نے منی کے نزول کے وقت انہیں غسل کرنے کا حکم دیا تھا اور یہ بات حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت میں نہیں ہے۔ یہ بات آپ کی رہنمائی اس چیز کی طرف کرے گی کہ یہ دو مختلف احادیث ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ غَسْلَ الذَّكَرِ للذى لَا يُجْزِءُ بِهٖ صَلَاتَهٗ دُونَ الْوُضُوْءِ وَاَنَّ الْوُضُوْءَ يُجْزِءُ عَنْ نَضْحِ الثَّوْبِ لَهٗ

اس بات کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' مذی کے خروج کی وجہ سے شرمگاہ کو دھونے سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہوجاتا جب کہ وضو نہ کیا گیا ہو' نیز وضو کرنا کپڑے پر پانی چھڑکنے کی جگہ کفایت کرجاتا ہے

1103 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ:

1103- إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث، وأخرجه ابن أبى شيبة 1/91، وأبو داؤد 210 فى الطهارة: باب فى المذى، والترمذى 115 فى الطهارة: باب فى المذى يصيب الثوب، وابن ماجة 506 فى الطهارة: باب الوضوء من المذى، والدارمى فى الوضوء 1/184، والطحاوى 1/47 من طرق عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح نعرفه إلا من حديث محمد بن إسحاق. وقوله: ترى هو بضم التاء بمعنى تظن، وبفتحها بمعنى تبصر.

(متن حدیث): كُنْتُ اَلْقٰى مِنَ الْمَذْيِ شِدَّةً، فَكُنْتُ اُكْثِرُ الْاِغْتِسَالَ مِنْهُ، فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّمَا يُجْزِئُكَ مِنْهُ الْوُضُوْءُ . فَقُلْتُ: فَكَيْفَ بِمَا يُصِيْبُ ثَوْبِيْ مِنْهُ؟ قَالَ: يَكْفِيكَ اَنْ تَاْخُذَ كَفًّا مِنْ مَّاءٍ فَتَنْضَحَ بِهَا مِنْ ثَوْبِكَ حَيْثُ تَرٰى اَنَّهٗ اَصَابَهٗ . 1:78

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے مذی کی وجہ سے مشکل کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ مجھے اس کی وجہ سے بکثرت غسل کرنا پڑتا تھا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کی وجہ سے تمہارے لئے وضو کر لینا کافی ہے۔ میں نے عرض کی: اگر یہ میرے کپڑے پر لگ جائے' تو پھر کیا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے اتنا کافی ہے' تم چلو میں پانی لو اور اسے اپنے کپڑے پر اس جگہ چھڑک لو جہاں تمہیں نظر آ رہا ہے کہ یہ لگی ہوئی ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمُمْذِيْ وَالاِغْتِسَالِ عَلَى الْمُمْنِي

مذی خارج کرنے والے پر وضو اور منی خارج کرنے والے پر غسل لازم ہونے کا تذکرہ

1104 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتَ الْمَاءَ ، فَاغْسِلْ ذَكَرَكَ وَتَوَضَّاْ، وإذا رأيت المنى فاغتسل . 3:65

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایسا شخص تھا' جس کی مذی بکثرت خارج ہوتی تھی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم پانی (مذی) کو دیکھو تو اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کر لو اور جب تم منی دیکھو تو تم غسل کرو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ الَّذِيْ ذَكَرْنَا

1104- إسناده صحيح على شرط البخاري، وهو في صحيحه 269 في الغسل: باب غسل المذى والوضوء منه، عن أبي الوليد الطيالسي، ومن طريقه البغوي في شرح السنة 158 ، وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 1/46 من طريق عبد الله بن رجاء ، والطيالسي 1/44، ثلاثتهم عن زائدة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/129، والنسائي 1/96 في الطهارة: باب ما ينقض الوضوء وما لا ينقض الوضوء من المذى، وابن خزيمة في صحيحه 18 ، وابن الجارود 6 ، من طرق عن أبي بكر بن عياش، عن أبي حصين، به. ولفظه: عن علي قال: كنت رجلاً مذاءً، فأمرت رجلاً يسأل النبي صلى الله عليه وسلم لمكان ابنته-، فسأل، فقال: توضأ واغسل ذكرك ، ولم يرد عند من ذكرنا جملة: وإذا رأيت المنى فاغتسل .وانظر تخريج الحديث المتقدم برقم 1102 و 1101 .

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ یہ سمجھا) کہ یہ روایت ابوعبدالرحمٰن سلمی کی نقل کردہ اس روایت کے خلاف ہے جسے ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

1105 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عن بن اَبِیْ نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَلِيًّا اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَّسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمَذْيِ، فَقَالَ: يَغْسِلُ مذاكيره ويتوضأ . 3:65

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کے بارے میں دریافت کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص اپنی شرمگاہ کو دھولے اور وضو کرلے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَّظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

اس تیسری روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا (اور وہ اس بات کا قائل ہوا) کہ یہ روایت ان دو روایات کے خلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

1106- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِی النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَمَرَهُ اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنْ اَهْلِهِ فَخَرَجَ مِنْهُ الْمَذْيُ مَاذَا عَلَيْهِ؟ فَاِنَّ عِنْدِیْ ابْنَتَهُ وَاَنَا اَسْتَحْيِي اَنْ اَسْاَلَهُ. قَالَ: الْمِقْدَادُ: فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ، فَلْيَنْضَحْ فَرْجَهُ، وَلْيَتَوَضَّاْ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ 3:65

1105- رجاله رجال الشيخين غير إياس بن خليفة، وأخرجه النسائي 1/97 في الطهارة: باب ما ينقض الوضوء وما لا ينقض الوضوء من المذي، والطحاوي 1/45 من طريقين عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد. وانظر الحديث السابق. وأخرجه بنحوه الحميدي 39 ، والنسائي 1/97، والطحاوي 971/ من طريق سفيان، عن عمرو بن دينار، عن عطاء ، عن عائش بن أنس، عن علي.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ: قَدْ يَتَوَهَّمُ بَعْضُ الْمُسْتَمِعِيْنَ لِهٰذِهِ الْاَخْبَارِ، مِمَّنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَّظَانِّهِ، وَلَا دَارَ فِي الْحَقِيْقَةِ عَلٰى اَطْرَافِهِ، اَنْ بَيْنَهَا تَضَادًّا اَوْ تَهَاتُرًا، لِاَنَّ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ: سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَفِيْ خَبَرِ اِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ اَنَّهُ اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْ خَبَرِ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهُ اَمَرَ الْمِقْدَادَ اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَيْسَ بَيْنَهَا تَهَاتُرٌ، لِاَنَّهُ يُحْتَمَلُ اَنْ يَكُونَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهُ، ثُمَّ اَمَرَ الْمِقْدَادَ اَنْ يَسْاَلَهُ، فَسَاَلَهُ، ثُمَّ سَاَلَ بِنَفْسِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْتُ اَنْ مَّتْنَ كُلِّ خَبَرٍ يُخَالِفُ مَتْنَ الْخَبَرِ الْآخَرِ، لِاَنَّ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِذَا رَاَيْتَ الْمَاءَ فَاغْتَسِلْ . وَفِيْ خَبَرِ اِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ: اَنَّهُ اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّاُ ، وَلَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ الْمَنِيِّ الَّذِيْ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَخَبَرُ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ سُؤَالٌ مُسْتَاْنَفٌ، فَيَسْاَلُ اَنَّهُ لَيْسَ بالسؤالين الأولين اللذين ذَكَرْنَاهُمَا، لِاَنَّ فِيْ خَبَرِ الْمِقْدَادِ: اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ اَمَرَهُ اَنْ يَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الرَّجُلِ اِذَا دَنَا مِنْ اَهْلِهِ فَخَرَجَ مِنْهُ الْمَذْيُ مَاذَا عَلَيْهِ؟ فَاِنَّ عِنْدِيْ ابْنَتَهُ . فَذٰلِكَ مَا وَصَفْنَا، عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ اَسْئِلَةٌ مُتَبَايِنَةٌ، فِيْ مَوَاضِعَ مُخْتَلِفَةٍ، لِعِلَلٍ مَوْجُوْدَةٍ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُونَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ اَوْ تهاتر.

۞۞ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کریں جو اپنی بیوی کے قریب ہوتا ہے تو اس کی مذی خارج ہو جاتی ہے۔ ایسے شخص پر کیا چیز لازم ہوگی (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی) کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی میری اہلیہ ہے۔ اس لئے مجھے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اس طرح کی صورت حال کا سامنا کرے تو اسے اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑک لینا چاہئے اور نماز کے وضو کی طرح وضو کر لینا چاہئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان روایات کو سننے والے بعض ایسے افراد جنہوں نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا اور حقیقت کو اس کے اپنے دائرے میں نہیں گھمایا۔ وہ اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں' ان روایات کے درمیان تضاد اور اختلاف پایا جاتا ہے' کیونکہ ابوعبدالرحمٰن سلمی کی نقل کردہ روایت میں یہ ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا جبکہ ایاس بن خلیفہ کی نقل کردہ روایت میں ہے' انہوں نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی تھی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

1106– رجاله ثقات إلا أنه منقطع، وأخرجه أبو داوُد 207 في الطهارة، عن عبد الله بن مسلمة القعنبي، بهذا الإسناد . وهو مكرر الحديث 1101 وانظر الحديثين قبله.

سوال کریں جبکہ سلیمان بن یسار کی نقل کردہ روایت میں ہے انہوں نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی تھی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کریں۔ حالانکہ ان روایات کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ اس بات کا احتمال موجود ہے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار کو یہ حکم دیا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کریں۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ پھر آپ نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کریں تو انہوں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا ہو۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بذاتِ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا ہو۔

میں نے جو چیز ذکر کی ہے اس کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے ان میں سے ہر روایت کا متن دوسری روایت کے متن سے مختلف ہے۔ کیونکہ ابوعبدالرحمٰن سلمی کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''میں ایک ایسا شخص تھا' جس کی مذی بکثرت خارج ہوتی تھی۔ پھر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جب پانی کو دیکھو تو غسل کرو''۔

ایاس بن خلیفہ کی روایت میں الفاظ ہیں ''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار کو یہ حکم دیا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص اپنی شرمگاہ کو دھو کر وضو کرلے۔

اس روایت میں منی کا تذکرہ نہیں ہے' جو ابوعبدالرحمٰن کی نقل کردہ روایت میں ہے' جبکہ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بن اسود کی نقل کردہ روایت میں مذکور ہے' انہوں نے پہلے سوال کیا تھا' تو یہ پہلے والے دو سوالات نہیں ہیں جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں' حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ ہے کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حکم دیا تھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کریں جو اپنی بیوی کے قریب ہوتا ہے' تو اس کی منی خارج ہوتی ہے' تو ایسے شخص پر کیا بات لازم ہوگی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی میری اہلیہ ہے۔ میں (اس لئے براہ راست آپ سے یہ سوال نہیں کرسکتا) تو ہم نے جو چیز ذکر کی ہے وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ مختلف سوالات ہیں جو مختلف مواقعوں پر کئے گئے جن کی اپنی مخصوص علتیں ہیں۔ ان کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْوُضُوءِ مِنَ الْمَذْيِ وَالاغْتِسَالِ مِنَ الْمَنِيِّ

مذی کے خروج پر وضو اور منی کے خروج پر غسل لازم ہونے کا تذکرہ

1107 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ

1107- إسناده صحيح، وأخرجه ابن خزيمة في صحيحه برقم 20 عن بشر بن معاذ العقدي، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/92، وأحمد 1/109، وأبو داوٗد 206 في الطهارة: باب في المذي، والنسائي 1/111 في الطهارة: باب الغسل من المني، من طريق عبيدة بن حميد، به. وتقدم برقم 1102 من طريق زائدة بن قدامة، عن الركين بن الربيع، به، واستوفى هناك تخريجه من طرقه فانظره.

بْنُ حُمَيْدٍ الْحَذَّاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ قَبِيصَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ:

كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً، فَجَعَلْتُ اَغْتَسِلُ فِي الشِّتَاءِ حَتّٰى تَشَقَّقَ ظَهْرِی، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ ذُكِرَ لَهُ، فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ، اِذَا رَاَيْتَ الْمَذْیَ، فَاغْسِلْ ذَكَرَكَ، وَتَوَضَّاْ وضوءك للصلاة، وإذا نضحت الماء فاغتسل. 4:49

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسا شخص تھا' جس کی مذی بکثرت خارج ہوتی تھی' میں اس کی وجہ سے سردی کے موسم میں غسل کرتا تھا' تو اس کی وجہ سے میری پشت کو تکلیف کا شکار ہونا پڑتا تھا۔ میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' یا آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایسا نہ کرو جب تم مذی دیکھو تو اپنی شرمگاہ کو دھو کر نماز کے وضو کی طرح وضو کرو اور جب تم پانی چھڑکو (یعنی منی خارج ہو) تو تم غسل کر لو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ كَالدَّلِيلِ عَلٰى اَنَّ الْوُضُوْءَ لَا يَجِبُ مِنْ لَمْسِ الْمَرْءِ ذَوَاتِ الْمَحَارِمِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس بات کی دلیل موجود ہے' آدمی اپنی محرم خواتین کو چھو لے' تو اس سے وضو واجب نہیں ہوتا

1108 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، في الإناء الواحد. 5:10

1108- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه مسلم 319 41 في الحيض: باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، والنسائي 1/127 في الطهارة: باب ذكر القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء للغسل، كلاهما عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 319 41، وأبو عوانة 1/295، والبيهقي في السنن 1/193؛ من طرق عن الليث، به. وأخرجه الشافعي 1/20، وعبد الرزاق 1027، والحميدي 159، والطيالسي 1/42، وابن أبي شيبة 1/35، وأحمد 6/37 و127 و199، والبخاري 250 في الغسل: باب غسل الرجل مع امرأته، ومسلم 319 41 في الحيض، وأبو داوُد 238 في الطهارة: باب في مقدار الماء الذي يجزء في الغسل، والنسائي 128 في الطهارة: باب ذكر الدلالة على أنه لا وقت في ذلك، وابن ماجة 376 في الطهارة: باب الرجل والمرأة يغتسلان من إناء واحد، والدارمي 1/191 و192، وابن الجارود 57، والبيهقي في السنن 1/187؛ من طرق عن ابن شهاب الزهري، به. وأخرجه أحمد 6/230، والبخاري 263، والبيهقي 1/187، 188، من طريقين عن عروة، به. وأخرجه عبد الرزاق 1031، وابن أبي شيبة 1/35، وأحمد 6/191 و192 و201، والبخاري 299، وأبو داوُد 77، والنسائي 1/129، 1/، والبيهقي 1/189، من طريق سفيان، عن منصور، عن إبراهيم، عن الأسود، عن عائشة. وأخرجه الدارقطني 1/52 من طرق عن حارثة، عن عمرة، عن عائشة. وأخرجه الدارقطني 1/52 أيضاً من طريق أبي الزبير، عن عُبيد بن عمير، عَنْ عَائِشَةَ وأخرجه من طرق أخرى عن عائشة: ابن أبي شيبة 1/35، وأحمد 6/30 و43 و64 و103 و129 و157 و171، ومسلم 321 43 و44.

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی برتن میں غسل کرلیا کرتی تھیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُلَامَسَةَ مِنْ ذَوَاتِ الْمَحَارِمِ لَا تُوجِبُ الْوُضُوْءَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' محرم خواتین کو چھو لینے سے وضولازم نہیں ہوتا

1109 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُصَلِّي، وَهُوَ حَامِلٌ اُمَامَةَ بِنْتَ زَيْنَبَ ابْنَتِهِ، فَكَانَ اِذَا قَامَ، حَمَلَهَا، وَاِذَا سَجَدَ وضعها. **5:10**

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ لیتے تھے حالانکہ آپ نے سیدہ امامہ رضی اللہ عنہا کو اٹھایا ہوتا تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نواسی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تھے' تو انہیں اٹھا لیتے تھے۔ جب سجدے میں جاتے تھے' تو انہیں ایک طرف (یعنی کھڑا کردیتے تھے)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى نَفْيِ اِيجَابِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمُلَامَسَةِ اِذَا كَانَتْ مِنْ ذَوَاتِ الْمَحَارِمِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' خاتون کو چھونے سے وضولازم نہیں ہوتا جبکہ وہ خاتون محرم ہو

1110 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا قَتَادَةَ يَقُوْلُ: بَيْنَمَا نَحْنُ عَلٰى بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جُلُوسٌ اِذْ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَحْمِلُ اُمَامَةَ بِنْتَ اَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ، وَاُمُّهَا زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ صَبِيَّةٌ، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ

1109- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه مسلم 543 41 فى المساجد، وأبو داوُد 917 فى الصلاة: باب العمل فى الصلاة، كلاهما عن القعنبى، عن مالك، به، وهو فى الموطأ 1/170 فى قصر الصلاة فى السفر: باب جامع الصلاة، ومن طريقه أخرجه أحمد 5/295، 296 و 353، والبخارى 516 فى الصلاة: باب إذا حمل جارية صغيرة على عنقه فى الصلاة، والنسائى 3/10 فى السهو: باب حمل الصبايا فى الصلاة، والدارمى 1/316 فى الصلاة: باب العمل فى الصلاة . وأخرجه أحمد 5/296 و 297 و304 و 310 و 311، والطيالسى 1/109، والشافعى 1/96، والحميدى 422 ، ومسلم 543 42 ، والنسائى 3/10، والطبرانى فى الكبير /22 1066 و 1067 و 1068 و 1069 و 1070 و 1071 من طرق عن عامر بن عبد الله بن الزبير، به.

عَلٰى عَاتِقِهِ، يَضَعُهَا إِذَا رَكَعَ، وَيُعِيدُهَا عَلٰى عَاتِقِهِ إِذَا قَامَ، حَتّٰى قضى صلاته يفعل ذلك بها.

❁❁ عمرو بن سلیم زرقی بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت ابوقتادہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ امامہ بنت ابوالعاص کو اٹھایا ہوا تھا اس بچی کی والدہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا تھیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی تھیں وہ ابھی کم سن بچی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی تو بچی آپ کے کندھے پر تھی۔ جب آپ رکوع میں گئے تو آپ نے اس کو زمین پر ایک طرف (کھڑا) کر دیا۔ جب آپ کھڑے ہوئے تو آپ نے دوبارہ اسے کندھے پر بٹھا لیا یہاں تک کہ اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ كَالدَّلِيلِ عَلٰى أَنَّ الْمُلَامَسَةَ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَأَتِهِ لَا يُوجِبُ الْوُضُوءَ عَلَيْهَا

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس بات کی دلیل موجود ہے عورت اگر مرد کو چھو لے تو اس سے عورت پر وضو واجب نہیں ہوتا

1111 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أبو الطاهر، قال: حدثنا بن وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، يَقُولُ:

1110- نسبة إلى بني زريق بطن من الأنصار، وقد تحرف في الأصل إلى الرومي . 2 في الأصل: جلوساً . 3 إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري 5996 في الأدب: باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/303 و 304، في مسلم 543 في المساجد: باب جواز حمل الصبيان في الصلاة، وأبو داوُد 918 و 920 في الصلاة: باب العمل في الصلاة، والنسائي 2/45 في المساجد: باب إدخال الصبيان المساجد، والدارمي 1/316، وابن الجارود 214 ، والطبراني 22/ 1071 و 1072 و 1073 و 1074 و 1075 و 1076 ، والبيهقي في السنن 1/127؛ من طرق عن سعيد بن أبي سعيد المقبري بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 543 43 في المساجد، وأبو داوُد 919 في الصلاة، والطبراني 22/ 1077 و 1078 و 1079 ، من طرق عن عمرو بن سليم الزُّرَقي، به . وفي إحدى الروايات أن ذلك كان في صلاة الصبح . وانظر ما قبله.

1111- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو الطاهر هو أحمد بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بن السرح المصري، ثقة من رجال مسلم، وأخرجه أبو عوانة 1/284 عن يونس بن عبد الأعلى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/192 عن أفلح بن حميد، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 261 في الغسل: باب هل يدخل الجنب يده في الإناء قبل أن يغسلها، ومسلم 321 45 في الحيض: باب القدر المستحب من الماء في غسل الجنابة، والبيهقي في السنن 11/186، 187، من طريق عبد اللّٰه بن مسلمة القعنبي، وأبو عوانة 1/284 من طريق ابن أبي فديك، كلاهما عن أفلح، به . وأخرجه النسائي 1/201 باب الدليل، على أن لا توقيت في الماء الذي يغتسل فيه، والبيهقي في السنن 1/194 من طريق الزهري، عن القاسم، به. وسيورده المؤلف برقم 1262 و 1264 من طريق عبد الرحمٰن بن القاسم، عن أبيه، به . ويرد تخريجه من طريقه هناك . وتقدم برقم 1108 من طريق الزهري، عن عروة، عن عائشة، وأوردت في تخريجه طرقه، فانظره.

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ اِنْ كُنْتُ لَاَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ اِنَاءٍ واحد، تختلف أيدينا فيه وتلتقي. 4:1

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔ ہمارے ہاتھ اس برتن میں الگ ہوتے تھے اور اس میں ملتے تھے۔

1112 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَذَكَرْنَا مَا يَكُوْنُ مِنْهُ الْوُضُوْءُ، فَقَالَ: مَرْوَانُ. اَخْبَرَتْنِيْ بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يقول: إذا مس أحدكم ذكره، فليتوضأ. 1:23

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: عَائِذٌ بِاللّٰهِ اَنْ نَحْتَجَّ بِخَبَرٍ رَوَاهُ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَذَوُوهُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ كُتُبِنَا، لِاَنَّا لَا نَسْتَحِلُّ الْاِحْتِجَاجَ بِغَيْرِ الصَّحِيْحِ مِنْ سَائِرِ الْاَخْبَارِ، وَاِنْ وَافَقَ ذٰلِكَ مَذْهَبَنَا، وَلَا نَعْتَمِدُ مِنَ الْمَذَاهِبِ اِلَّا عَلَى الْمُنْتَزَعِ مِنَ الْآثَارِ، وَاِنْ خَالَفَ ذٰلِكَ قَوْلَ اَئِمَّتِنَا.

وَاَمَّا خَبَرُ بُسْرَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ، فَاِنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ سَمِعَهُ مِنْ مَّرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ بُسْرَةَ، فَلَمْ يُقْنِعْهُ ذٰلِكَ حَتّٰى بَعَثَ مَرْوَانُ شُرْطِيًّا لَهُ اِلٰى بُسْرَةَ فَسَاَلَهَا، ثُمَّ اَتَاهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ بِمِثْلِ مَا قَالَتْ بُسْرَةُ، فَسَمِعَهُ عُرْوَةُ ثَانِيًا عَنِ الشُّرْطِيِّ، عَنْ بُسْرَةَ، ثُمَّ لَمْ يُقْنِعْهُ ذٰلِكَ حَتّٰى ذَهَبَ اِلٰى بُسْرَةَ فَسَمِعَ مِنْهَا، فَالْخَبَرُ عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ بُسْرَةَ، مُتَّصِلٌ لَيْسَ بِمُنْقَطِعٍ، وَصَارَ مَرْوَانُ وَالشُّرْطِيُّ كَاَنَّهُمَا عاريتان يسقطان من الإسناد.

عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: میں مروان بن حکم کے پاس گیا ہم نے وہاں اس بات کا ذکر شروع کیا کون سی صورتوں میں وضو کرنا لازم ہوتا ہے؟ تو مروان نے بتایا سیدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے انہوں نے

1112- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، وقد صححه غير واحد من الأئمة، وهو في الموطأ 1/42 في الطهارة: باب الوضوء من مَسّ الفرج. ومن طريق مالك أخرجه: الشافعي في المسند 1/34، وأبو داوُد 181 في الطهارة: باب الوضوء من مَسّ الذكر، والنسائي 1/100 في الطهارة: باب الوضوء من مس الذكر، والحازمي في الاعتبار ص 41، والبيهقي في السنن 1/128، والمعرفة 1/327، والطبراني في الكبير 496، والبغوي في شرح السنة 165. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/163، والحميدي 352، والطيالسي 1657، وأحمد 6/406 و 407، والنسائي 1/100 و 216 في الطهارة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/185، والدارمي 1/185، وابن الجارود 16، والطبراني 24/ 487 و 488 و 489 و 490 و 491 و 492 و 493 و 494 و 495 و 497 و 498 و 499 و 500 و 501 و 502 و 503 و 504 من طرق عن عبد الله بن أبي بكر به. وأخرجه عبد الرزاق 412 من طريق ابن شهاب عن عبد الله، عن بسرة، عن زيد بن خالد الجهني ... ، وصححه الحاكم 1/136، وانظر الحديث 1115 و 1116 و 1117 و 1118

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص اپنی شرم گاہ کو چھولے' تو اسے وضو کرنا چاہئے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' ہم اپنی کتابوں میں کوئی ایسی روایت نقل کریں جسے مروان بن حکم یا اس جیسے افراد نے نقل کیا ہو۔ وجہ یہ ہے' ہم اس چیز کو جائز نہیں سمجھتے کہ روایات میں سے غیر مستند روایات سے استدلال کیا جائے۔ حتیٰ کہ وہ ہمارے موقف کے موافق ہی کیوں نہ ہو اور مذاہب میں سے ہم صرف ان ہی روایات پر عمل کریں گے جو مستند ہوں۔ اگرچہ وہ ہمارے ائمہ کے قول کے خلاف ہوں۔

جہاں تک سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے پیچھے ہم نے ذکر کیا ہے' تو عروہ بن زبیر نے یہ روایت مروان بن حکم کے حوالے سے سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے سنی ہے' لیکن انہوں نے اس پر قناعت نہیں کی' یہاں تک کہ مروان نے اپنے ایک سپاہی کو سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا اور اس نے ان سے سوال کیا۔ پھر وہ ان لوگوں کے پاس گیا اور انہیں اس چیز کے بارے میں بتایا جو سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا نے بیان کی ہے۔ تو عروہ نے دوسری دفعہ یہ روایت سپاہی کے حوالے سے سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے سن لی لیکن پھر انہوں نے اس پر بھی قناعت نہیں کی' یہاں تک کہ وہ خود سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور ان سے اس حدیث کو سنا تو یہ روایت عروہ کے حوالے سے سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔ یہ متصل ہے یہ منقطع نہیں ہے۔ مروان اور اس کا سپاہی دو عاریت کے طور پر راوی ہوں گے جنہیں ان کی سند سے ساقط کر دیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عُرْوَةَ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ بُسْرَةَ نَفْسِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عروہ نے یہ روایت خود بسرہ بنت صفوان سے سنی ہے

1113- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بن مسرح الحرانی أبو بدر بسر غامرطا مِنْ دِيَارِ مُضَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ حَدَّثَهٗ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

1113-أخرجه الدارقطنی /2261/، والبيهقی فی السنن 1/129 و 130، وفی المعرفة 1/359، والحاكم فی المستدرك 1/137، من طرق عن الحكم بن موسى، عن شعيب بن إسحاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذی 83 فی الطهارة: باب الوضوء من مسّ الذكر، والنسائی 1/216 فی الغسل والتيمم: باب الوضوء من مس الذكر، وابنُ الجارود برقم 17، والحاكم 1/137، والبيهقی فی السنن 1/129 و 130، من طرق عن هشام بن عروة، به. وانظر الطرق الأخرى للحديث بالأرقام 1112 و 1114 و 1115 و 1116 و 1117.

قَالَ: إِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ، فَلْيَتَوَضَّأْ قَالَ: فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عُرْوَةُ، فسأل بسرة، فصدقته. 1:23

❀❀ سیّدہ بصرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے تو اسے وضو کرنا چاہئے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: عروہ نے اس بات کا انکار کیا ہے پھر انہوں نے سیّدہ بسرہ سے دریافت کیا تو اس خاتون نے اس بیان کی تصدیق کی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ بُسْرَةَ كَمَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے عروہ بن زبیر نے یہ روایت سیدہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا سے سنی ہے جیسا کہ اس سے پہلے ہم یہ بات ذکر کر چکے ہیں

1114 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بن اَبِیْ فُدَيْكٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَرْوَانَ عَنْ بُسْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ قال عروة: فسألت بسرة، فصدقته. 1:23

❀❀ سیّدہ بصرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں جو شخص اپنی شرم گاہ کو چھولے تو اسے وضو کرنا چاہئے۔

عروہ کہتے ہیں: میں نے سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاَمْرَ بِالْوُضُوْءِ مِنْ مَّسِّ الْفَرْجِ اِنَّمَا هُوَ الْوُضُوْءُ الَّذِیْ لَا تَجُوزُ الصَّلَاةُ اِلَّا بِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے شرم گاہ کو چھونے پر وضو کرنے کا حکم ہونا اس سے مراد وہ وضو ہے نماز صرف اسی کے ساتھ جائز ہوتی ہے

1115 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ بُسْرَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

1114- إسناده قوی، رجاله رجال الصحيح، ابن أبی فديك: هو محمد بن إسماعيل بن مسلم بن أبی فديك الدِّيلی مولاهم المدنی، روى له الجماعة، وأخرجه ابن الجارود 18 عن أحمد بن الأزهر، عن ابن أبی فديك، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة رقم 33 عن محمد بن العلاء ومحمد بن عبد الله بن المبارك، وابن الجارود 17

(متن حدیث): مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ . 1:23

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: لَوْ كَانَ الْمُرَادُ مِنْهُ غَسْلَ الْيَدَيْنِ كَمَا قَالَ بَعْضُ النَّاسِ، لَمَّا قَالَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ اِذِ الْإِعَادَةُ لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِلْوُضُوْءِ الَّذِىْ هُوَ للصلاة.

بسرہ بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے اسے چاہئے کہ وہ دوبارہ وضو کرے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اگر اس سے مراد دونوں ہاتھ دھونا ہوتا جس طرح بعض لوگوں نے یہ بات کہی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ نہ فرماتے: ''دوبارہ وضو کرلے'' کیونکہ دوبارہ صرف وہی وضو ہوسکتا ہے' جو نماز کے لئے کیا جائے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْوُضُوْءَ مِنْ مَّسِّ الْفَرْجِ اِنَّمَا هُوَ وُضُوْءُ الصَّلَاةِ وَاِنْ كَانَتِ الْعَرَبُ تُسَمِّي غَسْلَ الْيَدَيْنِ وُضُوْءًا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے

شرم گاہ کو چھونے سے وضو لازم ہونے سے مراد وہ وضو ہے' جو نماز کے لئے کیا جاتا ہے' کیونکہ عرب بعض اوقات دونوں ہاتھ دھونے کو بھی وضو کا نام دے دیتے ہیں

1116 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قُرَيْشٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِىءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ عَنْ بُسْرَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): من مس ذكره، فليتوضأ وضوءه للصلاة . 1:23

سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص اپنی شرم گاہ کو چھولے اسے چاہئے کہ نماز کے وضو والا وضو کرے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فِيْمَا ذَكَرْنَا سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے جو ذکر کیا ہے اس بارے میں مردوں اور خواتین کا حکم برابر ہے

1117 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ذَكْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَمِرٍ الْيَحْصَبِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ

1116- إسناده قوی، وأخرجه ابن ماجة فی الطهارة 479 باب الوضوء من مس الذكر، من طريق عبد الله بن إدريس، عن هشام، به. وانظر الطرق الأخرى للحديث فی الروايات الأربعة قبله.

عَنْ بُسْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ. وَالْمَرْاَةُ مثل ذلك . 1:23

❀❀ سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جب کوئی شخص اپنی شرم گاہ کو چھو لے تو اسے وضو کرنا چاہئے اور عورت بھی اسی طرح کرے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا مُجْمَلَةً بِاَنَّ الْوُضُوْءَ اِنَّمَا يَجِبُ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِالْاِفْضَاءِ دُونَ سَائِرِ الْمَسِّ اَوْ كَانَ بَيْنَهُمَا حَائِلٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں وہ مجمل ہیں

کیونکہ شرم گاہ کو چھونے سے وضو اس وقت واجب ہوتا ہے جب اس کی طرف ہاتھ بڑھایا گیا ہو ہر قسم کے چھونے کا یہ حکم نہیں ہے یا ہاتھ اور شرم گاہ کے درمیان کوئی چیز حائل ہو تو (وضو کرنا لازم نہیں ہوتا)

1118 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمُعَدِّلُ بِالْفُسْطَاطِ، وَعِمْرَانُ بْنُ فَضَالَةَ الشَّعِيْرِيُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَنَافِعِ بْنِ اَبِيْ نعيم القارىء، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اِذَا اَفْضٰى اَحَدُكُمْ بِيَدِهٖ اِلٰى فَرْجِهٖ، وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا ستر ولا حجاب، فليتوضأ . 1:23

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: احْتِجَاجُنَا فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بِنَافِعِ بْنِ اَبِيْ نُعَيْمٍ دُوْنَ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّوْفَلِيِّ لِاَنَّ يَزِيْدَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ تَبَرَّاْنَا من عهدته في كتاب الضعفاء

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص اپنا ہاتھ اپنی شرمگاہ کی طرف بڑھائے اور ان دونوں کے درمیان کوئی پردہ یا رکاوٹ نہ ہو تو اس شخص کو وضو کرنا چاہئے''۔

1117- رجاله ثقات. وأخرجه البيهقي في السنن 1/132 من طريق هشام بن عمار، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. ونقل بعده عن أبي أحمد بن عدى قوله في الكامل 4/1602: وهذا الحديث بهذه الزيادة في متنه: والمرأة مثل ذلك لا يرويه عن الزهري غير ابن نمر هذا.

1118- وأخرجه الشافعي في الأم 1/19، وأحمد 2/333، والدارقطني 7/141، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/74، والبيهقي في السنن 2/131، 132، وفي معرفة السنن 1/330، والحازمي في الاعتبار ص 41، والبغوي في شرح السنة 166، من طرق عن يزيد بن عبد الملك بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في الصغير 1/42 من طريق يزيد ونافع معاً، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم في المستدرك 1/138 من طريق نافع بن أبي نعيم، به.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں ہمارا استدلال نافع بن ابونعیم کی نقل کردہ روایت سے ہے یزید بن عبدالملک کی نقل کردہ روایت سے نہیں ہے' کیونکہ یزید بن عبدالملک کے مستند ہونے سے ہم بری الذمہ ہیں۔ جیسا کہ یہ بات کتاب الضعفاء میں بیان کی گئی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ بُسْرَةَ اَوْ مُعَارِضٌ لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت سیدہ بسرہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت کے خلاف ہے یا معارض ہے

1119 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا وَفْدًا اِلَى النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا تَقُوْلُ فِيْ مَسِّ الرَّجُلِ ذَكَرَهُ بَعْدَمَا يَتَوَضَّاُ؟ فَقَالَ: هَلْ هُوَ اِلَّا مُضْغَةٌ اَوْ بضعة منه. 1:23

❀❀ قیس بن طلق اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ وفد کی شکل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ایک شخص آیا اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس بارے میں آپ کیا کہتے ہیں جو شخص وضو کرنے کے بعد اپنی شرمگاہ کو چھو لیتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ (شرمگاہ) اس کے جسم کا گوشت کا ایک لوتھڑا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک ٹکڑا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الْمُتَعَمِّدِ وَالنَّاسِي فِيْ هذا سواء

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس بارے میں جان بوجھ کر یا بھول چوک کر' کرنیوالے شخص کا حکم برابر ہے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری خاتون کے ہاں تشریف لائے اس نے کھجوروں کے درختوں کے جھنڈ کے قریب آپ کے لئے بچھونا بچھا دیا۔ اس کے اردگرد پانی چھڑک دیا اس نے ایک بکری ذبح کی اور آپ کے لئے کھانا تیار کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھالیا آپ کے ہمراہ ہم نے بھی کھالیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز کے لئے وضو کیا پھر نماز ادا کی۔ اس خاتون نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے ہاں اس بکری کے گوشت میں سے کچھ کھانا بچ گیا ہے کیا آپ اسے کھانا پسند کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھایا ہم نے بھی اسے کھالیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز ادا کی اور آپ نے از سر نو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالشَّيْءِ الَّذِيْ نَسَخَهُ فِعْلُهُ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

ایک ایسی چیز کا حکم ہونے کا تذکرہ جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل نے منسوخ کر دیا ہے' جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

1146- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بن

1145- إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة من رجال مسلم، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين، وتقدم برقم 1138 من طريق وهب بن جرير عن أبيه جرير، به. فانظره.

1146- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في المصنف لابن أبي شيبة 1/50، وأخرجه أحمد 2/427، والنسائي 1/105 في الطهارة: باب الوضوء مما غيرت النار، من طريق إسماعيل ابن عُلية، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 667 ومن طريقه أحمد 2/265، والنسائي 1/105، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق 668 ومن طريقه أحمد 2/271، عن ابن جريج، عن الزهري، به. وأخرجه من طرق عن الزهري به: الطيالسي 1/58، وأحمد 2/470 و 478، 479، ومسلم 352 في الحيض: باب الوضوء مما مست النار، والنسائي 1/105، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/63- وتحرف فيه لفظ عمر بن عبد العزيز إلى عمرو- والبيهقي في السنن 1/155. وأخرجه أحمد 2/503، والترمذي 79، وابن ماجة 485، والطحاوي 1/63 من طريق الزهري ومحمد بن عمرو بن علقمة، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/529، والنسائي 1/106،، والطحاوي 1/63 من طريق الأوزاعي، عن المطلب بن عبد الله بن حنطب، عن أبي هريرة. وأخرجه النسائي 1/106 من طريق يحيى بن جعدة، عن عبد الله بن عمرو، عن أبي هريرة. وسيورده المؤلف برقم 1148 من طريق أبي بكر بن حفص، عن الأغر، عن أبي هريرة. وبرقم 1153 من طريق سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، عن أبي هريرة.

عُلَيَّةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَكَلَ اَثْوَارَ اَقِطٍ فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرُوْنَ لِمَ تَوَضَّاْتُ؟ اِنِّیْ اَكَلْتُ اَثْوَارَ اَقِطٍ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): تَوَضَّاُوْا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ . 5:20

وَكَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يتوضأ من السكر.

ابراہیم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پنیر کے ٹکڑے کھائے اور وضو کیا پھر انہوں نے یہ بات بتائی کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو میں نے کیوں وضو کیا ہے؟ میں نے پنیر کے ٹکڑے کھائے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم آگ پر پکی ہوئی چیزوں کو کھانے کے بعد وضو کرو''۔

عمر بن عبدالعزیز شکر کھانے کے بعد وضو کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوُضُوْءِ مِنْ اَكْلِ مَا مَسَّتْهُ النَّارُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم دینا

1147 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ وَجَدَ اَبَا هُرَيْرَةَ عَلٰى ظَهْرِ الْمَسْجِدِ يَتَوَضَّاُ، فَسَاَلَهُ، قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اِنَّمَا اَتَوَضَّاُ مِنْ اَثْوَارِ اَقِطٍ اَكَلْتُهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّاُوْا مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰكَذَا اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ وَقَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ، وَاِنَّمَا هُوَ إبراهيم بن عبد الله بن قارظ.

عبداللہ بن ابراہیم بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مسجد کی چھت پر وضو کرتے ہوئے پایا انہوں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں نے پنیر کے ٹکڑے کھائے تھے۔ اس وجہ سے میں وضو کر رہا ہوں' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرو''۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ یہ روایت ابن کو قتیبہ نے اسی طرح سنائی ہے' اور انہوں نے راوی کا نام عبداللہ بن

1147- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله.

ابراہیم بیان کیا ہے جبکہ اس کا نام ابراہیم بن عبداللہ ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اسی طرح یہ روایت ابن قتیبہ نے ہمیں بیان کی ہے وہ ہمیں یہ کہتا ہے۔ راوی کا نام عبداللہ بن ابراہیم بن قارظ ہے۔ حالانکہ اس کا نام ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّاْ مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ اَرَادَ بِهٖ مَا اَنْضَجَتْهُ النَّارُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''آگ سے لگی ہوئی چیز (کھانے کے بعد) وضو کرو'' اس سے مراد وہ چیز ہے جسے آگ پر پکایا گیا ہو

1148 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ الْاَغَرِّ اَبِيْ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): تَوَضَّاُوْا مِمَّا مَسَّتِ النار . 1:100

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرو''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ تَرْكُ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ مِنْ لُحُوْمِ الْغَنَمِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ آگ پر پکے ہوئے بکری کے گوشت کو کھانے کے بعد وضو نہ کرے

1149 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ، فَشُوِيَ لَهٗ بَطْنُهَا، فَاَكَلَ مِنْهَا، ثُمَّ قام

1148- إسناده صحيح، على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 2/458 عن محمد ابن جعفر، وأبو داوُد 194 في الطهارة: باب التشديد في ذلك، عن مسدد، عن يحيى، كلاهما عن شعبة، بهذا الإسناد. وانظر 1146 و 1147 .

1149- وأخرجه ابن أبي شيبة 1/48 من طريق خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ. وأخرجه مسلم 357 في الحيض: باب نسخ الوضوء مما مست النار، والبيهقي 1/154 من طريق أحمد بن عيسى . وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 1/66 من طريق ابن خزيمة، عن القعنبي.

يصلي ولم يتوضأ.

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بکری پیش کی گئی اس کا پیٹ آپ کے لئے بھون لیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھایا پھر آپ نے اٹھ کر نماز ادا کی اور آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ تَرْكُ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ آگ پر پکے ہوئے بکری کے گوشت کو کھانے کے بعد وضو نہ کرے

1150 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الخليل بنسا، قالا: حدثنا بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَحْتَزُّ مِنْ عَرْقٍ يَاْكُلُ، فَاَتَى الْمُؤَذِّنُ بِالصَّلَاةِ، فَاَلْقَى الْعَرْقَ وَالسِّكِّينَ مِنْ يَدِهِ وَلَمْ يَتَوَضَّاْ. 4:19

قَالَ اِسْحَاقُ: عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ وَلَمْ يَذْكُرِ الضَّمْرِيَّ، وَقَالَ: يَحْتَزُّ مِنْ عَرْقٍ فَاَتَاهُ الْاِذْنُ بِالصَّلَاةِ.

وَقَالَ: من يده وصلى ولم يتوضأ.

حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے گوشت کو کھایا پھر موذن نماز کے لئے بلانے آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہڈی کو اور چھری کو ایک طرف رکھ دیا جو آپ کے دست اقدس میں موجود تھی اور آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

اسحاق نامی راوی نے اپنی سند کے ساتھ فضل بن عمرو کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔ انہوں نے حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کا نام ذکر نہیں کیا اور انہوں نے یہ الفاظ ذکر کئے ہیں۔

''آپ ہڈی کا گوشت نوچ کر کھا رہے تھے پھر نماز کیلئے بلاوا آ گیا''۔

اس راوی نے یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں ''آپ نے اپنے ہاتھ میں سے (چھری) کو رکھ دیا' اور نماز ادا کی ازسرنو وضو نہیں کیا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَرْكَ الْوُضُوْءِ مِنْ اَكْلِ كَتِفِ الشَّاةِ كَانَ بَعْدَ الْاَمْرِ بِالْوُضُوْءِ مِمَّا مست النار

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بکری کے شانے کا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرنا یہ والا فعل آگ

1150–فالحديث صحيح، وقد تقدم برقم 1141 من طريق أخيه جعفر بن عمرو.

پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرنے کے حکم کے بعد کا ہے

1151 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّاَ مِنْ ثَوْرِ اَقِطٍ ثُمَّ رَآهُ اَكَلَ كَتِفَ شَاةٍ فَصَلّٰى وَلَمْ يتوضأ. 1:100

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے پنیر کے ٹکڑے کھانے کے بعد وضو کیا پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے بکری کے شانے کا گوشت کھایا اور نماز ادا کر لی اور از سر نو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ مِنَ الْاَسْوِقَةِ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ آگ پر پکے ہوئے ستو کھانے کے بعد وضو نہ کیا جائے

1152 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حدثنا حماد بن يزيد، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا عَلٰى رَوْحَةٍ مِّنْ خَيْبَرَ، دَعَا

1151- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيح ابن خزيمة 42 ومن طريقه أخرجه البيهقي في السنن 1/156. وأخرجه البزار 297 من طريق أحمد بن أبان، عن عبد العزيز بن محمد، به . وأخرجه الطيالسي 1/58 عن وهيب، وابن ماجة 493 في الطهارة: باب الرخصة في ذلك، من طريق عبد العزيز بن المختار، والطحاوي 1/67 من طريق عبد العزيز بن مسلم، كلهم عن سهيل بن أبي صالح، به. وانظر 1146 .

1152- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البخاري 5390 في الأطعمة: باب السويق، عن سليمان بن حرب، والطحاوي في شرح معاني الآثار من طريق حجاج، والطبراني 6458 من طريق عارم، كلهم عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد. وليس لسويد بن النعمان عند البخاري إلا هذا الحديث، وأخرجه من طرق عدة كما سيرد. وأخرجه عبد الرزاق 691 ، والحميدي 437 ، والبخاري 5384 في الأطعمة: باب ليس على الأعمى حرج، و 5454 و 5455 باب المضمضة بعد الطعام، والطبراني 6455 ، من طريق سفيان بن ت ! ة، عن يحيى بن سعيد، به . وأخرجه أحمد 3/462، ومن طريقه الطبراني 6461 ، وأخرجه البخاري 4175 في المغازي: باب غزوة الحديبية، كلاهما من طريق شعبة، عن يحيى، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/48، ومن طريقه ابن ماجة 492 في الطهارة: باب الرخصة في ذلك، عن علي بن مسهر، عن يحيى، به . وأخرجه ابن أبي شبة 1/48، وأحمد 3/462، عن ابن نمير، عن يحيى، به. وأخرجه البخاري 215 في الوضوء : باب الوضوء من غير حدث، من طريق سليمان بن بلال، و 2981 في الجهاد: باب حمل الزاد في الغزو، من طريق عبد الوهاب، كلاهما عن يحيى، به. وأخرجه الطبراني 6457 من طريق الأوزاعي، و 6459 من طريق الليث، و 6460 من طريق زهير بن معاوية، و 6462 من طريق بشر بن المفضل، و 6463 من طريق مسدد، كلهم عن يحيى بن سعيد، به. وسيورده المؤلف برقم 1155 من طريق مالك، عن يحيى بن سعيد، به، ويخرج من طريقه هناك.

رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِطَعَامٍ فَلَمْ يُوجَدْ إِلَّا سَوِيقٌ، قَالَ: فَأَكَلْنَاهُ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ رَسُولُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم، وصلى ولم يتوضأ. 4:19

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آرہے تھے یہاں تک کہ جب ہم خیبر کے ایک مقام روحاء پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا منگوایا تو کھانے میں صرف ستو دستیاب ہوئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے انہیں کھالیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی کی اور نماز ادا کرلی۔ آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ إِذَا أَكَلَ لَحْمًا مَسَّتْهُ النَّارُ أَنْ يُصَلِّيَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَمَسَّ مَاءً بِيَدِهِ وَلَا فَمِهِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ کوئی ایسا گوشت کھالے جو آگ پر پکا ہوا ہو تو پھر وہ بعد میں ہاتھوں یا منہ پہ پانی لگائے بغیر (یعنی وضو کیے بغیر نماز ادا کرسکتا ہے)

1153 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَبُو بَدْرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أكل عرقا مِنْ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَمَضْمَضْ، وَلَمْ يمس ماء. 4:1

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے بکری کا گوشت کھایا پھر آپ نے نماز ادا کی۔ آپ نے کلی نہیں کی اور پانی کو نہیں چھوا (یعنی ازسرنو وضو نہیں کیا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْأَمْرَ بِالْوُضُوءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ مَنْسُوخٌ خَلَا لَحْمِ الْإِبِلِ وَحْدَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم ہونا منسوخ ہے البتہ اونٹ کے گوشت کا حکم مختلف ہے

1154 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي ثَوْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ

1153- تقدم برقم 1133 من طريق يحيى القطان، عن هشام، به، واستوفى تخريجه هناك.

1154- إسناده صحيح، وهو في صحيح ابن خزيمة 31 ، وهو مكرر 1124 فانظر تخريجه ثَمَّت.

الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّأْ، وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تَتَوَضَّأْ . قَالَ: اَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ؟ قَالَ: نَعَمْ تَوَضَّأْ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ . قَالَ: اُصَلِّي فِيْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ ، قَالَ: اُصَلِّي فِيْ مَبَارِكِ الإبلِ؟ قال: لا . 5:20

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کروں' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو' تو وضو کر لو اگر تم چاہو' تو وضو نہ کرو اس نے دریافت کیا: کیا میں اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کروں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں تم اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرو میں نے دریافت کیا: کیا میں بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں اس نے دریافت کیا: کیا میں اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرلوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْوُضُوْءَ لَا يَجِبُ مِنْ اَكْلِ مَا مَسَّتْهُ النَّارُ خَلَا لَحْمِ الْجَزُوْرِ لِلْاَمْرِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد

وضو کرنا واجب نہیں ہے' البتہ اونٹ کے گوشت کا حکم مختلف ہے کیونکہ اس کی وجہ وہ حکم ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

1155- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّـهُ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَامَ خَيْبَرَ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ -وَهِىَ مِنْ اَدْنٰى خَيْبَرَ- نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَعَا بِالْاَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ اِلَّا بِالسَّوِيْقِ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَثُرِّيَ، فَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَكَلْنَا مَعَهُ، ثُمَّ قَامَ اِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا وَلَمْ يَتَوَضَّأْ. 5:20

حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ فتح خیبر کے موقع پر روانہ ہوئے۔راوی کہتے ہیں جب ہم صہباء کے مقام پر پہنچے یہ خیبر کے قریب ایک جگہ ہے وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ کیا اور عصر کی نماز ادا کی پھر آپ نے کھانا لانے کا حکم دیا تو صرف ستو پیش کئے گئے۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت انہیں پانی

1155- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/26 في الطهارة: باب ترك الوضوء مما مسته النار. ومن طريق مالك أخرجه البخاري 209 في الوضوء : باب من مضمض من السويق ولم يتوضأ، و 4195 في المغازي: باب غزوة خيبر، والنسائي 1/108، 109 في الطهارة: باب المضمضة من السويق، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/66، والبيهقي في السنن 1/160، والحازمي في الاعتبار ص51، والطبراني 6456 ، والبغوي في شرح السنة 171 .

میں گھول دیا گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کھالیا۔ آپ کے ہمراہ ہم نے بھی کھالیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے' تو آپ نے کلی کی ہم نے بھی کلی کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ازسرنو وضو نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاَمْرَ بِالْوُضُوْءِ مِنْ لُحُوْمِ الْاِبِلِ هُوَ الْمُسْتَثْنٰى مِمَّا اُبِيحَ مِنْ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد

وضو کرنے کا حکم ہونا یہ مستثنیٰ ہے ان چیزوں میں سے جن میں آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کے ترک کو مباح قرار دیا گیا ہے

1156 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ ثَوْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَنَتَوَضَّاُ مِنْ لُحُوْمِ الْغَنَمِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّاْ، وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تَتَوَضَّاْ . قَالَ: اَتَوَضَّاُ مِنْ لُحُوْمِ الْاِبِلِ؟ قَالَ: نَعَمْ تَوَضَّاْ مِنْ لُحُوْمِ الْاِبِلِ . قَالَ: اُصَلِّيْ فِيْ مَرَابِضِ

الْغَنَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: اُصَلِّيْ فِيْ مَبَارِكِ الإِبلِ؟ قال: لا . 1:100

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرتے ہوئے دریافت کیا کہ یارسول اللہ کیا ہم بکری کا گوشت کھا کر وضو کیا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو' تو وضو کرلو اور اگر تم چاہو' تو وضو نہ کرو۔ اس نے عرض کی: کیا میں اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں تم اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کروں میں نے عرض کی: کیا میں بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرلوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں اس نے عرض کی: کیا میں اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرلوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1157 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

1156– إسناده صحيح وهو مكرر 1124 و 1154 .

1157– إسناده صحيح على شرط مسلم.

بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ وَاِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِيْ الشَّعْثَاءِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ ثَوْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ فَقَالَ: تَوَضَّاْ اِنْ شِئْتَ . وَسُئِلَ عَنِ الصَّلَاةِ فِيْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ فَقَالَ: صَلِّ اِنْ شِئْتَ . وَسُئِلَ عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ لُحُومِ الْاِبِلِ فَقَالَ: تَوَضَّاْ . وَسُئِلَ عَنِ الصَّلَاةِ فى مبات الإبل فقال: لا تصل . 1:100

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بکری کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم دریافت کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو' تو وضو کرلو آپ سے بکریوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں پوچھا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو' تو (وہاں) نماز ادا کرلو۔ آپ سے اونٹ کا گوشت کھا کر وضو کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم وضو کرو آپ سے اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اس (جگہ) پر نماز ادا نہ کرو۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ شُرْبِ الْاَلْبَانِ كلها

ہر قسم کا دودھ پینے کے بعد وضو نہ کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

1158 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا، ثُمَّ دَعَا باناء فمضمض وقال: إن له دسما . 4:1

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر آپ نے برتن منگوایا اور کلی کی آپ نے ارشاد فرمایا: اس (دودھ) میں چکناہٹ ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ شُرْبَ اللَّبَنِ لَا يُوْجِبُ عَلٰى شَارِبِهٖ وُضُوْءًا

1158- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 358 في الحيض: باب نسخ الوضوء مما مست النار، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضاً 358 عن أحمد بن عيسى، والبيهقى فى السنن 1/160 من طريق بحر بن نصر، كلاهما عن ابن وهب، به . وأخرجه ابن أبى شيبة 1/57، وأحمد 1/223 و 227 و 329، والبخارى 5609 فى الأشربة: باب شرب اللبن، ومسلم 358 ، وابن ماجة 498 فى الطهارة وسننها: باب المضمضة من شرب اللبن، وابن خزيمة فى صحيحه 47 ، والبيهقى فى السنن 1/160، والبغوى فى شرح السنة 170 من طرق عن الأوزاعى، عن الزهرى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/373 عن عثمان بن عمر، عن يونس، عن الزهرى، به . وسيورده المؤلف بعده 1159 من طريق عقيل، عن الزهرى، به، ويخرج عند . ، فانظره. وأخرجه عبد الرزاق 673 عن معمر، وابن أبى شيبة 1/57 عن سفيان بن عيينة، عن عبد الله بن أبى بكر، كلاهما عن الزهرى، عن عبيد الله بن عبد الله، مرسلاً.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دودھ کو پینا' پینے والے شخص پر وضو کو لازم نہیں کرتا

1159 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا، فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ وَقَالَ: اِنَّ لَهُ دسما .5:8

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا پھر آپ نے پانی منگوایا اور کلی کی اور ارشاد فرمایا: ''اس میں چکناہٹ ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِنْ اَكْلِ الْفَوَاكِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' پھل کھانے کے بعد وضو کو ترک کرنا مباح ہے

1160 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ حَفْصٍ خَالُ النُّفَيْلِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ كَانُوا يَاْكُلُوْنَ تَمْرًا عَلٰى تُرْسٍ، فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: سلم، فَتَقَدَّمَ فَاَكَلَ مَعَنَا مِنَ التَّمْرِ، وَلَمْ يَمَسَّ ماء .4:1

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ ایک ڈھال پر کھجوریں رکھ کر کھا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے ہم نے عرض کی: آپ آگے تشریف لے آئیں آپ آگے تشریف لائے آپ نے ہمارے ہمراہ کھجوریں کھائیں اور آپ نے پانی کو نہیں چھوا (یعنی از سر نو وضو نہیں کیا)

1159- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه البخاري 211 في الوضوء: باب هل يمضمض من اللبن، ومسلم 358 95 في الحيض: باب نسخ الوضوء مما مست النار، وأبو داؤد 196 في الطهارة: باب في الوضوء من اللبن، والترمذي 89 في الطهارة: باب المضمضة من اللبن، والنسائي 1/109 في الطهارة: باب المضمضة من اللبن، كلهم عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/337 عن الليث بن سعد، به. وتقدم قبله برقم 1158 من طريق عمرو بن الحارث، عن الزهري، به، وسبق تخريجه هناك.

1160- حديث صحيح، سعيد بن حفص هو ابن عمرو بن نفيل النفيلي، أبو عمرو الحراني، ذكره المؤلف في الثقات 8/269- 270، ووثقه مسلمة بن قاسم، ونقل الحافظ في التهذيب عن أبي عروبة الحراني أنه كان قد كبر، ولزم البيت، وتغير في آخر عمره. وقد توبع عليه، وباقي رجاله على شرط الشيخين . وأخرجه أبو داؤد 3752 في الأطعمة: باب في طعام الفجاءة، من طريق أحمد بن سعد بن أبي مريم، حدثنا عمي سعيد بن الحكم، حدثنا الليث بن سعد، أخبرني خالد بن يزيد، عن أبي الزبير، عن جابر، وهذا سند رجاله ثقات.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْوُضُوْءِ مِنْ حَمْلِ الْمَيِّتِ

میت کو اٹھانے کے بعد وضو کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1161- (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ وَاَبُو يَعْلَى، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا، فليغتسل، ومن حمله فليتوضأ . 1:55

(توضیحِ مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا حَائِلٌ . وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّهُ الْوُضُوْءُ الَّذِيْ لَا تَجُوْزُ الصَّلَاةُ اِلَّا بِهٖ دُوْنَ غَسْلِ الْيَدَيْنِ تَقْرِيْنُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوُضُوْءَ بالاغتسال في شيئين متجانسين.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص میت کو غسل دیتا ہے اسے غسل کرنا چاہئے اور جو شخص میت کو اٹھاتا ہے اسے وضو کرنا چاہئے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات پوشیدہ ہے جب ان دونوں کے درمیان کوئی رکاوٹ موجود نہ ہو۔ اس بات کی دلیل کہ اس سے مراد وہ وضو ہے جس کے بغیر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ (اس کی دلیل یہ ہے) کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہم جنس چیزوں میں غسل کے ہمراہ وضو کو ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اقْتِصَارِ الْمَرْءِ عَلٰى مَسْحِ الْيَدِ بِشَيْءٍ مَعَهُ مِنَ الْغَمَرِ دُوْنَ غَسْلِ الْيَدَيْنِ مِنْهُ عِنْدَ الْقِيَامِ اِلَى الصَّلَاةِ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب آدمی کے ہاتھ پر (گوشت کی) بو ہو

تو وہ کسی چیز کے ذریعے ہاتھ پونچھنے پر اکتفاء کر لے اور دونوں ہاتھوں کو دھوئے نہیں اس وقت جب وہ نماز کے لئے اٹھے

1161- إسناده صحيح، وأخرجه الترمذي 993 في الجنائز: باب ما جاء في الغسل من غسل الميت، وابن ماجة 1463 في الجنائز: باب ما جاء في غسل الميت، والبيهقي في السنن 1/301، من طريق محمد بن عبد الملك بن أبي الشوارب، عن عبد العزيز بن المختار، عن سهيل، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقي 1/300 من طريق القعقاع بن حكيم، عن أبي صالح، به. وأخرجه الطيالسي 2314، وابن أبي شيبة 3/269، وأحمد 2/433، و 454 و 472، والبغوي 339 من طرق عن ابن أبي ذئب . وأخرجه أبو داوُد 3162 في الجنائز، وابن حزم 1/250، والبيهقي 1/301 من طريق سفيان بن عيينة، عن سهيل، عن أبيه، عن إسحاق مولى زائدة، عن أبي هريرة، وإسحاق مولى زائدة ثقة. وأخرجه عبد الرزاق 6110 ومن طريقه أحمد 2/280 عن معمر، عن يحيى ابن أبي كثير.

1162 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَكَلَ النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَتِفًا، ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ بِمِسْحٍ كَانَ تَحْتَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى 4:19.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شانے کا گوشت تناول کیا پھر آپ نے اپنے ہاتھ کو نیچے موجود بچھونے سے پونچھ لیا پھر آپ نے اٹھ کر نماز ادا کی۔

ذكر البيان بأن مسح المرء اللحم النيء لا يُوجِبُ عَلَيْهِ وُضُوْءًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا بودار گوشت پر ہاتھ پھیرنا وضو کولازم نہیں کرتا

1163 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ مَيْمُونٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّ بِغُلَامٍ يَسْلُخُ شَاةً، فَقَالَ لَهُ: تَنَحَّ حَتّٰى اُرِيَكَ، فَاِنِّي لَا اَرَاكَ تُحْسِنُ تَسْلُخُ . قَالَ: فَاَدْخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَدَهُ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ، فَدَحَسَ بِهَا حَتّٰى تَوَارَتْ اِلَى الْاِبْطِ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰكَذَا يَا غُلَامُ فَاسْلُخْ ثُمَّ انْطَلَقَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ، وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً . 5:8

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک لڑکے کے پاس سے گزرے جو بکری کی کھال اتار رہا تھا۔ آپ نے اس سے فرمایا تم ایک طرف ہٹو میں تمہیں دکھاتا ہوں' کیونکہ میں نے یہ بات نوٹ کی ہے' تم اچھی طرح سے کھال نہیں اتار رہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس کی کھال اور گوشت کے درمیان رکھ لیا۔ آپ اسے اندر لے گئے یہاں تک کہ بغل تک وہ اس میں چھپ گیا پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے لڑکے تم اس طرح کھال اتارو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے۔ آپ نے نماز ادا کی اور آپ نے ازسرنو وضو نہیں کیا اور پانی کو چھوا نہیں۔

1162- سماك- وهو ابن حرب- صدوق إلا أن في روايته عن عكرمة اضطراباً، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/47، ومن طريقه أخرجه ابن ماجة 488 في الطهارة وسننها: باب الرخصة في ذلك، وأخرجه أبو داوُد 189 في الطهارة: باب في ترك الوضوء مما مست النار، عن مسدد، كلاهما عن أبي الأحوص، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/267 من طريق زهير، والطبراني 11738 من طريق شريك، كلاهما عن سماك، به. والمِسْح بكسر الميم، ثوب من الشعر غليظ . ومر من رواية عكرمة برقم 1129، وتقدم تخريجه هناك.

1163- إسناده قوي، هلال بن ميمون الجهني ليس بالقوي، يكتب حديثه، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أبو داوُد 185 في الطهارة: باب الوضوء من مس اللحم النِّيء وغسله، عن عمرو بن عثمان، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن ماجة 3179 في الذبائح: باب السلخ، من طريق أبي كريب محمد بن العلاء .

بَابُ الْغُسْلِ

باب 5: غسل کا بیان

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغُسْلَ يَجِبُ مِنَ الْإِنْزَالِ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْتِقَاءُ الْخِتَانَيْنِ مَوْجُوْدًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ غسل انزال کے نتیجے میں واجب ہوجاتا ہے اگرچہ شرم گاہوں کا ملنا موجود نہ ہو

1164 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرَى فِيْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ؟ قَالَ: إذا أنزلت المرأة، فلتغتسل . **3:57**

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو خواب میں وہی چیز دیکھتی ہے جو مرد دیکھتا ہے (یعنی اس خاتون کو احتلام ہوجاتا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب عورت کو انزال ہوجائے تو اسے غسل کرنا چاہئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اُمِّ سُلَيْمٍ: الْمَرْاَةُ تَرَى فِيْ مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، اَرَادَتْ بِهِ الْاِحْتِلَامَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ اُمِّ سلیم رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ ''عورت بھی خواب میں وہی چیز دیکھتی ہے جو مرد دیکھتا ہے'' اس سے ان کی مراد احتلام تھا

1164- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي 1/112 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/121، ومسلم 311 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، والبيهقي في السنن 1/169 من طرق عن يزيد بن زريع . وأخرجه من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، به: ابنُ أبي شيبة في المصنف 1/80 في الطهارات، باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وأحمد في المسند 3/121، وابن ماجة في الطهارة 601 باب: في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل.

1165 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ امْرَاَةُ اَبِی طَلْحَةَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِی مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَی الْمَرْاَةِ غُسْلٌ اِذَا هِیَ احْتَلَمَتْ؟ قال: نعم، إذا رأت الماء

3:57.

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی صاحب زادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا (اپنی والدہ) سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں: ابوطلحہ کی اہلیہ ام سلیم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا اگر عورت کو احتلام ہو جائے' تو کیا اس پر غسل لازم ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جبکہ وہ پانی (یعنی منی) کو دیکھے (یعنی جب اس کی منی خارج ہوئی ہو)

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ عَلَى الْمُحْتَلِمِ مِنَ النِّسَاءِ

خواتین میں سے جسے احتلام ہو جائے اس پر غسل واجب ہونے کا تذکرہ

1166- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَی، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وهب، قال: أخبرنا يونس، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ زَوْجِ النَّبِيِّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ الْاَنْصَارِيَّةَ، وَهِیَ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِی مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَی الْمَرْاَةِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا رَاَتِ الْمَاءَ فِی النَّوْمِ مَا يَرَی الرَّجُلُ، اَتَغْتَسِلُ اَمْ لَا؟ فَقَالَ النَّبِیُّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَغْتَسِلُ، فَقَالَتْ زَوْجُ النَّبِيِّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَقْبَلْتُ عَلَيْهَا فَقُلْتُ: اُفٍّ

1165- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في الموطأ 1/51 في الطهارة: باب غسل المرأة إذا رأت في المنام مثل ما يرى الرجل، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في المسند 1/36، والبخاري 282 في الغسل: باب إذا احتلمت المرأة، و 6121 في الأدب: باب ما يستحيا من الحق للتفقه في الدين، والبيهقي في السنن 1/167- 168، وفي المعرفة 9/411، والبغوي في شرح السنة 244 ، وابن خزيمة في صحيحه 235 . وأخرجه من طرق عن هشام بن عروة به: عبد الرزاق في المصنف برقم 1049 ، والحميدي في المسند برقم 298 ، وابن أبي شيبة في المصنف 1/80 باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وأحمد في المسند 2/292 و 6/382 و 306، والبخاري 130 في العلم: باب الحياء في العلم، و 3328 في أحاديث الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، و 6091 في الأدب: باب التبسم والضحك، ومسلم 313 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، والترمذي 122 في الطهارة: باب ما جاء في المرأة ترى في المنام مثل ما يرى الرجل، والنسائي 1/114 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، وابن ماجة 650 في الطهارة: باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والبيهقي في السنن 1/168، وابن الجارود برقم 88 في الجنابة والتطهر لها، والبغوي في شرح السنة برقم 245 . وصححه ابن خزيمة برقم 235 باب ذكر إيجاب الغسل على المرأة في الاحتلام إذا أنزلت الماء .

لَكِ، وَهَلْ تَرَى ذٰلِكَ الْمَرْاَةُ؟ قَالَتْ: فَاَقْبَلَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: تربت يمينك فمن أين يكون الشبه؟ 1:65.

عروہ بن زبیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں سیدہ ام سلیم انصاریہ رضی اللہ عنہا جو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ ہے رحمۃ اللہ علیہ۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیانہیں کرتا ہے۔ کیا کسی عورت پر ایسی صورت میں غسل لازم ہوگا وہ نیند کے دوران پانی دیکھ لیتی ہے' جس طرح مرد دیکھتا ہے۔ (اس عورت کو احتلام ہوجاتا ہے) تو کیا وہ غسل کرے گی یانہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ غسل کرے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ بیان کرتی ہیں۔ میں اس عورت کی طرف متوجہ ہوئی میں نے کہا تم پر افسوس ہے۔ کیا کوئی عورت بھی اس طرح کا خواب دیکھتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ بیان کرتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس زوجہ محترمہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں پھر (بچے کی ماں) کے ساتھ مشابہت کس وجہ سے ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِغْتِسَالَ اِنَّمَا يَجِبُ عَلَى الْمُحْتَلِمَةِ عِنْدَ الْاِنْزَالِ دُوْنَ الْاِحْتِلَامِ الَّذِىْ لَا يُوجَدُ مَعَهُ الْبَلَلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ احتلام کا شکار ہونے والی عورت پر انزال کی صورت میں غسل کرنا واجب ہوگا اس سے مراد وہ احتلام نہیں ہے' جس کے ہمراہ تری نہیں پائی جاتی (یعنی انزال نہیں ہوتا)

1167– (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ امْرَاَةُ اَبِىْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِى مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا هِىَ احْتَلَمَتْ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِذَا رَاَتِ

1166– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه 314 في الحيض: باب وجوب الغسل على المرأة بخروج المني منها، وأبو داوُد 237 في الطهارة: باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والنسائي 1/112 في الطهارة: باب غسل المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والدارمي 1/195 في الوضوء : باب في المرأة ترى في منامها ما يرى الرجل، والبيهقي في السنن 1/168، وفي معرفة السنن والآثار 1/420، من طرق، عن الزهري، بهذا الإسناد . ولكنهم عينوا زوج النبي بأنها عائشة . وقد تابع الزهري في تعيين زوج النبي أنها عائشة، مسافع بن عبد الله، في الرواية التي أخرجها أحمد 6/92، ومسلم 314 33 والبيهقي 1/168 من طريق مصعب بن شيبة، عن مسافع بن عبد الله، عن عروة بن الزبير، عن عائشة.

1167– إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر الحديث 1165 ، وهو في شرح السنة 245 من طريق أحمد بن أبي بكر، به.

الماء . 3:65

سیدہ امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی صاحب زادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اپنی والدہ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں: سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہیں۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا اگر عورت کو احتلام ہو جائے تو کیا اس پر غسل لازم ہوگا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جب کہ وہ پانی دیکھے (یعنی اس کی منی خارج ہوئی ہو)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِسْقَاطِ الْاِغْتِسَالِ عَنِ المحتلم الذی لا یجد بللا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے احتلام کا شکار ہونے والا جو شخص تری کو نہیں پاتا اس پر غسل لازم نہیں ہوتا

1168 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ بن شِهَابٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: الماء من الماء . 3:57

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانی (یعنی منی کے خروج کی وجہ سے پانی (یعنی غسل) لازم ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفَرْضَ فِىْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ كَانَ عِنْدَ الْاِكْسَالِ غَسْلَ مَا مَسَّ الْمَرْاَةَ مِنْهُ ثُمَّ الْوُضُوْءَ لِلصَّلَاةِ دُوْنَ الْاِغْتِسَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ابتداءِ اسلام میں یہ حکم تھا کہ صحبت کرنے کے نتیجے میں (اگر انزال

1168- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فى صحيحه 343 81 فى الحيض: باب إنما الماء من الماء، عن هارون بن سعيد الأيلى، وأبو داوُد 217 في الطهارة: باب في الإكسال، ومن طريقه البيهقى فى السنن 1/167، باب وجوب الغسل بخروج المنى، عن أحمد بن صالح، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/54 عن أحمد بن عبد الرحمٰن، كلهم عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/29 عن يحيى بن كيلان، عن رشدين، عن عمرو بن الحارث، به. وأخرجه أحمد 3/36، ومسلم 343، وابن خزيمة فى صحيحه 2 من طريق شريك بن أبى نمر، عن عبد الرحمٰن بن أبى سعيد الخدرى، عن أبيه. وأخرجه ابن خزيمة أيضاً برقم 233 من طريق سعيد بن عبد الرحمٰن بن أبى سعيد الخدرى، عن أبيه، عن جده. وسيورده المؤلف برقم 1171 من طريق أبى صالح، عن أبى سعيد الخدرى بنحوه. وفى الباب عن أبى أيوب عند أحمد 5/416 و 421، والنسائى 1/115، والدارمى 1/194، والطحاوى 1/54.

نہیں ہوتا) تو عورت (کی شرم گاہ کی جو) رطوبت لگی ہوئی ہوا سے دھولیا جائے اور پھر نماز کے وضو کی طرح کا وضو کرلیا جائے، غسل کرنا (ضروری نہیں تھا)

1169 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُو اَيُّوْبَ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَأْتِي الْمَرْاَةَ فَلا يُنْزِلُ؟ قَالَ: يَغْسِلُ مَا مَسَّ الْمَرْاَةَ منه ويتوضأ ويصلي . 3:57

❀❀ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے وہ کہتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک شخص اپنی بیوی کے پاس آتا ہے (یعنی اس کے ساتھ صحبت کرتا ہے) اور اس شخص کو انزال نہیں ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کی جو رطوبت اسے لگی ہے وہ اسے دھولے اور وضو کر کے نماز ادا کر لے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ عَلٰى مَنْ اَكْسَلَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ سِوَى الْاِغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ ابتداءِ اسلام میں جو شخص صحبت کرتا تھا اس پر غسل جنابت کی بجائے کیا لازم ہوتا تھا

1170 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ: اَرَاَيْتَ اَحَدَنَا اِذَا جَامَعَ الْمَرْاَةَ فَاَكْسَلَ وَلَمْ يُمْنِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ليغسل ذكره وأنثييه، وليتوضأ ثم ليصل . 4:32

1169- إسناده صحيح، على شرطهما، وأخرجه أحمد 5/113، والبخاري 293 في الغسل: باب غسل ما يصيب من فرج المرأة، والبيهقي في السنن 1/164 من طريق مسدد، كلاهما أحمد ومسدد عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه من طرق عن هشام بن عروة، به: الشافعي 1/35، وعبد الرزاق في المصنف برقم 957 و 958، وابن أبي شيبة 1/90، وأحمد في المسند 5/113، 114، ومسلم. 346 84 و 85 في الحيض: باب إنما الماء من الماء، وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند 5/114، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/54، والبيهقي في المعرفة 1/408، والحازمي في الاعتبار ص.29 وفي الباب عن عثمان بن عفان وأبي سعيد الخدري رضي الله عنهما، سيورد المؤلف روايتهما بعد هذه الرواية.

1170- محمد بن عبد ربه، ذكره المؤلف في الثقات 9/107، وقال: يخطء ويخالف، وقد تابعه عليه نعيم بن حماد عند الطحاوي 1/54، وباقي رجاله ثقات، وانظر الحديث الذي قبله.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اس مسئلے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتا ہے' اور اسے انزال نہیں ہوتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے چاہئے کہ اپنی شرم گاہ کو اپنے خصیوں کو دھولے اور وضو کر کے نماز ادا کرلے۔

1171 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِیْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِیَّ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمًا حَتّٰى مَرَّ بِدَارِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ فُلَانٌ؟ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ الرَّجُلُ مُسْتَعْجِلًا، يَقْطُرُ رَاْسُهُ مَاءً، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّنَا اَعْجَلْنَاكَ عَنْ حَاجَتِكَ ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَجَلْ، وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ اُعْجِلْتُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَجِلَ اَحَدُكُمْ، اَوْ اُقْحِطَ، فَلَا غُسْلَ عَلَيْهِ، اِنَّمَا عليه أن يتوضأ . 3:57

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جارہے تھے آپ کا گزر ایک انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں شخص کہاں ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بلوایا وہ شخص جلدی سے اندر باہر آیا اس کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شاید ہم نے تمہاری ضرورت کے حوالے سے تمہیں جلدی کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اس شخص نے عرض کی: جی ہاں اللہ کی قسم! یا رسول اللہ مجھے جلدی کرنی پڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی کو جلدی سے کوئی کام کرنا ہو یا اسے (وقت کی) تنگی ہو' تو اس پر غسل لازم نہیں ہوتا۔ اس پر وضو کرنا لازم ہوتا ہے۔

1172 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى الْبِسْطَامِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، قَالَ:

1172– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح خلا محمد بن وهب بن أبي كريمة، وهو صدوق . وأخرجه من طريق شعبة، عن الحكم بن عتيبة، به: الطيالسي 1/59، وابن أبي شيبة 1/89، وأحمد 3/21، والبخاري 180 في الوضوء : باب من لم ير الوضوء إلا من المخرجين من القبل والدبر، ومسلم 345 83 في الحيض: باب إنما الماء من الماء، وابن ماجة 606 في الطهارة: باب الماء من الماء، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/54، والبيهقي في السنن 1/165، والحازمي في الاعتبار ص .29 وأخرجه عبد الرزاق 963 عن الثوري، عن الأعمش، عن أبي صالح، به . وقد سمى مسلمٌ هذا الرجل عِتْبان من طريق أخرى عن أبي سعيد الخدري في صحيحه 343 80 وتقدم مختصراً برقم 1168 . إسناده صحيح على شرطهما، وهو في، صحيح، ابن خزيمة برقم 224 ومن طريقه أخرجه البيهقي في السنن .1/164 وأورده المؤلف برقم 127 عن عمر بن محمد الهمداني، عن محمد بن المثنى، عن عبد الصمد بن عبد الوارث، بهذا الإسناد. وتقدم تخريجه هناك.وهذا الحديث منسوخ بالأحاديث التالية. وانظر الفتح .1/397

حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیرٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ یَسَارٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ زَیْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِیَّ حَدَّثَهُ، (متن حدیث): اَنَّـهُ سَاَلَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، عَنِ الرَّجُلِ یُجَامِعُ، فَلا یُنْزِلُ، فَقَالَ لَیْسَ عَلَیْهِ غُسْلٌ . ثُمَّ قَالَ عُثْـمَانُ: سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَسَاَلْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَّالزُّبَیْرَ بْنَ الْعَوَّامِ وَطَلْحَةَ بْنَ عُبَیْدِ اللّٰهِ وَاُبَیَّ بْنَ کَعْبٍ، فَقَالُوْا: مثل ذلك.

قَـالَ اَبُـو سَلَمَةَ: وَحَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اَیُّوْبَ فَقَالَ: مِثْلَ ذٰلِكَ، عَنِ النَّبِیِّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ. 4:32

حضرت زید بن خالد بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو صحبت کرتا ہے اور اسے انزال نہیں ہوتا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بتایا ایسے شخص پر غسل لازم نہیں ہوتا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی۔ میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زبانی سنی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں' میں نے حضرت علی بن ابوطالب' حضرت زبیر بن عوام' حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سے دریافت کیا' تو ان حضرات نے بھی اسی کی مانند جواب دیا:

ابوسلمہ نامی راوی بیان کرتے ہیں۔ عروہ بن زبیر نے یہ بات بتائی ہے' انہوں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند بات بیان کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ يَعْنِیْ خَبَرَ عُثْمَانَ مَنْسُوخٌ بَعْدَ اَنْ كَانَ مُبَاحًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ روایت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت منسوخ ہے حالانکہ پہلے یہ عمل مباح تھا

1173 - (سند حدیث): اَخْبَـرَنَـا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَی، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا یُوْنُسُ بْنُ یَزِیْدَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ:

1173- إسناده صحيح على شرط الشيخين، عبد الله هو ابن المبارك، وأخرجه أحمد 5/115 عن على بن إسحاق، و 116 عن خلف بن الوليد، والترمذى 110 فى الطهارة: باب ما جاء أن الماء من الماء، وابن خزيمة فى صحيحه 225 عن أحمد بن منيع، والبيهقى فى السنن 1/165 من طريق الحسن بن عرفة، والحازمى فى الاعتبار ص 32 من طريق الترمذى، أربعتهم عن عبد الله بن المبارك، به.قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وقال الحافظ فى الفتح 1/397: إسناده صالح لأن يحتج به. وأخرجه الشافعى 1/35، 36 عن الثقة، وأحمد 5/115، وابن ماجة 609، وابن الجارود 91، وابن خزيمة 225 من طريق عثمان بن عمر، والبيهقى فى المعرفة 1/411، والحازمى فى الاعتبار ص 32 من طريق الشافعى، كلاهما عن يونس بن يزيد، به وأخرجه أحمد 5/116، والترمذى 111، وابن خزيمة 225 من طريق عبد الله بن المبارك، عن معمر، عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 5/116 عن محمد بن بكر، عن ابن جريج، وعن أبى اليمان، عن شعيب بن أبى حمزة، والدارمى 1/194، والطحاوى 1/57 .

(متن حدیث): اِنَّمَا كَانَ الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ رُخْصَةً فِيْ أول الإسلام، ثم نهي عنها. 3:57

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ مِنْ حَدِيثِ غُنْدَرٍ فَقَالَ: اَخْبَرَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَرَوَاهُ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْ اَرْضَى عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ. وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ الزُّهْرِيُّ سَمِعَ الْخَبَرَ مِنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ كَمَا قَالَهُ غُنْدَرٌ، وَسَمِعَهُ عَنْ بَعْضِ مَنْ يَرْضَاهُ، عَنْهُ فَرَوَاهُ مَرَّةً عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَاُخْرَى عَنِ الَّذِيْ رَضِيَهُ عَنْهُ.

وَقَدْ تَتَبَّعْتُ طُرُقَ هٰذَا الْخَبَرِ عَلٰى اَنْ اَجِدَ اَحَدًا رَوَاهُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا اِلَّا اَبَا حَازِمٍ، وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ الرَّجُلُ الَّذِيْ قَالَ الزُّهْرِيُّ: حَدَّثَنِيْ مَنْ اَرْضَى، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ هُوَ اَبُو حَازِمٍ رَوَاهُ عَنْهُ.

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پانی کے نتیجہ میں پانی (یعنی منی کے خروج کی صورت میں غسل لازم ہونے کا حکم) ابتداءِ اسلام میں رخصت تھی' پھر اس سے منع کر دیا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت معمر نے زہری کے حوالے سے نقل کی ہے' جسے غندر نے نقل کیا ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی ہے۔

یہی روایت عمرو بن خالد نے زہری کے حوالے سے نقل کی ہے۔ اس میں وہ یہ کہتے ہیں۔ مجھے اس شخص نے وہ حدیث بیان کی ہے' جس سے میں راضی ہوں اور اس نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

تو اس بات کا امکان موجود ہے' زہری نے یہ روایت حضرت سہل بن سعد سے خود سنی ہو جیسا کہ غندر نے یہ بات بیان کی ہے اور زہری نے یہ روایت کسی ایسے شخص سے سنی ہو' جس سے وہ راضی تھے اور اس شخص کے حوالے سے حضرت سہل بن سعد سے سنی ہو۔ تو ایک مرتبہ انہوں نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے اسے نقل کر دی ہو اور دوسری مرتبہ اس شخص کے حوالے سے حضرت سہل بن سعد سے نقل کیا جس سے وہ راضی تھے۔

میں نے اس روایت کے طرق کی تحقیق کی کہ مجھے کوئی ایسا شخص مل جائے جس نے اس روایت کو حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے نقل کیا ہو' تو مجھے دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں ملا صرف ابوحازم ایسا شخص ہے' تو اس بات کا امکان موجود ہے' وہ شخص جس کے بارے میں زہری نے کہا تھا۔ مجھے اس شخص نے وہ حدیث بیان کی ہے' جس سے میں راضی ہوں۔ اس نے حضرت سہل بن سعد کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی ہے' تو وہ شخص ابوحازم ہو' جس نے حضرت سہل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہو۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْاِغْتِسَالِ عَلٰى مَنْ فَعَلَ الْفِعْلَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا وَاِنْ لَمْ يُنْزِلْ

جو شخص یہ فعل کرتا ہے جسے ہم نے ذکر کیا ہے' تو اسے اگر انزال نہیں بھی ہوتا تو بھی اس پر غسل کے واجب ہونے کا تذکرہ

1301- إسناده صحيح على شرطهما. عوف: هو ابن أبى جميلة الأعرابى، وأبو رجاء : هو عمران بن ملحان العطاردى البصرى. وأخرجه أحمد 4/434، 435، والبخارى (344) فى التيمم: باب الصعيد الطيب وضوء المسلم يكفيه من الماء ، وابن خزيمة فى صحيحه برقم (271) و (987) ، من طريق يحيى القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (20537) ، وابن أبى شيبة 1/156، والبخارى (348) فى التيمم، ومسلم (682) فى المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والنسائى 1/171 فى الطهارة: باب التيمم بالصعيد، وأبو عوانة 1/307و 2/256، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/401، والدارقطنى 1/202، والبيهقى فى السنن 1/218، 219و404، وفى دلائل النبوة 4/276-279، والطبرانى فى الكبير /18 (276) و (277) وابن خزيمة فى صحيحه برقم (271) و (987) و (997) من طرق عن عوف، به . وعوف تحرف فى مطبوع مصنف ابن أبى شيبه إلى عون بالنون اخره. وأخرجه الشافعى فى مسنده 1/45 (بترتيب الساعاتى) ، والبخارى (3571) فى المناقب: باب علامات النبوة فى الإسلام، ومسلم (682) (312) ، وأبو عوانة 1/308 و2/254-257، والدارقطنى 1/200، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/400، والبيهقى فى دلائل النبوة 4/279-281، وفى السنن 1/219، 220، والبغوى فى شرح السنة برقم (309) من طرق عن أبى رجاء العطارى، به. وسيورده المؤلف برقم (1461) فى باب الوعيد على ترك الصلاة، من طريق الحسن البصرى، عن عمران بن حصين، به، ويخرج هناك' 2. إسناده صحيح على شرطهما سوى مسدد، فإنه من رجال البخارى، وأخرجه البخارى (344) فى التيمم، باب: الصعيد الطيب وضوء المسلم يكفيه من الماء ، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وهو مكرر ما قبله.

كَثِيرًا وَّجَعَلُوهُ فِي ثَوْبٍ وَّحَمَلُوهَا عَلٰى بَعِيرِهَا وَوَضَعُوا الثَّوْبَ بَيْنَ يَدَيْهَا قَالَ فَقَالَ: لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعْلَمِيْنَ اَنَّا وَاللّٰهِ مَا رَزِئْنَا مِنْ مَّائِكَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ هُوَ سَقَانَا.

قَالَ فَاَتَتْ اَهْلَهَا وَقَدِ احْتَبَسَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا مَا حَبَسَكِ يَا فُلَانَةُ قَالَتِ الْعَجَبُ لَقِيَنِي رَجُلَانِ فَذَهَبَا بِي اِلٰى هٰذَا الَّذِي يُقَالُ لَهُ الصَّابِيُّ فَفَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا الَّذِيْ قَدْ كَانَ فَوَاللّٰهِ اِنَّهُ لَاَسْحَرُ مَنْ بَيْنَ هٰذِهِ اِلٰى هٰذِهِ اَوْ اِنَّهُ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا قَالَ فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ ذٰلِكَ يُغِيْرُوْنَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَا يُصِيْبُوْنَ الصِّرْمَ الَّذِيْ هِيَ فِيْهِ فَقَالَتْ لِقَوْمِهَا وَاللّٰهِ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ يَدْعُوْنَكُمْ عَمْدًا فَهَلْ لَكُمْ فِى الإسلام فأطاعوها فدخلوا فى الإسلام.

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ ہم رات بھر سفر کرتے رہے جب رات کا آخری حصہ ہوا تو ہمیں نیند نے آلیا اور مسافر کے نزدیک نیند سے پیاری اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔ ہمیں سورج کی تپش نے بیدار کیا۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بیدار ہونے والوں میں سے سب سے پہلے فلاں شخص تھے پھر فلاں صاحب تھے اور پھر فلاں صاحب تھے۔

ابورجاء نامی راوی نے ان کے نام بھی بیان کئے تھے لیکن عوف نامی راوی ان کے ناموں کو بھول گئے پھر چوتھے بیدار ہونے والے فرد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوتے تھے تو ہم آپ کو بیدار نہیں کرتے تھے۔ آپ خود ہی بیدار ہوتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے ہم یہ نہیں جان سکتے تھے کہ نیند کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا صورتحال پیش آرہی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے اور انہوں نے صورت حال کو دیکھا تو راوی بیان کرتے ہیں: وہ بلند آواز کے مالک ایک سخت مزاج شخص تھے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے بلند آواز میں تکبیر کہی اور مسلسل تکبیر کہتے رہے۔ ان کی تکبیر کی آواز بلند رہی یہاں تک کہ ان کی آواز کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہو گئے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو لوگوں نے پیش آنے والی صورت حال کی شکایت آپ کی خدمت میں کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی نقصان نہیں ہے۔ یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے۔ تم لوگ روانہ ہو جاؤ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھوڑا آگے گئے پھر آپ سواری سے نیچے اترے پھر آپ نے پانی منگوایا وضو کیا نماز کے لئے اذان دی گئی۔ آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو ایک شخص الگ موجود تھا۔ اس نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے فلاں کیا وجہ ہے تم نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے جنابت لاحق ہو گئی تھی اور (غسل کرنے کے لئے) پانی نہیں ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر مٹی کو استعمال کرنا لازم ہے یہ تمہارے لئے کافی ہوگی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے لوگوں نے آپ کی خدمت میں پیاسے ہونے کی شکایت کی۔ راوی بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے نیچے اترے آپ نے فلاں صاحب کو بلوایا اس شخص کا نام ابورجاء نامی نے بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی اسے بھول گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی بلایا اور ارشاد فرمایا: تم دونوں جاؤ اور ہمارے لئے پانی تلاش کرو (یہ دونوں حضرات روانہ ہو گئے) ان دونوں حضرات کا سامنا ایک خاتون سے ہوا جو اپنے اونٹ پر دو مشکیزوں کے درمیان سوار تھی۔ان دونوں حضرات نے اس خاتون سے دریافت کیا کہ پانی کہاں ہے۔اس نے جواب دیا: گزشتہ کل اسی وقت میں پانی کے پاس تھی (یعنی ایک دن کے فاصلے پر ہے) اور ہمارے مرد قبیلے میں موجود نہیں تھے۔راوی بیان کرتے ہیں: ان دونوں حضرات نے اس خاتون سے کہا پھر تم (ہمارے ساتھ) چلو۔اس نے دریافت کیا: کیا ان دونوں حضرات نے جواب دیا: اللہ کے رسول کی طرف اس نے دریافت کیا: کیا یہی وہ شخص ہے' جسے بے دین کہا جاتا ہے ان دونوں صاحبان نے فرمایا: وہ وہی ہیں' جو تم مراد لے رہی ہو۔اب تم چل پڑو پھر یہ دونوں اس خاتون کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو پورے واقعے کے بارے میں بتایا۔راوی بیان کرتے ہیں: اس خاتون کو اس کے اونٹ سے نیچے اتار لیا گیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن منگوایا اور مشکیزوں کے منہ سے اس میں پانی انڈیلا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) آپ نے مشکیزے کے منہ کو بند رکھا اور اس کے نیچے کے سوراخ کو کھول دیا' اور لوگوں میں یہ اعلان کر دیا گیا کہ تم لوگ خود بھی پانی حاصل کرو اور (اپنے جانوروں وغیرہ کو) بھی پلاؤ۔راوی بیان کرتے ہیں: پھر جس نے چاہا اس نے پی لیا جس نے چاہا اس نے پلانے کے لئے حاصل کر لیا۔سب سے آخر میں اس شخص کو پانی کا برتن دیا گیا جسے جنابت لاحق ہوئی تھی۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ اور اسے اپنے جسم پر انڈیل لو۔راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت کھڑی دیکھتی رہی۔اس کے پانی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! جب اس میں سے اتنا سارا پانی نکال لیا گیا' تو پھر بھی ہمیں یوں محسوس ہوا کہ شاید یہ مشکیزے پہلے سے زیادہ بھرے ہوئے ہیں۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت کے لئے کھانے کا سامان جمع کرو۔راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت کے لئے عجوہ کھجوریں اور ستو جمع کر لیے گئے' یہاں تک کہ اس کے لئے بہت سا اناج جمع ہو گیا اور لوگوں نے اسے ایک کپڑے میں ڈال دیا۔اسے اس کے اونٹ پر سوار کر دیا' اور وہ کپڑا اس کے آگے رکھ دیا۔راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: تم یہ بات جانتی ہو؟ اللہ کی قسم! ہم نے تمہارے پانی میں کوئی کمی نہیں کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں سیراب کر دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت اپنے گھر والوں کے پاس آئی جبکہ وہ کچھ تاخیر سے گئی تھی ان لوگوں نے دریافت کیا: اے فلاں تم کہاں رہ گئی تھی۔اس نے جواب دیا: بڑی حیرانگی کی بات ہے مجھے دو لوگ ملے وہ مجھے ساتھ لے کر ان صاحب کے پاس چلے گئے جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے' وہ بے دین ہیں۔انہوں نے میرے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا یعنی اس چیز کے بارے میں بتایا جو ہو چکی تھی۔

اور کہا: اللہ کی قسم! وہ یہاں سے لے کر یہاں تک کے درمیانی حصے کے سب سے بڑے جادوگر ہیں یا پھر وہ واقعی اللہ کے رسول ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد وہاں کے مسلمانوں نے آس پاس کے مشرکین پر حملے کئے لیکن اس بستی پر حملہ نہیں کیا جہاں وہ عورت رہتی تھی۔ اس عورت نے اپنی قوم سے کہا: اللہ کی قسم! یہ لوگ جان بوجھ کر تمہیں چھوڑ رہے ہیں تو کیا تم لوگ اسلام میں دلچسپی رکھتے ہو؟ تو ان لوگوں نے اس عورت کی بات مان لی اور اسلام میں داخل ہو گئے۔

1302 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو رَجَاءٍ قَالَ،

(متن حدیث): حَدَّثَنِىْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا فِىْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا فِىْ اٰخِرِ اللَّيْلِ وَقَعْنَا تِلْكَ الْوَقْعَةَ وَلَا وَقْعَةَ اَحْلٰى عِنْدَ الْمُسَافِرِ مِنْهَا فَمَا اَيْقَظَنَا اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ فَاسْتَيْقَظَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَكَانَ يُسَمِّيهِمْ اَبُو رَجَاءٍ وَنَسِيَهُمْ عَوْفٌ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰه عليهم الرَّابِعُ.

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَامَ لَمْ يُوقَظْ حَتّٰى يَكُونَ هُوَ يَسْتَيْقِظُ لِاَنَّا لَا نَدْرِى مَا يَحْدُثُ لَهُ فِى النَّوْمِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَرَاٰى مَا اَصَابَ النَّاسَ وَكَانَ رَجُلًا جَلِيْدًا فَكَبَّرَ وَرَفَعَ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ فَمَا زَالَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ حَتّٰى اسْتَيْقَظَ بِصَوْتِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَوْا اِلَيْهِ الَّذِىْ اَصَابَهُمْ فَقَالَ: لَا يَضِيرُ فَارْتَحِلُوْا وَارْتَحَلَ فَسَارَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ نَزَلَ فَدَعَا بِالْوَضُوْءِ فَتَوَضَّاَ فَنُوْدِىَ بِالصَّلَاةِ فَصَلّٰى بالناس فلما انفتل من صلاته مِنْ صَلَاتِهِ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ مُعْتَزِلٍ لَمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ يَا فلان أن تصلى مع القوم ؟ فقال:

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَتْنِىْ جَنَابَةٌ وَلَا مَاءَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَاِنَّهُ يَكْفِيكَ .

ثُمَّ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فشكى الناس إليه الْعَطَشَ قَالَ فَنَزَلَ فَدَعَا فُلَانًا وَكَانَ يُسَمِّيهِ اَبُو رَجَاءٍ وَنَسِيَهُ عَوْفٌ وَدَعَا عَلِيًّا رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَالَ: اذْهَبَا فَاْتِيَا بِالْمَاءِ فَانْطَلَقَا فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا امْرَاَةٌ بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ اَوْ سَطِيْحَتَيْنِ مِنْ مَّاءٍ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا وَقَالَا لَهَا اَيْنَ الْمَاءُ فَقَالَتْ عَهْدِىْ بِالْمَاءِ اَمْسِ هٰذِهِ السَّاعَةَ وَنَفَرُنَا خُلُوْفٌ قَالَا لَهَا انْطَلِقِى قَالَتْ اِلٰى اَيْنَ قَالَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ هٰذَا الَّذِىْ يُقَالُ لَهُ الصَّابِىْ قَالَا هُوَ الَّذِىْ تَعْنِيْنَ فَانْطَلِقِىْ.

وَجَاءَا بِهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْزَلُوهَا عَنْ بَعِيرِهَا وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ فَاَفْرَغَ فِيْهِ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَزَادَتَيْنِ اَوِ السَّطِيْحَتَيْنِ وَاَوْكَا اَفْوَاهَهُمَا وَاَطْلَقَ الْعَزَالِىْ وَنُوْدِىَ فِى النَّاسِ اَنِ اسْتَقُوْا وَاسْقُوْا قَالَ فَسَقٰى مَنْ شَاءَ وَاسْتَسْقٰى مَنْ شَاءَ وَكَانَ اٰخر ذلك أن أعطى الذى أصابته جنابة اِنَاءً مِنْ مَّاءٍ فَقَالَ: اذْهَبْ فَاَفْرِغْهُ عَلَيْكَ .

قَالَ وَهِيَ قَائِمَةٌ تَنْظُرُ اِلٰى مَا يَفْعَلُ بِمَائِهَا قَالَ وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ اُقْلِعَ عَنْهَا حِيْنَ اُقْلِعَ وَاِنَّهُ لَيُخَيَّلُ اِلَيْنَا اَنَّهَا اَشَدُّ ملئا منها حين ابتدیء فيها.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اجْمَعُوْا لَهَا طَعَامًا." فَجَمَعَ لَهَا مِنْ تَمْرٍ عَجْوَةٍ وَّدَقِيْقَةٍ وَّسَوِيْقَةٍ حَتّٰى جَمَعُوْا لَهَا طَعَامًا كَثِيْرًا وَّجَعَلُوْهُ فِيْ ثَوْبٍ وَّحَمَلُوْهَا عَلٰى بَعِيْرِهَا وَوَضَعُوا الثَّوْبَ الَّذِيْ فِيْهِ الطَّعَامُ بَيْنَ يَدَيْهَا فَقَالَ: لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "تَعْلَمِيْنَ وَاللّٰهِ مَا رَزَاْنَا مِنْ مَائِكِ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ هُوَ الَّذِيْ سَقَانَا."

فَاَتَتْ اَهْلَهَا وَقَدِ احْتَبَسَتْ عَنْهُمْ قَالُوْا مَا حَبَسَكِ يَا فُلَانَةُ قَالَتِ الْعَجَبُ لَقِيَنِيْ رَجُلَانِ فَذَهَبَا بِيْ اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ الصَّابِيْ فَفَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا الَّذِيْ قَدْ كَانَ وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَاَسْحَرُ مَنْ بَيْنَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ وَقَالَتْ بِاُصْبُعَيْهَا السَّبَّابَةُ الْوُسْطٰى فَرَفَعَتْهُمَا اِلَى السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اَوْ اِنَّهُ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا قَالَ فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ يُغِيْرُوْنَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَا يُصِيْبُوْنَ الصِّرْمَ الَّذِيْ هِيَ فِيْهِمْ قَالَتْ يَوْمًا لِقَوْمِهَا مَا اَرٰى هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ يَدَعُوْنَكُمْ اِلَّا عَمْدًا فَهَلْ لَكُمْ فِي الْاِسْلَامِ فَاَطَاعُوْهَا فَدَخَلُوْا فِي الْاِسْلَامِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اَبُوْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ عِمْرَانُ بْنُ تَيْمٍ مات وهو بن مائة وعشرين سنة.

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ جب رات کا آخری حصہ آیا تو ہمیں نیند آ گئی اور مسافر کے نزدیک نیند سے زیادہ پیاری کوئی اور چیز نہیں ہوتی۔ ہمیں سورج کی تپش نے بیدار کیا فلاں فلاں اور فلاں بیدار ہوئے ابورجاء نامی راوی نے ان کا نام بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی ان کا نام بھول گئے پھر چوتھے بیدار ہونے والے شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سویا کرتے تھے تو آپ کو بیدار نہیں کیا جاتا تھا یہاں تک کہ آپ خود ہی بیدار ہوتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے ہم یہ نہیں جان سکتے تھے کہ نیند کے دوران آپ کے ساتھ کیا صورت حال پیش آ رہی ہے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ان پر ہو اور انہوں نے وہ چیز دیکھی جو لوگوں کو پیش آئی ہے وہ بلند آواز کے مالک تھے۔ انہوں نے تکبیر کہی اور تکبیر کہتے ہوئے آواز کو بلند کیا۔ وہ مسلسل تکبیر کہتے رہے اور بلند آواز میں تکبیر کہتے رہے یہاں تک کہ ان کی آواز کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہو گئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو لوگوں نے پیش آنے والی صورت حال کی شکایت آپ کے سامنے کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حرج نہیں تم لوگ روانہ ہو جاؤ پھر آپ روانہ ہوئے تھوڑا آگے جانے کے بعد آپ سواری سے اترے پھر آپ نے وضو کے لئے پانی منگوایا وضو کیا نماز کے لئے اذان دی گئی۔ آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔ جب آپ لوگوں کو نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو ایک شخص الگ موجود تھا جس نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی تھی۔ آپ نے دریافت کیا: اے فلاں کیا بات ہے تم نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں ادا کی۔ اس نے کہا: یا رسول اللہ!

مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' اور پانی موجود نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر مٹی استعمال کرنا لازم ہے وہ تمہارے لئے کفایت کرے گی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے لوگوں نے آپ کی خدمت میں پیاسے ہونے کی شکایت کی' تو آپ سواری سے نیچے اترے اور فلاں کو بلایا رجاء نامی راوی نے ان کا نام بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی اسے بھول گئے۔ (راوی بیان کرتے ہیں) آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی بلایا اور فرمایا تم دونوں جاؤ اور پانی لے کر آؤ۔ دونوں حضرات روانہ ہوئے ان کا سامنا ایک عورت سے ہوا جو اپنے اونٹ پر دو مشکیزوں کے درمیان سوار تھی (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) ان دونوں حضرات نے اس سے دریافت کیا پانی کہاں ہے۔ اس نے جواب دیا: گزشتہ دن اسی وقت میں پانی کے پاس موجود تھی۔ ہمارے قبیلے کے مرد موجود نہیں ہیں (اس لئے میں اتنی دور سے پانی لے کر آئی ہوں) ان دونوں حضرات نے اس سے کہا تم چلو اس نے دریافت کیا: کہاں؟ ان دونوں حضرات نے جواب دیا: اللہ کے رسول کی طرف اس نے دریافت کیا: کیا یہ وہی صاحب ہیں' جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے' وہ بے دین ہیں ان دونوں صاحبان نے جواب دیا: یہ وہی ہیں' جو تم مراد لے رہی ہو تم چلو۔

یہ دونوں حضرات اس عورت کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لوگوں نے اس عورت کو اس کے اونٹ سے نیچے اتارا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن منگوایا۔ آپ نے مشکیزوں کے منہ سے پانی انڈیلا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے منہ کو بند کر دیا۔ ان کے نیچے والے سوراخ کو کھول دیا۔ لوگوں میں اعلان کر دیا کہ وہ پانی حاصل کر لیں اور (جانوروں وغیرہ کو بھی) پانی پلائیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر جس نے چاہا اس نے پانی پلایا اور جس نے چاہا پانی پی لیا۔ سب سے آخر میں اس شخص کو دیا' جسے جنابت لاحق ہوئی تھی۔ پانی کا برتن دیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اور اسے اپنے اوپر بہا لو۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت کھڑی دیکھتی رہی کہ اس کے پانی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اس میں سے جتنا بھی پانی نکلا اس کے بعد بھی ہمیں یوں محسوس ہوا تھا شاید وہ مشکیزے پہلے سے زیادہ بھرے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت کے لئے کھانے کا سامان اکٹھا کرو' تو اس عورت کے لئے عجوہ کھجوریں آٹا اور ستو اکٹھے کئے گئے' یہاں تک کہ لوگوں نے اس کے لئے بہت سا اناج اکٹھا کر لیا۔ لوگوں نے اسے ایک کپڑے میں رکھا اور اس عورت کو اس کے اونٹ پر سوار کر کے' وہ تھیلا اس کے آگے رکھ دیا جس میں اناج موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا تم یہ بات جانتی ہو اللہ کی قسم! ہم نے تمہارے پانی میں کوئی کمی نہیں کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں سیراب کیا ہے' پھر وہ عورت اپنے اہل خانہ کے پاس آئی وہ تاخیر سے ان کے پاس پہنچی تھی' تو ان لوگوں نے دریافت کیا: اے فلانہ تمہیں کس چیز نے روک لیا تھا۔ وہ بولی بڑی حیران کن بات ہے۔ مجھے دو آدمی ملے وہ مجھے ساتھ لے گئے اور ان صاحب کے پاس لے گئے جنہیں بے دین کہا جاتا ہے' پھر انہوں نے میرے ساتھ اس' اس طرح کا سلوک کیا یعنی جو کچھ ہوا تھا (اس کو اس نے بیان کیا) اللہ کی قسم! یہاں سے لے کر یہاں تک کے درمیان موجود اس جگہ میں وہ سب سے بڑے جادوگر ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس عورت نے اپنی شہادت کی انگلی اور

درمیانی انگلی کو پہلے آسمان کی طرف اٹھایا۔ پھر زمین کی طرف کیا (اور یہ بات کہی) یا پھر وہ واقعی اللہ کے سچے رسول ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد مسلمانوں نے اس کے آس پاس کے علاقوں میں موجود مشرکین پر حملے کئے لیکن اس بستی پر حملہ نہیں کیا جہاں وہ عورت رہتی تھی۔ ایک دن اس عورت نے اپنی قوم سے کہا میرا یہ خیال ہے یہ لوگ تم لوگوں کو جان بوجھ کر چھوڑ رہے ہیں' تو کیا تم لوگ اسلام میں دلچسپی رکھتے ہو' تو لوگوں نے اس کی بات مان لی اور اسلام میں داخل ہو گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابورجاء بن عطاردی کا نام عمران بن تیم ہے ان کا انتقال **120** سال کی عمر میں ہوا۔

ذِكْرُ وَصْفِ التَّيَمُّمِ الَّذِيْ يَجُوزُ اَدَاءُ الصَّلَاةِ بِهٖ عِنْدَ اِعْوَازِ الْمَاءِ

تیمّم کے اس طریقے کا تذکرہ جس کے ہمراہ' پانی کی عدم موجودگی میں' نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے

1303 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قال سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزَى عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

(متن حدیث): قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَاَمَرَنِيْ بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً.

و كان قتادة به يفتي.

1303: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے چہرے اور دونوں بازوؤں کے لئے مجھے ایک ضرب (زمین پر) مارنے کی ہدایت کی۔

قتادہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ مَسْحَ الذِّرَاعَيْنِ فِي التَّيَمُّمِ غَيْرُ وَاجِبٍ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' منہ اور کلائیوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے

1303- إسناده صحيح على شرط مسلم. عزرة- بفتح العين المهملة، وإسكان الزاى، وفتح الراء -هو ابن عبد الرحمٰن بن زرارة الخزاعى الكوفى، تصحف فى "صحيح" ابن خزيمة (267) إلى "عرزة" بتقديم الراء، وفى "شرح معانى الآثار" و"مصنف" ابن أبى شيبة إلى "عروة."وأخرجه أبو داوُد (327) فى الطهارة: باب التيمم، عن محمد بن المنهال، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الترمذى (144) فى الطهارة: باب ما جاء فى التيمم، عن أبى حفص عمرو بن على الفلاس، والدارقطنى 1/182 من طريق محمد بن عمرو، كلاهما عن يزيد بن زريع، به. وأخرجه ابن أبى شيبة 1/159، وابن خزيمة فى "صحيحه" (267) من طريق ابن علية، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 1/112، والبيهقى فى "السنن" 1/210 من طريق عبد الوهاب بن عطاء، كلاهما عن سعيد بن أبى عروبة، به. وأخرجه أحمد 4/263، والدارمى 1/190، والدارقطنى 1/182، وابن الجارود (126) من طريق عفان بن مسلم، عن أبان بن يزيد العطار، عن قتادة، به. وقد سقط من إسناده الدارمى عزرة بين قتادة وسعيد. وسيعيده المؤلف بهٰذا الإسناد برقم (1308)، وأورده برقم (1267)

1304 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ وَيَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِى مُوْسٰى فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّجُلُ يُجْنِبُ فَلَا يَجِدُ الْمَاءَ اَيُصَلِّى فَقَالَ لَا فَقَالَ اَمَا تَذْكُرُ قَوْلَ عَمَّارٍ لِعُمَرَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَنْتَ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ فِى التُّرَابِ فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ:

"كَانَ يَكْفِيكَ هٰكَذَا"، وَضَرَبَ بِيَدِهِ الْاَرْضَ فَمَسَحَ وَجْهَهٗ وَكَفَّيْهِ فَقَالَ لَمْ اَرَ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ. قَالَ فَمَا تصنع

بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) فَقَالَ اَمَا اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِىْ هٰذَا لَكَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ بَرْدَ الْمَاءِ تَيَمَّمَ بِالصَّعِيْدِ زَادَ يَعْلٰى قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لشقيق فلم يكن هٰذا إلا لهٰذا.

1304: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبدالرحمٰن! ایک شخص کو جنابت لاحق ہو جاتی ہے اور اسے پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے جواب دیا: جی نہیں۔ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے حضرت عمار نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو کسی جگہ بھیجا تھا تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہو گیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا۔ پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور انہیں اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیرلیا۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا۔ انہوں نے اس بیان پر قناعت کی ہو۔

1304- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/158، 159، ومن طريقه مسلم (368) (110) في الحيض: باب التيمم، وأخرجه أحمد 2/396و264، والبخاري (347) في التيمم: باب التيمم ضربة واحدة، عن محمد بن سلام، ومسلم (368) (110) عن يحيى بن يحيى وابن نمير، وأبو داؤد (321) عن محمد بن سليمان الأنباري، والنسائي 1/170عن محمد بن العلاء، والدارقطني 1/179، 180 من طريق الحسين بن إسماعيل ويوسف بن موسى، كلهم عن أبي معاوية الضرير، بهٰذا الإسناد، وبه صححه ابن خزيمة برقم (270) .وأخرجه أحمد 2/265، وأبو عوانة 1/304،والبيهقي في "السنن" 1/211و226 من طريق يعلى بن عبيد الطنافسي، بهٰذا الإسناد.وأخرجه أحمد 2/265، البخاري (345) باب إذا خاف الجنب على نفسه المرض أو الموت أو خاف العطش تيمم، من طريق محمد بن جعفر غندر، عن شعبة، و (346) عن عمر بن حفص، عن أبيه، وأبو عوانة 1/303، 304 من طريق الوليد بن القاسم.وسيورده المؤلف بعده من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، به . وانظر طرق الحديث في التخريج المتقدم لرقم (1267) .

تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے:

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی سے تیمّم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم اس بارے میں لوگوں کو رخصت دینا شروع کردیں تو ان دونوں میں سے کسی ایک شخص کو پانی ٹھنڈا لگے تو وہ مٹی کے ذریعے تیمّم کرلیا کرے گا۔

یعلی نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے اعمش نے یہ بات بیان کی ہے' میں نے شقیق سے کہا یہ حکم صرف اس کے لئے ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَسْحَ الذِّرَاعَيْنِ فِي التَّيَمُّمِ وَاجِبٌ لَا يَجُوزُ تَرْكُهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' تیمّم میں کلائیوں پر ہاتھ پھیرنا واجب ہے' اور اسے ترک کرنا جائز نہیں ہے

1305 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْمُوْسٰى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَوْ اَنَّ جُنُبًا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا لَمْ يُصَلِّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا قَالَ اَبُوْمُوْسٰى اَمَا تَذْكُرُ حِيْنَ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ اَلَا تَذْكُرُ حِيْنَ بَعَثَنِيْ وَاِيَّاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِبِلِ فَاَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ فَتَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ اَنْ تَقُوْلَ هٰكَذَا"، وَضَرَبَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا جَرَمَ مَا رَاَيْتُ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى فَكَيْفَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ فِيْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) (المائدة: 6) فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ يُوْشِكُ اِذَا بَرَدَ عَلٰى جِلْدِ اَحَدِهِمُ الْمَاءُ اَنْ يَتَيَمَّمَ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ اَمَا كَانَ لِعَبْدِ اللّٰهِ غَيْرُ ذٰلِكَ قَالَ لَا.

1305: شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا اگر کسی جنبی کو ایک مہینے تک پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا نہیں کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: نہیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا تھا کہ اے امیر المومنین کیا آپ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے نہیں ہیں۔ کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' اللہ کے رسول نے مجھے اور آپ کو (اونٹوں) کے

1305- إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 4/365 عن عفان، ومسلم (368) (111) في الحيض: باب التيمم، وأبو عوانة 1/304 من طريق أبي كامل الجحدري، والعلاء بن عبد الجبار، ثلاثتهم عن عبد الواحد بن زياد، بهٰذا الإسناد، وتقدم قبله من طريق أبي معاوية الضرير ويعلى بن عبيد، عن الأعمش، به. فانظره تخريجه عنده.

باڑے میں بھیجا تھا' تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا جب میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا کہ تم اس طرح کرلو' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اور اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیرلیا۔

حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ بات طے ہے' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا کہ انہوں نے اس پر قناعت نہیں کی تھی' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ سورۃ نساء میں موجود اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کرلو''۔

اس پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کردیں تو عنقریب ایسا وقت آجائے گا کہ جب ان میں سے کسی ایک کو پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ تیمّم کرلیا کرے گا۔

اَعمش نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے میں نے شقیق سے کہا کیا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (کی اس مسئلے کے بارے میں) کوئی اور دلیل بھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

1306 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ الحكم عن ذر عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنِّيْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا أمير المؤمنين إذ أنت وأنا فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا أنت فلم تصلى وأما أنا فتمعكت فى التراب فَلَمَّا اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ:

"اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ"، وَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيهِمَا وَمَسَحَ بهما وجهه وكفيه.

عبدالرحمٰن بن ابزیٰ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے' اور مجھے پانی نہیں ملا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نماز نہ پڑھو تو حضرت عمار نے کہا: اے امیر المومنین کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' میں اور آپ ایک جنگ میں تھے اور ہمیں جنابت لاحق ہوگئی اور پانی نہیں ملا آپ نے تو نماز ادا نہیں کی اور میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا تھا' اور میں نے نماز ادا کرلی۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں اتنا کافی تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اس پر پھونک ماری اور ان دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیرلیا۔

1306- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذى أورده المؤلف طريق يزيد بن زريع، عن شعبة، به .وأخرجه البخاري مختصرًا برقم (343) فى التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1307 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِىْ مُوْسٰى فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّجُلُ يُجْنِبُ فَلَا يَجِدُ الْمَاءَ يُصَلِّي فَقَالَ تَسْمَعُ قَوْلَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ لِعُمَرَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا اَنَا وَاَنْتَ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ بِالصَّعِيْدِ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: "اِنَّمَا يَكْفِيكَ هٰذَا"، وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ وَاحِدَةً فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَرَ عُمَرَ قَنَعَ بِذٰلِكَ فَقَالَ كَيْفَ تَصْنَعُوْنَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) قَالَ لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذِهِ كَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ الْمَاءَ الْبَارِدَ يَمْسَحُ بِالصَّعِيْدِ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ مَا كَرِهَهُ اِلَّا لِهٰذَا.

1307: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھا' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبدالرحمٰن ایک شخص کو جنابت لاحق ہوگئی اور اسے پانی نہیں ملتا تو وہ نماز ادا کرے گا؟ پھر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے حضرت عمار بن یاسر کا قول سنا تھا جو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو ایک مہم پر روانہ کیا تھا۔ میں جنابت کا شکار ہوگیا۔ میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا پھر آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا ایک مرتبہ مسح کیا۔ اس پر حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس بات پر قناعت کی ہو' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تم پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کردیں تو ان میں سے کسی ایک کو اگر پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ مٹی سے مسح کرلیا کرے گا۔

اعمش نامی راوی کہتے ہیں میں نے شقیق سے کہا: کیا وہ (حضرت ابن مسعود) اس وجہ سے اسے ناپسند کرتے تھے۔

1307- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذى أورده المؤلف طريق يزيد [illegible] وأخرجه البخارى مختصرًا برقم (343) فى التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. [illegible] وهو مكرر (1304) وورد تخريجه هناك.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاقْتِصَارِ فِي التَّيَمُّمِ بِالْكَفَّيْنِ مَعَ الْوَجْهِ دُونَ السَّاعِدَيْنِ بِالضَّرْبَتَيْنِ

تیمّم کے دوران دوضربیں لگاتے ہوئے چہرے کے ہمراہ ہتھیلیوں پر تیمّم کرنے پر اکتفاء کرنا اور کلائیوں پر تیمم نہ کرنا

1308 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزَى عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

(متن حدیث): قَالَ سَالَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَاَمَرَنِيْ بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً.

وَكَانَ قَتَادَةُ بِهٖ يُفْتِي.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے چہرے اور دونوں بازوؤں کے لئے مجھے ایک ضرب (زمین پر) لگانے کا حکم دیا۔

قتادہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ النَّفْخِ فِي الْيَدَيْنِ بَعْدَ ضَرْبِهِمَا عَلَى الصَّعِيْدِ لِلتَّيَمُّمِ

تیمّم کے لئے دونوں ہاتھ زمین پر مارنے کے بعد ان پر پھونک مارنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

1309 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ وَعُمَرُ بن محمد الْهَمَدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ ذَرٍّ عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنِّيْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا أمير المؤمنين إذ أنت وأنا فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا اَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَاَمَّا اَنَا فَتَمَعَّكْتُ فِي التراب فَلَمَّا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ:

"اِنَّمَا يَكْفِيكَ"، وَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيْهِمَا وَمَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ وكفيه.

1308- إسناده صحيح على شرك مسلم، وهو مكرر (1303).

1309- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1304) وورد تخريجه هناك 2. إسناده صحيح على شرك مسلم، وهو مكرر (1303). إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم (268). وأنظر استيفاء تخريجه برقم (1267).

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اللَّفْظُ لِمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ رَحِمَهُ اللّٰهُ.

❁❁ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے۔ مجھے پانی نہیں ملا تو انہوں نے فرمایا: تم نماز نہ پڑھو تو حضرت عمار نے کہا: اے امیر المومنین کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے، جب میں اور آپ ایک مہم میں شریک تھے۔ ہمیں جنابت لاحق ہوگئی اور ہمیں پانی نہیں ملا تو آپ نے نماز ادا نہیں کی اور میں نے مٹی میں لوٹ پوٹ ہو کر نماز پڑھ لی جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا دونوں ہاتھوں پر پھونک ماری۔ پھر ان دونوں کو چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیرلیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے الفاظ محمد بن اسحاق (یعنی امام ابن خزیمہ) کے نقل کردہ ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صناعة الحديث أنه مضاد للأخبار التى ذكرناه قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا ہے، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں پہلے ذکر کر چکے ہیں

1310 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ بْنِ اَخِي جُوَيْرِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ أبيه،عَنْ عَمَّارٍ قَالَ

(متن حدیث): تَيَمَّمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَنَاكِبِ.

1310- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى "صحيح ابن خزيمة" برقم (268). وأنظر استيفاء تخريجه برقم (1267).
إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه النسائى 1/168 فى الطهارة: باب الاختلاف فى كيفية التيمم، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 1/110 والبيهقى فى "السنن " 1/208، من طريق عبد الله بن محمد بن أسماء ، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعى 1/44 عن الثقة، عن معمر، وابن ماجه (566) فى الطهارة، الطحاوى 1/110 من طريق سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، كلاهما عن الزهرى، به .وأخرجه الطحاوى 1/110 من طريق سعيد بن داوُد، عن مالك، به.وأخرجه الطيالسى 1/63، ومن طريقه البيهقى فى "السنن" 1/208،عن ابن أبى ذئب، وعبد الرزاق (827) ومن طريقه احمد 4/320، عن معمر، وأحمد 4/321،وأبو داوُد 318، (319)، وابن ماجه (571) من طريق يونس بن يزيد، وابن ماجه (565) من طريق الليث بن سعد، والطحاوى 1/111 من طريق ابن أبى ذئب، أربعتهم عن الزهرى، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن عمار. قال الزيلعى فى "نصب الراية" 1/155 وهو منقطع. فإن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة لم يدرك عمار بن ياسر .وأخرجه أبو داوُد (320)، والطحاوى 1/111، والبيهقى 1/208 من طريق صالح بن كيسان، عن الزهرى، عن عبيد الله بن عبد الله، عن ابن عباس، عن عمار . وذكره الطيالسى 1/63 من طريق محمد بن إسحاق عن الزهرى، به.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: كَانَ هٰذَا حَيْثُ نَزَلَ آيَةُ التَّيَمُّمِ قَبْلَ تَعْلِيمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّارًا كَيْفِيَّةَ التَّيَمُّمِ ثُمَّ عَلَّمَهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ لَمَّا سَاَلَ عَمَّارٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کندھوں تک تیمّم کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ اس وقت کی بات ہے جب تیمّم کے حکم کے حوالے سے آیت نازل ہوگئی تھی لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھی حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو تیمّم کا طریقہ تعلیم نہیں دیا تھا۔ پھر اس کے بعد آپ نے انہیں تعلیم دیتے ہوئے بتایا چہرے اور دونوں ہاتھوں کیلئے ایک ہی مرتبہ ضرب لگائی جائی گی۔ اس وقت جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں سوال کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ وُضُوءُ الْمُعْدِمِ الْمَاءَ وَاِنْ اَتٰى عَلَيْهِ سِنُونَ كَثِيْرَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ پاک مٹی اس شخص کے لئے وضو کرنے کا ذریعہ ہے جسے پانی نہیں ملتا اگرچہ اس پر کئی برس ایسی ہی حالت میں گزر جائیں (اسے پانی نہ ملے)

1311 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اجْتَمَعَتْ غَنِيمَةٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: (متن حدیث): "يَا اَبَا ذَرٍّ ابْدُ فِيهَا" قَالَ فَبَدَوْتُ فِيهَا اِلَى الرَّبَذَةِ فَكَانَتْ تُصِيبُنِي الْجَنَابَةُ فَاَمْكُثُ

1311–حديث صحيح. وأخرجه أبو داوُد (332) في الطهارة: باب الجنب يتيمم، والحاكم 1/170، والبيهقي في "السنن" 1/220 من طريق عمرو بن عون ومسدد، عن خالد بن عبد الله الواسطي، بهٰذا الإسناد، قال الحاكم: "هٰذا حديث صحيح، ولم يخرجاه إذ لم نجد لعمرو بن بجدان راويًا غير أبي قلابة الجرمي، وهٰذا مما شرطت فيه، وثبت أنهما خرجا مثل هٰذا في مواضع من الكتابين" ووافقه الذهبي. وأخرجه عبد الرزاق (913)، ومن طريقه أحمد 5/155، وأخرجه أحمد 5/180، والترمذي (124) في الطهارة: باب ما جاء في التيمم للجنب إذا لم يجد الماء، من طريق أبي أحمد الزبيري. وأخرجه النسائي 1/171 من طريق مخلد بن يزيد، عن سفيان، عن أيوب السختياني، عن أبي قلابة، به. وأخرجه الدارقطني 1/186، والبيهقي 1/212 من طريق مخلد بن يزيد، عن سفيان، عن أيوب، وخالد الحذاء بهٰذا الإسناد. وأخرجه الدارقطني 1/187 من طريق العباس بن يزيد، عن يزيد بن زريع، عن خالد الحذاء، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/156–157، والدارقطني 1/187، وأحمد 5/146 من طريق ابن علية، والطيالسي (484)، وأبو داوُد (333)، من طريق حماد بن سلمة، وحماد بن زيد، ثلاثتهم عن أيوب، عن أبي قلابة، عن رجل من بني عامر، عن أبي ذر. وأخرجه عبد الرزاق (912) عن معمر، وأحمد 5/146–147 عن محمد بن جعفر، عن سعيد بن أبي عروبة، كلاهما عن أيوب، عن أبي قلابة، عن رجل من بني قشير، عن أبي ذر ...

الْخَمْسَ وَالسِّتَّ فَدَخَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "اَبُوْ ذَرٍّ" فَسَكَتُّ ثُمَّ قَالَ: "اَبُوْ ذَرٍّ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ" فَاَخْبَرْتُهُ فَدَعَا بِجَارِيَةٍ سَوْدَاءَ فَجَاءَ تْ بِعُسٍّ مِنْ مَاءٍ فَسَتَرَتْنِيْ وَاسْتَتَرْتُ بِالرَّاحِلَةِ فَاغْتَسَلْتُ فَكَاَنَّهَا اَلْقَتْ عَنِّيْ جَبَلًا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ سِنِيْنَ فَاِذَا وَجَدْتَ الماء ، فأمسسه جلدك فإن ذلك خير".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ بکریاں اکٹھی ہوگئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! تم ان کے ہمراہ دیہات میں رہو۔ حضرت ابوذر کہتے ہیں میں انہیں لے کر ربذہ کے مقام پر آ گیا۔ مجھے جنابت لاحق ہوگئی۔ میں پانچ یا چھ دن تک اسی حالت میں رہا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: ابوذر میں خاموش رہا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہاری ماں تمہیں روئے پھر میں نے آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سیاہ فام کنیز کو بلوایا وہ پانی کا ایک برتن لے کر آئی اور اس نے میرے لئے پردہ تان دیا۔ میں سواری کی اوٹ میں ہوگیا۔ میں نے غسل کیا' تو مجھے یوں محسوس ہوا کہ میں نے اپنے اوپر سے پہاڑ اتار دیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ اگرچہ دس سال تک اسے (پانی نہ ملے) جب پانی ملے' تو پھر تم اسے اپنی جلد کے ساتھ مس کرلو (یعنی غسل کرلو) یہ زیادہ بہتر ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَاجِدَ الْمَاءِ اِذَا كَانَ جُنُبًا بَعْدَ تَيَمُّمِهِ عَلَيْهِ اِمْسَاسُ الْمَاءِ بَشَرَتَهُ حِيْنَئِذٍ

اس بات کا تذکرہ کہ جنبی شخص اگر تیمّم کرنے کے بعد پانی کو پالیتا ہے' تو اس پر یہ بات لازم ہوگی کہ وہ اپنی جلد پر پانی بہائے (یعنی غسل کرے)

1312 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ غُلَامُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ قَالَ

(متن حدیث): اجْتَمَعَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمٌ مِنْ غَنَمِ الصَّدَقَةِ فَقَالَ: "ابْدُ يَا اَبَا ذَرٍّ." قَالَ فَبَدَوْتُ فِيْهَا اِلَى الرَّبَذَةِ قَالَ فَكَانَ يَاْتِيْ على الخمس والست وَاَنَا جُنُبٌ فَوَجَدْتُ فِيْ نَفْسِيْ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ اِلَى الْحُجْرَةِ فَلَمَّا رَآنِيْ قَالَ: "ما لَكَ يا أبا ذر"؟ قال فجلست قال: "مالك يَا اَبَا ذَرٍّ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ؟" قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جُنُبٌ قَالَ فَاَمَرَ جَارِيَةً سَوْدَاءَ فَجَاءَ تْ

1312– صحيح، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه البيهقي في "السنن" 1/ 212 من طريق إبراهيم بن موسى، والدارقطني 1/ 187 من طريق العباس بن يزيد، كلاهما عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد.

بِعُسٍّ فِيهِ مَاءٌ فَاسْتَتَرْتُ بِالْبَعِيرِ وَبِالثَّوْبِ فَاغْتَسَلْتُ فَكَأَنَّمَا وَضَعَ عَنِّي جَبَلًا فَقَالَ: "ادْنُ فَإِنَّ الصَّعِيدَ الطَّيِّبَ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ عَشْرَ حِجَجٍ فَإِذَا وَجَدَ الْمَاءَ فَلْيُمِسَّ بَشَرَتَهُ الْمَاءَ".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صدقے کی بکریوں میں سے کچھ بکریاں اکٹھی ہوگئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر تم بدویت کی زندگی بسر کرو۔ راوی کہتے ہیں میں انہیں لے کر ربذہ کے مقام پر آ گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں پانچ یا چھ دن تک جنابت کی حالت میں رہا۔ مجھے بہت الجھن محسوس ہوتی تھی۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ حجرے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ جب آپ نے مجھے ملاحظہ کیا' تو دریافت کیا: اے ابوذر تجھے کیا ہوا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں بیٹھ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوذر کیا ہوا ہے۔ تیری ماں تجھے روئے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سیاہ کنیز کو حکم دیا وہ پانی کا برتن لے کر آئی۔ میں نے اونٹ کی اوٹ میں کپڑے کا پردہ کیا اور غسل کر لیا' تو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں نے اپنے اوپر سے پہاڑ اتار دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے آ جاؤ پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگرچہ دس سال گزر جائیں پھر جب وہ پانی پا لے تو اسے اپنے جلد پر پانی لگا لینا چاہئے۔ (یعنی غسل کر لینا چاہئے)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ خَالِدُ الْحَذَّاءُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں خالد الحذاء نامی راوی منفرد ہے

1313 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكِينِ بِوَاسِطَ وَكَانَ يَحْفَظُ الْحَدِيثَ وَيُذَاكِرُ بِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسْتَامِ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ وَخَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "الصَّعِيدُ الطَّيِّبُ وَضُوءُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لَم يجد الماء عشر سنين".

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پاک مٹی مسلمان کے لئے طہارت کے حصول کا ذریعہ ہے' اگرچہ اسے دس سال تک پانی نہ ملے''۔

1313– صحيح، وأخرجه الدارقطني 1/ 186، عن أحمد بن عيسى بن السكين، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي من طريق عمرو بن هشام وأحمد بن بكار، عن مخلد بن يزيد، به. وانظر الحديث (1311) و (1312).

ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّيَمُّمِ لِلْعَلِيْلِ الْوَاجِدِ الْمَاءَ اِذَا خَافَ التَّلَفَ عَلٰى نَفْسِهِ بِاسْتِعْمَالِهِ الْمَاءَ

ایسے بیمار شخص کے لئے تیمّم کے مباح ہونے کا تذکرہ جو پانی کو پاتا ہے لیکن پانی استعمال کرنے کے نتیجے میں اسے اپنی جان ضائع ہونے کا اندیشہ ہو

1314 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ اَخْبَرَنِي الْوَلِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ اَنَّ عَطَاءً عَمَّهُ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فِيْ شِتَاءٍ فَسَاَلَ فَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَمَاتَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: "مَا لَهُمْ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ ثَلَاثًا - قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ الصَّعِيْدَ - اَوِ التَّيَمُّمَ - طَهُوْرًا".

قَالَ شك ابن عباس ثم أثبته بعد

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک آدمی سردی کے موسم میں جنابت کا شکار ہوگیا۔ اس نے مسئلہ دریافت کیا' تو اسے غسل کرنے کی ہدایت کی گئی (غسل کرنے کی وجہ سے اس کا انتقال ہوگیا) اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: لوگوں نے اس کو کیوں مروادیا' اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو برباد کرے یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی (اور پھر فرمایا) اللہ تعالیٰ نے مٹی کو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تیمّم کو طہارت کے حصول کا ذریعہ بنایا ہے۔

1314- صحيح، وأخرجه الدارقطني 1/ 186، عن أحمد بن عيسى بن السكين، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي من طريق عمرو بن هشام وأحمد بن بكار، عن مخلد بن يزيد، به. وانظر الحديث (1311) و (1312). الوليد بن عبيد الله: هو ابن أبي رباح بن أخي عطاء بن أبي رباح، ترجمه ابن أبي حاتم 9/ 9، ونقل توثيقه عن يحيى بن معين، وصحح حديثه هذا مع المؤلف شيخه ابن خزيمة (273)، وتلميذه الحاكم 1/ 165، ووافقه الذهبي. وقال الذهبي في "الميزان" 4/ 341: "وضعفه الدارقطني"، وباقي رجاله ثقات، رجال الصحيح، وله طرق أخرى يتقوى بها. وأخرجه ابن الجارود في "المنتقى" (128)، والبيهقي في "السنن" 1/ 226، من طريق عمر بن حفص، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/ 330، وأبو داود (337)، والدارمي 1/ 192، والدارقطني 1/ 191 و 192، والبيهقي 1/ 227 من طرق عن الأوزاعي، أنه بلغه عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه عبد الرزاق (867)، ومن طريقه الدارقطني 1/ 191، عن الأوزاعي، عن رجل، عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه ابن ماجة (572) من طريق عبد الحميد بن حبيب بن أبي العشرين، (وهو صدوق ربما أخطأ)، والدارقطني 1/ 191 من طريق أيوب بن سويد، كلاهما عن الأوزاعي عن عطاء بن أبي رباح، به. وأخرجه الدارقطني 1/ 190، والحاكم 1/ 178 من طريقين، عن الهقل بن زياد (وهو ثقة، وثقه ابن معين وغيره) قال: سمعت الأوزاعي قال: قال عطاء: قال ابن عباس. وأخرجه الحاكم أيضًا 1/ 178 من طريق بشر بن بكر، حدثني الأوزاعي، حدثنا عطاء بن أبي رباح أنه سمع عبد الله بن عباس ... ففي هذه الرواية التصريح بأن عطاء حدث الأوزاعي. وبشر بن بكر التنيسي: ثقة مأمون، وثقه أبو زرعة، وأخرج له البخاري، وهو من أصحاب الأوزاعي. وأخرجه الطبراني في الكبير (11472) من طريق عبد الرزاق، عن الاوزاعي سمعته منه أو أخبرته عن عطاء بن أبي رباح عن ابن عباس.

روایت کے الفاظ میں یہ شک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو ہے۔اس کے بعد انہوں نے اسے شک کے بغیر ذکر کیا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْجُنُبِ إِذَا خَافَ التَّلَفَ عَلٰى نَفْسِهِ مِنَ الْبَرْدِ الشَّدِيدِ عِنْدَ الْإِغْتِسَالِ اَنْ يُصَلِّيَ بِالْوُضُوءِ اَوِ التَّيَمُّمِ دُونَ الْإِغْتِسَالِ

جنبی شخص کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب غسل کرنے کے نتیجے میں' شدید سردی کی صورت میں اپنی جان ضائع ہونے کا اندیشہ ہو' تو وہ وضو یا تیمّم کر کے نماز ادا کر لے اور غسل نہ کرے

1315- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيبٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِیْ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِیْ قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

(متن حدیث): اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ كَانَ عَلٰى سَرِيَّةٍ ، وأنه أصابهم برد شديد لم يرو مِثْلَهُ فَخَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَلَمْتُ الْبَارِحَةَ فَغَسَلَ مَغَابَتَهُ وَتَوَضَّاَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ صَلّٰى بِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ فَقَالَ:

(متن حدیث): "كيف وجدتم عمرا وأصحابه"؟ فَاَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا وَّقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلّٰى بِنَا وَهُوَ جُنُبٌ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو فَسَاَلَهُ فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ وَبِالَّذِیْ لَقِیَ مِنَ الْبَرْدِ وَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: (وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ) (النساء : 29) وَلَوِ اغْتَسَلْتُ مُتُّ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عمرو .

1315: ابوقیس جو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں بیان کرتے ہیں: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بھی ایک مہم پر تھے۔لوگوں کو اتنی شدید سردی کا سامنا کرنا پڑا کہ اس طرح کی سردی انہوں نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔حضرت عمرو بن العاص صبح کی نماز کے لئے تشریف لائے اور فرمایا گزشتہ رات مجھے احتلام ہو گیا تھا' تو انہوں نے اپنی شرم گاہ کو دھویا اور نماز کے وضو کی طرح وضو کر کے لوگوں کو نماز پڑھا دی۔جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے دریافت کیا تم نے عمرو اور اس کے ساتھیوں کو کیسا پایا تو لوگوں نے ان کی تعریف کی اور یہ بات کہی۔یارسول

1315– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داوٗد (335) ، والدارقطني /1 179، والحاكم /1 177، والبيهقي /1 226 من طريقين عن ابن وهب بهٰذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. أبو قيس مولى عمرو بن العاص: اسمه عبد الرحمٰن بن ثابت. وقال أبو داوٗد باثر هٰذا الحديث: وروى هذه القصة عن الأوزاعي، عن حسان بن عطية، قال فيه: فتيمم.وأخرجه أحمد /4 203– 204 من طريق ابن لهيعة واخرجه أبو داوٗد"334" والدارقطني 1/178من طريق يحيى .

اللہ انہوں نے جنابت کی حالت میں ہمیں نماز پڑھادی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو کو بلوایا اوران سے دریافت کیا‘ تو حضرت عمرو نے آپ کو بتایا اور جس سردی کا سامنا کرنا پڑا اس کے بارے میں بتایا: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ”تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو“ اگر میں غسل کر لیتا تو میں مرجاتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمرو کی اس بات پر ہنس پڑے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَيَمَّمَ لِرَدِّ السَّلَامِ وَاِنْ كَانَ فِي الْحَضَرِ

اس بات کا تذکرہ کہ یہ بات مستحب ہے‘ وہ تیمّم کرنے کے بعد سلام کا جواب دے اگرچہ وہ حضرت کی حالت میں ہو

1316 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ الهاد أن نافعا حدثه عَنِ ابْنِ عُمَرَ

اس بات کا تذکرہ، آدمی نماز کے دوران قرأت شروع کرنے سے پہلے کن چیزوں سے پناہ مانگے؟

1779 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَاصِمِ الْعَنَزِیِّ عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ:

(متن حدیث): "اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ: مِنْ همزه ونفخه (ونفثه) ". (5: 12)

قَالَ: عَمْرٌو هَمْزُهُ الْمُوتَةُ وَنَفْخُهُ: الْكِبْرُ وَنَفْثُهُ: الشعر

جبیر بن مطعم کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نماز کا آغاز کرتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! میں شیطان سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اس کے ٹھوکا دینے' پھونک مارنے اور پھونکنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

1778- إسناده صحيح على شرطهما. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب. وقد تقدم تخريجه برقم "1775" و "1776".

1779- وأخرجه ابن ماجه "807" في الإقامة: باب الاستعاذة في الصلاة، وابن خزيمة في "صحيحه" "468"، كلاهما عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي "948"، وأحمد 4/85، وأبو داؤد "764" في الصلاة: باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء، وابن الجارود في "المنتقى" "180"، والطبراني "1568"، والبيهقي في "السنن" 2/35، من طرق عن شعبة، به. وصححه ابن خزيمة "468"، والحاكم 1/235، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 4/80 و 81، والطبراني "1569" من طريق مسعر .وأخرجه البيهقي 2/35 من طريق مسعر وشعبة.وأخرجه أحمد، وابنه في "زوائده" 4/83، وابن خزيمة "469" من طريق حصين بن عبد الرحمٰن.

عمرو نامی راوی کہتے ہیں اس کے ٹھوکا دینے سے مراد مرگی ہے اور پھونک مارنے سے مراد تکبر ہے اور اس کے پھونکنے سے مراد شعر کہنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1780 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عاصم العنزى، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إذا دخل الصلاة قال: "الله أكبر كبيرا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا - ثَلَاثًا - سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَاَصِيْلًا - ثَلَاثًا - اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ: مِنْ نَفْخِهِ وَهَمْزِهِ وَنَفْثِهِ"

قَالَ عَمْرٌو: نَفْخُهُ الكبر، وهمزه الموتة، ونفثه: الشعر. (5: 12)

❁❁ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے۔ یہ کہتے تھے

''اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ وہ بڑائی والا ہے اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے جو زیادہ ہو''۔ یہ کلمات آپ تین مرتبہ کہتے تھے۔ پھر تین مرتبہ یہ کہتے تھے ''میں صبح اور شام اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں''۔ پھر آپ یہ کہتے تھے میں مردود شیطان سے اس کے پھونک مارنے سے اس کے پھونکنے سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

عمرو نامی راوی کہتے ہیں: نفخ سے مراد تکبر ہے۔ ہمز سے مراد مرگی ہے اور نفث سے مراد شعر کہنا ہے۔

ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمُفَسِّرَةِ لِقَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا: (فَاقْرَئُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ)

ان روایات کا تذکرہ، جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''اس میں سے جو میسر ہو اس کی تلاوت کرو'' کی تفسیر بیان کرتی ہیں

1781 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ بِالْبَصْرَةِ اَبُوْيَزِيْدَ الْعَدْلُ قَالَ: حَدَّثَنَا

1780- هو مكرر ما قبله.

1781- إسناده صحيح. عبد الواحد بن غياث: ذكره المؤلف في "الثقات"، ووثقه الخطيب، وقال أبو زرعة: صدوق، وباقي رجاله على شرط الشيخين. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/208 من طريق سهل بن بكار، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 2/163 في الافتتاح: باب قراء ة النهار، من طريق جرير بن عبد الحميد، عن رقبة بن مصقلة، به . وأخرجه مسلم "396" "44" في الصلاة: باب وجوب قراء ة الفاتحة في كل ركعة، والطحاوي في "شرح معامي الآثار" 1/208، وأبو عوانة

عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَسْقَلَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ الصَّلَاةِ يُقْرَأُ فِيهَا فَمَا اَسْمَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَعْنَاكُمْ وَمَا أخفى منا أخفينا منكم. (1: 21)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہر نماز میں قرأت کی جاتی ہے تو جس نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قرأت سنادیا کرتے تھے (یعنی بلند آواز میں قرأت کیا کرتے تھے) تو ہم اس میں تمہیں قرأت سنادیتے ہیں اور جس نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے مخفی رکھتے تھے (یعنی پست آواز میں قرأت کرتے تھے) ہم ان میں تم سے مخفی رکھتے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ جَلَّ وَعَلَا (فَاقْرَئُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ) اَرَادَ بِهٖ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا وَلّٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيَانَ مَا اَنْزَلَ فِىْ كِتَابِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''اس میں سے جو میسر ہو اس کی تلاوت کرو''

اس سے مراد سورہ فاتحہ (کی تلاوت کرنا) ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس بات کا نگران مقرر کیا ہے، کہ وہ اس چیز کی وضاحت کریں، جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے

1782 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ: حدثنا بن عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيعِ،

(بقيه تخريج 1781)2/125، والبيهقى فى "السنن" 2/40، من طريق حبيب المعلم، عن عطاء، به. وأخرجه أحمد 2/258 و 301 و 41، ومسلم "396" "42"، وأبو عوانة 2/125، من طريق حبيب بن الشهيد، عن عطاء، به. وسيورده المؤلف برقم "1853" من طريق ابن جريج، عن عطاء، به. ويرد تخريجه من طريقه هناك.

1782– إسناده صحيح على شرطهما. وهى فى "مصنف" ابن أبى شيبة 1/360 ومن طريقه أخرجه مسلم أخرجه مسلم "394" فى الصلاة: باب وجوب قراء ة الفاتحة فى كل ركعة. وأخرجه الشافعى فى "مسنده" 1/75، والحميدى "386"، وأحمد 5/314، والبخارى "756" فى الأذان: باب وجوب القراء ة للإمام والمأموم فى الصلوات كلها، وأبو داوٗد "822" فى الصلاة: باب من ترك القراء ة فى صلاته بفاتحة الكتاب، والنسائى 2/137 فى الافتتاح: باب إيجاب قراء ة فاتحة الكتاب فى الصلاة، وابن ماجه "837" فى الإقامة: باب القراء ة خلف الإمام، والدارقطنى 1/321، وابن الجارود "185"، وأبو عوانة 2/124، والبيهقى فى "السنن" 2/38 و 164، والبغوى فى "شرح السنة" "576"، من طرق عن سفيان بن عيينة، به. وصححه ابن خزيمة "488". وأخرجه مسلم "394" "35"، والدارمى 1/283، وأبو عوانة 2/125، والبيهقى فى "السنن" 2/164 من طريق يونس بن يزيد، عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 5/321، ومسلم "394" "35"، وأبو عوانة 2/124، والبيهقى فى "السنن" 2/374، 375 من طريق صالح بن كيسان، عن الزهرى، به. وأخرجه الطبرانى فى "الصغير" 1/78 من طريق موسى بن عقبة، عن الزهرى، به. وسيورده المؤلف برقم "1786" و "1793" من طريق معمر، عن الزهرى، به، وبرقم "1785" و "1792" و "1848" من طريق ابن إسحاق، عن مكحول، عن محمود بن الربيع، به. ويخرج كل طريق فى موضعه.

(متن حدیث): عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "لا صَلاةَ لمن لا يقرأ بفاتحة الكتاب". (1:21)

❀❀ حضرت محمود بن ربیع حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔ انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے بارے میں پتہ چلا ہے۔

''اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو (نماز میں) سورۃ فاتحہ نہیں پڑھتا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْفَرْضَ عَلَى الْمَاْمُوْمِ وَالْمُنفَرِدِ قِرَاءَةُ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ صَلَاتِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، مقتدی اور تنہا نماز ادا کرنے والے پر بھی نماز کے دوران سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے

1783 اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَلَا يَبْصُقْ اَمَامَهُ لِاَنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ مَا دَامَ فِيْ صَلَاتِهٖ وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ فَاِنَّ عَنْ يَّمِيْنِهٖ مَلَكًا وَّلٰكِنْ لِيَبْصُقْ عَنْ شِمَالِهٖ اَوْ تَحْتَ رِجْلِهٖ فَيَدْفِنُهُ. (1: 21)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ بِاَنَّ عَلَى الْمَاْمُوْمِ قِرَاءَةَ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ صَلَاتِهٖ إذ المصطفى، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَ اَنَّ الْمُصَلِّيَ يُنَاجِي رَبَّهُ وَالْمُنَاجَاةُ لَا تَكُوْنُ اِلَّا بِنُطْقِ الخطاب دون التسبيح والتكبير والسكوت

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص نماز کیلئے کھڑا ہو تو اپنے سامنے کی طرف نہ تھوکے کیونکہ وہ جب تک نماز پڑھ رہا ہوتا ہے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کررہا ہوتا ہے۔ وہ اپنے دائیں طرف بھی نہ تھوکے کیونکہ اس کی دائیں طرف ایک فرشتہ ہوتا ہے وہ اپنے بائیں طرف یا پاؤں کے نیچے تھوکے اور اسے دفن کردینا چاہئے''۔

1783– حديث صحيح، ابن أبي السري– وإن كان كثير الأوهام– قد توبع عليه . وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وهي في "مصنف عبد الرزاق" برقم "1686"، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/318، والبخاري "416" في الصلاة: باب دفن النخامة في المسجد، والبيهقي في "السنن" 2/293، والبغوي في "شرح السنة" ."490" وأخرجه أحمد 2/415، ومسلم "550" في المساجد: باب النهي عن البصاق في المسجد، وأبو عوانة 1/403، والبيهقي في "السنن" 2/291 و 292، من طريق القاسم بن مهران، عن أبي رافع، عن أبي هريرة . وأخرجه عبد الرزاق "1681" عَنْ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وسيورده المؤلف في بَابُ مَا يُكْرَهُ لِلْمُصَلِّي وَمَا لَا يُكْرَهُ، وفي الباب عن أنس وجابر سيرد في الباب المذكور.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات کا واضح بیان ہے کہ مقتدی پر بھی نماز کے دوران سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی اطلاع دی ہے کہ نمازی اپنے پروردگار سے مناجات کر رہا ہوتا ہے، اور مناجات اس وقت ہوسکتی ہیں جب لفظی طور پر کسی کو مخاطب کیا جائے، تسبیح یا تکبیر پڑھنے یا خاموش رہنے پر (مناجات کا اطلاق نہیں ہوتا)

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُنَاجَاةِ الَّتِىْ يَكُوْنُ الْمَرْءُ فِىْ صَلَاتِهِ بِهَا مُنَاجِيًا لِرَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ

مناجات کی صفت کا تذکرہ، جس کے ذریعے آدمی اپنی نماز کے دوران اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کرتا ہے

1784 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا السَّائِبِ مَوْلٰى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "مَنْ صَلّٰى صَلَاةً لَمْ يَقْرَاْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْآنِ فَهِىَ خِدَاجٌ فَهِىَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ." فَقُلْتُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اِنِّىْ اَحْيَانًا اَكُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ قَالَ: فَغَمَزَ ذِرَاعِىْ وَقَالَ: اقْرَاْ بِهَا يَا فَارِسِىُّ فِىْ نَفْسِكَ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: قسمت الصلاة بينى وبين عبدى نصفين فنصهما لِىْ وَنِصْفُهَا لِعَبْدِىْ وَلِعَبْدِىْ مَا سَاَلَ " قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اقرؤوا يقول العبد: (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) يَقُوْلُ اللّٰهُ: حَمِدَنِىْ عَبْدِىْ يَقُوْلُ الْعَبْدُ: (الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) يَقُوْلُ اللّٰهُ: اَثْنٰى عَلَىَّ عَبْدِىْ يَقُوْلُ الْعَبْدُ: (مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ) يَقُوْلُ اللّٰهُ: مَجَّدَنِىْ عَبْدِىْ وَهٰذِهِ الْاٰيَةُ بَيْنِىْ وَبَيْنَ عَبْدِىْ يَقُوْلُ الْعَبْدُ:

1784- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البغوى "578" من طريق أحمد بن أبى بكر، بهٰذا الإسناد، وهو فى "الموطأ" 1/84-85 فى الصلاة: باب القراءة خلف الإمام فيما لا يجهر فيه القراءة، ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق "2768"، وأحمد 2/460، ومسلم "395" "39" فى الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فى كل ركعة، وأبو داوٗد "821" فى الصلاة: باب من ترك القراءة فى صلاته بفاتحة الكتاب، والنسائى 2/135-136 فى الافتتاح: باب ترك قراءة "بسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم" فى فاتحة الكتاب، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 1/215، وفى "مشكل الآثار" 2/23، وأبو عوانة 2/126 و 127، والبيهقى فى "السنن" 2/39 و 166، 167 وصححه ابن خزيمة. "502"وأخرجه الطيالسى "2561" عن ورقاء، وأحمد 2/250 و 285 و 487، وعبد الرزاق "2767"، ومسلم "395" "40"، وابن ماجه "838" فى إقامة الصلاة: باب القراءة خلف الإمام، وأبو عوانة 2/127، من طريق ابن جريج، والبيهقى فى "السنن" 2/166 من طريق الوليد بن كثير، ثلاثتهم عن العلاء بن عبد الرحمٰن، به. وأخرجه مسلم "395" "41"، وأبو عوانة 2/127، والترمذى "2953" فى تفسير سورة الفاتحة، والبيهقى فى "السنن" 2/39 و 375 من طريق أبى أويس، عن العلاء، عن أبيه وابى السائب، عن أبى هريرة، مختصرا. وسيورده المؤلف "1788" من طريق سعد بن سعيد، "1789" و "1794" من طريق شعبة، و "1795" من طريق الدراوردى.

(اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) فَهٰذِهِ الْاٰيَةُ بَيْنِي وَبَيْنَ عَبْدِي وَلِعَبْدِي مَا سَاَلَ يَقُوْلُ الْعَبْدُ: (اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ) (صِرَاطَ الَّذِينَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ) فهؤلاء لعبدى ولعبدى ما سأل . (1: 21)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص نماز ادا کرتا ہے اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہیں کرتا وہ نماز نامکمل ہوتی ہے وہ نامکمل ہوتی ہے وہ پوری نہیں ہوتی''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے کہا: اے ابو ہریرہ! میں بعض اوقات امام کے پیچھے ہوتا ہوں تو انہوں نے میری کلائی پر چھوتے ہوئے فرمایا: اے فارسی! تم اسے اپنے دل میں پڑھ لو کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: میں نے نماز میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت اپنے اور اپنے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر لیا ہے۔ اس کا نصف حصہ میرے لیے اور اس کا نصف حصہ میرے بندے کیلئے۔ میرا بندہ جو مانگتا ہے وہ اسے ملے گا''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تم لوگ تلاوت شروع کرو۔ بندہ کہتا ہے'تمام جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے۔ اللہ تعالیٰ کہتا ہے میرے بندے نے میری حمد بیان کی ہے'بندہ کہتا ہے وہ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے'تو اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے میری ثناء بیان کی ہے۔ بندہ کہتا ہے وہ روز جزاء کا مالک ہے۔ اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی ہے۔ یہ آیت میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے۔ بندہ کہتا ہے بیشک ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں'تو یہ آیت میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے۔ اس نے جو مانگا ہے وہ اسے ملے گا۔ بندہ کہتا ہے:

''تو ہمیں صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھ'ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا۔ نہ کہ ان لوگوں کے راستے پر جن پر غضب کیا گیا اور جو گمراہ ہوئے''۔

تو یہ چیزیں میرے بندے کو ملے گی اور میرے بندے نے جو مانگا ہے وہ اسے ملے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْفَرْضَ عَلَى الْمَأْمُوْمِيْنَ قِرَاءَةُ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ كَهُوَ عَلَى الْمُنْفَرِدِ سَوَاءً

اس روایت کا تذکرہ'جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، مقتدیوں پر سورہ فاتحہ پڑھنا اسی طرح فرض ہے، جس طرح تنہا نماز ادا کرنے والے پر فرض ہے

1785 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا مؤمل بن هشام اليشكرى حدثنا إسماعيل بن عُلَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ - وَكَانَ يَسْكُنُ اِيلِيَاءَ - عَنْ

عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: "إني لأراكم تقرؤون وَرَاءَ إِمَامِكُمْ." قَالَ: قُلْنَا: اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذا قال: "فلا تفعلوا إلا بأم الْكِتَابِ فَإِنَّهُ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بها". (1: 21)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی۔ آپ کیلئے قرأت کرنا مشکل ہوا جب آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے فرمایا: میرا خیال ہے تم اپنے امام کے پیچھے بھی قرأت کرتے ہو۔

راوی کہتے ہیں ہم نے کہا جی ہاں یارسول اللہ! ایسا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ ایسا نہ کرو تم سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو اس کی تلاوت نہیں کرتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَلَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْكِتَابِ" لَمْ يُرِدْ بِهِ الزَّجْرَ عَنْ قِرَاءَةِ مَا وَرَاءَ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

''تم ایسا نہ کرو البتہ سورہ فاتحہ (کا حکم مختلف ہے)'' اس سے آپ کی مراد یہ نہیں ہے کہ سورہ فاتحہ کے علاوہ کی قرأت سے منع کر دیں

1786 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ قال: حدثنا بْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِاُمِّ الْقُرْآنِ فصاعدا". (1: 21)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَبَرِ مَكْحُولٍ: "فَلَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْكِتَابِ"، لَفْظَةُ زَجْرٍ مُرَادُهُ بِهَا ابْتِدَاءُ اَمْرٍ مُسْتَاْنَفٍ

1785 – إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث .وأخرجه الدارقطني 1/318، والحاكم في "المستدرك" 1/238، والبيهقي في "القراء ة خلف الإمام" ص 37 من طريقين عن المؤمل بن هشام، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد "823" في الصلاة: باب من ترك القراء ة في صلاته بفاتحة الكتاب، ومن طريقه البيهقي في "القراء ة خلف الإمام" ص 37 من طريق محمد بن سلمة، والترمذي "311" في الصلاة: باب ما جاء في القراء ة خلف الإمام، والبغوي في "شرح السنة" "606"، والبيهقي في "القراء ة خلف الإمام" ص 37 من طريق عبدة بن سليمان، كلاهما عن محمد بن إسحاق، به. وحسنه الترمذي والدارقطني.وتابع محمد بن إسحاق زيد بن واقد عند أبي داوُد "824"، والدارقطني 1/319 و 320، والبيهقي في "القراء ة خلف الإمام" ص 36 و 37، وفي "السنن" 2/164. وسيورده المؤلف برقم "1792" من طريق يزيد بن هارون، و "1848" من طريق عبد الأعلى، كلاهما عن ابن إسحاق، به.

وَقَوْلُهُ: "فَصَاعِدًا" تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ دون أصحابه.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ

''اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۃ فاتحہ اور مزید (کسی سورۃ) کی تلاوت نہیں کرتا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مکحول کے حوالے سے منقول روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم ایسا نہ کرو، البتہ سورہ فاتحہ (کا حکم مختلف ہے)'' یہ الفاظ ممانعت کے ہیں، لیکن مراد ابتداء میں نئے سرے سے حکم دینا ہے۔

روایت کے لفظ ''فصاعدا'' کو زہری کے حوالے سے روایت کرنے میں معمر منفرد ہے، زہری کے دیگر شاگردوں نے یہ لفظ نقل نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فَرْضَ الْمَرْءِ فِيْ صَلَاتِهِ قِرَاءَةُ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ مِنْ صَلَاتِهِ لَا اَنَّ قِرَاءَتَهُ اِيَّاهَا فِيْ رَكْعَةٍ وَاحِدَةٍ تُجْزِئُهُ عَنْ بَاقِي صَلَاتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نماز کے دوران آدمی پر یہ بات فرض ہے کہ وہ اپنی نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھے، ایسا نہیں ہے کہ اسے صرف ایک رکعت میں پڑھ لینا، باقی نماز کے لیے کافی ہوگا

1787 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانِ الْقَطَّانُ بِوَاسِطٍ قَالَ: حدثنا أبي وبندار قالا: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ وَاَخْبَرَنَا

1786- حديث صحيح، ابن أبي السري: تقدم غير مرة أنه يهم كثيرا، لكنه متابع عليه . وباقي رجاله رجال الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق " "2623" ومن طريقه أخرجه أحمد 5/322، ومسلم "394" "37" في المساجد: باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة، وأبو عوانة 2/124، والبيهقي في "السنن" 2/374، والبغوي في "شرح السنة" ."577" وأخرجه النسائي 2/138 في الافتتاح: باب إيجاب قراءة فاتحة الكتاب في الصلاة، من طريق عبد الله بن المبارك، عن الزهري، به. وتقدم تخريجه عنده.

1787- إسناده قوي . ابن عجلان- وهو محمد: وثقه أحمد، وابن معين وغيرهما، وأخرج له مسلم غير ما حديث في المتابعات، وقد تابعه عليه محمد بن عمرو في الطريق الثاني عند المصنف، وباقي رجاله رجال الصحيح .وأخرجه عبد الرزاق "3739"، وأحمد 4/340، وأبو دواد "857" و "858" و "859" و "860" و "861" في الصلاة: باب صلاة من لا يقيم صلبه من الركوع والسجود، والترمذي "302" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، والنسائي 2/193 في الافتتاح: باب الرخصة في ترك الذكر في السجود، وابن الجارود "194"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 1/232، وفي "مشكل الآثار " 4/386، والطبراني "4520" و "4521" و "4522" و "4523" و "4524" و "4525" و "4526" و "4527" و "4528" و "4529"، والبيهقي في "السنن" 2/133، 134 و 372 و 373 و 374 و "380" من طريق عن علي بن يحيى بن الخلاد، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة "545"، والحاكم 1/241، 242 على شرط الصحيحين، ووافقه الذهبي .وفي الباب عن أبي هريرة سيورده المؤلف برقم ."1890"

جَعْفَرٌ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَلِیِّ بْنِ یَحْیَی بْنِ خَلَّادٍ الزُّرَقِیِّ اَحْسَبُهٗ عَنْ اَبِیهِ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِیِّ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ فَصَلّٰی قَرِیبًا مِّنْهُ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَیْهِ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَعِدْ صَلَاتَکَ فَاِنَّکَ لَمْ تُصَلِّ"، قَالَ: فَرَجَعَ فَصَلّٰی نَحْوًا مِمَّا صَلّٰی ثُمَّ انْصَرَفَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: "اَعِدْ صَلَاتَکَ فَاِنَّکَ لَمْ تُصَلِّ." فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَیْفَ اَصْنَعُ؟ فَقَالَ: "اِذَا اسْتَقْبَلْتَ الْقِبْلَةَ فَکَبِّرْ ثُمَّ اقْرَاْ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ ثُمَّ اقْرَاْ بِمَا شِئْتَ فَاِذَا رَکَعْتَ فَاجْعَلْ رَاحَتَیْکَ عَلٰی رُکْبَتَیْکَ وَامْدُدْ ظَهْرَکَ فَاِذَا رَفَعْتَ رَاْسَکَ فَاَقِمْ صُلْبَکَ حَتّٰی تَرْجِعَ الْعِظَامُ اِلٰی مفاصلها.

فَاِذَا سَجَدْتَ فَمَکِّنْ سُجُوْدَکَ فَاِذَا رَفَعْتَ رَاْسَکَ فَاجْلِسْ عَلٰی فَخِذِکَ الْیُسْرٰی ثُمَّ اصْنَعْ ذٰلِکَ فِیْ کُلِّ رَکْعَةٍ". قَالَ جَعْفَرٌ: لَفْظُ الْخَبَرِ لمحمد بن عمرو (1: 21)

❀❀ حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں وہ بیان کرتے ہیں ایک شخص آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں تھے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب نماز ادا کی۔ پھر وہ (نماز پڑھنے کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا: تم اپنی نماز کو دوبارہ ادا کرو کیونکہ تم نے نماز ادا نہیں کی۔ راوی کہتے ہیں وہ شخص دوبارہ گیا اس نے پہلے کی طرح نماز ادا کی۔ پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی نماز کو دہراؤ کیونکہ تم نے اپنی نماز ادا نہیں کی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم قبلہ کی طرف رخ کرو تو تکبیر کہو پھر تم سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرو پھر تم جو چاہو اس کی قرأت کرو۔ پھر جب تم رکوع میں جاؤ تو اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے گھٹنوں پر رکھو اور اپنی پشت کو سیدھا رکھو جب تم اپنا سر اٹھاؤ تو اپنی پشت کو قائم کرو۔ یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جوڑ پر آ جائے۔ جب تم سجدے میں جاؤ تو جما کر سجدہ کرو اور جب تم اپنے سر کو اٹھاؤ تو اپنے بائیں زانو کے بل بیٹھ جاؤ۔ پھر تم ہر رکعت میں ایسے کرو'۔

ذِکْرُ اِیقَاعِ النَّقْصِ عَلَی الصَّلَاةِ اِذَا لَمْ یُقْرَاْ فِیْهَا بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ

اس بات کا تذکرہ، جب نماز کے دوران سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے تو اس کیلئے لفظ ''نقص'' استعمال ہوگا

1788 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُرَیْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمُعَةَ الْاَصَمُّ الْحَافِظُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ الْکِنْدِیُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِیْدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "کُلُّ صَلَاةٍ لَّا یُقْرَاُ فِیْهَا بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ فَهِیَ خِدَاجٌ کُلُّ صَلَاةٍ لَا یُقْرَاُ فِیْهَا بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ فَهِیَ خِدَاجٌ کُلُّ صَلَاةٍ لَا یُقْرَاُ فِیْهَا بِفَاتِحَةِ الکتاب فهی خداج". (1: 21)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہروہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہیں کی جاتی وہ نامکمل ہوتی ہے۔ ہروہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہیں کی جاتی وہ نامکمل ہوتی ہے۔ ہروہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہیں کی جاتی وہ نامکمل ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخِدَاجَ الَّذِىْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الخبر هو النقص الذى لا تجزىء الصَّلَاةُ مَعَهُ دُونَ اَنْ يَّكُوْنَ نَقْصًا تَجُوزُ الصَّلَاةُ بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لفظ ''خداج''

استعمال کیا ہے، اس سے مراد ایسا نقص ہے، جس کی موجودگی میں نماز درست نہیں ہوتی، یہ کوئی ایسا نقص نہیں ہے، جس کے ہمراہ نماز درست ہو

1789 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ

1788- إسناده قوى . ابن عجلان- وهو محمد: وثقه أحمد، وابن معين وغيرهما، وأخرج له مسلم غير ما حديث فى المتابعات، وقد تابعه عليه محمد بن عمرو فى الطريق الثانى عند المصنف، وباقى رجاله رجال الصحيح. وأخرجه عبد الرزاق "3739"، وأحمد 4/340، وأبو دواد "857" و "858" و "859" و "860" و "861" فى الصلاة: باب صلاة من لا يقيم صلبه من الركوع والسجود، والترمذى "302" فى الصلاة: باب ما جاء فى وصف الصلاة، والنسائى 2/193 فى الافتتاح: باب الرخصة فى ترك الذكر فى السجود، وابن الجارود "194"، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 1/232، وفى "مشكل الآثار" 4/386، والطبرانى "4520" و "4521" و "4522" و "4523" و "4524" و "4525" و "4526" و "4527" و "4528" و "4529"، والبيهقى فى "السنن" 2/133، 134 و 372 و 373 و 374 و "380" من طريق عن على بن يحيى بن الخلاد، بهٰذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة "545"، والحاكم 1/241، 242 على شرط الصحيحين، ووافقه الذهبى .وفى الباب عن أبى هريرة سيورده المؤلف برقم ."1890" ' إسناده حسن، وهو حديث صحيح . سعد بن سعيد بن قيس بن عمرو الأنصارى، أخو يحيى بن سعيد: قال ابن سعد: كان ثقة قليل الحديث، وذكره المؤلف فى "الثقات" 6/379، وقال: كان يخطء، لم يفحش خطؤه، فلذلك سلكناه مسلك العدول، وقال ابن عدى: له أحاديث صالحة تقرب من الاستقامة، ولا أرى بحديثه بأسا بمقدار ما يرويه، وضعفه الإمام أحمد، وقال النسائى: ليس بالقوى، وضعفه ابن معين فى رواية، وقال فى رواية أخرى: صالح، وأخرج له مسلم فى "صحيحه" حديث: "من صام رمضان، وأتبعه ستا من شوال "، وقال الذهبى فى "الكاشف": صدوق، وقد تابعه على حديثه هٰذا غير واحد من الثقات، وباقى رجالخ ثقات. وأخرجه أحمد 2/241، والحميدى "973" و "974"، ومسلم "395" "38" فى الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فى كل ركعة، والبيهقى فى "السنن" 2/38 من طريق سفيان بن عيينة، والحميدى "974" عن ابن أبى حازم، والطحاوى فى "المعانى" 1/216 من طريق أبى غسان، والبيهقى 2/40 من طريق ابن سمعان، أربعتهم عن العلاء بن عبد الرحمٰن، بهٰذا الإسناد .وسيرد بعده "1789" و "1794" من طريق شعبة، وبرقم "1795" من طريق الدراوردى، كلاهما عن العلاء ، به، ويخرج كل فى موضعه.وتقد برقم "1784" من طريق مالك، عن العلاء بن عبد الرحمٰن، عن أبى السائب، عن أبى هريرة.

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَا تـجزیء صَلَاۃٌ لَا یُقْرَاُ فِیْھَا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ." قُـلْتُ: وَاِنْ کُنْتُ خَلْفَ الْاِمَامِ؟ قَالَ: فَاَخَذَ بِیَدِیْ وَقَالَ: "اقْرَاْ فِیْ نَفْسِکَ". (1:21)

(توضیح مصنف):قَـالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ: لَمْ یَقُلْ فِیْ خَبَرِ الْعَلَاءِ ھٰذَا: "لا تجزیء صَلَاۃٌ" اِلَّا شُعْبَۃُ وَلَا عَنْہُ اِلَّا وَھْبُ بْنُ جَرِیْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ.

وَقَـالَ: ھٰذِہِ الْاَخْبَارُ مِمَّا ذَکَرْنَا فِیْ کِتَابِ "شَرَائِطِ الْاَخْبَارِ" اَنَّ خِـطَـابَ الْکِتَابِ قَدْ یَسْتَقِلُّ بِنَفْسِہٖ فِیْ حَـالَۃٍ دُوْنَ حَـالَۃٍ حَتّٰی یُسْتَعْمَلَ عَلٰی عُمُوْمِ مَا وَرَدَ الْخَطَّابُ فِیْہِ وَقَدْ لَا یَسْتَقِلُّ فِیْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ حَتّٰی یُسْتَعْمَلَ عَلٰی کَیْفِیَّۃِ اللَّفْظِ الْمُجْمَلِ الَّذِیْ ھُوَ مُطْلَقُ الْخِطَابِ فِی الْکِتَابِ دُوْنَ اَنْ تُبَیِّنَھَا السُّنَنُ وَسُنَنُ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّھَا مُسْتَقِلَّۃٌ بِاَنْفُسِھَا لَا حَاجَۃَ بِھَا اِلَی الْکِتَابِ الْمُبَیِّنَۃُ لِمُجْمَلِ الْکِتَابِ وَالْمُفَسِّرَۃُ لِمُبْھَمِہٖ قَالَ اللّٰہُ جَلَّ وَعَلَا: (وَاَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْھِمْ وَلَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ) (النحل/ 44)، فَاَخْبَرَ جَلَّ وَعَلَا اَنَّ الْمُفَسِّرَ لِقَوْلِہٖ: (اَقِیْمُوا الصَّلَاۃَ وَآتُوا الزَّکَاۃَ) (البقرۃ/43). وَمَا اَشْبَھَھَا مِنْ مُجْمَلِ الْاَلْفَاظِ فِی الْکِتَابِ رَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمُحَالٌ اَنْ یَکُوْنَ الشَّیْءُ الْمُفَسَّرُ لَہُ الْحَاجَۃُ اِلَی الشَّیْءِ الْمُجْمَلِ وَاِنَّمَا الْحَاجَۃُ تَکُوْنُ لِلْمُجْمَلِ اِلَی الْمُفَسِّرِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ السُّنَنَ یَجِبُ عَرْضُھَا عَلَی الْکِتَابِ فَاَتٰی بِمَا لَا یُوَافِقُہُ الْخَبَرُ وَیَدْفَعُ صحتہ النظر.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''وہ نماز جائز نہیں ہوتی جس میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہ کی جائے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے کہا اگر میں امام کے پیچھے ہوں؟ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور بولے: تم اپنے دل میں (سورۃ فاتحہ) پڑھ لو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) علاء کی نقل کردہ اس روایت میں ''نماز درست نہیں ہوتی'' کے الفاظ صرف شعبہ نے نقل کیے ہیں، اور ان سے صرف وہب بن جریر اور محمد بن کثیر نے نقل کیے ہیں۔

امام ابن حبان فرماتے ہیں: یہ اس نوعیت کی روایات ہیں۔ جن کے بارے میں ہم نے کتاب ''شرائط الاخبار'' میں یہ بات ذکر کی ہے، کتاب اللہ کا حکم بعض اوقات ایک حالت میں مستقل ہوتا ہے جبکہ دوسری حالت میں مستقل نہیں ہوتا، یہاں تک کہ اس کو

1789– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، وهو في "صحيح ابن خزيمة" ."490"وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/216، وفي "مشكل الآثار" 2/23 عن إبراهيم بن مرزوق، عن وهب بن حرير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/478، وأبو عوانة 2/127 من طريق وكيع، وأحمد 2/457 عن محمد بن جعفر، والطحاوي في "المعاني" 1/216، وفي "المشكل" 2/23 من طريق سعيد بن عامر، ثلاثتهم عن شعبة، بهذا الإسناد.وسيعيده المؤلف برقم ."1794" وانظر ما قبله.

اس کے عموم پر استعمال کیا جاتا ہے جس بارے میں حکم آیا ہے۔اور بعض حالتوں میں یہ مستقل نہیں بھی ہوتا، یہاں تک کہ اسے مجمل لفظ پر محمول کیا جاتا ہے، جو کتاب میں مطلق خطاب ہوتا ہے، علاوہ ازیں کہ سنت اس کی وضاحت کر دے، تاہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتیں اپنے وجود کے اعتبار سے مستقل ہیں، ان (کی وضاحت کے لیے) کتاب اللہ کی ضرورت نہیں ہے، سنتیں کتاب اللہ کے مجمل حکم بیان کرتی ہیں اور اس کے مبہم حکم کی وضاحت کرتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اور ہم نے تمہاری طرف ذکر نازل کیا ہے، تاکہ تم لوگوں کے لیے اس بات کی وضاحت کرو جو ان کی طرف نازل کیا گیا ہے۔''

تو یہاں اللہ تعالیٰ نے اس بات کی اطلاع دی ہے کہ اس کے اس فرمان ''تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو'' اور کتاب اللہ میں موجود اس جیسے مجمل الفاظ والے احکام کی وضاحت اللہ کے رسول نے کرنی ہے، تو یہ بات ناممکن ہے کہ ایک چیز تفسیر بیان کرنے والی ہو اور اسے کسی مجمل چیز کی ضرورت ہو، کیونکہ ضرورت تو مجمل چیز کو وضاحت کرنے والی چیز کی ہوتی ہے، یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ یہ بات لازم ہے، سنت کو کتاب اللہ پر پیش کیا جائے، تو اس شخص نے (اپنے اصول کی بنیاد پر) وہ چیز پیش کی، خبر جس کی موافقت نہیں کرتی، اور غور وفکر اس کے صحیح ہونے کو پرے کرتا ہے۔

1790 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نقرأ بفاتحة الكتاب وما تيسر. (1: 46)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْاَمْرُ بِقِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي الصَّلَاةِ اَمْرُ فَرْضٍ قَامَتِ الدَّلَالَةُ مِنْ اَخْبَارٍ اُخَرَ عَلٰى صِحَّةِ فَرْضِيَّتِهِ ذَكَرْنَاهَا فِیْ غَيْرِ مَوْضِعٍ مِنْ كُتُبِنَا وَالْاَمْرُ بِقِرَاءَةِ مَا تَيَسَّرَ غَيْرِ فَرْضٍ دَلَّ الْاِجْمَاعُ عَلٰى ذٰلِكَ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم سورۃ فاتحہ کی تلاوت کریں اور جو (قرآن کا حصہ) آسان ہو اس کی تلاوت کریں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نماز کے دوران سورہ فاتحہ پڑھنے کا حکم ہونا، فرض کا حکم ہے، اس کی فرضیت کے درست ہونے پر دیگر روایات سے دلائل قائم ہیں۔ جو ہم نے اپنی کتابوں میں دیگر مقامات پر ذکر کیے ہیں، اور ''جو میسر ہو اس کی تلاوت'' کا حکم فرض نہیں ہے، اجماع اس بات پر دلالت کرتا ہے۔

1790– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وهمام: هو ابن يحيى بن دينار العوذى البصرى، وأبو نضرة:

ذِكْرُ اِخْبَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنِّدَاءِ الظَّاهِرِ الْمَكْشُوفِ بِاَنْ لَا صَلَاةَ اِلَّا بِقِرَاءَ ةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

اس بات کا تذکرہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح اعلان کے ذریعے یہ اطلاع دی ہے، سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بغیر نماز نہیں ہوتی

1791 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُوْنٍ قال: سمعت أبا عثمان النهدی يقول:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اخْرُجْ فَنَادِ فِي النَّاسِ اَنْ لَا صَلَاةَ اِلَّا بِقِرَاءَ ةِ فَاتِحَةِ الكتاب فما زاد". (3: 10)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم جاؤ اور لوگوں میں اعلان کر دو کہ اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۂ فاتحہ اور اس کے علاوہ مزید (کسی سورۃ کی) تلاوت نہیں کرتا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ كَانَتْ لِلْمُصَلِّي وَحْدَهُ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے، یہ روایات تنہا نماز ادا کرنے والے کے بارے میں ہیں

1792 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حدثنا أبی ويزيد بْنُ هَارُوْنَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

1791– إسناده قابل للتحسين . وأخرجه أبو داوُد "819" فی الصلاة: باب من ترك القراءة فی صلاته بفاتحة الكتاب . عن إبراهيم بن موسى الرازی، عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/428، وأبو داوُد "820"، والدارقطنی 1/321، والحاكم 1/139، من طريق يحيى بن سعيد القطان، والبيهقی فی "السنن" 2/37 من طريق سفيان، كلاهما عن جعفر بن ميمون، به. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح لا غبار عليه، فإن جعفر بن ميمون العبدی من ثقات البصريين، ويحيى بن سعيد لا يحدث إلا عن الثقات. ووافقه الذهبی.

1792– إسناده قوی، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث من مكحول عند المصنف ."1785" وأخرجه أحمد 5/316، والدارقطنی 1/319، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار " 1/215، والبيهقی فی "القراءة خلف الإمام " ص 36 من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وتقد برقم "1785" من طريق ابن علية، عن ابن إسحاق، به، وسيرد برقم "1848" من طريق عبد الأعلى، عن ابن إسحاق، به.

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ فلما سلم قال: "تقرؤون خَلْفِي"؟ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: "فَلَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْكِتَابِ فَاِنَّهٗ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّمْ يقرأ بها." (3: 10)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی تو آپ کیلئے قرأت کرنے میں دشواری ہوئی جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: تم لوگ میرے پیچھے قرأت کرتے ہو۔ ہم نے کہا جی ہاں' تو آپ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو' صرف سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو کیونکہ اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہیں کرتا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّصَلِّيَ الْمَرْءُ اِمَامًا اَوْ مَاْمُوْمًا مِّنْ غَيْرِ اَنْ يَّقْرَاَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ صَلَاتِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی، خواہ وہ امام ہو یا مقتدی ہو نماز ادا کرتے ہوئے، اس میں سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرے

1793 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّمْ يقرأ بأم القرآن فصاعدا". (2: 81)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۃ فاتحہ اور مزید (کسی دوسری سورت کی) تلاوت نہیں کرتا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ لِلْمُصَلِّي فِيْ صَلَاتِهٖ مَاْمُوْمًا كَانَ اَوْ اِمَامًا اَوْ مُنْفَرِدًا

نمازی کے لیے اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ وہ نماز پڑھتے ہوئے سورہ فاتحہ نہ پڑھے، خواہ وہ مقتدی ہو، امام ہو، یا تنہا نماز ادا کر رہا ہو

1794 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "لَا تجزىء صَلَاةٌ لَا يُقْرَاُ فِيْهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ." قُلْتُ: فَاِنْ كُنْتُ خَلْفَ الْاِمَامِ؟ قَالَ: فَاَخَذَ بِيَدِيْ وقال: "اقرأ في نفسك". (2: 92)

1793- هو مكرر ."1786" 1794- هو مكرر ."1789"

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''وہ نماز درست نہیں ہوتی جس میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت نہ کی جائے۔''

راوی کہتے ہیں (میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا) اگر میں امام کے پیچھے ہوں' تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور بولے: تم اپنے دل میں (اس کی) تلاوت کرلیا کرو۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الصَّلَاةِ عَلَى الْقِرَاءَةِ الَّتِيْ تكون في الصلاة إذا هِيَ بَعْضُ اَجْزَائِهَا

نماز میں کی جانے والی قرأت کے لیے لفظ ''صلوٰۃ'' استعمال کرنے کا تذکرہ حالانکہ وہ اس کا ایک جزء ہے

1795 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "مَنْ صَلّٰى صَلَاةً لَمْ يَقْرَاْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ." قُلْتُ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اِنِّيْ اَحْيَانًا اَكُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ قَالَ: يَا ابْنَ الْفَارِسِيِّ اقْرَاْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

"قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: قُسِمَتِ الصَّلَاةُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ فَنِصْفُهَا لِيْ وَنِصْفُهَا لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا شَاءَ يَقُوْمُ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُ: (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ)، يَقُوْلُ اللّٰهُ: حَمِدَنِيْ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُ: (الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ)، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اَثْنٰى عَلَيَّ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُ: (مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ)، فَيَقُوْلُ: مَجَّدَنِيْ عَبْدِيْ فَهٰذَا بَيْنِيْ وبين عبدي، (اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ - فَهٰؤُلَاءِ لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سأل." (3: 23)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص نماز ادا کرے اور اس میں سورہ فاتحہ کی تلاوت نہ کرے تو وہ نماز نامکمل ہوتی ہے۔''

راوی کہتے ہیں (میں نے کہا: اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں) بعض اوقات امام کے پیچھے ہوتا ہوں' تو انہوں نے کہا اے فارسی کے بیٹے! تم اسے دل میں پڑھ لیا کرو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے نماز (یعنی سورۃ فاتحہ) کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے

1795- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد العزيز بن محمد هو الدراوردي. وأخرجه الحميدي "974"، ومن طريقه أبو عوانة 1/128. وأخرجه الترمذي "2953" في التفسير: باب ومن سورة فاتحة الكتاب، عن قتيبة، كلاهما عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهٰذا الإسناد. وتقدم برقم "1788" من طريق سعد بن سعيد، و "1789" و "1794" من طريق شعبة، كلاهما عن العلاء، به. وانظر "1784".

اس کا نصف حصہ میرے لیے اور نصف حصہ میرے بندے کے لیے ہے۔ اور میرا بندہ جو چاہے گا وہ اسے ملے گا۔ میرا بندہ کھڑا ہو کر یہ کہتا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے مخصوص ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری حمد بیان کی ہے بندہ کہتا ہے وہ بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعریف بیان کی ہے بندہ کہتا ہے وہ روز جزا کا مالک ہے اللہ تعالیٰ کہتا ہے میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی ہے۔ یہ (یعنی اگلی آیت) میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے ''ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں'' اس کے بعد سورۃ کے آخر تک ہے۔ تو یہ سب کچھ میرے بندے کو ملے گا۔ میرے بندے نے جو مانگا ہے۔ وہ اسے ملے گا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1796 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) (الإسراء: 110). قَالَ: نَزَلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُخْتَفِيْ بِمَكَّةَ فَكَانَ اِذَا صَلّٰى بِاَصْحَابِهٖ رَفَعَ صَوْتَهٗ بِالْقُرْآنِ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ اِذَا سَمِعُوْا سَبُّوا الْقُرْآنَ وَمَنْ اَنْزَلَهٗ وَمَنْ جَاءَ بِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ) اَىْ: بِقِرَاءَتِكَ فَيَسْمَعَ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّوا الْقُرْآنَ (وَلَا تُخَافِتْ بِهَا) عَنْ اَصْحَابِكَ فَلَا تُسْمِعُهُمْ (وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا). (3: 23)

1796- إسناده صحيح على شرطهما، وقد صرح ابن هشيم بالتحديث. يعقوب الدورقي: هو يعقوب بن إبرايهم بن كثير، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1587"، وأخرجه البخاري "4722" في التفسير: باب (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا)، والنسائي 2/177-178 في الافتتاح: باب قوله عز وجل: (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا)، والطبري 15/186 عن يعقوب الدورقي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/23 و 215، والبخاري "7490" في التوحيد: باب قوله تعالى: (اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُوْنَ)، و "7525": باب قول الله تعالى: (وَاَسِرُّوا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ)، و "7548": باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة" ومسلم "446" في الصلاة: باب التوسط في القراءة في الصلاة الجهرية بين الجهر والإسرار، والترمذي "3146" في التفسير: باب ومن سور بني إسرائيل، والنسائي 2/177-178، والطبري 15/184، والبيهقي 2/195 من طريق عن هشيم، به. وأخرجه الترمذي "3145"، والنسائي 2/178، وأبو عوانة 2/123، والطبراني "12454"، والطبري 15/185، 186، من طرق عن أبي بشر، به. وأخرجه الطبراني "11574"، والطبري 15/185 من طريق محمد بن إسحاق، عن داوٗد بن الحصين، عن عكرمة، عن ابن عباس. وأخرجه البخاري في "صحيحه" "4723" من طريق زائدة، و "6327" من طريق مالك بن سعير، و "7526".

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے بیان کرتے ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے)
''تم اپنی نماز کو بلند آواز میں بھی نہ کرو اور پست آواز میں بھی نہ رکھو۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں پوشیدہ طور پر وقت گزار رہے تھے۔ جب آپ اپنے اصحاب کو نماز پڑھاتے تھے' تو بلند آواز میں قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے۔ مشرکین جب سنتے تھے' تو وہ قرآن کو' اس کو نازل کرنے والے کو اور جو اس کو لے کر آیا اسے برا کہتے تھے۔ تو اللہ نے اپنے نبی کو یہ حکم دیا ''تم اپنی نماز کو بلند آواز میں نہ کرو' یعنی قرأت کو بلند نہ کرو کہ مشرکین اس کو سن لیں اور قرآن کو برا کہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور تم اسے پست بھی نہ رکھو' اس سے مراد تم اپنے ساتھیوں سے اسے پست بھی نہ رکھو۔ کہ انہیں سنا بھی نہ سکو (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اور تم اس کے درمیان کا راستہ تلاش کرو۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَجْهَرَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ قِرَاءَ ةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

اس بات کا تذکرہ، امام کے لیے یہ بات مستحب ہے، وہ سورہ فاتحہ کی تلاوت شروع کرتے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز میں پڑھے

1797 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ حَيْوَةُ قَالَ: اَخْبَرَنِیْ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ عَنْ نُعَيْمِ الْمُجْمِرِ قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَبِیْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ثُمَّ قَرَاَ بِاُمِّ الْكِتَابِ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ) قَالَ: آمِيْنَ وَقَالَ النَّاسُ: آمِيْنَ فَلَمَّا رَكَعَ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ سَجَدَ فَلَمَّا رَفَعَ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ فَلَمَّا سَجَدَ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ فَلَمَّا رَفَعَ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ قَائِمًا مَّعَ التَّكْبِيرِ فَلَمَّا قَامَ مِنَ الثِّنْتَيْنِ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ:

1797– إسناده صحيح على شرط مسلم . خالد بن يزيد: هو الجمحي، أبو عبد الرحمٰن المصري، ونُعيم المُجمر: هو نعيم بن عبد الله المدني .وأخرجه النسائي 2/134 في الافتتاح: باب قراءة بسم الله الرحمٰن الرحيم، والبيهقي في "السنن" 2/58 من طريق شعيب، وابن الجارود في "المنتقى" "184"، والحاكم 1/232، من طريق سعيد بن أبي مريم، كلاهما عن الليث، عن خالد بن يزيد، بهذا الإسناد . ومن هذين الطريقين صححه ابن خزيمة "499"، وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي . وأخرجه أحمد 2/497 عن يحيى بن غيلان، عن رشدين، عن عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ هلال، به . وتقدم برقم "1766" و "1767" من طريق الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ.

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنِّیْ لَاَشْبَھُکُمْ صَلَاۃً بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ علیہ وسلم. (5: 4)

❁❁ نعیم مجمر بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی تو انہوں نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھی پھر سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی یہاں تک کہ جب انہوں نے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ پڑھ لیا تو آمین کہا لوگوں نے بھی آمین کہا جب وہ رکوع میں گئے ۔تو انہوں نے اللہ اکبر کہا۔ جب انہوں نے اپنا سر اٹھالیا تو سمع اللہ لمن حمدہ کہا پھر انہوں نے اللہ اکبر کہا۔ پھر جب وہ سجدے میں گئے' تو انہوں نے اللہ اکبر کہا اور پھر سر اٹھایا تو اللہ اکبر کہا۔ پھر وہ تکبیر کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو گئے ۔ جب وہ دو رکعت ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوئے' تو انہوں نے اللہ اکبر کہا۔ پھر انہوں نے سلام پھیرا تو یہ کہا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں تم میں سے' سب کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے مشابہت رکھتا ہوں۔

ذِکْرُ الْاِبَاحَۃِ لِلْمَرْءِ تَرْکُ الْجَھْرِ بِبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عِنْدَ اِرَادَتِہٖ قِرَاءَ ۃَ فَاتِحَۃِ الْکِتَابِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ سورہ فاتحہ کی تلاوت شروع کرنے کے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز میں نہ پڑھے

1798 اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافٰی بِصَیْدَا قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ھِشَامِ بْنِ اَبِیْ خَیْرَۃَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ وَسَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ کَانُوا

1798- إسناده صحيح. محمد بن هشام بن خيرة: ثقة أخرج له أبو داوُد، والنسائي، ومن فوقه على شرطهما. وأخرجه أحمد 3/101، والنسائي 2/135 في الافتتاح: باب ترك بالجهر ببسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم، وأبو عوانة 1/122، وابن الجارود في "المنتقى" "181"، والطحاوي في "المعاني" 1/202، وابن خزيمة في "صحيحه" "496" من طريق عن سعيد بن أبي عروبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "2598" عن معمر، وأحمد 3/114، وأبو داوُد "782" في الصلاة: باب من لم ير الجهر ببسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم، والدارمي 1/283 من طريق هشام الدستوائي، والشافعي في "المسند" 1/75، والحميدي "1199"، وأحمد 2/111"، وابن ماجه "491" من طريق أبي عوانة، والبغوي في "شرح السنة" "581" من طريق حماد بن سلمة، وأبو عوانة 2/122، والبيهقي في "السنن" 2/50 من طريق الأوزاعي، كلهم عن قتادة، به وأخرجه مالك في "الموطأ" 1/81 في الصلاة: باب العمل في الصلاة، ومن طريقه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/202، والبيهقي في "السنن" 2/51، 52، والبغوي في "شرح السنة" "583"، عن حميد الطويل، به. وأخرجه عبد الرزاق "2598"، عن معمر، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 2/202 من طريق زهير بن معاوية، عن حميد الطويل، به. وأخرجه الدارقطني 1/316 من طريق الْاَوْزَاعِيُّ . وأخرجه البيهقي 2/54 من طريق خالد الحذاء، عن أبي نعامة الحنفي، عن أنس . وأخرجه الطحاوي 1/203، وابن خزيمة "497"، والبغوي "582" من طريق سعبة، عن ثابت، عن أنس. وانظر اختلاف ألفاظه في تعليقنا على "شرح السنة" 3/53.

يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَ ةَ بـ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) . (5: 34)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، اللہ تعالیٰ ان سب حضرات سے راضی ہو، یہ قرأت کا آغاز اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سے کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ قَتَادَةَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ اَنَسٍ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے۔ قتادہ نے یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

1799 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ غَيْلَانَ الثَّقَفِيُّ وَالصُّوفِيُّ وَغَيْرُهُمَا قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ وَشَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا يَجْهَرُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرحيم. (5: 34)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز ادا کی ہے میں نے ان میں سے کسی ایک کو بھی بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے نہیں سنا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاِبَاحَةِ تَرْكِ الْفِعْلِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو اس فعل کو ترک کرنے کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے، جو ہم نے ذکر کیا ہے

1799- إسناده صحيح على شرط مسلم . علي بن الجعد: ثقة ثبت من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما . شيبان: هو سيبان بن عبد الرحمٰن التميمي مولاهم النحوي، أبو معاوية البصري، والنحوي: نسبة إلى نحو بن الشمس من الأزد، وهو في "الجعديات" "953" و ."2071"وأخرجه الدارقطني 1/314، 315، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/202 من طريق عن علي بن الجعد، بهٰذا الإسناد.وأخرجه الطيالسي "1975"، والبخاري "743" في الأذان: باب ما يقول بعد التكبير، عن حفص بن عمر، ومسلم "399" في الصلاة: باب حجة من قال لا يجهر بالبسملة، والدارقطني 1/315، وابن خزيمة "492" و "494" من طريق محمد بن جعفر، والنسائي 2/135 في الافتتاح: باب ترك الجهر ببسم الله الرحمٰن الرحيم، من طريق عقبة بن خالد، وأبو عوانة 2/122 من طريق حجاج، وابن الجارود "183"، والدارقطني 1/316 من طريق عبيد الله بن موسى، والدارقطني 1/315، ابن خزيمة "495" من طريق وكيع وأسود بن عامر وزيد بن الحباب، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/202 من طريق عبد الرحمٰن بن زياد، والبيهقي في "السنن" 2/51 من طريق بدل بن المحبّر، كلهم عن شعبة، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله وما بعده.

1800 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِیْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَثَابِتٍ وَحُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ کَانُوا یَفْتَتِحُوْنَ الْقِرَاءَ ةَ بِـ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ). (5: 34)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العلمین سے کرتے تھے۔

ذِکْرُ مَا یُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الْجَهْرُ بِـ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ) فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ وَاِنْ کَانَ الْجَهْرُ وَالْمُخَافَتَةُ بِهِمَا جَمِیْعًا طَلْقًا مُبَاحًا

اس بات کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ اس موقع پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خَيْرٌ، كَانَتِ الصَّلَاةُ تُقَامُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَخْرُجُ اَحَدُنَا اِلَى الْبَقِيعِ لِيَقْضِيَ حَاجَتَهُ، ثُمَّ يَجِيءُ فَيَتَوَضَّأُ، فَيَجِدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلَى مِنَ الظهر. (1:4)

قزعہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: اس میں تمہارے لیے بھلائی نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نماز کی اقامت کہہ لی جاتی تھی پھر ہم سے کوئی ایک شخص قضائے حاجت کرنے کیلئے بقیع (کے میدان) کی طرف چلا جاتا تھا۔ پھر وہ واپس آتا تھا۔ وضو کر لیتا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ظہر کی نماز کی پہلی رکعت میں پالیتا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا خَبَرَ اَبِيْ سَعِيْدٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ، جو ہماری ذکر کردہ اس تاویل کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے، جو ہم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس سے پہلے ذکر کی ہے

1855 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُطِيلُ فِيْ اَوَّلِ الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْفَجْرِ وَالظُّهْرِ.

وَقَالَ: كُنَّا نَرَى اَنَّهُ يفعل ذلك ليتدارك الناس. (1:4)

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر اور ظہر کی پہلی دو رکعات طویل ادا کیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم یہ سمجھتے ہیں: آپ ایسا اس لیے کرتے تھے تاکہ لوگ (باجماعت نماز میں) شریک ہو جائیں۔

1854- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه ابن ماجة "825" في الإقامة: باب القراءة في الظهر والعصر، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن زيد بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "454" "162" في الصلاة: باب القراءة في الظهر والعصر، من طريق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صالح، به. وأخرجه مسلم "454" "161"، والنسائي 2/164 في الافتتاح: باب تطويل القيام في الركعة الأولى من صلاة الظهر، والبيهقي في "السنن" 2/66 من طريق عطية بن قيس، عن قزعة، به.

1855- حديث صحيح. أبو خالد الأحمر -واسمه سليمان بن حيان- وهو وإن روى له البخاري متابعة، واحتج به مسلم، يغلط ويخطىء، لكنه لم ينفرد به، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين. أبو كريب: هو محمد بن العلاء، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1580"، وفيه "ليتأدى" بدل "ليتدارك." وأخرجه عبد الرزاق "2675"، ومن طريقه أبو داوٗد "800" في الصلاة: باب ما جاء في القراءة في الظهر، والبيهقي في "السنن" 2/66، عن معمر، بهذا الإسناد. وأورده المؤلف برقم "1829" وتقدم تفصيل طرقه في تخريجه هناك.

ذِكْرُ خَبَرٍ يُوهِمُ غَيرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مضاد لخبر أبى سعيد الذى ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث پہ مہارت نہیں رکھتا

اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ یہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے

1856 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْقُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَخفَّ الناس صلاة فى تمام.

يُرِيدُ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِيمَا اعْتَادَهَا النَّاسُ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ، عَلٰى حَسْبِ عَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاتِهِ.

وَاَمَّا خَبَرُ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُ قَالَ: فَيَخْرُجُ أحدنا إلى البقيع ليقضى حاجته، ثم يجىء فَيَتَوَضَّأُ، فَيَجِدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى مِنَ الظُّهْرِ؛ اِنَّمَا كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيَتَلَاحَقَ النَّاسُ فَيَشْهَدُونَ الصَّلَاةَ، وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ، اِنَّمَا كَانَ يَفْعَلُهُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى فَقَطْ. وَفِيهِ كَالدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَّ المدرك للركوع مدرك للتكبيرة الأولى. (1:4)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکمل لیکن سب سے زیادہ مختصر نماز ادا کرتے تھے۔

اس سے ان کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانے میں لوگوں کی عام عادت کے حوالے سے مختصر نماز ادا کرتے تھے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عام عادت کے مطابق ہوتی تھی۔ جہاں تک حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے وہ کہتے ہیں: ہم میں سے کوئی ایک شخص قضائے حاجت کے لئے بقیع کی طرف چلا جاتا اور پھر وہ آ کر وضو کرتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ظہر کی نماز کی پہلی رکعت میں پالیتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا اس لئے کرتے تھے تاکہ لوگ بھی آ کر نماز میں

1856- حديث صحيح . أبو خالد الأحمر -واسمه سليمان بن حيان- وهو وإن روى له البخارى متابعة، واحتج به مسلم، يغلط ويخطء، لكنه لم ينفرد به، وباقى رجاله ثقات من رجال الشيخين . أبو كريب: هو محمد بن العلاء ، وهو فى "صحيح ابن خزيمة" "1580"، وفيه "ليتأدى" بدل "ليتدارك."وأخرجه عبد الرزاق "2675"، ومن طريقه أبو داؤد "800" فى الصلاة: باب ما جاء فى القراءة فى الظهر، والبيهقى فى "السنن" 2/66، عن معمر، بهٰذا الإسناد.وأورده المؤلف برقم "1829" وتقدم تفصيل طرقه فى تخريجه هناك 2. إسناده صحيح، على بن زياد اللحجى: ترجم له المؤلف فى "الثقات" 8/470، فقال: من أهل اليمن سمع ابن عيينة، وكان راويا لأبى قرة، حدثنا عنه المفضل بن محمد الجندى، مستقيم الحديث، مات يوم عرفة سنة ثمان وأربعين ومئتين، ومن فوقه ثقات . واللحجى: نسبة إلى لحج، من قرى اليمن، وهى تقع شمال غرب عدن .وأورده المؤلف برقم "1759" من طريق حميد الطويل، عن أنس، وتقدم تفصيل طرقه فى تخريجه هناك.

شامل ہو جائیں' آپ ہر رکعت میں ایسا نہیں کرتے تھے۔ آپ صرف پہلی رکعت میں ایسا کرتے تھے۔ اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے' رکوع کو پانے والا تکبیر اولیٰ کو پانے والا شمار ہوگا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُبَيِّنِ اَنَّ تَطْوِيْلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ

الَّتِيْ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ مِنْهُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى دُوْنَ مَا يَلِيْهَا مِنْ سَائِرِ الرَّكَعَاتِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کو واضح کرتی ہے' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز کو طول دینا

جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے' یہ پہلی رکعت کے بارے میں ہوتا تھا' باقی تمام رکعات میں نہیں ہوتا تھا

1857 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقرأ بنا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ، وَيُطِيلُ في الأولى، ويقصر في الثانية. (1:4)

ﷺ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ظہر کی نماز پڑھاتے ہوئے پہلی دو رکعت میں تلاوت کرتے تھے۔ آپ پہلی رکعت کو طویل ادا کرتے تھے اور دوسری کو (نسبتاً) مختصر ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِيْنَ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ قَتَادَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے بعض سننے والوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے

1858 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَحْزِرُ قِيَامَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الظهر والعصر، فحزرنا قيامه في الركعتين الوليين قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ آيَةً، وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُخْرَيَيْنِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ، وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ

1857- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف" ابن أبي شيبة 1/356. وأخرجه البخاري "762" في الأذان: باب القراءة في العصر، باب تقصير القيام في الركعة الثانية من الظهر، وأبو داؤد "798" في الصلاة، وابن ماجة "829" في الإقامة: باب الجهر بالآية أحيانا في صلاة الظهر والعصر، وأبو عوانة 2/151، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/206، والبيهقي في "السنن" 2/65، من طرق عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة "1588". وانظر "1829" و"1831" و"1855".

1858- هو مكرر "1828".

فِی الرَّکْعَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلٰی قَدْرِ الْاُخْرَیَیْنِ مِنَ الظُّهْرِ، وَحَزَرْنَا قِیَامَهُ فِی الْاُخْرَیَیْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَی النِّصْفِ مِنْ ذٰلِکَ. (1:4)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ: قَوْلُ اَبِیْ سَعِیْدٍ: "فَحَزَرْنَا قِیَامَهُ فِی الرَّکْعَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ قَدْرَ ثَلَاثِیْنَ، آیَةً" یُضَادُّ فِی الظَّاهِرِ

قَوْلَ اَبِیْ قَتَادَةَ: "وَیُطِیلُ فِی الْاُوْلٰی، وَیُقَصِّرُ فِی الثَّانِیَةِ"، وَلَیْسَ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَمَنِّهٖ کَذٰلِکَ، لِاَنَّ الرَّکْعَةَ الْاُوْلٰی کَانَ یَقْرَاُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهَا ثَلَاثِیْنَ آیَةً بِالتَّرْسِیلِ وَالتَّرْتِیْلِ وَالتَّرْجِیعِ، وَالرَّکْعَةَ الثَّانِیَةَ کَانَ یَقْرَاُ فِیْهَا مِثْلَ قِرَاءَ تِهٖ فِی الْاُوْلٰی بِلَا تَرْسِیلٍ وَلَا تَرْجِیعٍ، فَتَکُوْنُ الْقِرَاءَ تَانِ وَاحِدَةٌ، وَالْاُوْلٰی اَطْوَلُ مِنَ الثَّانِیَةِ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہر اور عصر کی نماز میں قیام کا اندازہ لگاتے تھے تو ہم نے یہ اندازہ لگایا' ظہر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں آپ کا قیام 30 آیات کی تلاوت جتنا ہوتا تھا اور آخری دو رکعات میں آپ کے قیام کے بارے میں ہم نے اندازہ لگایا کہ وہ اس سے نصف ہوتا تھا اور عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں آپ کے قیام کے بارے میں ہم نے یہ اندازہ لگایا کہ وہ ظہر کی آخری دو رکعات جتنا ہوتا تھا اور عصر کی نماز کی آخری دو رکعات کے بارے میں ہم نے اندازہ لگایا کہ وہ اس سے نصف ہوتا تھا۔

(امام ابن حبان فرماتے ہیں:) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ ہم نے اندازہ لگایا' پہلی دو رکعات میں آپ کا قیام تیس آیات کی تلاوت جتنا ہوتا تھا' یہ روایت بظاہر حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے اس قول کے برخلاف ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت مختصر ادا کرتے تھے۔حالانکہ الحمدللہ! ایسا نہیں ہے۔کیونکہ پہلی رکعت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تیس آیات ٹھہر ٹھہر کر ترتیل اور ترجیع کے ہمراہ پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں اتنی ہی آیات ترتیل اور ترجیع کے بغیر پڑھتے تھے' تو قرأت ایک جتنی ہوتی تھی لیکن پہلی رکعت دوسری سے طویل ہوتی تھی۔

ذِکْرُ خَبَرٍ ثَانٍ یُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَکَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَیْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): کُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِذْ جَاءَ هُ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْکُوفَةِ یَشْکُوْنَ سَعْدًا، حَتّٰی قَالُوْا لَهُ: اِنَّهٗ لَا یُحْسِنُ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: عَهْدِیْ بِهٖ وَهُوَ حَسَنُ الصَّلَاةِ، فَدَعَاهُ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ: اَمَّا صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ صَلَّیْتُ بِهِمْ، اَرْکُدُ فِی الْاُوْلَیَیْنِ، وَاَحْذِفُ فِی الْاُخْرَیَیْنِ، فَقَالَ: ذَاكَ الظَّنُّ بِكَ اَبَا اِسْحَاقَ. فَبَعَثَ مَعَهُ مَنْ یَّسْاَلُ عَنْهُ بِالْکُوفَةِ، فَطِیفَ بِهٖ فِیْ مَسَاجِدِ الْکُوفَةِ، فَلَمْ یُقَلْ لَهٗ اِلَّا خَیْرًا حَتّٰی انْتَهٰی اِلٰی مَسْجِدِ بَنِیْ عَبْسٍ، فَاِذَا رَجُلٌ یُدْعَی اَبَا سَعْدَةَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ کَانَ لَا ینفر فی السریة، ولا یقسم

بـالسوية، وَلا يَعْدِلُ فِي الْقَضِيَّةِ. قَـالَ: فَـغَـضِبَ سَعْدٌ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَاذِبًا فَاَطِلْ عُمْرَهُ، وَشَدِّدْ فَقْرَهُ، وَاعْرِضْ عَلَيْهِ الْفِتَنَ. قَـالَ: فَـزَعَـمَ بن عُمَيْرٍ اَنَّهُ رَآهُ قَدْ سَقَطَ حَاجِبَاهُ عَلٰى عَيْنَيْهِ، قَدِ افْتَقَرَ، وَافْتُتِنَ. فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا. يُسْاَلُ كَيْفَ اَنْتَ اَبَا سَعْدَةَ؟ فَيَقُوْلُ: شَيْخٌ كبير مفتون، أجيبت في دعوة سعد. (1:4)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسی دوران اہل کوفہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی شکایت کی۔ یہاں تک کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: حضرت سعد رضی اللہ عنہ اچھی طرح نماز نہیں پڑھاتے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے کہ کچھ عرصہ پہلے تک تو وہ بہت عمدہ نماز ادا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو اس بارے میں بتایا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا تعلق ہے میں ان لوگوں کو وہ نماز (یعنی اس طریقے کے مطابق نماز) پڑھاتا ہوں میں پہلی دو رکعت طویل ادا کرتا ہوں اور آخری دو رکعات نسبتاً مختصر ادا کرتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابواسحاق اپ کے بارے میں یہی گمان تھا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے ہمراہ ایسے شخص کو بھیجا جو ان کے بارے میں کوفہ میں دریافت کرے۔ اس نے انہیں ساتھ لے کر کوفہ کی تمام مساجد کا چکر لگایا ہر شخص نے ان کے بارے میں بھلائی کی بات کہی۔ یہاں تک کہ جب وہ بنو عبس کی مسجد کے قریب پہنچے تو وہاں ایک شخص تھا جس کا نام ابوسعدہ تھا تو وہ بولا اللہ جانتا ہے یہ کسی جنگی مہم کیلئے نہیں نکلتے اور (مال غنیمت کو) برابری کی بنیاد پر تقسیم نہیں کرتے ہیں اور فیصلہ کرتے ہوئے انصاف سے کام نہیں لیتے۔ راوی بیان کرتے ہیں' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ غصے میں آ گئے اور بولے: اے اللہ! اگر یہ شخص جھوٹا تو ہے' تو اس کی عمر کو لمبا کر دے اور اس کی غربت کو شدید کر دے اور اس پر آزمائش ڈال دے۔

راوی کہتے ہیں: عمیر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔ انہوں نے اس شخص کو دیکھا کہ عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کی بھنویں اس کی آنکھوں پر آ رہی ہیں وہ انتہائی غریب تھا اور آزمائش میں مبتلا ہو گیا تھا لیکن اسے کوئی چیز نہیں ملتی تھی۔ اس سے دریافت کیا گیا: اے ابوسعدہ! تمہارا کیا حال ہے' تو وہ کہتا تھا ایک عمر رسیدہ بوڑھا شخص جو آزمائش کا شکار ہے۔ میرے بارے میں حضرت سعد کی بددعا قبول ہو گئی ہے۔

1859- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "453" في الصلاة: باب القراءة في الظهر والعصر، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/180، ومسلم "453" أيضا عن قتيبة بن سعيد، كلاهما عن جرير بن عبد الحميد، به. وأخرجه الطيالسي "217"، وعبد الرزاق "3706" و "3707"، وأحمد 1/176 و179، والبخاري "755" و "758" في الأذان: باب وجوب القراءة للإمام والمأموم في الصلوات كلها في الحضر والسفر، ومسلم "453"، والنسائي 2/174 في الافتتاح: باب الركود في الركعتين الأوليين، وأبو عوانة 2/149، 150، والطبراني في "الكبير" "308"، والبيهقي في "السنن" 2/65، من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة "508" وسيورده المؤلف برقم "1937" و "2140" من طريق أبي عون الثقفي، عن جابر، ويرد تخريجه من طريقه هناك، وقوله: "أجيبت في دعوة سعد": كان سعد معروفا

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي رَفْعُ الْيَدَيْنِ عِنْدَ اِرَادَتِهِ الرُّكُوْعَ وَعِنْدَ رَفْعِ رَاْسِهِ مِنْهُ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ رکوع میں جانے کے ارادے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت رفع یدین کرے

1860 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْالْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ اَنَّ وَائِلَ بْنَ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيَّ اَخْبَرَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: لَاَنْظُرَنَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُصَلِّي، فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ حِينَ قَامَ، فَكَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى حَاذَتَا اُذُنَيْهِ، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُسْرٰى، وَالرُّسْغِ، وَالسَّاعِدِ، ثُمَّ لَمَّا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا، ثُمَّ رَكَعَ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا، ثُمَّ سَجَدَ، فَجَعَلَ كَفَّيْهِ بِحِذَاءِ اُذُنَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ فَخِذَهُ الْيُسْرٰى، (وَجَعَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ وَرُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى) وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى، وَعَقَدَ ثِنْتَيْنِ مِنْ اَصَابِعِهِ، وَحَلَّقَ حَلْقَةً، ثُمَّ رَفَعَ اِصْبَعَهُ، فَرَاَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا: يَدْعُو بِهَا، ثُمَّ جِئْتُ بعد ذٰلِكَ، فِيْ زَمَانٍ فِيْهِ بَرْدٌ، فَرَاَيْتُ النَّاسَ عَلَيْهِمْ جُلُّ الثِّيَابِ تَتَحَرَّكُ اَيْدِيهِمْ تَحْتَ الثِّيَابِ. (5: 4)

حضرت وائل بن حجر حضرمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے یہ سوچا میں ضرور اس بات کا جائزہ لوں گا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح نماز ادا کرتے ہیں۔ میں نے آپ کا جائزہ لیا جب آپ کھڑے ہوئے آپ نے تکبیر کہی آپ نے

1860– إسناده قوی رجاله رجال الصحيح، غير كليب بن شهاب، وهو صدوق روى له الأربعة، لكن جملة "فرأيته يحركها" شاذة، انفرد بها زائدة بن قدامة، دون من رواه من الثقات، وهم جمع يزيد عل العشرة .وأخرجه الطبرانی فی "الكبير" 22/82 عن أبی خليفة الفضل بن الحباب، بهٰذا الإناد .وأخرجه أبو داوٗد "727" فی الصلاة: باب رفع اليدين فی الصلاة، عن الحسن بن علی، عن أبی الوليد، بهٰذا الإسناد.وأخرجه أحمد 4/318، والبخاری فی كتابه "قرة العينين فی رفع اليدين فی الصلاة" ص 11، والنسائی 2/126 فی الافتتاح: باب موضع اليمين من الشمال فی الصلاة، و 3/37 فی السهو: باب قبض الثنتين من أصابع اليد اليمنی، والدارمی 1/314، 315، وابن الجارود "208"، والطبرانی /22 "82" من طرق عن زائدة، به.وأخرجه الحميدی "885"، وعبد الرزاق "2522"، وابن أبی شيبة 1/234 و390، وأحمد 4/316 و317 و318، والبخاری فی "قرة العينين فی رفع اليدين " ص 10، وأبو داوٗد "726" فی الصلاة: باب رفع اليدين، و "957": باب كيف الجلوس فی التشهد، والنسائی 3/34 فی السهو: باب صفة الجلوس فی الركعة التی يقضی فيها الصلاة، و 3/35: باب موضع الذراعين وباب موضع المرفقين، وابن ماجة "867" فی الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع، و "912": باب الإشارة فی التشهد، وابن الجارود "202"، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار " 1/223، والطبرانی /22 "78" و "79" و "80" و "81" و "83" و "84" و "85" و "86" و "87" و "88" و "89" و "90" و "91" و "93" و "96"، والبغوی "563" و "564" و "565"،والدارقطنی 1/290 و292 و295، والبيهقی فی "السنن" 2/72 و111 و112، من طرق عن عاصم، به.وسيعيده المؤلف برقم "1945" من طريق عبد الله بن إدريس، عن عاصم بن كليب، به.

ہاتھ بلند کیے یہاں تک کہ آپ انہیں کانوں کے برابر لے آئے۔ آپ نے اپنا دایاں دست مبارک اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت' گٹے اور کلائی پر رکھا۔ پھر آپ نے جب رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اتنا ہی بلند کیا۔ (جتنا آغاز میں کیا تھا) پھر آپ رکوع میں چلے گئے تھے۔ پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے۔ پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا اور اتنا ہی دونوں ہاتھوں کو بلند کیا۔ پھر آپ سجدے میں چلے گئے۔ آپ نے اپنے دونوں ہتھیلیاں کانوں کے مقابل میں رکھی تھی۔ پھر آپ بیٹھ گئے۔ آپ نے اپنے بائیں زانو کو بچھالیا اور آپ نے بایاں ہاتھ اپنے بائیں زانو اور دائیں گھٹنے پر رکھا اور اپنی دائیں کہنی کو دائیں زانو پر رکھا۔ آپ نے اپنی دو انگلیوں کو ملا کر ان کے ذریعے حلقہ بنایا اور پھر ایک انگلی کو بلند کیا۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اسے حرکت دیتے ہوئے اس کے ہمراہ دعا مانگ رہے تھے۔

اس کے بعد ایک مرتبہ میں آپ کی خدمت میں سردیوں کے موسم میں حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ لوگوں نے سردیوں کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور وہ کپڑوں کے اندر ہی اپنے ہاتھوں کو حرکت دے رہے ہیں (یعنی چادروں کے اندر ہی رفع یدین کر رہے تھے)

1861 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَهُمَا كَذٰلِكَ اَيْضًا، وَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" وَكَانَ لَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ. (1: 21)

1861- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "الموطأ" 1/75 في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/71، والبخاري "735" في الأذان: باب رفع اليدين في التكبيرة الأولى مع الافتتاح سواء، وفي كتابه "قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة" ص 7، وأبو داؤد "742" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة:، والنسائي 2/122 في الافتتاح: باب رفع اليدين حذو المنكبين، والدارمي 1/285، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/223، والبيهقي في "السنن" 2/69، والبغوي ."559" وأخرجه عبد الرزاق "2518" ومن طريقه مسلم "390" "22" في الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، وابن خزيمة في "صحيحه" "456"، والبيهقي 2/66، عن ابن جريج، عن الزهري، به. وسيورده المؤلف برقم "1864" من طريق سفيان، وبرقم "1868" و "1877" من طريق عبيد الله بن عمر، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه الشافعي 1/70، وعبد الرزاق "2517" و "2519"، وابن أبي شيبة 1/234، 235، والبخاري "736" في الأذان: باب رفع اليدين إذا كبر وإذا ركع وإذا رفع، و "738" باب إلى أين يرفع يديه، وفي "قرة العينين" ص 14 و16 و20،ومسلم "390" "23"، وأبو داوٗد "722"، والنسائي 2/121 و122 في الفتتاح: باب العمل في افتتاح الصلاة، وباب رفع اليدين قبل التكبير، وابن الجارود "178"، والدارقطني 1/288 و289، والطبراني "13111" و "13112"، والبيهقي 2/96 و70 و83، والبغوي "561"، من طرق عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق "2520"، والبخاري "739" في الأذان: باب رفع اليدين إذا قام من الركعتين، وفي "قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة" ص 17، والبغوي في "شرح السنة" "560"، والبيهقي في "السنن" 2/70، من طرق عن نافع، عن ابن عمر، به.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔ جب آپ رکوع میں جانے کیلئے تکبیر کہتے تھے اور جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو انہیں اس طرح سے بلند کرتے تھے اور آپ یہ کہتے تھے:

''اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے لیے مخصوص ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں (یعنی دو سجدوں کے درمیان) ایسا نہیں کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي اِخْرَاجُ الْيَدَيْنِ مِنْ كُمَّيْهِ عِنْدَ رَفْعِهِ اِيَّاهُمَا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جس مقام پر ہم نے رفع یدین کرنے کا ذکر کیا ہے اس موقع پر رفع یدین کرتے ہوئے دونوں ہاتھ آستینوں سے باہر نکالے

1862 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ، قَالَ: "كُنْتُ غُلَامًا لَا اَعْقِلُ صَلَاةَ اَبِى، فَحَدَّثَنِىْ وَائِلُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ اِذَا دَخَلَ فِى الصَّفِّ، رَفَعَ يَدَيْهِ وَكَبَّرَ، ثُمَّ الْتَحَفَ فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِىْ ثَوْبِهِ، فَاَخَذَ شِمَالَهُ بِيَمِيْنِهِ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، اَخْرَجَ يَدَيْهِ، وَرَفَعَهُمَا، وَكَبَّرَ، ثُمَّ رَكَعَ، فإذا رفع رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَ يَدَيْهِ، فَكَبَّرَ، فَسَجَدَ، ثُمَّ وَضَعَ وَجْهَهُ بَيْنَ كَفَّيْهِ - قَالَ ابْنُ جُحَادَةَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلْحَسَنِ بْنِ اَبِى الْحَسَنِ فَقَالَ: هِىَ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَلَهُ مَنْ فَعَلَهُ، وَتَرَكَهُ مَنْ تركه. (5: 4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ مِنَ الثِّقَاتِ الْمُتْقِنِينَ، وَاَهْلُ الْفَضْلِ فِى الدِّيْنِ، اِلَّا اَنَّهُ وَهِمَ فِىْ اسْمِ هٰذَا الرَّجُلِ، اِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ فقال: وائل بن علقمة وإنما هو: علقمة بن وائل.

1862- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة، روى له النسائي . وأخرجه الطبراني في "الكبير" /22 "61" من طريقين عن عبد الوارث، به. وجاء فيه علقمة بن وائل على الصواب. وأخرجه أبو داؤد "723" في الصلاة: باب رفع اليدين في الصلاة: عن عبيد الله بن ميسرة، عن عبد الوارث بن سعيد، به . إلا أنه قال: "وائل بن علقمة." وأخرجه الدارقطني 1/291 من طريق عمرو بن مرة، والبغوي "569" من طريق موسى بن عمير العنبري، كلاهما عن علقمة بن زائل، عن أبيه.

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی جب آپ صف میں داخل ہوئے (یعنی نماز پڑھنا شروع کی) تو آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے اور تکبیر کہی۔ آپ نے التحاف کے طور پر کپڑا لپیٹا تھا۔ آپ نے تھوڑا سا اپنا ہاتھ کپڑے کے اندر داخل کرلیا اور دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ کو پکڑ لیا۔ پھر آپ نے جب رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو دونوں ہاتھ باہر نکال لیے اور ان کو بلند کیا اور تکبیر کہی پھر آپ رکوع میں چلے گئے۔ جب آپ نے رکوع سے سر اٹھایا تو آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے اور تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں چلے گئے۔ پھر آپ نے اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھا۔

ابن جحادہ نامی راوی بیان کرتے ہیں۔ میں نے اس بات کا تذکرہ حسن بن ابوالحسن سے کیا' تو وہ بولے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ہے جس نے ایسا کرنا تھا اس نے ایسا کیا جس نے اس کو چھوڑنا تھا اس نے اسے چھوڑ دیا۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: محمد بن جحادہ نامی راوی ثقہ اور متقن راویوں میں سے ایک ہیں۔ یہ دین داری کے حوالے سے اہلِ فضل ہیں تاہم اس راوی کے نام کے بارے میں انہیں وہم ہوا' کیونکہ گھوڑا ٹھوکر کھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا: یہ وائل بن علقمہ ہے' حالانکہ وہ علقمہ بن وائل ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ رَفْعِ الْمَرْءِ يَدَيْهِ فِي الْمَوْضَعِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ اِلٰی حَدِّ اُذُنَيْهِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ ہم نے جس مقام کا تذکرہ کیا ہے اس موقع پر دونوں ہاتھ کانوں تک بلند کرے

1863 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا اُذُنَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے' تو آپ تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ یہاں تک کہ دونوں ہاتھ کانوں تک لے آتے تھے۔ جب آپ رکوع میں جاتے تھے اور جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تھے۔ (تو بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے)

1863– في "التهذيب": وائل بن علقمة، عن وائل بن حجر في صفة صلاة النبي صلى الله عليه وسلم . قال القواريري: عن عبد الوارث، عن محمد بن جحادة، عن عبد الجبار بن وائل، عنه، به، وتابعه أبو خيثمة عن عبد الصمد بن عبد الوارث، عن أبيه. وقال إبراهيم بن الحجاج، وعمران بن موسى، عن عبد الوارث، بهذا الإسناد . فقال: عن علقمة بن وائل، وكذا قال إسحاق بن أبي إسرائيل، عن عبد الصمد، وكذا قال عفان، عن همام، عن محمد بن جحادة، وهو الصواب.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي اَنْ يَكُوْنَ رَفْعُهُ يَدَيْهِ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ اِلَى الْمَنْكِبَيْنِ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جن مقامات کا ذکر ہم نے کیا ہے ان میں اس کے دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند ہوں

1864 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَاَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ، وَبَعْدَ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنَ الركوع، ولا يرفع بين السجدتين. (5: 4)

❀❀ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نے نماز کا آغاز کیا' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کر لیے یہاں تک کہ انہیں دونوں کندھوں کے برابر لے آئے۔ جب آپ نے رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو آپ نے رکوع سے سر اٹھایا (تو بھی رفع یدین) کیا۔ آپ نے سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کیا۔

1865 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الْهَزَارِيُّ بِسَارِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بن جعفر، قال: حدثني محمد بن عمرو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُهُ فِيْ عَشْرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحَدُهُمْ اَبُوْقَتَادَةَ، قَالَ: اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوْا: مَا كُنْتَ اَقْدَمَنَا لَهُ صُحْبَةً، وَلَا اَكْثَرَنَا لَهُ تَبَعَةً قَالَ:

1864– وأخرجه من طرق عن قتادة، به: ابن أبي شيبة 1/233، وأحمد /3 436 و437 و5/53، والبخاری فی "قرة العينين" ص 17 و18، ومسلم "391" "25" و "26" فی الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، والنسائی 2/123 فی الافتتاح: باب رفع اليدين حيال الأذنين، وابن ماجة "859" فی الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع، والدارقطنی 1/292، والطبرانی /19 "626" و "627" و "628" و "629" و "630" و "631"، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار " 1/224، والبيهقی فی "السنن" 2/25 و.71'وسيورده المؤلف برقم "1873" من طريق أبی قلابة، عن مالك بن الحويرث، به، ويرد تخريجه من هذا الطريق هناك . إسناده صحيح علی شرطهما.وأخرجه البخاری فی "قرة العينين " ص 5، ومسلم "390" "21" فی الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، وأبو داؤد "721" فی الصلاة: باب رفع اليدين فی الصلاة، = والترمذی "255" و "256" فی الصلاة: باب ما جاء فی رفع اليدين عند الركوع، وابن ماجة "858" فی الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 1/222، وابن الجارود فی "المنتقی" "177"، والبيهقی فی "السنن" 2/69، من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وتقدم برقم "1861" من طريق مالك، عن الزهری، به، وتقدم تخريجه عنده، وسيرد برقم "1868" و "1877" من طريق عبيد الله بن عمر، عن الزهری، به.

بَلٰی، قَالُوا: فَاعْرِضْ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم، إذا قام إِلَى الصَّلَاةِ، اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَإِذَا رَكَعَ، كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ رَكَعَ، ثُمَّ يَعْتَدِلُ فِي صُلْبِهِ وَلَمْ يَنْصِبْ رَأْسَهُ وَلَمْ يُقْنِعْهُ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، وَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ اعْتَدَلَ، ثُمَّ سَجَدَ وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، فَثَنٰى رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ وَاعْتَدَلَ حَتّٰى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَإِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، كَبَّرَ، ثُمَّ قَامَ حَتّٰى إِذَا كَانَتِ الركعة التي تَنْقَضِي فِيهَا اَخَّرَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ عَلٰى رجله متوركا ثم سلم.

(5: 4)

❀❀ محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کو دس صحابہ کرام جن میں سے ایک حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بھی تھے ان کی موجودگی میں یہ کہتے ہوئے سنا: میں تم سب کے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں زیادہ علم رکھتا ہوں۔ لوگوں نے دریافت کیا آپ نہ تو پرانے صحابی ہیں اور نہ ہم سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہا ایسا ہی ہے۔ دیگر صحابہ کرام نے فرمایا: پھر آپ پیش کیجئے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح نماز ادا کرتے تھے) تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو آپ قبلہ کی طرف رخ کرتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ یہاں تک کہ انہیں کندھوں تک اٹھا لیتے تھے۔ پھر آپ اللہ اکبر کہتے پھر آپ جب رکوع میں جاتے تو تکبیر کہتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ پھر آپ اپنی پشت کو سیدھا کر لیتے اور سر کو اٹھاتے نہیں تھے اور بالکل جھکاتے بھی نہیں تھے۔ پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے (یعنی رکوع سے اٹھتے تھے) اور یہ کہتے تھے "اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی" پھر آپ اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتے انہیں کندھوں کے برابر لے آتے تھے پھر آپ سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے پھر آپ سجدے میں جاتے تھے اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کے کنارے قبلہ کی طرف کر لیتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے۔ اللہ اکبر کہتے تھے اور اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا لیتے تھے اور اس ٹانگ پر تورک کے طور پر بیٹھ جاتے تھے پھر آپ سلام پھیر لیتے تھے۔

1865- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الحميد بن جعفر: من رجال مسلم، وباقي السند من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 5/424، والبخاري في قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة ص5، وأبو داؤد "730" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "963": باب من ذكر التورك في الرابعة، والترمذي "304" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، والنسائي 3/34 في السهو: باب صفة الجلوس في الركعة التي يقضي فيها الصلاة، والبغوي في شرح السنة "555" من طريق يحيى بن سعيد، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم "587" و "651" و "685" و ."700"وأخرجه ابن أبي شيبة 1/235، وابن خزيمة في صحيحه "677"، والبيهقي 2/26و 73و116و118و123 من طرق عن عبد الحميد بن جعفر، به. وسيورده المؤلف بالأرقام "1866" و "1867" و "1869" و"1870" و "1871" و ."1876"

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْحَدِيثِ اَنَّ خَبَرَ اَبِيْ حُمَيْدٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ مَعْلُوْلٌ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت معلول ہے

1866 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُوْنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَحَدُ بَنِيْ مَالِكٍ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ فِيْ مَجْلِسٍ كَانَ فِيهِ اَبُوْهُ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْمَجْلِسِ اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَاَبُوْ اُسَيْدٍ وَاَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ مِنَ الْاَنْصَارِ وَاَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا الصَّلَاةَ

فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا فَاَرِنَا قَالَ فَقَامَ يُصَلِّي وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ فَبَدَاَ يُكَبِّرُ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِذَاءَ الْمَنْكِبَيْنِ ثُمَّ كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ فَرَفَعَ يَدَيْهِ اَيْضًا ثم أمكن يديه من ركبته غَيْرَ مُقَنِّعٍ وَلَا مُصَوِّبٍ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰه أكبر فسجد فانتصب على كفيه وركبته وَصُدُوْرِ قَدَمَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ ثُمَّ كَبَّرَ فَجَلَسَ وَتَوَرَّكَ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ وَنَصَبَ قَدَمَهُ الْاُخْرٰى ثُمَّ كبر فجد الْاُخْرٰى فَكَبَّرَ فَقَامَ وَلَمْ يَتَوَرَّكْ ثُمَّ عَادَ فَرَكَعَ الرَّكْعَةَ الْاُخْرٰى وَكَبَّرَ كَذٰلِكَ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتّٰى اِذَا هُوَ اَرَادَ اَنْ يَّنْهَضَ لِلْقِيَامِ كَبَّرَ ثُمَّ رَكَعَ الرَّكْعَتَيْنِ الْاٰخِيرَتَيْنِ فَلَمَّا سَلَّمَ سَلَّمَ عَنْ يَّمِينِهِ: "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" وَسَلَّمَ عَنْ شِمَالِهِ: "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ورحمة اللّٰه."

قَالَ الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ وَحَدَّثَنِيْ عِيسٰى اَنَّ مِمَّا حَدَّثَهُ اَيْضًا فِي الْمَجْلِسِ فِي التَّشَهُّدِ اَنْ يَّضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَيَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ يُشِيرُ فِي الدُّعَاءِ بِاِصْبَعٍ وَاحِدَةٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ وَسَمِعَهُ مِنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ عن أبيه فالطريقان جميعا محفوظان.

❀❀ حضرت عباس بن سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ وہ ایک محفل میں موجود تھے وہاں ان کے والد بھی موجود تھے جو

1866- إسناده حسن، عيسى بن عبد اللّٰه بن مالك: روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى الثقات 7/231، وترجم له البخارى فى التاريخ الكبير 6/389-390، وابن أبى حاتم 6/280، فلم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلًا، وباقى رجاله ثقات. أبو خيثمة: هو زهير بن معاوية الجعفى. وأخرجه أبو داوٗد "733" فى الصلاة: باب افتتاح الصلاة و "966": باب من ذكر التورك فى الرابعة، والبيهقى فى السنن 2/101و118 من طرق عن أبى بدر شجاع بن الوليد، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں اس محفل میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ موجود تھے جن کا تعلق انصار سے تھا۔ ان حضرات نے نماز کا تذکرہ کیا' تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بولے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں آپ سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ لوگوں نے کہا: پھر آپ ہمیں دکھایئے۔ راوی کہتے ہیں پھر وہ نماز ادا کرنے کیلئے کھڑے ہوئے۔ دیگر حضرات دیکھ رہے تھے انہوں نے شروع میں تکبیر کہی۔ دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کیے پھر انہوں نے رکوع میں جانے کیلئے تکبیر کہی۔ پھر انہوں نے رفع یدین کیا۔ پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیے۔ اپنے سر کو بالکل جھکایا بھی نہیں اور اوپر بھی نہیں کیا پھر انہوں نے سر اٹھایا اور سمع اللہ لمن حمدہ پڑھا۔ پھر انہوں نے رفع یدین کیا۔ اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے میں چلے گئے۔ انہوں نے اپنی دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنے اپنے دونوں پاؤں کے کنارے زمین پر رکھے وہ سجدے کی حالت میں تھے۔ پھر انہوں نے تکبیر کہی اور بیٹھ گئے۔ انہوں نے اپنی ایک ٹانگ کو تورک کے طور پر بچھا لیا اور دوسرے پاؤں کو کھڑا کر لیا۔ پھر انہوں نے تکبیر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کیا تکبیر کہی اور کھڑے ہو گئے لیکن انہوں نے تورک نہیں کیا۔ پھر انہوں نے ایسا ہی کیا اور دوسری رکعت ادا کی۔ اس طرح تکبیر کہی اور دو رکعات ادا کرنے کے بعد بیٹھ گئے۔ پھر جب انہوں نے کھڑے ہونے کا ارادہ کیا' تو تکبیر کہی۔ پھر انہوں نے آخری دو رکعات بھی اس طرح ادا کی' پھر جب انہوں نے سلام پھیرا تو پہلے دائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور بائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔

حسن بن حر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔ عیسیٰ نامی راوی نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے' اس حدیث میں تشہد کے بارے میں یہ الفاظ بھی ہیں: انہوں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنے بائیں زانوں پر رکھا اور دایاں ہاتھ دائیں زانوں پر رکھا اور پھر انہوں نے ایک انگلی کے ذریعے اشارہ کیا۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: محمد بن عمرو نے یہ روایت حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے سنی ہے۔ انہوں نے یہ روایت عباس بن سہل کے حوالے سے ان کے والد سے بھی سنی ہے۔ ان کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ بَعْضِ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ اَمَرَنَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاتِّبَاعِهٖ وَاتِّبَاعِ مَا جَاءَ بِهٖ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض نمازوں کی صفت کا تذکرہ' وہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی پیروی کرنے اور ان کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے

1867 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ بِتُسْتَرَ وَكَانَ اَسْوَدَ مِنْ رَاَيْتُ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بن عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ السَّاعِدِيَّ فِي عَشْرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ

اَبُوْقَتَادَةَ فَقَالَ، اَبُوْحُمَيْدٍ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِمَ فَوَاللّٰهِ مَا كُنْتَ اَكْثَرَنَا لَهُ تَبَعَةً وَلَا اَقْدَمَنَا لَهُ صُحْبَةً قَالَ بَلٰى قَالُوْا فَاعْرِضْ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ كَبَّرَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ وَيُقِيمُ كُلَّ عَظْمٍ فِيْ مَوْضِعِهِ ثُمَّ يَقْرَاُ ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ يَرْكَعُ وَيَضَعُ رَاحَتَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ مُعْتَدِلًا لَا يُصَوِّبُ رَاْسَهُ وَلَا يُقْنِعُ بِهِ يَقُوْلُ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ حَتّٰى يَقَرَّ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ ثُمَّ يَهْوِي اِلَى الْاَرْضِ وَيُجَافِيْ يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهُ وَيَثْنِيْ رِجْلَهُ فَيَقْعُدُ عَلَيْهَا وَيَفْتَخُ اَصَابِعَ رِجْلَيْهِ اِذَا سَجَدَ ثُمَّ يَسْجُدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَجْلِسُ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُسْرٰى حَتّٰى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَصْنَعُ فِي الْاُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ كَمَا صَنَعَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ ثُمَّ يُصَلِّي بَقِيَّةَ صَلَاتِهِ هٰكَذَا حَتّٰى إذا كان في السجدة التي فيها التَّسْلِيمُ اَخْرَجَ رِجْلَيْهِ وَجَلَسَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ مُتَوَرِّكًا فَقَالُوْا صَدَقْتَ هٰكَذَا كَانَ يُصَلِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (1:21)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِيْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ يُصَلِّيهَا الْاِنْسَانُ سِتُّ مِائَةِ سُنَّةٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرَجْنَاهَا بِفُصُولِهَا فِيْ كِتَابِ صِفَةِ الصَّلَاةِ فَاَغْنٰى ذٰلِكَ عَنْ نَظْمِهَا فِيْ هٰذَا النَّوْعِ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ.

قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: عَبْدُ الْحَمِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَحَدُ الثِّقَاتِ الْمُتْقِنِينَ قَدْ سَبَرْتُ اَخْبَارَهُ فَلَمْ اَرَهُ انْفَرَدَ بِحَدِيثٍ مُنْكَرٍ لَمْ يُشَارِكْ فِيْهِ وَقَدْ وَافَقَ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعِيسٰى بن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنِ اَبِيْ حُمَيْدٍ عَبْدَ الحميد بن جعفر في هٰذا الخبر.

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دس صحابہ کرام جن میں ابوقتادہ بھی تھے۔ان کی موجودگی میں یہ کہتے ہوئے سنا۔حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ان حضرات نے دریافت کیا وہ کیسے۔اللہ کی قسم! آپ نہ تو ہم سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار رہیں اور نہ پرانے صحابی ہیں۔حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہا جی ہاں دیگر صحابہ کرام نے کہا پھر آپ پیش کیجئے' تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر کہتے تھے پھر آپ دونوں ہاتھ بلند کرتے ہوئے کندھوں تک اٹھا لیتے تھے۔پھر آپ اس طرح قیام کرتے تھے۔ہر ہڈی اپنی جگہ پر ہوتی تھی پھر آپ تلاوت کرتے تھے۔پھر آپ دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں کندھوں کے برابر لے آتے تھے۔پھر وہ رکوع میں چلے جاتے تھے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں پر رکھ لیتے۔آپ اعتدال کی حالت میں رہتے آپ اپنے سر کو اٹھاتے بھی نہیں تھے اور جھکاتے بھی نہیں تھے۔پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے رفع یدین کرتے یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو کندھوں کے برابر لے آتے تھے (اور اس طرح کھڑے ہوتے تھے کہ) ہر ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی تھی۔پھر آپ زمین کی طرف آتے تھے۔آپ اپنے

دونوں بازوں اپنے پہلوؤں سے دور رکھتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور ایک ٹانگ کو بچھا لیتے تھے اور اس پر بیٹھ جاتے تھے۔ جب آپ سجدے میں جاتے تھے تو اپنے پاؤں کی انگلیوں کو کشادہ رکھتے تھے۔ پھر آپ سجدہ کرتے تھے۔ پھر آپ تکبیر کہتے تھے اور بائیں ٹانگ کے بل بیٹھ جاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر آ جاتی تھی۔ پھر آپ کھڑے ہوتے تھے اور دوسری رکعت میں بھی ایسے کرتے تھے۔ پھر آپ جب دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تھے۔ دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔ جس طرح نماز کے آغاز میں کیے تھے۔ پھر آپ بقیہ نماز بھی اس طرح ادا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ جب آپ سجدہ کر لیتے تھے اس کے بعد سلام پھیرنا ہوتا تھا تو آپ اپنے دونوں پاؤں نکال لیتے تھے اور بائیں پہلو کے بل تورک کے طور پر بیٹھ جاتے تھے۔

تو دیگر صحابہ کرام نے کہا آپ نے سچ کہا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح نماز ادا کرتے تھے۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: چار رکعات میں چھ سو چیزیں سنت ہیں‘ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں‘ ہم نے انہیں ان کی فصول کے ہمراہ کتاب ’’نماز کا طریقہ‘‘ میں ذکر کیا ہے۔ اب اس کتاب میں اس نوع کی ترتیب کے ذریعے میں نے اس کتاب سے بے نیاز کر دیا ہے۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عبدالحمید نامی راوی ثقہ اور متقن راویوں میں سے ایک ہیں۔ میں نے ان کے حالات کی تحقیق کی ہے‘ میں نے نہیں دیکھا کہ یہ کسی منکر روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہوں جس میں ان کے ساتھ کوئی شریک نہ ہو۔ فلیح بن سلیمان اور عیسیٰ بن عبداللہ‘ محمد بن عمرو کے حوالے سے حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کرنے میں عبدالحمید کے موافق ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خَبَرَ مَالِكٍ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ خبر مختصر ذكر بقصته فِیْ خَبر عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مالک کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت ایک مختصر روایت ہے‘ یہ واقعہ عبیداللہ بن عمر کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے

1868 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْعَرُوبَةَ بِحَرَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ حَدَّثَنَا عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ

1867– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عبد الحميد بن جعفر، فإنه من رجال مسلم. أبو عاصم: هو الضحاك بن خلد. وأخرجه الترمذي "305" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، وابن ماجه "1061" في الإقامة: باب إتمام الصلاة، وابن خزيمة في صحيحه "588" عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/313، 314 عن أبي عاصم، به. وأخرجه أبو داوٗد "730" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "963": باب من ذكر التورك في الرابعة، عن أحمد بن حنبل، والطحاوي 1/223و258 عن أبي بكرة، وابن الجارود "192" و "193" عن محمد بن يحيى، والبيهقي في السنن 2/72و118و123و129 من طريق محمد بن سنان القزاز، كلهم عن أبي عاصم، به. وانظر "1865" و "1866".

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ وَاِذَا قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَهُمَا اِلٰى مَنْكِبَيْهِ. (5: 44)

سالم اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جب آپ نماز شروع کرتے تھے تو رفع یدین کرتے تھے۔ جب رکوع میں جاتے تھے۔ رفع یدین کرتے تھے جب سمع الله لمن حمده کہتے تھے (یعنی جب رکوع سے کھڑے ہوجاتے تھے) تو رفع یدین کرتے تھے۔ جب آپ دو رکعات کے بعد کھڑے ہوتے تھے تو بھی دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ احْتَجَّ بِهٖ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ وَنَفٰى رَفْعَ الْيَدَيْنِ فِي الصَّلَاةِ فِي الْمَوَاضِعِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ جس سے اس شخص نے استدلال کیا، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے نماز کے دوران ان مقامات پر رفع یدین کرنے کی نفی کی، جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

1869 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُحَمَّدٍ القرش وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَّعَ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ اَنَا اَحْفَظُكُمْ لِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُهُ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ اَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهُ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ اسْتَوٰى فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا

1868- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاری "739" فی الأذان: باب رفع اليدين إذا قام من الركعتين، وأبو داؤد "741" فی الصلاة: باب افتتاح الصلاة، من طريق عبد الأعلى بن عبد الأعلى، والبخاری فی قرة العينين فی رفع اليدين فی الصلاة: ص 200، وابن خزيمة فی صحيحه "693" من طريق المعتمر بن سليمان، كلاهما عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "1861" من طريق مالك، و "1864" من طريق سفيان، كلاهما عن الزهری، به. فانظرهما.

1869- عبد اللّٰه بن محمد بن عمرو الغزی: ثقة روى له أبو داؤد، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير يزيد بن محمد، وهو ابن قيس بن مخرمة بن المطلب القرشی، فإنه من رجال البخاری، يحيى بن بكير: هو يحيى بن عبد الله بن بكير، والليث: هو ابن سعد. وأخرجه البخاری "828" فی الأذان: باب سنة الجلوس فی التشهد، ومن طريقه البيهقی فی السنن 2/128، والبغوی فی شرح السنة "557" عن يحيى بن بكير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاری "828" أيضًا ومن طريقه البيهقی 2/128، والبغوی "557"، عن يحيى بن بكير . وأخرجه أبو داؤد "732" فی الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "964": باب من ذكر التورك فی الرابعة، من طريق ابن وهب، عن الليث بن سعد، به. وأخرجه أبو داؤد "731" و "965"، والبيهقی 2/84و97و102 و116 من طريق الليث وابن لهيعة، وابن خزيمة "652" من طريق يحيى بن أيوب، ثلاثتهم عن يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عمرو بن حلحلة، به. وانظر "1865".

قَـابِـضٍ وَاسْتَـقْبَـلَ بِاَطْرَافِ رِجْلَيْهِ اِلَى الْقِبْلَةِ وَاِذَا جَلَسَ فِى الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رجله اليسرى وجلس على مقعدته. (5: 44)

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں۔ وہ صحابہ کرام کے ہمراہ بیٹھے تھے‘ تو حضرت ابوحمید ساعدی نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں آپ سب سے زیادہ یاد رکھے ہوئے ہوں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ تکبیر کہتے تھے‘ تو دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے جب رکوع میں جاتے تو دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیتے تھے۔ آپ اپنی پشت کو سیدھا رکھتے تھے۔ جب آپ سر اٹھاتے تھے‘ تو سیدھا کھڑے ہو جاتے تھے اور جب سجدے میں جاتے تو دونوں بازوں بچھاتے بھی نہیں تھے اور اٹھا کر بھی نہیں رکھتے تھے۔ آپ اپنی دونوں پاؤں کا رخ قبلہ کی طرف رکھتے تھے جب آپ آخری رکعت میں بیٹھتے تھے‘ تو بائیں ٹانگ کو باہر نکال لیتے تھے اور تشریف گاہ پر بیٹھتے تھے۔